

اطباء کے لئے بہترین رہنما اور مطب کیلئے یادگار زینت

جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ نہایت زود اثر سہل الحصول

نادر و نایاب نسخہ جات کا کامل مجموعہ

مُجربات مبارکہ

حکیم محمد منیر اختر

(گولڈ میڈلسٹ)

ادارہ طبیب حاذق

عہد جدید کے بے مثال منتخب مجربات کا مجموعہ

سالانہ خاص نمبر

جلد نمبر 88 شمارہ نمبر 5-4 اپریل، مئی 2016

مجربات مبارکہ

مصنف و مؤلف

حکیم محمد منیر اختر (گولڈ میڈلسٹ)

ادارہ طبیب حاذق

شاہدولہ روڈ گجرات

فہرست مضامین

انتساب

گجرات کی دھرتی کے عظیم سپوت

محمود الحسن

کیپٹن ڈاکٹر محمود الحسن کنجاہی شہید

کے نام

عرضِ ناشر

بہت بچپن میں اپنے دادا حضور حکیم محمد عبدالرحیم جمیل کو دیکھا کرتا تھا۔ صبح فجر کے بعد وہ مطب میں تشریف لے آتے۔ ایک جم غفیر اُن کے گرد ہوا کرتا تھا۔ بلا مبالغہ تین چار سو مریض ہر روز تشخیص و تجویز کے ہوتے تھے۔ چہرے پر ہمیشہ بشاشت ہر دم تازگی، مریضوں کے دکھ درد سنتے ہمدردی سے پیار سے ادویہ تجویز کرتے۔ ہلکا پھلکا مذاق مریضوں میں ایک نئی جان ڈال دیتا اور حکیم صاحبؒ سے اُن کی والہانہ وابستگی اُن کو ہمیشہ کے لیے حکیم صاحب کا گرویدہ بنا دیتی۔ رات دیر تک یہ سلسلہ جاری رہتا۔ دوست احباب کی محفل، چائے کھانے کا اہتمام ہوتا۔ ہر روز محفل مشاعرہ، کبھی محفل سماع، شہر میں تبدیل ہو کر آنے والا ہر آفیسر، پروفیسر، سپاہی سے لے کر ڈی سی تک میں نے وزراء کو ان کی قدم بوسی کرتے دیکھا۔ بڑی بڑی قد آور شخصیات، شعراء، و ادیب حضرات کو میں نے اُن کی حاضری میں دیکھا۔ سید عطاء اللہ شاہ بخاری، جوش ملیح آبادی، باچا خان، احمد ندیم قاسمی، حفیظ تائب، پیر فضل گجراتی، انور مسعود، شریف کنجاہی، منو بھائی اور بہت سے نامور حضرات بھی۔

رات گیارہ بارہ بجے وہ اپنی لائبریری میں چلے جاتے۔ رسائل و جرائد کا مطالعہ کرتے کتب کی کانٹ چھانٹ کر کے نسخہ جات کی ترتیب کرتے۔ میرے والد حکیم محمد ضیاء الرحمٰن اُن کی معاونت کرتے۔ بڑی وسیع لائبریری جہاں تقریباً ستر ہزار نادر و نایاب کتب موجود تھیں۔ قلمی، دینی، ادبی، طبی کتب کا بیش بہا خزانہ تھا۔ بڑی تمکنت، پروقار انداز سے پہروں کام کرتے۔ اطباء سے الگ نشست کا سلسلہ ہوتا۔ نسخہ جات سے متعلق تبادلہ خیال ہوتا۔ اُن کی رہنمائی کرتے۔ اُن کے قیام و طعام کا بندوبست کرتے کاتب حضرات کی ایک لائن بیٹھی ہوتی تھی جن کو طبیب حاذق کا مسودہ تحریر کے

لیے تقسیم کرتے۔ حکیم ضیاء الرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ اس کی پروف ریڈنگ کرتے۔

میرے ذہن میں اب بھی ایک خوبصورت خواب کی طرح وہ تمام یادیں تروتازہ ہیں۔ گھر میں بھی ہر فرد کو وقت دیتے ہر ایک کے معاملات سنتے اور مناسب تدارک کرتے۔ میں دوڑ کے ان سے لپٹ جاتا تو مجھے گود میں بٹھا لیتے پیار کرتے اور کچھ ریزگاری بھی تھما دیتے۔

کیسے عظیم لوگ تھے۔ اُن جیسا بننے کی خواہش ہمیشہ سے میرے دل میں تھی۔ میں ہمیشہ اُن کے دل کے قریب رہا۔ ساری زندگی جتنا پیار مجھے ملا شاید حکیم جمیل صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی اولاد میں سے کسی کو نصیب ہوا ہو۔ یہاں تک کہ آخری وقت بھی جو نام اُن کی زبان پہ تھے۔ ضیاء اللہ اور منیر۔

حکیم جمیل صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے بے شمار شہرہ آفاق کتب تصنیف کیں، تراسی کتب کے مصنف و مؤلف تھے۔ طبیب حاذق کو جو بامِ عروج ملا اس کے پیچھے ایک بادشاہ گر شخصیت حکیم محمد ضیاء الرحمٰن تھے۔ نہایت لطیف مزاج اعلیٰ اقدار کے مالک نفیس طبع حلیم اور کمال کے عالم تھے۔ اپنے والد کے تابع فرمان ہر دل عزیز ہر ایک کو احترام دینے والے پیار کرنے والے۔

یہ اس لیے نہیں کہ وہ میرے والد تھے بلکہ آج تک جو شخص بھی اُن سے ملا ہے عقیدت واحترام کا بیکراں سمندر اپنے دل میں سموئے ہوئے ہے۔

طبیہ کالج کے ابتدائی دور سے ہی میں نے طبیب حاذق کی اشاعت کا کام سنبھال لیا تھا۔ میرے بڑے بھائی نعیم اختر اُن دنوں روزنامہ ''مرکز'' اسلام آباد میں ملازمت کرتے تھے۔ ملازمت چھوڑ کر آئے تو والد صاحب نے انہیں طبیب حاذق کے تمام امور کا ناظم بنا دیا اور مجھے مطب کی ذمہ داری سونپ دی گئی۔ الحمدللہ دادا حضور اور والد صاحب کے ساتھ کام کیا بہت کچھ سیکھنے کو ملا۔

مطب کے دور میں اکثر دوست زور دیتے رہے۔ کہ مجربات کی کوئی کتاب آپ

بھی تحریر کریں۔ جن میں میرے خاص مہربان حکیم حافظ محمد بن صابر صاحب شیخوپورہ پیش پیش تھے۔ میں ہمیشہ اپنی مصروفیات اور قلت وقت کا بہانہ کر کے ٹالتا رہا۔

نعیم اختر کی وفات کے بعد طبیبِ حاذق کی اشاعت کی گراں بار ذمہ داری سنبھالی تو دوستوں نے میری ہمت بندھائی۔ اور دامے، درمے، قدمے، سخنے، میری ہر طرح معاونت کر کے مجھے اس قابل کیا کہ آج میں اپنے مطب کے اُس بیش بہا خزانے کو آپ کے سامنے پیش کرنے جا رہا ہوں۔ جو حکیم محمد عبدالرحیم جمیل صاحبؒ اور حکیم محمد ضیاء الرحمٰنؒ کی معیت میں میرے لیے مشعل راہ رہے ہیں۔

مجربات مبارکہ اس حوالے سے بھی میرے لیے قیمتی ترین متاع ہے کہ مجھے اپنے والد اور دادا حضور کی مکمل رہنمائی ان نسخہ جات کے اسرار و رموز کے سمجھنے اور پرکھنے میں حاصل رہی ہے، جو گذشتہ تیس سالوں میں لاکھوں لوگوں کے معالجے کے بعد ان کی دلی دعاؤں کے ساتھ ساتھ میرے لیے کثیر مالی منفعت کا بھی باعث رہے۔

اس کتاب کی ترتیب میں میری بیٹی ڈاکٹر حسنہ منیر اور میری بیگم نے خصوصی معاونت کی۔ اس کی کمپوزنگ میں حکیم ابوالہیثم علی صاحب کا میں مشکور و ممنون ہوں جبکہ حکیم نصیر احمد طارق صاحب نے اس کی پروف ریڈنگ میں بڑے پیار سے ہاتھ بٹایا۔ اس سارے عمل کی نگرانی حکیم حافظ محمد بن صابر صاحب نے کمال شفقت سے فرمائی۔

مجربات مبارکہ آپ کے ہاتھ میں ہے، ناظرین اطباء اکرام میں اپنی اس کاوش میں کس حد تک کامیاب ہوا ہوں؟ ضرور مطلع کریں۔ شکر گزار ہوں گا۔

میری غلطیوں، کوتاہیوں سے صرفِ نظر کرتے ہوئے میری اصلاح فرمائیں اور میرے لیے بھی دعا فرمائیں کہ رب کریم اس کار خیر کو مزید وسعت اور برکت عطا فرمائے۔ آمین یا رب العالمین۔

خیر اندیش

حکیم محمد منیر اختر (گولڈ میڈلسٹ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیش لفظ

رسول اللہ ﷺ سے نیکی کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا اَلبر حُسن الخلق (نیکی حسن خلق ہے) آپ سے استفسار ہوا۔ اکثر لوگ کس چیز کے سبب جنت میں جائیں گے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کا تقویٰ اور حسن خلق، فرمانِ نبویؐ ہے میزان میں کوئی چیز حسن خلق سے بڑھ کر نہیں۔

دین و دنیا کی بھلائی تو حضور آپؐ سے ہے
آدمی خاک ہے اور خاک میں نور آپؐ سے ہے

یہ نور آدم خاک میں اس کے احسن عمل کی وجہ سے در آتا ہے۔ جبکہ خدمت آدم کا تصور اپنی کامیابی سے کائنات کو عظیم اور جنت نظیر بنا دیتا ہے۔

دنیا کے تمام تر فنونِ لطیفہ اس تگ ودو میں ہیں کہ ابن آدم کے باطن کی کثافتوں کو اس سے دور کر کے اس کے دامن کو لطافتوں سے بھر دیا جائے یہ لطافتیں ہمارے وہ احسن اعمال ہیں جو ہمیں جہنم کی آگ سے بچانے کے ساتھ ساتھ ہماری دنیا کو خوبصورت جنت مثال اور خوشگوار بنا دیتے ہیں۔

انسانی عزم اور ارادے کا نتیجہ عمل اور اس عمل کا نتیجہ خیر وشر کے جذبے کا ظہور ہے۔ انسانی جبلت شروع سے ہی انہی خیر وشر کے جذبوں کے درمیان گومگو کی کیفیت میں رہی ہے اور اکثر بھلائی، عافیت اور خیر کی ترویج کے لیے کوشاں اور عمل پیرا رہی ہے۔

ازل سے بے شمار آسمانی صحیفے، بہت سے مصلح، مذاہب، مدارس، یونیورسٹیاں، انسانی عمل کو صالح بنانے کے لیے کارفرما رہی ہیں۔

پیغمبر اولیاء اللہ، راہب پروہت، بھکشو اِنسان کی رہنمائی اور بھلائی کے لیے کوشاں رہے ہیں۔قرآن حکیم نے جابجا کبھی واقعات کے ذریعے کبھی حکم و نصیحت کے پیرائے میں اس حقیقت کو منکشف کیا ہے۔ بداعمالی کے نتیجے میں دوزخ کے عذاب سے ڈرایا ہے اور عمل صالح کے ذریعے دوبارہ اسی جنت میں جانے کی بشارت دی ہے۔

یوں تو نیکی اور حسن خلق کسی بھی مذہب، کسی بھی ازم میں خیر کا ہی درجہ رکھتا ہے۔ کوئی مذہب کوئی انسانی گروہ کبھی کسی برائی کا پرچار نہیں کرتا۔ اور طے شدہ انسانی اخلاق سے گراوٹ کا درس نہیں دیتا لیکن ہمارا مذہب ان تمام ادیان میں اعلیٰ ترین روایات کا حامل ہے۔

آقائے مرسلین حضرت محمد ﷺ کی ذاتِ اقدس اس کا بہترین نمونہ اور ہمارے لیے مشعل راہ ہیں کہ آپ کی بعثت کا مقصد ہی حسن خلق کی تربیت اور صالح عمل کی اعلیٰ ترین معراج پر لے جانا ہے۔

جب انسان روحانی پستی میں مبتلا رہے تو اس کا جسم بھی بیمار ہو جاتا ہے۔ طرز معاشرت، بود و باش، اعمال کی غارت گریاں، طہارت کی بے قاعدگیاں، خوراک کی بے اعتدالیاں، سونے جاگنے کے اوقات میں بدنظمی، بندے کو جسمانی اور روحانی دونوں صورتوں میں بے چین رکھتی ہیں جس طرح ابتدائے آفرینش سے مختلف ادیان انسان کی روحانی بالیدگی کے لیے کارفرما رہے ہیں اسی طرح اطباءِ وقت صحت جسمانی کے لیے ہر دور میں اپنی سی سعی کرتے رہے ہیں کہ انسان کو دکھ درد مصائب اور اذیتوں سے نجات حاصل کرنے میں مددگار ثابت ہوسکیں۔

جوں جوں طرز معاشرت میں ترقی ہوئی سامانِ تعیش بدلا نت نئی ایجادات سے سہولیات اور تن آسانی میسر آئی ہے توں توں نت نئی بیماریوں اور اذیتوں میں بھی اضافہ ہوتا چلا گیا۔ ہٹ اینڈ ٹرائل بیسز پر روز نئی تحقیق نے کنفیوژن پیدا کر دیا ہے اور اس کی اذیت کا تدارک ممکن نہیں ہوا۔ ہاں البتہ سرجری میں بے انتہا ترقی ہوئی۔ لیکن

سرجری ہر مریض کی ضرورت نہیں۔

اک نظریہ ہے کہ ہمیشہ ٹاپ پہ جگہ خالی رہتی ہے۔کوئی بھی مستقل اپنی جگہ برقرار نہیں رکھ سکتا، دوام بس ایک ہی ذات کے لیے ہے۔

سابقہ دور کے مہنگے، مشکل نسخہ جات متروک ہو گئے۔ ان کی جگہ سہل الحصول آسان مرکبات نے لے لی۔ ہر کوئی دکھی انسانیت کے درد کا مداوا کرنے کا دعویٰ دار ہے۔ میرا کوئی دعویٰ نہیں! اپنے تیس سالہ مطب کے دور میں جو تجربات کیے خواہش پیدا ہوئی کہ اسے اور لوگوں تک پہنچایا جائے۔ شاید کوئی ایک عمل میری فلاح اور عاقبت کے لیے کافی ہو جائے۔ پوری دیانت داری اور خلوصِ نیت سے اپنے ذاتی مجربات آپ کی خدمت میں پیش کر دیے ہیں۔ ان کو پرکھیں، سراہیں بس یہ التجا ہے کہ اس فقیر کے لیے دعا ضرور کریں اور میری لغزشوں، کوتاہیوں، اور خطاؤں کو معاف فرما دیں۔

حکیم محمد منیر اختر گولڈ میڈلسٹ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حب جواہرات

ھوالشافی: کشتہ مروارید، ورق طلاء، ورق نقرہ، افیون، عنبر، زعفران، سلاجیت، سٹرکنیا ہر ایک ۲۔۲ رتی۔کل آٹھ جزو۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو سحق بلیغ کر کے اس وزن کی ۶۴ گولیاں بنا لیں شہد کی مدد سے اور اوپر ورق طلاء لگائیں۔

ترکیب استعمال: صبح ناشتہ کے بعد ایک گولی ہمراہ دودھ ایک گلاس۔

فوائد: کمال درجہ کی محرک، مقوی اعصاب، مقوی باہ، زبردست ممسک دوا ہے۔فوری اثر والی بہترین تقویت کی اعلیٰ دوا ہے۔[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

رال کیپسولز

ھوالشافی: رال، مازو، تخم تمر ہندی مقشر، سمندر جھاگ مقشر ہموزن۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ الگ الگ باریک کر کے باہم ملا لیں۔

ترکیب استعمال: زیرو نمبر کیپسولز بھر لیں۔صبح دوپہر شام ایک ایک کیپسول ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

فوائد: ذیابیطس، جریان منی، احتلام، لیکوریا، پیشاب کی زیادتی، قلت کرم منی کی موثر و مجرب دوا ہے۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

حبوب کمال

ھوالشافی: تریاق مقطر ۵ گرام۔ چھوہارے ۵ عدد۔ دارچینی ۱۰ گرام۔ جاوتری ۵ گرام۔ مغز جائفل ۱۰ گرام۔ ولایتی کستوری معمولی سی۔ایک رتی۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کوٹ کر شہد ملا کر حبوب نخودی بنا لیں۔

ترکیب استعمال: ۲ گولی رات سوتے وقت ہمراہ دودھ کھلائیں۔
نوٹ: اگر یہ حبوب معجون شفا کے ساتھ کھلائیں تو مجرب اور موثر ہیں۔
فوائد: ممسک، مغلظ، محرک، مقوی بدن زبردست بھروسے کی شے ہے۔
[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

ریح گردہ

ھوالشافی: سنڈھ ۲۵۰ گرام۔ پھٹکڑی بریاں ۷۵ گرام۔ لونگ ۱۵ گرام۔
ترکیب تیاری: باریک کر کے باہم ملالیں۔ دوا تیار ہے۔
ترکیب استعمال: ایک سے ڈیڑھ ماشہ تک ہمراہ عرق گلاب۔ ایک پیالی کھلائیں۔
بفضلہٖ تعالیٰ شفا ہوگی۔

سیلان الرحم

ھوالشافی: رال سفید، پھٹکڑی سرخ بریاں ہموزن۔
ترکیب تیاری: پھٹکڑی سرخ بریاں کرلیں اور ہموزن رال باریک کر کے شامل کر کے ۶۰۰ ملی گرام کے کیپسول بھرلیں۔
ترکیب استعمال: صبح دوپہر شام ایک ایک کیپسول ہمراہ آب تازہ
فوائد: سیلان الرحم کے لیے موثر دوا ہے۔
نوٹ: عمر رسیدہ، شادی شدہ عورتوں اور موٹی عورتوں میں زیادہ فائدہ مند ہے۔

❀ سرفین

ھوالشافی: تریاک مقطر ۵ گرام۔ پوست بیخ مدار ۵ گرام۔ شورہ قلمی ۲۴ گرام۔
ترکیب تیاری: باریک سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال: ایک سے ۲ رتی تک ہمراہ آب تازہ۔
فوائد: کھانسی، نزلہ زکام، کیرا، گلے کی خشونت کے لیے نہایت مفید ہے۔ کھانسی جو کسی

دوا سے ٹھیک نہ ہو اس سے مکمل آفاقہ ہوتا ہے۔ کالی کھانسی کے لیے بھی مفید ہے۔ بچوں کو یہ دوا استعمال نہ کروائیں۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

زاجی

ھوالشافی: زاج ابیض بریاں۔ چینی ہموزن

ترکیب تیاری: پھٹکڑی بریاں کر کے باریک کرلیں اور چینی الگ نہایت باریک کر کے باہم ملالیں۔ محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۲ سے ۳ رتی تک بلغم آئے تو پانی کے ساتھ خشک ہو تو شربت اعجاز کے ساتھ دیں میں تین دفعہ دیں۔

فوائد: کھانسی، نزلہ زکام کے لیے مفید ہے۔

معجون نزلی

ھوالشافی: تخم کاہو ۱۵ گرام۔ اجوائن دیسی ۲۰ گرام۔ پوست کوکنار ۳۰ گرام۔ تخم خشخاش ۳۰ گرام۔ گل گاؤزبان ۳۰ گرام۔ تخم مروڑ ۳۰ گرام۔ اسطخودوس ۲۰ گرام۔ کشنیز خشک ساڑھے ۷ گرام۔ ست ملٹھی ڈھائی گرام۔ نشاستہ ۵ گرام۔ صمغ عربی ۵ گرام۔ گوند کتیرا ۵ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ نہایت باریک کر کے تین گنا شہد میں ملا کر معجون بنالیں۔

فوائد: نزلہ، زکام، کیرا کے لیے زبردست دوا ہے۔ ۳ گرام صبح دوپہر شام۔

السرینہ (پپٹک السر، ڈوڈی نم السر)

یہ نسخہ میرے استاد محترم حکیم رشید احمد صاحب مرحوم و مغفور حافظ آباد کا عطیہ ہے۔ الحمدللہ اس مکمل نسخہ سے بڑے معرکے کے علاج بھی کیے ہیں۔ میرے مطب کی زینت اور نہایت قابل بھروسہ نسخہ ہے۔

ھوالشافی: کشنیز خشک ۱۰۰ گرام۔ رال سفید مصفیٰ (ڈلی) ۱۰۰ گرام۔ گل دھاوا ۱۰۰

گرام۔ پوست کوکنار ۱۰۰ گرام۔
ترکیب تیاری: چاروں اجزاء نہایت باریک کر کے سفوف بنائیں۔ دوا تیار ہے۔
ترکیب استعمال: ۳-۳ گرام یہ سفوف ہمراہ جوشاندہ درج ذیل۔ صبح دوپہر شام یا تیزابیت اور جلن کے لیے پانی سے بھی دے سکتے ہیں۔ معدہ، انتڑیوں کے زخم اور قولون کے زخموں کے لیے بھی مؤثر ہے۔

جوشاندہ

ھوالشافی: ناگرموتھا ۳ گرام۔ خس عمدہ ایک گرام۔ سونف ۳ گرام۔ کشنیز خشک ۳ گرام۔ مروڑ پھلی ۳ گرام۔ انجبار ۳ گرام۔ بل کتھہ ۳ گرام۔ ایک پیالہ پانی میں جوش دے کر درج بالا سفوف السرینہ کے ساتھ دن میں ۳ دفعہ استعمال کروائیں۔ یہ جوشاندہ ایک خوراک کے لیے ہے۔ نہایت مجرب ہے۔
یہ نسخہ مطب میں ضرور بنائیں۔ اور حکیم رشید احمد صاحب مرحوم کی مغفرت کے لیے ضرور دعا فرمائیں۔
نوٹ: گل دھاوا کی وجہ سے عموماً یہ سفوف لمبے عرصہ تک محفوظ نہیں رہ سکتا۔ کیڑا لگ جاتا ہے۔ اس لیے یا تو کم مقدار میں بنائیں یا اچھی طرح محفوظ کر لیں۔

مسکن

ھوالشافی: تخم جوز ماثل ۲۵ گرام۔ اجوائن خراسانی ۵۰ گرام۔ تخم خرفہ ۵۰ گرام، تخم خشخاش ۱۰۰ گرام۔
ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال: ایک سے ۲ رتی کسی مغلظ سفوف یا معجون کے ساتھ دے سکتے ہیں۔
فوائد: جریان، احتلام، ذکاوت حس، سرعت انزال اعصابی تھکن کے لیے۔

محرک

ھوالشافی: تخم ترب ۲۴ گرام۔ تخم گزر ۲۴ گرام۔ دارچینی ۱۲ گرام۔ سم الفار ایک گرام۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء الگ الگ باریک کر کے اچھی طرح مخلوط کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک سے دو رتی ہمراہ دودھ صبح و شام۔

فوائد: عضلات اور اعصاب کی تھکن کے لیے مؤثر دوا ہے۔ ممسک و محرک ہے۔

وجع العصب

ھوالشافی: سم الفار ۲ تولہ۔ کچلہ سالم ایک کلو۔

ترکیب تیاری: کچلہ شیشے کے مرتبان میں ڈال کر پانی سے بھر دیں اور سم الفار باریک کر کے ملا دیں۔ اور روزانہ ہلا دیا کریں۔ تین روز کے بعد کسی برتن میں منتقل کر کے نرم آنچ پر پکائیں۔ جب پانی خشک ہو جائے باریک کر کے رکھیں۔

کچلہ مذکور سات حصے، حرمل چودہ حصے، بیش مدبر ایک حصہ شامل کر کے نخودی گولیاں شہد کی مدد سے تیار کریں۔

ترکیب استعمال: پہلے دن ایک گولی دوسرے دن صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ۔

فوائد: جوڑوں کے درد، ہڈیوں کی سوزش، وجع العصب، وجع المفاصل کے لیے مجرب ہے۔

❀ جوارش زرشک

یہ نسخہ میرے والد گرامی حکیم محمد ضیاء الرحمٰن مرحوم و مغفور نے اپنے مطب کی زینت بنایا اور گزشتہ تیس سال سے میرا بھی معمول مطب ہے۔ دواخانہ میں ہمیشہ تیار موجود رہتا ہے۔ میرے لیے برکت و منفعت کا باعث ہے۔ مستفید ہوں اور حکیم ضیاء الرحمٰن مرحوم کی روح کو ایصال ثواب کے لیے دعا فرمائیں۔

ھوالشافی: الائچی کلاں ۶۰۰ گرام۔ ناگ کیسر ۶۰۰ گرام۔ کشنیز خشک ۶۰۰ گرام۔

طباشیر کبود ۱۲۵ گرام۔ عود ہندی ۲۵۰ گرام۔ مصطگی رومی ۲۰۰ گرام (مصطگی رومی اگر دستیاب نہ ہو تو) سنبل الطیب مصفی ۲۵۰ گرام۔ گل سرخ مصفی (ایرانی) ۱۲۵۰ گرام۔ کشمش دیسی (باریک گول) ۱۲۵۰ گرام۔ زرشک شیریں ۶۰۰ گرام۔ ست پودینہ ۵۵ گرام۔ ست اجوائن ۱۵ گرام۔

ترکیب تیاری: عود ہندی کو نہایت باریک سفوف بنائیں اور طباشیر بھی بالکل باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں۔ باقی ادویہ حسب دستور باریک کر لیں۔ اگر اس نسخہ میں مصطگی شامل کرنا ہو تو تھوڑے سے گھی میں بریاں کر کے باقی تمام ادویہ میں شامل کر کے زوردار ہاتھوں سے چرب کر کے باہم ملالیں۔ کشمش اور زرشک صاف ستھری کر کے ۱۲ لٹر پانی میں خوب جوش دے کر مل چھان کر پن لیں اسی پانی میں ۱۰ کلو چینی کا قوام کر کے ادویہ شامل کریں اور معجون بنالیں۔ بعدہ ست پودینہ اور ست اجوائن الگ الگ باریک کر کے شامل کریں۔ جوارش زرشک تیار ہے۔

مقدار خوراک: ۳ گرام صبح شام کھانے کے بعد ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: ہاضم، مفرح، مقوی معدہ، تیزابیت، گلے کی خراش، جلن، کھٹے ڈکار، نزلہ، زکام میں مفید ہے۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

غدی عضلاتی

ھوالشافی: لونگ ۱۰ گرام۔ جلوتری ۲۰ گرام۔ دار چینی ۳۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ نہایت باریک کر کے محفوظ رکھیں۔ اس میں سے ۸ گرام دوا خراطین مصفی ۴ گرام۔ مسکن ۶ گرام (درج بالا نسخہ) پھٹکڑی خام ۳ گرام سب کو ملا کر الگ سے رکھیں یہی دوا مذکور مستعمل ہے۔

ترکیب استعمال: آدھ گرام دوا ہمراہ دودھ۔ صبح و شام

فوائد: جسم درد، تھکن، کمزوری، بے ہمتی، اعصاب اور عضلات کی درد کمزوری کے لیے۔

محرک مقوی خاص

هوالشافی: شنگرف ۱۰ گرام۔ سم الفار ۱۰ گرام۔ بیش خام ۱۰ گرام۔ کچلہ ایک کلو۔

ترکیب تیاری: ایک گھڑے (مٹی کے کورے برتن) میں کچلہ ڈال کر پانی سے بھر دیں اور روزانہ اچھی طرح ہلاتے رہیں۔ ایک ماہ بعد ۳ بوتل عرق کشید کریں۔ اس میں سے ایک بوتل عرق مذکورہ بالا تینوں ادویہ کے ساتھ کھرل کریں۔ ایک بوتل عرق جذب ہو جائے تو مونگ کے برابر گولیاں معمولی شہد کی مدد سے بنا لیں۔

ترکیب استعمال: صبح حلوہ بادام، شام ۵۰ گرام بالائی کے ساتھ ایک ایک گولی کھلائیں۔

فوائد: عام تقویت کے لیے پنڈلیوں کے درد، کندھوں کے درد اور کمر درد کے لیے خاص دوا ہے۔

❀ نمو (مصفی خاص)

هوالشافی: برگ نیم۔ نوشادر ٹھیکری۔ گندھک آملہ سار مدبر۔

ترکیب تیاری: ہموزن تینوں اجزاء باریک کر کے محفوظ رکھیں۔ دوا تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۵۰۰ ایم۔ جی کا ایک کیپسول صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: پھوڑے، پھنسی، خارش، حدتِ خون کے لیے مخصوص دوا ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

❀ حب کایا کلپ

حکیم عبدالرحیم جمیل میرے دادا مرحوم کے مطب کا مایہ ناز نسخہ جو دواخانہ حکیم جمیل میں عرصہ ساٹھ سال تک تواتر سے بنتا رہا اور ہزاروں مریضوں کے لیے صحت و شفا کا باعث بنا۔ یہ گولیاں سیروں کے حساب سے ہر ماہ بنتی تھیں۔ بیشتر بلغمی، عصبی، عضلاتی امراض کا شافی علاج ہیں۔

ھوالشافی: بھلانوہ۔ کچلہ۔ ہیراکسیس۔ تل سفید مقشر۔ ترپھلہ۔ گڑ تمام ادویہ ہموزن۔

ترکیب تیاری: ہرڑ۔ بہیڑہ۔ آملہ۔ مقشر ہموزن تھوڑے سے گھی سے چرب کرلیں۔ باقی تمام ادویہ نہایت باریک کر کے گڑ شامل کرلیں اور مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنا لیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح۔ ایک گولی شام ہمراہ دودھ۔

فوائد: اس دوا کے فوائد بے شمار ہیں۔ مقوی اعصاب، محرک، ممسک، مغلظ، ہاضم، کاسر ریاح، غلیظ کمزوری، تھکن، سستی، نامردی ایک گولی کا استعمال روزانہ سفید بالوں کو سیاہ گھنے مضبوط کرتا ہے۔ برص کے مرض میں اس کا استعمال برص کو جڑ سے اکھاڑ پھینکتا ہے۔ پٹھوں کے درد، کمر کے درد، ٹانگوں کے درد، پیشاب کی زیادتی، لیکوریا، جریان، احتلام، خون کی کمی، بھس، بھوک کی کمی، حرارتِ غریزی کو بڑھا کر بے پناہ قوت و توانائی پیدا کرتا ہے۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

❀ نمی (جلدی امراض)

ھوالشافی: چاکسو۔ الائچی خورد۔ گندھک آملہ سار۔ برگ مہندی۔ برگ نیم۔ ہموزن۔

ترکیب تیاری: حسب دستور سفوف بنالیں۔ دوا تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ایک سے ڈیڑھ گرام تک صبح و شام احتیاط چوڑی، دودھ گھی خوب کھلائیں۔

فوائد: خارش، چنبل، دھدر، جلد سے چھلکے اترنے کے لیے مفید و مجرب ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

❀ حب زعفرانی

ھوالشافی: تریاک مقطر ۵ گرام۔ زعفران عمدہ خالص ۱۰ گرام۔ جوہر سم الفار ۱/۴ گرام۔

ترکیب تیاری: صاف ستھرے کھرل میں بالترتیب اجزا شامل کر کے شہد کی مدد سے مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنالیں اور ورق طلاء یا ورق نقرہ سے ملفوف کریں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی روزانہ صبح ناشتہ کے بعد ہمراہ دودھ یا قبل از مباشرت ۲ گھنٹے پیشتر ہمراہ دودھ یا حسب مزاج صبح وشام (سردیوں میں)

فوائد: زبردست مقوی اعصاب، ممسک، محرک بے خطا اور بھروسے کی شے ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

❀ ٹھنڈک

ھوالشافی: کشتہ طلق اسود (خود ساختہ) ۲۵ گرام۔ مصری کوزہ ۲۵ گرام۔ شورہ قلمی ولایتی (پوٹاشیم نائٹریٹ) ۵۰ گرام۔ دانہ الائچی خورد ۱۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ الگ الگ باریک کر کے باہم ملا کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: آدھ گرام تک۔ ہمراہ مناسب بدرقہ سے کھلائیں۔

فوائد: گھبراہٹ، بے چینی، پیاس کی شدت، گرمی کی شدت، ہاتھ پاؤں کا جلنا، خفقان، دل کی دھڑکن، پیشاب کی حدت کے لیے اعلیٰ درجہ کی دوا ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

❀ کنفوری پلز

ھوالشافی: ہلدی ثابت ۲۰۰ گرام۔ مسور کی دال ۱۰۰۰ گرام۔ کافور دیسی ۲۰۰ گرام۔ پوٹاشیم برومائیڈ ۲۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: ہلدی کوٹ کر دھردرا کر لیں۔ باقی تمام ادویہ بھی شامل کر کے بالکل باریک سفوف بنالیں اور زیرو سائز ۵۰۰ ملی گرام کیپسولز بھر لیں۔

ترکیب استعمال: ایک کیپسول صبح ایک کیپسول شام کا کھانے کے فوری بعد پانی کے ساتھ کھلائیں۔ دو ہفتہ کا استعمال کافی ہے۔

فوائد: جریان، احتلام، ذکاوت حس، سرعت انزال کے لیے زبردست شے ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

حب لاثانی جواہر دار

ھوالشافی: ریگ ماہی نر (بے نمک)۔ زعفران خالص عمدہ تازہ۔ تریاک مقطر۔ بزرالبنج ہرایک ۵ گرام۔ جند بیدستر اصلی ڈھائی گرام۔ کشتہ عقیق۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ یشب۔ کشتہ یاقوت ہرایک ایک گرام۔ جوہر سم الفار۔ سٹرکنیا ہرایک ۲ رتی۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کرلیں کشتہ جات اور جوہر سم الفار۔ جوہر کچلہ (سٹرکنیا) شامل کرکے ڈیڑھ دو گھنٹے تک رگڑائی کریں۔ تمام ادویہ یک جان ہو جائیں تو شہد ملا کر حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی قبل از مباشرت ۲ گھنٹے پہلے ہمراہ دودھ۔

فوائد: اعلیٰ درجہ کی ممسک محرک دوا ہے۔ مقوی باہ ادویات کی بے مثل اور بے ضرر دوا ہے۔ اپنے مطب میں بنائیں اور میرے لیے دعائے خیر فرمائیں۔

❀نروان

ھوالشافی: سنگدانہ مرغ (نہایت عمدہ مصفیٰ دیسی) ۵۰ گرام۔ جدوار خطائی عمدہ ۱۰ گرام۔ کشتہ زمرد ۲ گرام۔ کشتہ بیضہ مرغ ۶ گرام۔ زعفران عمدہ ۳ گرام۔ اسپند ۳۰ گرام۔ اسٹرکنیا (جوہر کچلہ) آدھا گرام۔ کشتہ فولاد ۳ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو الگ الگ باریک کرکے ایک ایک کرکے ملاتے جائیں اور کھرل کرتے جائیں بعدہ کشتہ جات شامل کرکے ڈیڑھ دو گھنٹے خوب کھرل کرکے محفوظ رکھیں ۲۵۰ ملی گرام کیپسول بھرلیں یا شہد کی مدد سے نخودی گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: روزانہ ایک گولی۔ یا کیپسول ہمراہ دودھ/ پانی/ چائے۔

فوائد: برائے مردمی کمزوری، ذیابیطس، بلڈ کولیسٹرول، بلڈ شوگر، عام کمزوری کے لیے

مریضوں کو پہلے دن ہی فائدہ دیتی ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

کشتہ شنگرف

هوالشافی: شنگرف ۱۰ گرام۔ تخم جوز ماثل ۵۰۰ گرام۔ چرس ۲۰ گرام۔

ترکیب تیاری: چرس تھوڑا پانی ملا کر شنگرف کی ڈلی پر لیپ کر کے خشک کریں۔ پھر جوز ماثل باریک کر کے ایک کڑاہی میں آدھے نیچے بچھا کر درمیان میں شنگرف کی ڈلی رکھ کر باقی آدھے جوز ماثل اوپر دے کر درمیانی آگ دیں۔ جوز ماثل بالکل سیاہ ہو جائیں اور دھواں مفقود ہو جائے بالکل ٹھنڈا ہونے پر شنگرف نکال لیں اور نہایت باریک کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک رتی ہمراہ دودھ گھی۔

فوائد: ممسک زبردست ہے۔

❀ حب کبد نوشادری

هوالشافی: نوشادر۔ سہاگہ۔ فلفل سیاہ۔ باؤبڑنگ۔ کچور۔ سونٹھ۔ ہلیلہ سیاہ۔ نمک سیاہ۔ نمک سمندری۔ ہلیلہ کابلی مقشر ہموزن۔

ترکیب تیاری: ہلیلہ کابلی گٹھلی دور کردہ ہموزن تمام ادویہ کے باریک سفوف بنالیں۔ دوا تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۳۔۳ گرام صبح دوپہر شام بعد از غذا ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: ہاضم طعام مشہور و معروف نسخہ ہے۔ معدہ کے اکثر امراض میں زبردست فائدہ دیتا ہے۔ قبض کشاء ہے۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

❀ سفوف شیریں

دواخانہ حکیم جمیل میں کثرت سے استعمال کروایا جاتا ہے۔ فوائد کے اعتبار سے

انتہائی مؤثر مجرب نسخہ ہے۔

هوالشافی: دانہ الائچی کلاں ۲۰۰ گرام۔ سونف ۵۰۰ گرام۔ پوست ہلیلہ زرد ۵۰۰ گرام۔ کشنیز خشک ۵۰۰ گرام۔ چینی ۵۰۰ گرام تمام ادویہ الگ الگ باریک کر کے باہم ملالیں۔

ترکیب استعمال: ۵ گرام سفوف صبح وشام قبل از غذا ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: تبخیر معدہ، تیزابیت، جلن، ہاتھ پاؤں کی حدت، پیشاب کی جلن، قبض، اپھارہ، دافع مواد ردیہ۔[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

❀ سفوف کندر

هوالشافی: فلفل دراز۔ کندر۔ زنجبیل۔ ہموزن سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک گرام صبح وشام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: لکنت اور بچوں میں پیشاب کی زیادتی کے لیے مفید ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

❀ حب مصطگی

هوالشافی: عاقرقرحا۔ مصطگی رومی عمدہ۔ موصلی سفید۔ جاوتری ہموزن۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ ہموزن نہایت باریک کر کے شہد کی مدد سے حبوب نخودی بنا لیں۔

ترکیب استعمال: ۲۔۲ گولی۔ صبح وشام ہمراہ دودھ۔

فوائد: ممسک، مغلظ، محرک، ملذذ، دافع جریان احتلام وسرعت۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

❀ خمیرہ بادام

هوالشافی: مغز بادام مقشر ۵۰۰ گرام۔ چینی ۲۵۰۰ گرام۔ شہد خالص ۱۲۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری: مغز بادام مقشر کا خیساندہ بنائیں اس میں چینی اور شہد شامل کر کے قوام درست کریں۔ بعدہ یہ ادویہ باریک کر کے شامل کر لیں۔

ھوالشافی: دانہ الائچی خورد۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ مغز کدو شیریں۔ تخم کاہو۔ برادہ ملٹھی۔ گاؤزبان۔ گل گاؤزبان ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ نہایت باریک کر کے شامل کر لیں۔ خمیرہ بادام تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ایک چمچ صبح نہار منہ۔ ایک چمچ عصر کے وقت چوس کے نگل لیں۔

فوائد: مقوی دماغ، مغلظ، مفرح، تقویت دل و دماغ کے لیے مفید ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

کاسر ریاح

ھوالشافی: سوڈا بائیکارب ۲۰۰ گرام۔ پودینہ دیسی خشک ۲۰۰ گرام۔ اجوائن دیسی ۴۰۰ گرام۔ سنڈھ ۸۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ نہایت باریک سفوف بنا لیں۔

ترکیب استعمال: آدھ گرام سے ایک گرام تک ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: نفخ، ریح کو دور کر کے انتہائی بشاشت پیدا کرتا ہے، ہاضم طعام زبردست، دافع اپھارہ، بدہضمی، قراقر۔

اب جو دو نسخہ جات تحریر کیے جا رہے ہیں جلدی امراض کے بہت کہنہ مریض پیپ رستے ہوئے گلے سڑے خون رستے ہوئے مریض یہاں تک کہ جلد سے مچھلی کے چانے کی طرح بفا گرنے سوزاک آتشک کے مریضوں کے لیے مجرب اور مصدقہ نسخہ جات ہیں۔

دوائے خارش

ھوالشافی: رسکپور ایک گرام۔ دار چکنا ایک گرام۔ ہڑتال ورقیہ ۱۰ گرام۔ سوڈا بائیکارب

۱۰۰ گرام۔
ترکیب تیاری: پہلے رسکپور، دارچکنا صاف ستھرے خشک کھرل میں ڈال کر باریک کریں اور ہڑتال ورقیہ شامل کر کے خوب زوردار ہاتھوں سے رگڑائی کریں۔ جب یہ اجزاء باریک ہو جائیں تو تھوڑا تھوڑا سوڈا بائیکارب ملاتے جائیں اور کھرل کرتے جائیں۔ یہاں تک کہ سوڈا بائیکارب ختم ہو جائے اور سفوف سیاہی مائل ہو جائے۔
ترکیب استعمال: آدھ رتی سے ایک رتی تک کیپسول میں بھر کے دیں یا مکھن یا بالائی میں لپیٹ کر دیں۔ یا مویز منقیٰ میں رکھ کر دیں ہمراہ دودھ گھی وافر۔
فوائد: جلدی تمام امراض کا شافی علاج ہے۔ بفضلہٖ تعالیٰ

❀ حب کتھہ

ھوالشافی: جوہر سنکھیا ۳ گرام۔ کتھہ گنڈیری سفید، دانہ الائچی خورد۔ طباشیر کبود ہر ایک بیس گرام۔ باریک سفوف کر کے شہد کی مدد سے گولیاں بنا لیں صرف ایک گولی روزانہ رات ہمراہ دودھ نسخہ بالا صبح کھلائیں اور حب کتھہ رات۔
فوائد: جلدی تمام امراض کا شافی علاج ہے۔ بفضلہٖ تعالیٰ۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

❀ اوجاعی

ھوالشافی: جوزماثل ۱۰۰ گرام۔ سوڈا بائیکارب ۲۰۰ گرام۔ نوشادر دیسی ۳۰۰ گرام۔ زنجبیل ۴۰۰ گرام۔ ریوند چینی ۵۰۰ گرام۔
ترکیب تیاری: تمام ادویہ الگ الگ باریک کر کے باہم اچھی طرح مخلوط کریں دوا تیار ہے۔
ترکیب استعمال: ۲ گرام صبح وشام ہمراہ پانی۔
فوائد: وجع المفاصل، وجع الفواد، غرض درد ہر قسم اور جسم کے ہر عضو کے درد کے لیے

مؤثر۔[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

کارمینول

کارمینول شربت میرے مطب کا بہترین ہاضم شربت ہے۔ ہر وقت تیار دستیاب ہے۔

ھوالشافی: مرچ سیاہ ۳۰ گرام۔ تخم کرفس۔ اجوائن دیسی۔ ساذج ہندی۔ کپور کچری۔ الائچی کلاں ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ پودینہ تازہ سبز ۳۰۰ گرام۔ املی ۷۵۰ گرام۔ ست پودینہ ۲۰ گرام۔ ست اجوائن ۱۰ گرام۔ سپرٹ امونیا ایرومیٹک ٹنکچر کارٹ کو۔ ٹنکچر زنجبیرس ہر ایک ۴۰۔۴۰ ملی لیٹر۔

ترکیب تیاری: پودینہ تک کی ادویہ کو جوکوب کر کے ۱۰ کلو پانی میں بھگو دیں اور صبح جوش دیں۔ جب پانی پانچ لٹر رہ جائے تو ٹھنڈا ہونے دیں اور املی کا گودہ شامل کر دیں۔ پھر اچھی طرح مل چھان کر پن لیں۔ اور دوگنا چینی شامل کر کے شربت تیار کریں۔ ٹھنڈا ہونے پر ست پودینہ۔ ست اجوائن باریک کر کے شامل کریں اور ٹنکچر شامل کر کے بوتلوں میں بھر لیں۔

ترکیب استعمال: ایک چمچ صبح، دوپہر، شام بعد از طعام۔

فوائد: متلی، قے، بدہضمی، کھٹے ڈکار بے چینی گھبراہٹ معدہ کی سوزش، جلن تیزابیت معدہ پرخوری، ہیضہ، تخمہ، بھوک کی کمی، حاملہ کی قے کے لیے بہت مؤثر و مجرب کامیاب نسخہ ہے۔[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

تقویت باہ

ھوالشافی: تخم پیاز، دارچینی، چینی ہموزن باریک سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: ۶ گرام ہمراہ دودھ

فوائد: شہوت کی کمی، سرعت انزال، تقویت عامہ کے لیے مفید ہے۔

❀جریانول

ھوالشافی: پوٹاشیم برومائیڈ ۱۰۰ گرام۔ تخم دھتورہ ۱۰۰ گرام۔ مرچ سیاہ ۱۰۰ گرام۔ کشتہ قلعی ۵۰ گرام۔ کافور دیسی ۵۰ گرام۔ گوند ڈھاک ۱۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء باریک کر کے پانی کی مدد سے گولیاں ۲ رتی کے برابر بنا لیں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ گرم۔

فوائد: جریان، احتلام، سرعت انزال، ذکاوت حس کے لیے نہایت سریع الاثر آزمودہ نسخہ ہے۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

مرہم ایگزیما

ھوالشافی: ویزلین سادہ ۲ اونس۔ زنک اوکسائیڈ آدھا اونس۔ بورک ایسڈ آدھا اونس۔ ایکتھائیل آدھا اونس۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ ایک ایک کر کے شامل کریں اور خوب باریک رگڑائی کر کے مرہم بنائیں۔

ترکیب استعمال: صرف مقام ایگزیما پر صبح اور رات کو لگائیں۔

نوٹ: صابن وغیرہ سے نہ دھوئیں۔

پریانیکا

ھوالشافی: کشتہ فولاد (خانہ ساز) کچلہ مدبر، مرچ سیاہ۔ فلفل دراز۔ دارچینی۔ خولنجاں۔ ہر ایک ۵۰۰ گرام۔ جوہر سم الفار ۶ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ نہایت باریک کر کے کشتہ فولاد اور جوہر سم الفار شامل کریں اور ایک دو گھنٹے کھرل کر کے شہد کی مدد سے حبوب نخودی بنا لیں یا ۲۵۰ ایم جی کیپسولز بھر لیں۔

ترکیب استعمال: صبح وشام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ۔

فوائد: مقوی، محرک بہترین۔ اعصابی عضلاتی دردوں کے لیے مؤثر ہے۔

شوگر اور اعصابی کمزوری کے لیے

ھوالشافی: لونگ۔ جائفل مقشر۔ جاوتری۔ عاقرقرحا۔ موچرس۔ اذاراقی مدبر ہر ایک ۱۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے شہد کی مدد سے نخودی گولیاں بنالیں۔ صبح یا شام یا صبح وشام دونوں وقت ہمراہ دودھ استعمال کرائیں۔

فوائد: شوگر کو کنٹرول کرتی ہے اور اس سے ہونے والے عوارضات مثلاً اعضا شکنی، نقاہت، کمزوری، مردانہ کمزوری کے لیے مؤثر و مجرب ہے۔

ہرنیا کے لیے

ھوالشافی: مغز تخم ریٹھہ۔ گندھک آملہ سار۔ ریوند عصارہ ہموزن

ترکیب تیاری: تمام اجزاء باریک کر کے پانی کی مدد سے نخودی گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: صرف ۲ گولی رات کو پانی کے ساتھ کھلا دیں ایک دورتی بینگن کے بیج صبح وشام پانی کے ساتھ کھلا دیں۔

فوائد: ہرنیا کے لیے مؤثر ہے۔

شربت بزوری معتدل

ھوالشافی: بادیان۔ بیخ بادیان۔ تخم کاسنی۔ بیخ کاسنی۔ تخم خربوزہ۔ تخم خیارین۔ گوکھرو خورد۔ ہر ایک ۲۵۰ گرام۔ چینی ۱۰ کلو۔ بطریق معروف شربت بنائیں۔

فوائد: مفرح، مقوی قلب و دماغ گھبراہٹ بے چینی پیاس کی شدت کے لیے موزوں ہے۔

سفوف مویا

هوالشافی: انار دانہ ترش خشک۔ سونف عمدہ۔ ہرڑ سیاہ۔ پوست کوکنار۔ ملٹھی

ترکیب تیاری: ہرڑ سیاہ کو تھوڑا (۲ چمچ) گھی ڈال کر کسی کڑاہی میں بریاں کرلیں اور الگ نکال لیں اسی طرح سونف گھی میں بریاں کرلیں اور کوکنار کو بغیر گھی کے بریاں کر لیں انار دانہ بھی الگ سے تھوڑا گھی ڈال کر بریاں کرلیں۔ ملٹھی الگ سے باریک کر کے دو چار دفعہ چھان کر اس کا ریشہ الگ کر دیں۔ پھر سب کو ملا کر خوب باریک سفوف بنا کر رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک چمچ صبح وشام کھانے سے پہلے ہمراہ آب تازہ یا شربت انجبار دیں۔

فوائد: اسہال مزمن، سنگرہنی، پیچش، مروڑ، اسہال معوی میں مفید ہے۔

ڈبہ اطفال

هوالشافی: سہاگہ بریاں ۶ گرام۔ کشتہ ہڑتال گاؤدنتی ۳ گرام۔ سنگ دانہ مرغ ۱۰ گرام۔ ست ملٹھی ۳ گرام۔ سفوف باریک کر کے شہد میں ملا کر رکھیں۔ ایک رتی صبح دوپہر شام آٹھ ماہ تک کے بچے کو چٹائیں۔

نوٹ: اس سے کم عمر بچے کو نہ دیں۔

عرق برائے استسقاء

هوالشافی: پوست بیخ کرفس ۳۶۰ گرام۔ پوست بیخ رازیانہ ۳۶۰ گرام۔ گل غافث ۱۰۶ گرام۔ افسنتین رومی ۱۰۶ گرام۔ لک مغسول ۱۰۶ گرام۔ چرائتہ ۱۰۶ گرام۔ قسط شیریں ۱۰۶ گرام۔ ریوند خطائی ۱۰۶ گرام۔ شگوفہ اذخر مکی ۱۰۶ گرام۔ تخم رازیانہ ۷۰ گرام۔ تخم کرفس ۷۰ گرام۔ انیسون ۷۰ گرام۔ مصطگی رومی ۷۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کوٹ کر ملا کر رکھیں اور اس کے تین حصے برابر کرلیں۔ ایک

حصہ میں ۱۶ لٹر پانی ملا کر چودہ بوتل عرق کشید کریں۔ ان چودہ بوتل میں دوسرا حصہ شامل کر کے بارہ بوتل عرق کشید کریں اور پھر تیسرے حصہ میں بارہ بوتل یہ عرق شامل کر کے صرف دس بوتل عرق کشید کریں۔

ترکیب استعمال: ۳۰ سے ۴۰ ملی لیٹر دن میں ۲ سے ۳ مرتبہ استعمال کروائیں۔

استسقاء زقی، طبلی، لحمی تینوں صورتوں میں مؤثر ہے۔ بشرطیکہ دبیلہ کبدی نہ پیدا ہو چکا ہو۔ یہ خطرناک صورت ہے۔ (کینسر) اس حالت میں اس کا علاج ممکن نہیں۔

اکسیر قلب

ھوالشافی: بادرنجبویہ ۷۵ گرام۔ کچور ۵۰ گرام۔ درونج عقربی ۴۰۰ گرام۔ برگ گاؤزبان ۴۰۰ گرام۔ الائچی خورد ۵۰ گرام۔ بادیان ۱۰۰ گرام۔ چینی خوردنی ۴۰۰ گرام۔ باہم سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۲ سے ۳ گرام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: اختلاج قلب، خفقان، گھبراہٹ، بے چینی کے لیے مفید ہے۔

✿ حب سیکران

ھوالشافی: تخم جوز ماثل ۲۵۰ گرم۔ اجوائن خراسانی ۲۵۰ گرام۔ زنجبیل ۲۵۰ گرام۔ گوند کیکر ۲۵۰ گرام۔ بالکل باریک سفوف بنا کر پانی کی مدد سے فلفل سیاہ کے برابر گولیاں بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی۔ صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: مشہور عام نسخہ حب شفا کے نام سے موسوم ہے۔ بے شمار فوائد کی حامل یہ گولیاں۔ نزلہ، زکام، کیرا، جریان، احتلام، سرعت، مذی کی رطوبت کا آنا، لیکوریا، ذکاوتِ حس، غرض طبیب کی فراست کے مطابق بے شمار امراض کا شافی علاج ہیں۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

مہبل کا باہر آنا

ھوالشافی : مائیں، نسپال ہموزن باریک سفوف کر کے ایک سے تین ماشہ تک صبح وشام کھلائیں اور شافہ بھی رکھوائیں۔ ڈیڑھ سے دو ہفتہ تک مکمل شفایابی ہو جائے گی۔ بفضلہٖ تعالیٰ۔

❀ پیٹ کم کرنے کی دوا

ھوالشافی : آب افتیمون ۲۰۰ ملی لیٹر۔ افسنتین ۱۰۰ گرام۔ نمک سیاہ ۷۰ گرام۔ دانہ الائچی خورد ۶۰ گرام۔ سوڈا بائیکارب ۲۵ گرام۔ ہینگ خالص عمدہ ۲ گرام۔

ترکیب تیاری : برگ افسنتین میں آب افتیمون شامل کر کے سایہ میں خشک کریں۔ مکمل خشک ہونے پر دیگر ادویہ شامل کر کے باریک سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال : ۲ گرام صبح وشام ہمراہ آب تازہ۔ قبل از غذا۔

فوائد : بڑھی ہوئی توند کو خصوصاً اور تمام بدن کو پتلا کر کے جسم کو سڈول اور جاذب نظر بناتا ہے۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

عرق شیر

ھوالشافی : گل بنفشہ ۵۰ گرام۔ گاؤزبان ۱۰۰ گرام۔ دھنیا خشک ۱۰۰ گرام۔ تخم کاسنی ۱۰۰ گرام۔ سونف ۱۰۰ گرام۔ بادرنجبویہ ۱۵۰ گرام۔ ناگرموتھا ۱۵۰ گرام۔ گل سرخ ۵۰ گرام۔ خطمی ۲۵ گرام۔ خبازی ۲۵ گرام۔ برگ بانسہ ۱۰۰ گرام۔ عناب ۵۰ گرام۔ ملٹھی ۵۰ گرام۔ صندل سفید اصلی ۱۰۰ گرام۔ گل نیلوفر ۱۰۰ گرام۔ گل گاؤزبان ۲۵ گرام۔ الائچی سبز ۵۰ گرام۔ خس ۲۵۰ گرام۔ تھمان کنڈیالی ۲۵۰ گرام۔ گلو خشک ۲۵۰ گرام۔ برگ پھلاہی ایک کلو۔ افتیمون ولایتی ۵۰ گرام۔ دودھ گائے ۱۰ لٹر۔ پانی ۱۰ لٹر۔ بطریق معروف ۲۰ بوتل عرق کشید کریں۔

مقدار خوراک : ۴۰ ملی لٹر۔ صبح، دوپہر، شام۔ پلائیں

فوائد: پھیپھڑوں کے امراض عمومی دمہ، ٹی بی، سل و دق میں مجرب و مفید ہے۔ بفضلہ تعالیٰ صحت کلی ہو جاتی ہے۔

صندل پاؤڈر

ھوالشافی: صندل سفید۔ صندل سرخ۔ گیری۔ ہرچی۔ برگ نیم۔ برگ حنا۔ کچور۔ ملٹھی۔ مجیٹھ۔ فلفل سیاہ۔ کالی زیری۔ نوشادر۔ کلونجی۔ افسنتین۔ دار فلفل۔ ہر ایک ۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ ہموزن نہایت باریک سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک گرام۔ صبح، دوپہر، شام۔ یا صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔

یہ نسخہ دادا مرحوم حکیم عبدالرحیم جمیل کے چند معروف نسخہ جات میں سے ہے اور اسی نام سے ان کی کتاب معمولات جمیل میں چھپ چکا ہے۔ فی زمانہ اس میں چند ترامیم کر کے اسے مزید سہل اور مفید بنا دیا گیا ہے۔ فوائد کے اعتبار سے دگنی افادیت کا حامل یہ نسخہ پھوڑے، پھنسی، سرخبادہ، بدہضمی اور خون کی سمیت کے علاوہ اٹھرا جس میں حمل ضائع ہو جاتا ہے۔ کے لیے بھی عمدہ اور قابل بھروسہ ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

ممسک اعلیٰ

ھوالشافی: گندھک آملہ سار ۱۰ گرام۔ پارہ مصفی عمدہ ۱۰ گرام۔ شنگرف ۱۰ گرام۔ چرس۔ تریاک مقطر ۱۰۔ ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: گندھک اور پارہ کی کجلی بنائیں پھر شنگرف شامل کر کے خوب کھرل کر لیں۔ بعدہ چرس اور افیون شامل کر کے حبوب فلفل سیاہ کے برابر بنا لیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی ۲ گھنٹے قبل از مباشرت ہمراہ دودھ۔

فوائد: زبردست امساک پیدا کرتی ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

حب سورنجاں

ھوالشافی : سورنجاں شیریں۔ اسگندھ ناگوری۔ ریوند عصارہ۔ نوشادر دیسی۔ سقمونیا ولایتی ہر ایک ۱۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے گھیکوار کے گودے میں کھرل کر کے حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: صبح یا شام یا صبح وشام ہمراہ چائے۔

فوائد: جوڑوں کے درد کے لیے موثر و مجرب ہے۔

سفوف ڈائریا

ھوالشافی : موچرس، حب الآس۔ اقاقیا ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ دارچینی۔ چوب چینی۔ کمرکس ہر ایک ۲۰۰ گرام۔ افیون عمدہ ۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری: حسب دستور تمام ادویہ باریک کر کے خوب ملا کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: آدھ گرام سے ایک گرام تک ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: پیچش، مروڑ، دست، اسہال معوی سنگرہنی، آؤں آنا۔ غرض اسہال کی تمام حالتوں میں زبردست معرکے کی نہایت مفید اور قابل بھروسا مفید دوا ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

اکسیر درد

ھوالشافی : لوبان کوڑیا ۱۰ گرام۔ چینی خوردنی ۱۰ گرام۔ تریاک مقطر ایک گرام۔ باہم ملا کر باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گرام، صبح وشام ہمراہ آب تازہ یا چائے۔

فوائد: درد ہر قسم، جسم درد کمر کا درد پنڈلیوں کے درد، تھکن، نقاہت، درد گردہ، بخار، سر

درد میں خاص طور پر مفید ہے۔

حب ریوند (مدر بول)

ھوالشافی : سہاگہ بریاں ۱۰۰ گرام میگنیشیا سالٹ ۱۰۰ گرام۔ ریوند عصارہ ۴۰ گرام۔ نوشادر دیسی ۱۰۰ گرام۔ ریوند چینی ۱۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باہم باریک سفوف کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: زیرو نمبر کیپسول بھر لیں اور روزانہ ایک کیپسول حد دو ہمراہ پانی کے کھلائیں۔

فوائد: ورم، سوجن، پیٹ پھولنا، ٹخنہ کا ورم، استسقاء کے علاوہ موٹاپے کو دور کرتی ہے۔

❀ اسپند کیپسولز

ھوالشافی : حرمل (اسپند) ۲۵۰ گرام۔ سم الفار سفید ۱۰ گرام۔ ایک لٹر دودھ بھیڑ میں کھرل کر کے سفوف مکمل خشک کر لیں۔

ترکیب استعمال : سب سے چھوٹا کیپسول (ایک رتی) صرف ایک خوراک روزانہ ہمراہ دودھ وافر استعمال کروائیں۔ کم از کم تین ماہ۔

فوائد: افزائش کرم منی کے لیے خاص اور مجرب نسخہ ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

❀ ساگرین

ھوالشافی : گودہ اندرائن (شحم حنظل)، نوشادر دیسی، سقمونیا ولایتی سونٹھ ہر ایک ایک سو گرام، مصبر ۲۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری : تمام ادویہ باریک کر کے پانی کی مدد سے گولیاں ۲-۲ رتی کی بنا لیں۔

ترکیب استعمال : ایک یا دو گولی۔ رات سوتے وقت ہمراہ دودھ گرم یا نیم گرم پانی

سے کھلائیں۔ یہ نسخہ یادگار نمبر طبیب حاذق میں درج ہے۔

فوائد: قبض کشاء اعلیٰ درجہ کی ہے۔ نہ مروڑ نہ درد۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

سفوف مراد

ھوالشافی: تالمکھانہ ۱۰۰ گرام۔ بیج بند ۱۰۰ گرام۔ تخم اوٹنگن ۱۰۰ گرام۔ ثعلب مصری ۲۰۰ گرام۔ شقاقل مصری ۲۰۰ گرام۔ موصلی سفید ۲۰۰ گرام۔ موصلی سیاہ ۲۰۰ گرام۔ پھل مکھانہ ۴۰۰ گرام۔ سنگھاڑہ خشک ۴۰۰ گرام۔ کمرکس ۶۰۰ گرام۔ چینی ان تمام ادویہ کے برابر میں۔ رب خصیہ ۱۰۰ گرام (ہمدرد) یا خود ساختہ اضافہ کرتا ہوں۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ الگ الگ باریک کر کے باہم ملا لیں۔

ترکیب استعمال: ۵ گرام سفوف روزانہ ہمراہ دودھ۔

فوائد: افزائش کرم منی کے لیے تیر بہدف خاص الخاص مجرب ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

پتے کی پتھری کے لیے (گال سٹون)

ھوالشافی: سنڈھ۔ فلفل سیاہ۔ نمک سیاہ۔ سونف۔ نوشادر۔ رائی۔ پھٹکڑی سفید بریاں۔ تمام ادویہ ہموزن سفوف بنا لیں۔ ۲ سے ۳ گرام ہمراہ آب تازہ۔ تین ماہ مسلسل استعمال کروائیں۔ پتے کی پتھری کا شافی علاج ہے۔

طاقت کی بے نظیر گولیاں (لقمانی گائیڈ)

ھوالشافی: لونگ۔ جائفل مقشر۔ جاوتری۔ عاقر قرحا۔ کباب چینی۔ شنگرف خام۔ کشتہ فولاد ولایتی (فیری ایٹ امونیا سائٹراس) دار چینی۔ ہر ایک ۵ گرام۔ مالکنگنی یا بیر بہوٹی ۵ گرام۔ شہد خالص ۳۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کوٹ چھان کر باریک کر کے شہد شامل کر کے حبوب نخودی

بنائیں اور اوپر ورق نقرہ لگائیں۔
ترکیب استعمال: ایک گولی صبح و شام ہمراہ نیم گرم دودھ۔
فوائد: واقعی اسم بہ مسمیٰ ہیں۔

سفوف سعال

ھوالشافی: ست پودینہ ۱۰ گرام۔ ست ملٹھی ۱۰۰ گرام۔ چینی خوردنی مسفوف ایک کلو۔
ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کرکے باہم ملالیں۔
ترکیب استعمال: ایک چٹکی دن میں چند مرتبہ چوس لیں۔
فوائد: گلے کی خشونت، کھانسی، سانس کی دقت، منہ کی بدبو کے لیے مفید ہے۔ ہوسٹ کی گولی کا مزہ، گلے کو تر و تازہ رکھتی ہے۔

منجن لاثانی

ھوالشافی: مہندی کے پتے۔ کتھہ سفید گنڈیری۔ سیپاری۔ گیری۔ پھٹکڑی خام۔ فلفل دراز۔ نمک سیاہ ہر ایک ۵۰ گرام۔ چھلکا کیکر ۴۰۰ گرام۔ نیلا تھوتھا ۱۰ گرام۔
ترکیب تیاری: ادویہ کو باریک کرکے کپڑ چھان کرکے محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال: انگلی سے مسوڑھوں پر لگائیں ملنا نہیں۔ اس سے پانی کا اخراج خوب ہوگا تھوکتے رہیں بعدہ اچھی طرح کلی کرکے ایک دو گھنٹے تک کوئی چیز کھائیں پئیں نہیں۔
فوائد: دو تین دفعہ کے استعمال سے ماسخورہ مکمل ختم ہوگا۔

سفوف تج

ھوالشافی: تج قلمی۔ نوشادر دیسی۔ گندھک آنولہ سار۔ نمک سیاہ۔ نمک شیشہ۔ زنجبیل۔ فلفل دراز۔ پپلا مول تمام ادویہ ہموزن لے کر باریک سفوف بنائیں۔
مقدار خوراک: ۴ رتی تک صبح و شام یا صبح دوپہر شام ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

فوائد: موسمی بخاروں میں موزوں اور مجرب ہے۔

مرہم شفائی

ھوالشافی: بادیان خطائی باریک کر کے کپڑ چھان کر کے ویزلین سادہ۔ دوگنا میں اچھی طرح ملالیں۔ مرہم تیار ہے۔

فوائد: انگلیوں کے درمیان، ہاتھوں پاؤں گنج ران کی الرجی خارش اور زخموں کے لیے مفید ہے۔

خمیرہ گاؤزبان عنبری

ھوالشافی: گاؤزبان۔ گل گاؤزبان۔ ابریشم مقرض۔ درونج عقربی۔ تخم بالنگو۔ تخم فرنجمشک۔ کشنیز خشک۔ بادرنجبویہ۔ اسطخودوس۔ تودری سفید۔ تودری سرخ۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ ہر ایک ۲۵ گرام۔ صندل سفید اصلی عمدہ ۵۰ گرام۔ ورق نقرہ ۳ بڑی دفتری۔ زعفران خالص ۴ گرام۔ کشتہ عقیق۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ یشب۔ کشتہ بسد ہر ایک ۳ گرام۔ کشتہ مرواریدایک گرام۔ چینی ۴ کلو۔

ترکیب تیاری: بطریق معروف خمیرہ بنائیں۔

فوائد: مفرح دل و دماغ، خفقان وحشت بے چینی گھبراہٹ ختم کر کے بشاشت و فرحت پیدا کرنے میں اس کا کوئی ثانی نہیں۔

جوارش مشکی

ھوالشافی: ابریشم مقرض۔ کہربا شمعی۔ جدوار خطائی۔ عود صلیب۔ تخم فرنجمشک۔ دانہ الائچی خورد۔ دارچینی۔ صندل سفید اعلیٰ۔ عود غرقی۔ ناگ کیسر۔ قرنفل۔ زرنباد۔ درونج عقربی۔ تیزپات۔ بالچھڑ ہر ایک ۱۰ گرام۔ پوست نارنج ۱۰۰ گرام۔ بطریق معروف جوارش بنائیں۔

مقدار خوراک: ۳ گرام صبح و شام قبل از غذا ہمراہ آب سیب۔

فوائد: ہاضم، مفرح، مقوی معدہ وجگر تمام اعضائے رئیسہ وشریفہ کو تقویت دے کر زبردست قوت پیدا کرتی ہے۔ معدہ، دل، جگر، دماغ، اعصاب کی تقویت کے لیے اس سے بڑھ کر کوئی نسخہ نہیں۔

پلنگ توڑ

ھوالشافی: اسپند۔ عاقر قرحا۔ کوکنار۔ اجوائن خراسانی۔ بسباسہ۔ تخم جوز ماثل۔ دارچینی۔ مصطگی رومی۔ سہاگہ۔ خولنجاں۔ لونگ ہر ایک ۱۲ گرام۔ کوکین۔ افیون۔ جوہر کچلہ۔ فولاد۔ زعفران ہر ایک ۸ گرام۔ باریک سفوف کر کے شہد کی مدد سے گولیاں بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی ہمراہ دودھ۔ ۲ گھنٹے پیشتر۔

فوائد: ممسک، مغلظ، محرک، مقوی، ملذذ۔ کمال ہے۔

حب الممسک عنبری

ھوالشافی: میٹھا تیلیہ ۱۰ گرام۔ اذاراقی مدبر ۲۰ گرام۔ مگھاں ۴۰ گرام۔ افیون ۱۰ گرام۔ مشک ولایتی ۵ گرام۔

ترکیب تیاری: میٹھا تیلیہ اور مگھاں کوٹ کر نہایت باریک کر کے اور کم از کم بارہ گھنٹے تک کھرل کریں۔ بعدہ اذاراقی مدبر نہایت باریک شدہ اور افیون شامل کر کے چار گھنٹے مزید کھرل کریں بعدہ مشک کرسٹل شامل کر کے حبوب نخودی بنا لیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی روزانہ گھی کے گھونٹ سے کھلا کر اوپر سے دودھ آدھ لیٹر نیم گرم پلائیں۔

فوائد: وجع المفاصل، نقرس، ہڈیوں کے بخار، جوڑوں کی شکست و ریخت، اعصابی عضلاتی تھکن، ضعف، نقاہت، ضعف باہ کے لیے مفید ہیں۔ ملذذ و ممسک کمال نہایت سرور بخش ہیں۔

حب شیر برگد

هوالشافی: موچرس۔ تخم املی کلاں مقشر۔ تخم سرس ہموزن سفوف بنا کر اتنے شیر برگد میں بھگو دیں کہ دودھ ایک انگلی اوپر رہے۔ اسے سایہ میں خشک کر لیں۔ بعدہ پھر سفوف کر کے اتنا دودھ شامل کریں اور خشک کریں۔ یہی عمل تین مرتبہ کر کے قدرے خشک ہونے پر گولیاں نخودی بنالیں۔

مقدار خوراک: صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ شیر بز یا گاؤ۔ نیم گرم۔

فوائد: زبردست مغلظ مقوی اور ممسک ہے۔

الرجیکس

هوالشافی: نرکچور۔ رسوت انڈیا۔ ہر ایک ۱۰ گرام گیری انڈیا ۵ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ علیحدہ علیحدہ باریک کر کے خوب اچھی طرح ملالیں۔

ترکیب استعمال: بڑا کیپسول ۵۰۰ ایم جی۔ دو صبح دو شام۔ ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: چھپا کی شری بلغی دھپڑ الرجی کے لیے مفید ہے۔

دوا ابیض

هوالشافی: کشتہ گاؤ دنتی خوب کلاں والا۔ موچرس ہموزن باریک کر کے کپڑ چھان کر کے باہم ملالیں۔

ترکیب استعمال: بچوں کے لیے ایک سے چار رتی ہمراہ شربت انجبار یا بدرقہ مناسبہ صبح، دوپہر، شام۔

فوائد: نزلہ، زکام، بخار اسہال معوی کے لیے موثر ہے۔

نکسیر

هوالشافی: سنگجراحت ۲۵۰ گرام۔ زاج ابیض بریاں ۱۲۵ گرام۔ گل ارمنی ۶۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تینوں باہم ملا کر رکھیں۔

ترکیب استعمال: شربت انجبار کے ساتھ صبح دوپہر شام ایک سے ۳ گرام۔

نوٹ: بطور نسوار بھی استعمال کریں۔

حب نزلہ

ھوالشافی: جند بیدستر ۵ گرام۔ دارچینی ۵ گرام۔ رب السوس ۱۵ گرام۔ گوند کتیرا ۲۵ گرام۔ گوند کیکر ۲۵ گرام۔ نشاستہ ۲۵ گرام۔ زعفران ڈھائی گرام۔ افیون ۲ گرام۔

ترکیب تیاری: کوٹ چھان کر حبوب بقدر مرچ سیاہ بنالیں۔

ترکیب استعمال: صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: نزلہ زکام کے لیے مؤثر ہے۔

معجون سرمد

ھوالشافی: زراوند مدحرج ۵۰ گرام۔ ملٹھی ۱۰۰ گرام۔ زوفا ۲۵ گرام۔ بنفشہ ۲۵ گرام۔ مویز منقیٰ ۲۵۰ گرام۔ کاکڑا سنگھی ۵۰ گرام۔ دارچینی ۵۰ گرام۔ مغز کدو شیریں ساڑھے ۱۲ گرام۔ لعوق سپستاں ۲۵۰ گرام۔ افیون ۲ گرام۔

ترکیب تیاری: مویز منقیٰ آدھ لٹر پانی میں ابال کر گھوٹ لیں۔ باقی تمام ادویہ باریک کر کے لعوق سپستان کا اضافہ کر کے ملا لیں۔ بطریق معروف معجون بنائیں۔

ترکیب استعمال: ۳ گرام صبح، دوپہر، شام۔

فوائد: نزلہ، زکام، کھانسی، ضیق النفس نزلی گلے کی خشونت۔

جوارش زوفا

ھوالشافی: کالی زیری ۴۰ گرام۔ فلفل سیاہ ۴۰ گرام۔ رب السوس ۴۰ گرام۔ پرسیاؤشاں ۴۰ گرام۔ زوفا ۴۰ گرام۔ تخم اوٹنگن ۴۰ گرام۔ زراوند مدحرج ۵۰ گرام۔ مغز بادام تلخ ۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے سوا کلو چینی کا قوام کر کے حسب دستور جوارش بنائیں۔

طریقہ استعمال وفوائد: ۳ گرام صبح دوپہر شام ہمراہ آب تازہ۔ کھانسی نزلہ زکام گلے کی خراش۔ ورم لوزتین مخرج بلغم۔

قرص غافث

ھوالشافی: گل غافث ۲۰۰ گرام۔ افسنتین ۱۰۰ گرام۔ فلفل دراز ۵۰ گرام۔ گلو خشک ۲۰۰ گرام۔ مغز کرنجوہ ۲۰۰ عدد۔ بالچھڑ ۱۰۰ گرام۔ ملٹھی ۲۰۰ گرام۔ مویز منقیٰ ۲۰۰ گرام۔ فلفل سیاہ ۱۰۰ گرام۔ چرائتہ ۱۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے سفوف بنالیں۔ مویز منقیٰ تھوڑے پانی میں ابال کر شامل کر کے خوب کوٹ لیں اور گولیاں نخودی بنالیں۔

فوائد وطریقہ استعمال: ۲۔۲ گولی صبح، دوپہر، شام۔ ہمراہ آب تازہ۔

حمیٰ تیفو دیہ، تپ محرقہ، بخاروں کے لیے گھبراہٹ تیزابیت کے لیے مفید ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

شربت صدر

ھوالشافی: گاؤزبان۔ گل گاؤزبان۔ عناب۔ سپستان۔ بادیان۔ ملٹھی دیسی۔ کوکنار۔ پرسیاؤشاں۔ تخم السی۔ تخم خطمی۔ ہموزن ہر ایک ۱۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ ۱۵ لٹر پانی میں ایک دن رات بھگو کے رکھیں۔ اور جوش دے کر سات لٹر پانی حاصل کریں۔ ۱۰ کلو چینی کا قوام کر کے شربت تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک چمچ صبح، دوپہر، شام۔ پی لیں۔

فوائد: بلغمی کھانسی، نزلہ زکام گلے کی خراش کے لیے مفید ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

لبوب جدید

ھوالشافی: تخم اوٹنگن ۱۰۰ گرام۔ تخم خرفہ ۳۰۰ گرام۔ تخم خشخاش ۶۰۰ گرام۔ تخم گزر ۳۰۰ گرام۔ خولنجاں ۵۰۰ گرام۔ تودری ۲۰۰ گرام۔ زنجبیل ۵۰۰ گرام۔ مغز کدو ۳۰۰ گرام۔ شقاقل ۵۰۰ گرام۔ گوند کتیرا ۲۰۰ گرام۔ مغز بادام ۶۰۰ گرام۔ مغز تربوز۔ مغز خربوزہ۔ مغز خیار ۳۰۰۔ ۳۰۰ گرام۔ مغز چلغوزہ ۱۰۰ گرام تمام ادویہ کا سفوف بنا کر تین گنا چینی کا قوام درست کر کے معجون بنائیں۔ اور ورق نقرہ حسب دستور شامل کر لیں۔

ترکیب استعمال: ۱۰ گرام صبح نہار منہ ہمراہ دودھ ایک پیالی۔

فوائد: جریان، احتلام، سرعت انزال، افزائش مادہ منویہ اور تغلیظ کے لیے مسمن بدن۔ حدتِ مثانہ، ذکاوت حس ہاتھ پاؤں کی جلن گھبراہٹ کے لیے مفید ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

شباب آور

ھوالشافی: کشتہ شنگرف ۶ گرام۔ کشتہ سم الفار ۶ گرام۔ کشتہ قلعی ۶ گرام۔ میٹھا تیلیہ مدبر ۱۲ گرام۔ تخم دھتورہ سیاہ ۱۲ گرام۔ افیون ۶ گرام۔ کتھہ سفید ۲۴ گرام۔ زعفران عمدہ ۶ گرام۔ مرچ سیاہ ۱۳ گرام۔ آب ادرک ۱۰۰ ملی لٹر آب برگ پان ۱۰۰ ایم ایل۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے کشتہ جات شامل کر کے پہلے آب ادرک بعدہ آب برگ پان میں کھرل کر کے ۱/۴ رتی کی گولیاں بنا لیں۔ اور ورق نقرہ چڑھا لیں۔

ترکیب استعمال: ۱ تا دو گولی۔ ہمراہ دودھ صبح و شام یا حسب برداشت۔

فوائد: اعلیٰ درجہ کی شباب آور ہیں۔ یہ گولیاں دیرینہ نزلہ زکام کے لیے بھی مفید ہیں۔

حب وجع المفاصل

ھوالشافی: مصبر۔ سورنجاں۔ سنا مکی ہموزن۔ حبوب نخودی بنا لیں۔ ایک گولی صبح ایک

گولی شام ہمراہ چائے۔ جوڑوں کے درد کے لیے مفید ہے۔
نوٹ: حبوب گودہ گھیکوار میں کھرل کر کے بنائیں۔

شربت ارازانی

ھوالشافی: اسپغول سالم ۱۰۰ گرام۔ بہی دانہ ۳۰ گرام۔ برگ گاؤزبان ۷۵ گرام۔ سپستان ۱۰۰ گرام۔ عناب ۱۰۰ گرام۔ گل بنفشہ ۱۰۰ گرام۔ گل سرخ ۱۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: اسپغول سالم اور بہی دانہ کے علاوہ تمام ادویہ آٹھ لٹر پانی میں جوش دیں۔ پانی صرف ۲ کلو رہ جائے تو چار کلو چینی شامل کر کے قوام درست کریں۔ اسی دوران اسپغول اور بہی دانہ شامل کر کے شربت بنا لیں ٹھنڈا ہونے پر پن کے بوتلوں میں محفوظ کریں۔

ترکیب استعمال: ۴-۴ چمچ صبح وشام ہمراہ عرق بادیان یا بدرقہ مناسبہ۔

فوائد: نزلہ، زکام، کھانسی، میں مفید ہے۔ آنتوں سے خشک فضلہ کو پھسلا کر خارج کرتا ہے۔

کشتہ تریاق الفرنج

ھوالشافی: رسکپور ۱۰ گرام۔ دارچکنا ۶ گرام۔ سیندور ۴ گرام۔ نمک سانبھر ۴ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو سولہ پہر زوردار ہاتھوں سے کھرل کریں کہ نمک سانبھر کی نمی خشک ہو جائے۔

ترکیب استعمال: سب سے چھوٹے کیپسول میں ایک چاول سے ۳ چاول تک مکھن یا دودھ گھی کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد: سوزاک، آتشک، جذام تک کے مریضوں کے لیے شافی علاج ہے۔

جوارش معدی

ھوالشافی: گل سرخ مصفیٰ ۱۵۰ گرام۔ فلفل سیاہ ۱۰۰ گرام۔ زیرہ سفید ۷۵ گرام۔ سونٹھ

۷۵گرام۔ سہاگہ ۲۵ گرام۔ سوڈا بائیکارب ۱۰۰ گرام۔ عرق گلاب عمدہ ایک بوتل۔
ترکیب تیاری: عرق گلاب میں ۲ کلو چینی ملا کر شربت کا قوام درست کریں۔ بعدہ تمام ادویہ باریک شدہ شامل کر کے معجون بنائیں۔ ۵۔۵ گرام صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔
ترکیب استعمال وفوائد: زبردست ہاضم کاسر ریاح، نفخ، اپھارہ، بدہضمی کے لیے موثر ہے۔

لال شربت

ھوالشافی: ٹنکچر فیری ایٹ امونیا سائیٹراس ۴ بڑے چمچ امونیا کارب ایک چمچ۔ پوٹاشیم برومائیڈ آدھا چمچ۔ سپرٹ امونیا ایرومیٹک ۴ ڈرام۔ ٹنکچر زنجیرلیس ۴ ڈرام۔ کارڈیم کمپاؤنڈ ۴ گرام۔ ٹنکچر جنشن کو ۴ گرام کلوروفارم آدھ ڈرام پانی ۲۴ اونس۔ اگر قبض ہو تو ٹنکچر رہائی کو ۴ ڈرام اور اگر درد ہو تو ٹنکچر نکس وامیکا۔ ۴ ڈرام۔
ترکیب تیاری: تمام ادویہ باہم ملا کر خوب حل کر کے بوتلوں میں محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال وفوائد: معدہ جگر انتڑیوں کے لیے موثر ہے۔ سانس پھولنا، خون کی کمی، ضعف جگر۔ ایک چمچ صبح وشام۔ تھوڑا پانی ملا کر پلائیں۔

❀ حب ممسک جمیلانی

ھوالشافی: کچلہ مدبر ۵۰ گرام۔ کشتہ فولاد عمدہ گیارہ آتشہ ۲۵ گرام۔ کونین ہاورڈ ۲۵ گرام۔ زعفران ۵ گرام۔ افیون ۲۵ گرام۔ کشتہ نقرہ عمدہ ۱۰ گرام۔ جوہر سنکھیا ۱ گرام، جوہر کچلہ ایک گرام۔
ترکیب تیاری: تمام ادویہ سحق بلیغ کر کے شہد کی مدد سے حبوب نخودی بنالیں۔
ترکیب استعمال: ۲ گھنٹے قبل از مباشرت ہمراہ دودھ گاؤ نیم گرم ایک چمچ گھی اضافہ کر لیں۔
فوائد: ممسک، مغلظ، محرک، مقوی باہ، مقوی اعصاب، تقویت عامہ۔

یہ نسخہ میرے والد صاحب کا مرتبہ ہے۔ جسے قبلہ دادا جی مرحوم کے نام نامی سے موسوم کیا گیا گزشتہ تیس برسوں سے میرے مطب میں مستعمل ہے۔ نہایت بھروسے کی چیز ہے۔[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

سفوف مبارک

ھوالشافی: دانہ الائچی کلاں ۳۰۰ گرام۔ سونف ۵۰۰ گرام۔ پوٹاشیم برومائیڈ ۳۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: نہایت باریک کر کے باہم ملا کر رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک سے ۲ گرام تک ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: ہاتھ پاؤں کی گرمی، پیاس کی شدت، ہائی بلڈ پریشر، خوف وہم، وسواس، وحشت، مالیخولیا مراقی، جنون، گھبراہٹ، بے چینی، جریان، احتلام، سرعت، ذکاوت حس، لیکوریا۔ تقطیر البول، ام الصبیان میں بھی زود اثر ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

سفوف خاص

ھوالشافی: عنبر اشہب ۱۸ گرام۔ جند بیدستر ۱۸ گرام۔ کستوری خالص ۹ گرام۔ ورق طلا ۶ گرام۔ پنیر شتر مایہ اعرابی ۲۷ گرام۔ خولنجاں ۱۸ گرام۔ ثعلب مصری ۱۸ گرام۔ لونگ ۹ گرام۔

ترکیب تیاری: علیحدہ علیحدہ باریک کر کے ملا لیں۔ اور خوب سحق بلیغ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک گرام۔ ہمراہ دودھ۔

فوائد: مفرح، ممسک، محرک، تقویت اعضائے رئیسہ وشریفہ۔

تبخیری مفرح

ھوالشافی: طباشیر۔ الائچی خورد۔ زرشک شیریں۔ سونف۔ مصری کوزہ۔ تمام ادویہ

ہموزن سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۳ گرام صبح، دوپہر، شام کھانے سے پہلے پانی کے ساتھ۔

فوائد: تبخیر، جلن معدہ، نفخ، ریح، گھبراہٹ، خفقان، ہاتھ پاؤں کی جلن، پیاس کی شدت پیشاب کی جلن کے لیے۔

حب وجع المفاصل

ھوالشافی: جدوار۔ گوگل۔ کچلہ مدبر۔ ہموزن باریک سفوف بنا کر گولیاں نخودی بنا لیں۔ صبح وشام ہمراہ چائے۔ جوڑوں کے درد نقرس گھنٹیا کے لیے مؤثر ہے۔

معجون خاص

ھوالشافی: عود ہندی۔ دانہ الائچی خورد۔ دانہ الائچی کلاں۔ عاقر قرحا۔ اسطخودوس۔ آملہ۔ ہلیلہ۔ باؤبڑنگ۔ ہر ایک ۲۰ گرام۔

درونج عقربی، فرنجمشک، بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ زیرہ سیاہ ہر ایک ۱۵ گرام۔ دانہ سماق۔ زرشک شیریں ہر ایک ۲۵ گرام۔ طباشیر ۱۰ گرام۔ روغن بادام ۵۰ ملی لیٹر کشتہ مرجان ۱۰ گرام کشتہ عقیق ۱۰ گرام۔ ورق نقرہ ۵ گرام۔ زعفران ۵ گرام۔ شہد خالص ڈیڑھ کلو۔

مقدار خوراک: ۳ سے ۵ گرام ہمراہ دودھ۔

فوائد: اعضائے جسم کی ہر طرح کی کمزوری کے لیے نوجوان کمزور اور ضعیف اور ناتواں عورتوں کے لیے اکسیر صفت ہے۔ دل دماغ معدہ جگر گردہ مثانہ۔ اعصاب اور اس کے تمام متعلقات قوی ہو جاتے ہیں۔ پیام عہدِ شباب ہے۔

سفوف ٹھنڈک

ھوالشافی: قلمی شورہ۔ جوکھار اصلی خانہ ساز۔ تخم کاسنی۔ صندل سفید اصلی۔ ہموزن باریک کر کے سفوف بنالیں۔ ۳ گرام صبح وشام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: گھبراہٹ، بے چینی خفقان، پیاس کی شدت مثانہ کی حدت، پیشاب کی جلن، تیزابیت کے لیے موثر ہے۔

سفوف تسکین

ھوالشافی: پوٹاشیم برومائیڈ ۳۰۰ گرام۔ تخم کاہو۔ کشنیز خشک۔ اجوائن خراسانی۔ تخم خشخاش۔ براہ صندل سفید عمدہ۔ پوست کوکنار۔ گلنار۔ گل سرخ مصفیٰ۔ الائچی خورد۔ چینی خوردنی ہر ایک ایک سو گرام اگر زہر مہرہ خطائی ۱۰۰ گرام اضافہ کرلیں۔ تو بہت افادیت ہے۔

فوائد: ذکاوت حس کے لیے بہترین دوا ہے۔ سرعت انزال، کثرت احتلام جریان کو دفع کر کے طبعی قوت امساک کو بڑھاتی ہے۔ گرم مزاجوں کے لیے اکسیر ہے۔

مقدار خوراک: ۳ سے ۵ گرام تک ہمراہ آب تازہ یا شربت بزوری

زخم معدہ وامعاء

ھوالشافی: تخم بارتنگ۔ بیخ انجبار۔ حب الآس۔ تخم ریحان۔ سنگ دانہ مرغ۔ زرشک شیریں۔ گل دھاوا۔ انجیر زرد۔ برگ بھنگ۔ گل سرخ ہر ایک ۱۰ گرام۔ رال سفید ۵ گرام۔ اسبغول سالم ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے سفوف بنالیں اور اسبغول سالم شامل کریں۔

مقدار خوراک: ۵۔۵ گرام صبح وشام ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد: پیپٹک السر اور ڈوڈی نم السر کے لیے موثر اور مجرب ہے۔

❀ طلا سرخ

ھوالشافی: بیر بہوٹی ۱۰ گرام۔ تخم بیدانجیر ۱۰۰ گرام۔ کوٹ کر ایک لیٹر پانی ملا کر جوش دیں۔ پانی خشک ہو جائے تو مضبوط کپڑے میں ڈال کر مروڑ دیں سرخ رنگ کا تیل برآمد ہوگا۔ گرمیوں میں مالش کے لیے مفید طلاء ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

کشتہ نولکھا

ھوالشافی : پارہ۔ قلعی۔ چاندی۔ جست۔ سکہ ہر ایک ۱۰ گرام حسب دستور چھل بند کریں۔ قلعی چاندی۔ سکہ جست کو گلا کر پارہ پر گرائیں۔ گرہ بن جائے گی۔ اسے پیس لیں اور اس میں کشتہ فولاد۔ صدف مرواریدی۔ عقیق۔ یاقوت۔ مرجان۔ ہر ایک ۱۰ گرام ڈال کر کھرل کرتے جائیں۔ نصف بوتل عرق گلاب میں سب کو کھرل کر کے ٹکیہ بنالیں۔ اور کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے سوکھنے پر بارہ کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ سفید کشتہ برآمد ہوگا۔ پیس کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال وفوائد: ۴ چاول سے ۸ چاول تک مکھن میں رکھ کر کھلائیں بعدہ دودھ آدھ لٹر نیم گرم پلائیں۔ تمام پوشیدہ مردی امراض کا شافی علاج ہے۔

اکسیر نقرئی

ھوالشافی : طباشیر۔ الائچی خورد۔ صندل سفید۔ کشنیز خشک۔ کہربا شمعی۔ نارجیل دریائی۔ زہر مہرہ۔ گل نیلوفر ہر ایک ۵۰ گرام۔ زرورد۔ تخم تلسی ہر ایک ۲۵ گرام۔ ورق نقرہ دو دفتری، کشتہ عقیق ۲۰ گرام۔ کشتہ مرجان ۱۰ گرام۔ کشتہ سنگ یشب ۲۰ گرام۔ چینی ۱۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے کشتہ جات شامل کر کے اور اچھی طرح ملا کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۲ گرام ہمراہ آب تازہ یا شربت صندل۔

فوائد: یہ دوا قوتِ دماغ کے لیے بے نظیر ہے۔ مقوی دل اور مقوی دماغ، سر چکرانا۔ گھبراہٹ، بے چینی، اختلاج قلب، قے، جی متلانا، پیاس کی شدت بچوں کے اسہال، قے نفث الدم، سیلان الرحم کے لیے مؤثر ہے۔

حب ممسک ومقوی

ھوالشافی: افیون ۱۰ گرام۔ خرما خشک ۶ عدد۔ جائفل۔ جاوتری ہر ایک ۱۰ گرام۔ لونگ ۵ گرام۔

ترکیب تیاری: چھوہارے گٹھلی نکال کر اس میں افیون بھر دیں اور ماش کا آٹا لگا کر بند کر کے دیسی گھی میں بھون لیں۔ بعدہ آٹا اتار کر جائفل جاوتری لونگ شامل کر کے خوب کوٹ کر حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: قبل از مباشرت ۲ گھنٹے پیشتر ہمراہ دودھ گاؤ نیم گرم آدھ لیٹر پئیں۔

فوائد: زبردست مقوی وممسک بے نظیر ہیں۔

ممسک خاص

ھوالشافی: عاقر قرحا۔ شنگرف مدبر۔ جائفل۔ افیون ہموزن باریک کر لیں۔

ترکیب تیاری: باریک شدہ خوب کھرل کر کے شہد کی مدد سے نخودی گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال وفوائد: ایک گولی ہمراہ دودھ ۲ گھنٹے پیشتر از مباشرت۔

نوٹ: زیادہ موثر بنانے کے لیے ایک گولی A.P.C کی ساتھ دیں۔ زبردست ممسک ہے۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

ترکیب شنگرف مدبر

ھوالشافی: حرمل آدھ پاؤ۔ اجوائن خراسانی آدھ پاؤ۔ فرش لحاف کر کے ۱۰ گرام شنگرف کی ڈلی درمیان میں رکھ کر کڑاہی کے نیچے آگ جلائیں۔ حرمل اور اجوائن خراسانی سیاہ۔ ہونے پر آگ مفقود کر دیں۔ سرد ہونے پر شنگرف کی ڈلی نکال لیں عمدہ ہے۔

حب اُشنہ

ھوالشافی: رب السوس ۱۵۰ گرام۔ لونگ۔ الائچی خورد۔ کباب چینی۔ دارچینی۔

جاوتری۔ جائفل مقشر۔ تگر۔ تیزپات۔ خولنجاں۔ اُشنہ۔ ناگرموتھا۔ برادہ صندل سفید اصلی۔ سنبل الطیب مصفیٰ۔ ست پودینہ ہر ایک ۱۰ گرام۔ مصری کوزہ ۵۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک سفوف کر کے کپڑ چھان کر کے تھوڑے سے پانی کی مدد سے گولیاں نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: دن میں دو تین بار ایک ایک گولی چوس لیا کریں۔

فوائد: گلے کی خراش، کھانسی، خشونت، بحت الصوت کے لیے مجرب ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

عرق بخار

ھوالشافی: نان خواہ۔ تخم کاسنی۔ قصب الذریرہ۔ چرائتہ۔ عنب الثعلب۔ بادیان ہر ایک ۲۵۰ گرام۔ گلوئے سبز ۵۰۰ گرام۔ عناب۔ افسنتین۔ برنجاسف۔ ہر ایک ۳۰ گرام۔ منڈی ۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری: حسب دستور ۱۲ بوتل عرق کشید کریں۔

فوائد: بخاروں کے لیے مفید ہے۔ آدھا کپ تک صبح، دوپہر، شام پلائیں۔

❀ معجون مغلظ شاہی

ھوالشافی: بنسلوچن ۱۰۰ گرام۔ ثعلب مصری ۲۰۰ گرام۔ تودری ۲۰۰ گرام۔ دارچینی ۶۰ گرام۔ سنگھاڑا خشک ۲۵۰ گرام۔ مصطگی رومی اصلی ۵۰ گرام۔ کشتہ قلعی ۱۰ گرام۔ مغز بنولہ ۲۰۰ گرام۔ ۳ کلو چینی کا قوام کر کے حسب دستور معجون بنائیں۔

فوائد: مغلظ، ممسک بہترین ہے۔ ۵ گرام۔ صبح و شام ہمراہ دودھ کھلائیں۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

سفوف مصفیٰ خون

ھوالشافی: کوڑ۔ کالی زیری۔ جل نیم۔ رسوت۔ برگ نیم۔ شاہترہ۔ مصبر۔ گندھک

آملہ سار۔ چرائتہ۔ ریوند چینی ہر ایک ۵۰ گرام۔ حسب دستور سفوف بنائیں۔
ترکیب تیاری: ۴/۱ گرام دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب تازہ یا عرق منڈی۔
فوائد: اعلیٰ درجہ کی مصفی خون، جسم سے چانے اترنا، سکن سورائیسس کا شافی علاج۔

بیوٹی کریم

ھوالشافی: سہاگہ خام ۳ گرام۔ مردار سنگ ۳ گرام۔ گندھک آملہ سار ۳ گرام۔ مازو ۳ گرام۔ کتھہ سفید گنڈیری ۳ گرام۔ ویزلین سادہ ۵۰ گرام۔
ترکیب تیاری: تمام اجزا نہایت باریک کپڑ چھان کر کے ویزلین میں اچھی طرح ملا لیں۔
فوائد: رنگت کو نکھارتی ہے۔ چہرے کے کیل مہاسے سیاہیاں دور کرتی ہے۔

شربت مفرح خاص

ھوالشافی: الائچی سبز ۵۰ گرام۔ صندل سفید اصلی برادہ ۵۰ گرام۔ گاؤزبان ۱۰۰ گرام۔ گل گاؤزبان ۲۰ گرام۔ ابریشم مقرض مصفیٰ ۲۰ گرام۔ نیلوفر ۵۰ گرام۔ کاسنی ۱۰۰ گرام۔ گل سرخ ۳۰ گرام۔ کشنیز خشک ۳۰ گرام۔ خس ۱۰۰ گرام۔
ترکیب تیاری: تمام ادویہ صاف ستھری کر کے پندرہ لیٹر پانی میں جوش دیں۔ دس لیٹر پانی رہ جائے تو چھان کے مقطر کر کے آٹھ کلو چینی ملا کر شربت بنائیں۔
ترکیب استعمال وفوائد: گرمیوں میں عام مشروبات کے مقابلے میں نہایت مفرح، مسکن پیاس کی شدت کو کم کر کے گھبراہٹ بے چینی ختم کرتا ہے۔ پیشاب کی جلن، ہاتھ پاؤں کی حدت کو کم کرتا ہے۔

شربت زوفا مرکب بہ نسخہ خاص

ھوالشافی: گاؤزبان۔ گل گاؤزبان۔ عناب۔ سپستان۔ بادیان۔ ملٹھی۔ اجوائن دیسی۔ پرسیاؤشاں۔ تخم السی۔ تخم خطمی۔ پوست کوکنار۔ مویز منقیٰ۔ انجیر زرد۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ ہموزن ۱۰۰۔۱۰۰ گرام ۱۵ لیٹر پانی میں بھگو دیں۔ بعدہ جوش دینے کے چھان پن کر دس لٹر پانی حاصل کریں۔ آٹھ کلو چینی شامل کر کے قوام درست کریں۔شربت تیار ہے۔

ترکیب استعمال وفوائد: ایک ایک چمچ صبح، دوپہر شام گرم پانی میں ملا کر پئیں۔نزلہ، زکام، کھانسی، بلغم کے اخراج میں مؤثر شفا بخش ہے۔

❀ ہاضمول

ھوالشافی: نمک سمندری ۷۵۰ گرام۔نمک سیاہ ۵۰۰ گرام۔نوشادر ۱۰۰ گرام۔سونٹھ ۲۰۰ گرام۔فلفل دراز ۲۰۰ گرام۔زیرہ سفید ۷۵۰ گرام۔سرکہ ۳ بوتل (انگوری) ٹاٹری ۳۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: زیرہ سفید نصف کو سرکہ میں بھگو کر آگ پر رکھ کر خشک کریں۔ بقایا نصف کو کڑاہی میں بھون لیں۔باقی تمام ادویہ بھی شامل کر کے باریک کر لیں بعدہ ٹاٹری باریک شدہ شامل کر لیں سفوف تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۲۔۳ گرام، صبح و دوپہر شام، ہمراہ آب تازہ

فوائد: زبردست ہاضم کاسرِ ریاح نفخ ریاح کو خارج کرتا ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

تریاق اطفال

ھوالشافی: زہر مہرہ خطائی ۲ رتی۔امرت دھارہ ۲ قطرے۔یہ ایک خوراک ہے۔

ترکیب استعمال وفوائد: بچوں کے دست، قے، بدہضمی، عوارضات ہیضہ اسہال کے لیے۔باہم ملا کر پانی میں حل کر کے پلا دیں۔۲۔۳ خوراک کافی ہوں گی۔

اکسیر جوانی

ھوالشافی: زعفران عمدہ خالص ۱۰ گرام۔کچلہ مدبر ۵۰ گرام۔ست سلاجیت ۵۰ گرام۔

کشتہ فولا دعمدہ ۵۰ گرام۔ مرچ سیاہ ۵۰ گرام۔ رب افسنتین ۲۵ گرام۔

ترکیب تیاری: باہم ملا کر خوب کوٹ کر ایک ایک رتی کی گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ دودھ وافر کھلائیں۔

فوائد: بے حد طاقت دیتی ہیں۔ باافراط خون صالح پیدا کرتی ہیں۔ ہر مزاج کو موافق ہیں۔ اصلاح جگر کے لیے مفید و موثر ہیں۔

سفوف اطفال

ھوالشافی: تربد سفید۔ ہڑ زرد۔ پودینہ خشک تینوں ہموزن سفوف کر کے ایک ماشہ کی مقدار میں کھلائیں۔

فوائد: بچوں کے پیچش، مروڑ، نفخ، اپھارہ، اسہال کے لیے مفید ہے۔

بادِ شکم

ھوالشافی: حنظل تازہ ۱۵ کلو۔ پوست ہڑ زرد ایک کلو۔ اجوائن دیسی ۵۰۰ گرام۔ سونف ۵۰۰ گرام۔ سوئے ۵۰۰ گرام۔ پودینہ خشک ۲۵۰ گرام۔ نمک سونچل ۲۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمہ چھل کر گودہ حاصل کریں اور تمام ادویہ باریک شدہ میں شامل کر کے گھوٹ کر حبوب نخودی بنالیں۔ کوکن بیر جتنی۔

ترکیب استعمال: ایک سے ۲ گولی ہر غذا کے بعد صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ یا عرق سونف وغیرہ۔

فوائد: پیٹ پھول جانا، ریح کا بند ہو جانا، نفخ بد ہضمی کھٹے ڈکار کے لیے مفید ہے۔

❀ اکسیر البدن عنبری جدید

ھوالشافی: کنجد سیاہ مقشر ایک کلو۔ حرمل مصفیٰ نیم بریاں ایک کلو۔ زنجبیل بے دود ایک کلو۔ ساذج ہندی ایک کلو۔ خولنجاں ۲ کلو۔ لونگ آدھا کلو۔ دارچینی ایک کلو۔ سنبل الطیب ایک کلو۔ جوز بوا مقشر ایک کلو۔ شہد خالص تمام ادویہ سے تین گنا۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے شہد شامل کر کے معجون بنالیں۔

ترکیب استعمال: ۳ سے ۵ گرام صبح، شام ہمرا دودھ گرم۔

فوائد: تقویت عامہ اور تقویت باہ کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔ ممسک بہترین۔ جسمانی تھکان، پٹھوں، ہڈیوں اور جوڑوں کے درد کے لیے گردہ مثانہ کو بھی تقویت دیتی ہے، دل دماغ، جگر کیلئے مفید ہے۔[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

حب ممسک

ھوالشافی: چھوہارے ۶ عدد۔۔ افیون ۶ گرام۔ اجوائن خراسانی ۶ گرام۔ جائفل مقشر ۱۲ گرام۔ دارچینی ۱۲ گرام۔ جاوتری ۶ گرام۔

ترکیب تیاری: چھوہارے گٹھلی نکال کر افیون اور اجوائن خراسانی بھر دیں اور ماش کا آٹا لگا کر بھوبھل میں دفن کر دیں۔ آرد ماش قدرے سرخ ہو جائے تو نکال کر کوٹ لیں اور جائفل دارچینی جاوتری شامل کر کے اچھی طرح کوٹ کر کنار دشتی کے برابر گولیاں بنا لیں۔

ترکیب استعمال وفوائد: ایک گولی مباشرت سے ۲ گھنٹے پہلے ہمراہ دودھ ممسک بے عدیل ہے۔

اکسیر ذیابیطس

ھوالشافی: مرجان ۱۰ گرام۔ کیکر کے پتے ایک کلو۔

ترکیب تیاری: مرجان، کیکر کے تازہ پتوں میں نغدہ بنا کر رکھیں اور کپڑ وٹی کر کے دس کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ شگفتہ کشتہ برآمد ہوگا۔

مقدار خوراک وفوائد: ۲ چاول ہمراہ آب تازہ۔ شوگر کے مرض میں فائدہ مند ہے۔

ورم زائدہ آعور

ھوالشافی: قند سیاہ کہنہ ۲۰ گرام۔ چونا آب نارسیدہ ۱۰ گرام۔ فلفل سیاہ ۳۰ گرام۔

اجوائن خراسانی ۳۰ گرام۔ الائچی خورد ۳۰ گرام۔ زیرہ سفید ۳۰ گرام۔ بوپھلی ۵ گرام۔

ترکیب تیاری: سب کو کوٹ کر سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: ۶۔۶ گرام ہمراہ جوشاندہ قاقلہ کبار۔۳۔۴ خوراک کافی ہیں۔

جسم پر موہکے اگنے کے لیے

ھوالشافی: پوست ریٹھہ سوختہ ۱۰۰ گرام۔ قند سیاہ کہنہ ۲۰ گرام میں ملا کر گولیاں بقدر کنار دشتی بنالیں۔

ترکیب استعمال: کم از کم تین گولیاں روزانہ کھلائیں۔ آزمودہ ہے۔

سرمہ شعاع بصر

ھوالشافی: سرمہ سیاہ ۱۰۰ گرام۔ تمباکو خوردنی (جو پان میں رکھ کے کھاتے ہیں) ۱۰ گرام۔ شورہ قلمی۔ سہاگہ بریاں۔ پھٹکڑی بریاں۔ سرد چینی ہر ایک ۱۰ گرام۔ خوب کھرل کر کے مثل غبار بنائیں اور عرق سونف آدھ لٹر میں کھرل کر کے خوب خشک کر کے محفوظ رکھیں۔ ایک دو سلائی دونوں آنکھوں میں لگائیں۔

فوائد: آنکھوں کے جملہ امراض میں تیر بہدف ہے۔

حب ممسک زبردست

ھوالشافی: شنگرف۔ ریگ ماہی۔ مازو۔ قرنفل ہر ایک ۴ گرام۔ زعفران۔ مشک۔ افیون ہر ایک ایک گرام۔ نک چھکنی۔ ورق طلاء ہر ایک تین گرام۔ دارچینی۔ کاپھل ورق نقرہ ہر ایک سات گرام۔ آب ادرک حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری: تمام اشیاء سحق بلیغ کر کے آب ادرک سے اتنا کھرل کریں کہ حبوب نخودی بن جائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی دودھ کے ساتھ وقتی ضرورت کے لیے ایک یا دو گولی جماع سے قبل دو گھنٹے پیشتر ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد: ممسک بہترین، مقوی اعصاب، محرک ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

شربت روح افزا

ھوالشافی: خس ۲۵۰ گرام۔اذخر ۱۰۰ گرام۔گل سرخ ۵۰ گرام۔الائچی خورد ۲۵ گرام۔ پیپل کے پتے ایک کلوان تمام دواؤں کا ایک من عرق کشید کریں، یہ عرق سات لٹر قند سفید ۱۰ کلو بطریق معروف شربت تیار کریں۔ پھٹکڑی اور سہاگہ فی کلو ۳ گرام شامل کریں۔ بہترین مشروب گرما ہے۔

❀ حب ممسک شنگرفی

ھوالشافی: شنگرف رومی۔ پارہ مصفی۔ سم الفار سفید بلوری کانی ہر ایک ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: پہلے شنگرف پارہ نر بکرے کے پتہ میں کھرل کریں۔ بعدہ سم الفار ڈال کر کھرل کریں۔ حتیٰ کہ پانچ پتوں کا پانی خشک ہو جائے۔ اب اس کا بدستور جوہر اڑائیں، یہ جوہر کھرل کریں پارہ علیحدہ ہو جائے گا۔ باقی جوہر ۶ ماشہ گندھک مدبر ۶ ماشہ۔ سلاجیت ۶ ماشہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ ست اجوائن ۶ ماشہ۔ شہد خالص میں کھرل کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: مباشرت سے قبل دو گھنٹے پیشتر ہمراہ دودھ بجز دودھ کچھ نہ دیں۔

فوائد: اعلیٰ درجہ کی ممسک، مقوی اعصاب، محرک ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

سفوف اطفال

ھوالشافی: زہر مہرہ خطائی۔ سرد چینی۔ طباشیر کبود۔ الائچی خورد۔ الائچی کلاں۔ مصطگی رومی۔ کول ڈوڈا۔ گیری۔ نسپال تمام ادویہ ہموزن۔

ترکیب تیاری: نہایت باریک سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: بمقدار ایک گرام صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: بچوں کے دست، قے، بدہضمی کے لیے مؤثر ہے۔

یہ نسخہ عطیہ ہمارے دوست سید عطاء المحسن شاہ صاحب بخاری مرحوم کا ہے۔

مرہم حنا

ھوالشافی: سنگجراحت ۱۰ گرام۔ گاچنی ۱۰ گرام۔ برگ مہندی ۱۰ گرام۔ برگ نیم ۲۰ گرام۔ طوطیا ۲ گرام باریک سفوف بنائیں۔ بطور مرہم پانی میں تیار کر کے لیپ بنائیں۔ دھدر چنبل داد کے لیے مفید ہے۔

❀ حب خاص جمیلی

ھوالشافی: جائفل مقشر۔ جاوتری۔ لونگ۔ دارچینی ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ زنجبیل مگھاں ہر ایک ۲۰۰ گرام۔ کیلشم لیکٹیٹ ۱۰۰ گولیاں۔ جیورال کیپسولز (ایلو پیتھک) ۱۰۰ عدد۔ کچلہ مدبر ۱۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ سحق بلیغ کر کے جیورال کیپسولز کھول کے سفوف نکالیں اور شامل کر دیں اگر دستیاب نہ ہوں تو وٹامن بی کمپلیکس گولیاں ۱۰۰ عدد باریک کر کے شامل کر لیں اور شہد کی مدد سے گولیاں نخودی بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ دودھ

فوائد: پٹھوں کے درد، عام جسمانی کمزوری، تھکن کے لیے قوت باہ کو بڑھاتی ہیں۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

مرہم طوطیا

ھوالشافی: نرول صابن (دیسی) ۵۰ گرام۔ طوطیا ۶ گرام۔ گاچنی حسب ضرورت پانی میں خوب گھوٹ کر مرہم بنائیں۔

فوائد: پھوڑے، پھنسی، رت گڑ کے لیے مؤثر ہے۔

حب زعفران

یہ نسخہ ہمارے دوست حکیم سید اقرار حسین شاہ صاحب بخاری پاک پتن شریف نے مرحمت فرمایا۔ آزمودہ اور مجرب ہے۔

ھوالشافی: زعفران عمدہ۔ جوز بوا۔ بسباسہ ہر ایک تین گرام۔ کشمش دیسی چھ گرام۔ سم الفار سفید جوہر ۲ رتی۔ اس وزن کی کل اسی (۸۰) گولیاں بنائیں۔ ایک گولی روزانہ تازہ دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد: جسم کو چست و توانا بناتی ہیں۔ ہاضم زبردست مقوی اعصاب اور تقویت باہ کے لیے اعلیٰ درجہ کی دوا ہے۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

اکسیر یرقان

ھوالشافی: کالی مرچ۔ نوشادر۔ قلمی شورہ، ہموزن نہایت باریک سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: ۳ گرام سفوف صبح نہار دہی کے ساتھ کھلائیں۔ صبح ۱۰ بجے ایک مولی بمعہ پتے کوٹ کر پانی حاصل کریں اور شکر ملا کر تین گرام سفوف کھلائیں۔ شام ۴ بجے ۳ گرام سفوف ہمراہ شربت بزوری ۴ چمچ یا گلوکوز ۴ چمچ پانی ایک گلاس کھلائیں۔

فوائد: بفضلہٖ تعالیٰ چند یوم میں یرقان (پیلیا) ٹھیک ہو جائے گا۔

نوٹ: ہمدرد کی اکیٹرین دو دو گولی صبح، دوپہر، شام شامل کرنے سے فائدہ فوری ہوتا ہے۔

اکسیر سل و دق

ھوالشافی: گولاں بوہڑ آٹھ کلو۔ نیلا ایک پاؤ۔ ہڑتال ایک پاؤ۔

ترکیب تیاری: زمین پر نیلا بچھا کر اوپر ہڑتال رکھ دیں اور اس کے اوپر بوہڑ کا پھل (گولاں) کا نغدہ ڈال کر کھلی آگ دیں۔ دھواں مفقود ہونے پر کشتہ ہڑتال نکال لیں۔

مقدار خوراک وفوائد: گندم کے دانہ برابر صرف تین خوراک۔ ٹی۔ بی کے لیے مفید ہے۔

کُن

یہ نسخہ حکیم جملے شاہ مشہدی کا معمول مطب ہے۔ آزمودہ اور مجرب ہے۔

هوالشافی: گاؤدنتی ۵ کلو۔ بھنگ کے پتے ایک کلو مہندی کے پتے ایک کلو۔

ترکیب تیاری: دونوں کا نغدہ بنا کر ڈولے میں آدھا نیچے بچھائیں درمیان میں گاؤدنتی رکھ کے آدھا نغدہ اوپر دے کر ڈولے میں بند کر کے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ براق کشتہ برآمد ہوگا۔ خوراک ایک دانہ گندم کے برابر برص شہیقہ جسم پر مسے بخار کے لیے۔

حب محرک وممسک

هوالشافی: افیون ۴ گرام۔ زعفران ۲ گرام۔ مغز بادام ۸ گرام۔ مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال وفوائد: قبل از مباشرت ۲ گھنٹے پیشتر ہمراہ دودھ۔ زبردست ممسک محرک ہے۔

حب ممسک خاص

هوالشافی: جوز ماثل ۱۰۰ گرام۔ مرچ سیاہ ۱۰۰ گرام۔ افیون ۱۰ گرام شہد کی مدد سے گولیاں مرچ سیاہ کے برابر بنالیں۔

ترکیب استعمال وفوائد: ایک یا دو گولی ہمراہ دودھ قبل از مباشرت ۲ گھنٹے پیشتر بھروسہ کی شے ہے۔

سیلانی

هوالشافی: ہیرا کسیس ۵۰ گرام۔ پھٹکڑی سرخ ۱۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: باریک کھرل کر کے بریاں کرلیں۔ دوا تیار ہے۔
ترکیب استعمال وفوائد: ۲ سے ۴ چاول تک ہمراہ دودھ ایک پیالی۔ سیلان الرحم کے لیے مفید ہے۔

اکسیر دمہ

ھوالشافی: ریٹھہ بمعہ پوست پھٹکڑی ہموزن۔
ترکیب تیاری: دونوں اشیاء کوٹ کر آگ پر سوختہ کرلیں۔
ترکیب استعمال: شربت اعجاز کے ساتھ صبح، دوپہر، شام۔ زیرو نمبر کیپسول بھر کے دیں۔
فوائد: تنگی تنفس، خشونت، سانس پھولنا، دمہ کے لیے مفید ہے۔

مرہم عیسیٰ

ھوالشافی: گندھک آملہ سار ۷۵۰ گرام۔ گندھک ڈنڈا ۷۵۰ گرام۔ پوٹاس سفید (پوٹاشیم کلوریٹ) ایک کلو۔ منسل ۱۵۰ گرام۔ کافور دیسی ۷۵ گرام۔ سائٹرک ایسڈ ۷۵ گرام۔ موم دیسی ۵۰۰ گرام۔ ویزلین ۱۰ کلو۔
یہ نسخہ نہایت احتیاط کا متقاضی ہے۔ ذرا سی بے احتیاطی کسی بڑے نقصان کا سبب بن سکتی ہے۔ فوائد کے اعتبار سے اس نسخہ کا کوئی ثانی نہیں۔
ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو علیحدہ علیحدہ احتیاط سے باریک کرلیں۔ موم دیسی اور ویزلین گرم کر کے قدرے ٹھنڈا ہونے پر ایک ایک دوا شامل کرتے جائیں اور آہستگی سے حل کرلیں۔ دوا تیار ہے۔
فوائد: پھوڑے، پھنسی، دھدر، چنبل، اگیزیما، زخم ناسور کے لیے بطور مرہم استعمال کریں۔

سفوف سماق

ھوالشافی : نوشادر ۲۰ گرام۔ شنگرف ۲۰ گرام۔ سماق دانہ ۲۰۰ گرام۔ مگھاں ۱۰۰ گرام۔ ہر مچی ۲۰ گرام۔

ترکیب تیاری : نوشادر اور شنگرف کو پہلے نہایت باریک کھرل کر لیں۔ بعدہ باقی ادویات باریک کر کے شامل کر لیں۔

مقدار خوراک وفوائد: ایک گرام دن میں تین دفعہ ہمراہ آب تازہ، معدہ وجگر کی تمام تکالیف کیلئے پیٹ کی تمام امراض اور مراق تبخیر میں بھی نہایت زوداثر مجرب دوا ہے۔

❀ حب ممسک کمال

یہ تحفہ میرے محسن اور والد صاحب کے انتہائی قریبی دوست حکیم رشید احمد صاحب مرحوم ومغفور حافظ آباد والوں کا عطا کردہ ہے۔ بارہا بنایا انتہائی مؤثر ہے۔ یہ حبوب امراض باردہ، مزمنہ، رطوبہ، اور ضعف باہ، سرعت انزال کے لیے انتہائی مفید ہیں۔

ھوالشافی : برادہ نقرہ ۱۲ گرام۔ سیماب مصفیٰ ۱۲ گرام دونوں کو خوب کھرل کر لیں بعدہ سم الفار ۶ گرام۔ بچھناک سفید ۶ گرام۔ میٹھا تیلیہ ۶ گرام۔ افیون ۶ گرام۔ جدوار ۳ گرام۔ زہرمہرہ خطائی ۳ گرام۔ طباشیر ڈیڑھ گرام۔ دانہ ہیل کلاں ڈیڑھ گرام سب کو پیس کر نہایت باریک کر کے دھتورہ کے تازہ پانی میں آٹھ پہر تک کھرل کریں۔ بعدہ بکری کے دودھ میں چار پہر کھرل کر لیں چنے کے دانے برابر گولیاں بنا لیں۔

مقدار خوراک وفوائد: نصف تا ایک گولی مکھن یا بالائی میں لپیٹ کر کھلائیں اور اوپر سے نصف لیٹر دودھ پلائیں۔ اسم بامسمیٰ ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

معجون مقوی

ھوالشافی : عاقر قرحا ۴۰ گرام۔ تخم پیاز ۴۰ گرام۔ تخم شلجم ۵ گرام۔ دار فلفل ۳۰ گرام۔

فلفل سیاہ ۳۰ گرام۔ جائفل ۳۰ گرام۔ ریگ ماہی ۳۰ گرام۔ خولنجاں ۳۰ گرام۔ زنجبیل ۴۰ گرام۔ تخم حرمل ۱۵ گرام۔ مغز پستہ ۱۵ گرام۔ مغز نارجیل ۳۰ گرام۔ شہد خالص سہ چند بطریق معروف معجون بنائیں۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام روزانہ ہمراہ دودھ۔

فوائد: قوت انتشار بے پناہ پیدا کرتی ہے کہ ضبط مشکل ہے۔ ممسک و ملذذ ہے۔ بعد از جماع کسی طرح کی تھکان کمزوری پیدا نہیں ہوتی۔

اعصابی تقویت

ھوالشافی: نیلا تھوتھا ۱۰ گرام۔ تیزاب گندھک ۱۰۰ ملی لیٹر۔

ترکیب تیاری: آگ پر رکھ کر خشک کر لیں۔

ترکیب استعمال وفوائد: ایک چاول کی مقدار دن میں ایک دفعہ ہمراہ دودھ دیں۔ اعصابی تقویت کیلئے زبردست نسخہ ہے۔ بھوک بڑھاتا ہے۔ خون با افراط پیدا کرتا ہے۔

شربت آلو بخارا

ھوالشافی: آلو بخارا ۵۰ گرام۔ املی ۴۰ گرام۔ تخم خربوزہ ۱۰ گرام۔ تخم خیارین ۱۰ گرام۔ تخم کاہو ۱۰ گرام۔ پوست ترنج ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: ایک لیٹر پانی میں املی آلو بخارہ بھگو دیں اور باقی ادویہ بھی جوکوب کر کے جوش دیں۔ پھر مل چھان کے ایک کلو چینی شامل کر کے شربت کا قوام کریں۔

ترکیب استعمال وفوائد: ۴ چمچ شربت تازہ پانی میں ملا کر دن میں دو تین بار پئیں۔ زبردست مفرح ہاضم گھبراہٹ بے چینی، پیاس کی شدت، خفقان، معدہ کی گرمی، پیشاب کی حدت، ہاتھ پاؤں کی جلن میں مؤثر ہے۔

حب اٹھرا (پتہ والی)

ھوالشافی: کچور۔ مگھاں۔ برادہ فولاد ہموزن۔ بھینس کا پتہ (مرارہ) ایک عدد۔

ترکیب تیاری: تینوں ادویہ باریک کر کے بھینس کے پتہ میں ڈال کر کسی درخت پہ لٹکا دیں۔ یا کسی محفوظ جگہ جہاں سایہ ہو خشک ہونے دیں۔ مکمل خشک ہونے پہ مسور کے دانے برابر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: صرف ایک گولی روزانہ اٹھرا کے مریض کو تین ماہ تک کھلائیں۔

فوائد: اٹھرا۔ استسقاء دماغی میں آزمودہ مجرب ہے۔

حب سلسل البول

ھوالشافی: گھونگچی زرد بھون لیں۔ تقل اتار کر برابر وزن کچلہ مدبر شامل کر کے شہد کی مدد سے گولیاں ماش کے دانے برابر بنالیں۔

ترکیب استعمال وفوائد: سلسل البول۔ بول بستری میں ایک گولی ہمراہ عرق بادیان کھلائیں۔ بارہا کا آزمودہ ہے۔ مفید و مجرب ہے۔

❀ حب ممسک زبردست زعفرانی

ھوالشافی: افیون ۸ گرام۔ زعفران عمدہ خالص ۸ گرام۔ سٹرکنیا ایک گرام۔ چند قطرے شہد شامل کر کے مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنائیں اور ورق نقرہ لگا کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال وفوائد: مردمی قوت بے پناہ پیدا کرتی ہیں۔ مقوی اعصاب و ممسک ہیں۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

❀ مصفی

ھوالشافی: رائی۔ باچی۔ اجوائن دیسی ہر ایک ایک کلو۔ گندھک ڈنڈا ۲ کلو۔

ترکیب تیاری: باہم ملا کر سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: ۳ گرام صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ۔ یہ سفوف مختلف امراض میں مستعمل ہے۔ بواسیر کے لیے مؤثر ہے۔ برص میں بہترین نتائج کا حامل ہے۔ مصفی

خون اعلیٰ درجہ، پھوڑے پھنسی، خارش کے لیے مؤثر ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

❀ حابس الدم

ھوالشافی : دم الاخوائن ۳ گرام۔ کہربا شمعی ۳ گرام۔ مربہ آملہ چار عدد۔ ورق نقرہ ۴ عدد۔ یہ ایک دن کے لیے تین خوراکیں ہیں۔ صبح، دوپہر، شام۔

فوائد: قے الدم، نفث الدم، استحاضہ، کثرتِ حیض میں نہایت عمدہ اثرات ہیں۔ روح المجربات کا نسخہ مصدقہ ہے۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

اکسیر ذیابیطس

ھوالشافی : مرمکی۔ لوبان۔ ہینگ۔ ایلوا۔ کلونجی ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ سات گنا پانی میں ابال کے رکھیں۔ ایک پیالی روزانہ پئیں۔ شوگر کے لیے مؤثر ہے۔

برائے اٹھرا

ھوالشافی : صندل سفید اصلی۔ گیری۔ ہرمچی۔ برگ نیم۔ برگ حنا۔ کچور۔ مجیٹھ۔ ملٹھی۔ فلفل سیاہ۔ کالی زیری۔ نوشادر۔ کلونجی۔ افسنتین۔ دار فلفل ہر ایک ہموزن نہایت باریک سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۳ گرام۔ صبح، شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: مصفیٰ خون اعلیٰ درجہ ہے۔ اٹھرا کے مریض میں سینکڑوں دفعہ کا آزمودہ ہے۔ قابل بھروسہ مؤثر نسخہ ہے۔

برائے تبخیر

ھوالشافی : مربہ سیب۔ مربہ بہی۔ مربہ آملہ۔ مربہ گذر۔ مربہ ہرڑ ہر ایک ۲۵۰ گرام۔ طباشیر کبود۔ زرشک شیریں۔ انوشدارو لولوی۔ دوالمسک معتدل ہر ایک ۵۰ گرام۔ ہر

خوراک میں لاجورد مغسول ایک رتی اضافہ کر کے دیں۔ یہ تمام ادویہ باہم مخلوط کرلیں
اور مربہ جات کوٹ کر گٹھلیاں نکال کر شامل کر کے ہمراہ عرق سونف۔ عرق مکو۔ عرق
گاؤزبان۔ شربت انار شیریں ہر ایک ۲۵ ملی لیٹر کھلائیں۔
فوائد: تبخیر اور مراق میں آزمودہ و مجرب نسخہ ہے۔

سیلونز لینیمنٹ

ھوالشافی: روغن ناریل۔ روغن لونگ۔ روغن دارچینی۔ روغن بابونہ۔ روغن تارپین
عمدہ۔ ہر ایک ۱۰ ملی لیٹر روغن زیتون ۲۵ ملی لٹر روغن کنجد ۵۰ ملی لیٹر باہم ملا کر رکھیں۔
مالش کے لیے عمدہ تیل ہے۔ جوڑوں کی سختی کو کم کرتا ہے۔

روغن وجع المفاصل

ھوالشافی: دارچینی۔ لونگ۔ جائفل مقشر۔ جاوتری ہر ایک ۱۰ گرام۔ ادرک تازہ ۲۵۰
گرام۔ روغن کنجد آدھا لیٹر تمام ادویہ تیل میں جلائیں اور تیل مقطر کرلیں۔
نوٹ: جو پھوگ بچے شہد ملا کر کوٹ کر گولیاں بنالیں۔
ترکیب استعمال: جوڑوں کے درد کے لیے تیل مالش کریں۔ حبوب صبح شام بعد از
غذا ہمراہ چائے۔

محلل اورام

ھوالشافی: ریوند خطائی، مرچ سیاہ، زنجبیل، فلفل دراز، نوشادر ٹھیکری، چرائتہ تخم مکوہر
ایک ایک سو گرام، اجوائن دیسی دوسو گرام، سب کو پیس کر سہانجنہ کے پانی میں کھرل کر
کے رتی رتی کی گولیاں بنالیں۔
مقدار خوراک: صبح ایک تا دو گولی ہمراہ عرق گاؤزبان۔ عرق بادیان۔ پانچ تولہ کے
ساتھ استعمال کریں۔
فوائد: ہر قسم کے ورموں کے لیے اکسیری گولیاں۔ خواہ پیٹ ہو یا پاؤں سب کو مفید

ہے۔

معجون فلاسفہ بیضوی

ھوالشافی: ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ زراوند مدحرج۔ دارچینی۔ دارفلفل۔ فلفل سیاہ۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ آملہ مقشر۔ بیخ بابونہ۔ خولنجاں۔ شیطرج ہندی۔ ہر ایک ایک سو پچیس گرام۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز نارجیل۔ ہر ایک ۲۵۰ گرام۔ مغز بادام۔ مغز اخروٹ۔ مویز منقی ہر ایک تین سو پچھتر گرام۔ زردی بیضہ مرغ ۲۵ عدد شہد سہ چند۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ مغزیات کے علاوہ باریک کرلیں۔ مغزیات الگ باریک کریں اور شہد میں شامل کر کے زردی بیضہ مرغ باریک چھان کر شامل کریں۔

فوائد: مقویات باہ کی سرتاج دوا ہے۔ نہایت بھروسے کی شے ہے۔

جوارش تج

ھوالشافی: اسارون (تگر)۔ دانہ الائچی کلاں۔ بالچھڑ۔ فلفل دراز۔ تج قلمی۔ لونگ۔ حب الآس۔ خولنجاں۔ زنجبیل۔ دارچینی۔ ناگرموتھا۔ عود بلسان۔ فلفل سیاہ۔ قسط شیریں ہر ایک ایک سو گرام۔ چرائتہ پچاس گرام۔ مصطگی رومی ایک سو پچاس گرام۔ زعفران تیس گرام گھی دیسی ۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ نہایت باریک کرلیں۔ مصطگی کو گھی میں ڈال کر ہلکی آنچ پہ رکھیں۔ حل ہونے پر تمام ادویہ میں شامل کر کے ہاتھوں سے خوب مل کر چرب کرلیں۔ تمام ادویہ کے وزن سے تین گنا چینی یا شہد کا قوام درست کر کے ادویہ شامل کریں۔

فوائد: ضعف ہضم، معدے کی سردی۔ آروغ ترش۔ غذا فاسد ہو جانے کی صورت میں غرض تقویت ہضم اور عام جسمانی کمزوری کے لیے مؤثر اور مجرب ہے۔

❀ خمیرہ خاص جمیلی

ھوالشافی: زہر مہرہ۔ گاؤزبان۔ گل سرخ مصفیٰ۔ طباشیر ہر ایک ۱۰ گرام۔ روغن

صندل۔ ورق نقرہ۔ ہر ایک پانچ گرام۔ شربت انار شیریں۔ ایک سو پچاس گرام۔

ترکیب تیاری: رُب انار شیریں میں پہلے ورق نقرہ حل کر لیں۔ بعدہ ادویہ مسحوقہ ملا کر بعد میں روغن صندل شامل کر لیں۔

مقدار خوراک: ۵ سے ۹ گرام تک چوس کے نگل لیں۔

نوٹ: یہ خمیرہ قائم مقام خمیرہ مروارید ہے۔ اور تقویت قلب میں بے عدیل ہے۔
زہرمہرہ کو کورے برتن میں پانی ڈال کر اکیس یوم تک بھگوئے رکھیں ہر روز پانی بدل دیا کریں پھر گلاب کے عرق میں کھرل کر کے خشک کر کے شامل کریں۔
آب انار شیریں ۲ لیٹر کو پکائیں۔ جب تین پاؤ رہ جائے تو ڈیڑھ کلو چینی شامل کر کے شربت تیار کریں۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

بچوں کے اسہال کے لیے

ھوالشافی: پودینہ۔ الائچی خورد۔ بادیان ہموزن سب کے برابر کوزہ مصری ملا کر سفوف بنا لیں۔ اس کے ساتھ خاص طور پر موسم گرما میں یہ عرق شامل کر لیں۔ تو از حد مؤثر ہو جاتا ہے۔ سونف۔ کاسنی۔ گل نیلوفر۔ برگ گاؤزبان۔ ہموزن۔ بطریق معروف عرق کشید کر لیں۔ بچوں کے اسہال دست قے بدہضمی میں مفید ہے۔

حب ملین

ھوالشافی: مصبر ۱۰۰ گرام۔ ہیرا کسیس ۵۰ گرام۔ گودہ گھیکوار حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری: ادویہ باریک کر کے گودہ گھیکوار شامل کر کے حبوب نخودی بنا لیں۔

ترکیب استعمال و فوائد: ایک گولی رات کو سوتے وقت بہترین قبض کشاء ہے۔ مدر حیض۔ ورم مفاصل یعنی جوڑوں کے درد اور ورم کے لیے گرم دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

روغن آس

ھوالشافی : روغن ناریل ۲۰۰ ملی لیٹر۔ روغن کنجد ۲۰۰ ملی لیٹر۔ روغن بادام ۱۰۰ ملی لیٹر۔ روغن کدو ۱۰۰ ملی لیٹر۔ روغن خشخاش ۱۰۰ ملی لیٹر۔ روغن لونگ ۱۰ ملی لیٹر۔ روغن دارچینی ۱۰ ملی لیٹر۔ کیسٹرائل ۲۰۰ ملی لیٹر۔ گلیسرین ۱۰۰ ملی لیٹر۔ لیکوڈ پیرافین ۲۰۰ ملی لیٹر۔ تمام روغنیات باہم ملا کر اچھی طرح پھینٹ کر رکھیں۔

ترکیب استعمال: چند قطرے بالوں کی جڑوں میں روزانہ رات کو لگائیں۔

فوائد: بال گرنا بند، بالوں کو گھنا مضبوط اور چمکدار بناتا ہے۔

اندام نہانی کی خارش

ھوالشافی : کشتہ جست۔ کافور۔ روغن گل۔ ویزلین۔ باہم ملا لیں اور اندر لگوائیں۔ دن میں ۲۔۳ بار۔ ہفتہ عشرہ میں مکمل آرام ہوگا۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

سپر مول عنبرین (تحفہ حکیم زبیر حمید صاحب کوئٹہ)

ھوالشافی : ٹنکچر سٹیل ۱۰ ملی لیٹر۔ لائیکوار آرسینی کیلس ۱۰ ملی لیٹر۔ ٹنکچر نکس وامیکا ۱۰ ملی لیٹر۔ رُب انار شیریں ۲ لیٹر۔ رب مویز منقیٰ ۲ لیٹر۔

ترکیب تیاری: دونوں رُب آگ پر رکھ کے قوام درست کریں۔ ٹھنڈا ہونے پر تینوں ٹنکچر شامل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک چمچ بڑا۔ صبح شام ایک پیالی دودھ میں شامل کر کے اس کی مقدار ایک بڑے چمچ سے زیادہ نہ دیں۔

فوائد: جریان، احتلام، لیکوریا، ضعف اعصاب، ضعف جگر، فالج، لقوہ کے لیے بھی مفید ہے۔ ہاضم، مفرح، فوری محرک، مولد خون رنگت سرخ وسفید بناتا ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

حب رسوت

ھوالشافی: نرکچور۔ چاکسو۔ رسوت مدبر بہ آب ترب۔ پوست بندق۔
ترکیب تیاری: رسوت ۱۰ گنا آب ترب میں جوش دیں۔ قدرے گاڑھا ہونے پر چھان کر کپڑے سے پن کے دیگر تینوں ادویات باریک شدہ شامل کر کے خوب کوٹ کر گولیاں نخودی بنالیں۔
مقدار خوراک: صبح، دوپہر، شام ایک ایک گولی۔ گاہے دو گولی صبح ۲ گولی شام ہمراہ آب تازہ۔
فوائد: بواسیر خونی و بادی کے لیے از حد مجرب اور مفید ہے۔ زود اثر۔
[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

کایا کلپ

ھوالشافی: ہرڑ۔ بہیڑہ۔ آملہ۔ ہر ایک ۵۰ گرام۔ سونف ۵۰۰ گرام۔ دھنیا ۲۵۰ گرام۔ مغز بادام ۵۰۰ گرام۔ بیسن ۵۰۰ گرام۔ گائے کا گھی ۵۰۰ گرام۔ شکر ایک کلو۔
ترکیب تیاری: گھی میں بیسن بھون لیں باقی تمام ادویہ شامل کر کے چینی باریک شدہ شامل کر کے محفوظ رکھیں۔ ۱۰ گرام روزانہ ہمراہ دودھ۔ اسم بامسمیٰ ہے۔
[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

تریاق میعادی بخار

ھوالشافی: صدف مرواریدی ۵۰ گرام۔ نوشادر دیسی ۵۰ گرام۔ شورہ قلمی ۵۰ گرام۔ بھیڑ کا دودھ ۲۵۰ ملی لیٹر۔
ترکیب تیاری: صدف کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے ایک ہنڈیا میں ڈالیں۔ نوشادر قلمی شورہ ملا کر دودھ شامل کریں۔ محفوظ کر کے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ یہ نسخہ روح المجربات سے مصدقہ ہے۔

مقدار خوراک: ۲ سے ۳ رتی ہمراہ دودھ کھلائیں۔ ایک ہفتہ کھلانا کافی ہے۔

فوائد: حمی تیفودیہ، تپ محرقہ، میعادی، عفونتی بخاروں میں مفید ہے۔

کشتہ مہزل

ھوالشافی: پترہ نقرہ ۱۰ گرام۔ سم الفار سفید ۱۰ گرام۔ گندھک آنولہ سار ۱۰ گرام۔ شیر مدار قدرے ضرورت میں دونوں کو کھرل کر کے پترہ نقرہ پہ لیپ کریں اور پانچ کلو کی آگ دیں۔ کشتہ برآمد ہوگا۔ پھر مہندی تازہ کے پتوں کا پانی اور پھر بھنگ کے تازہ پتوں کے پانی میں مزید کھرل کر کے دو۔ دو آگ دیں۔

مقدار خوراک: ایک چاول روزانہ۔ موٹاپے کو دنوں میں کم کر کے جسم سڈول بناتا ہے۔ پیٹ کو بغیر کسی ضرر کم کرتا ہے۔ عورتوں کے جسم کی زائد چربی کو ختم کرتا ہے۔

تریاق درد مفاصل

ھوالشافی: سوڈا اسلی سلاس ۱۰ گرام۔ پوٹاشیم برومائیڈ ۵ گرام۔ سورنجاں شیریں ۲۰ گرام۔ دانہ الائچی خورد ۱۰ گرام۔ اسپرین ۵ گرام۔ کیفین سائیٹراس ڈھائی گرام۔ چینی ۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ الگ الگ باریک کر کے باہم ملا کر رکھیں۔

مقدار خوراک: ۲-۲ گرام صبح و شام ہمراہ آب تازہ یا قہوہ دیں۔

فوائد: درد مفاصل، جسم درد، تھکاوٹ، بخار، سردرد کے لیے مفید ہے۔

حب مفاصل مجرب

ھوالشافی: پوست ہلیلہ زرد۔ مصبر۔ سورنجاں شیریں ہر ایک ۲۰ گرام۔ سونف ۴۰ گرام۔

ترکیب تیاری: سونف کو ایک سو ملی لٹر پانی میں بھگو کر زلال حاصل کریں۔ اسی زلال سے درج بالا ادویات کھرل کر کے کل اکیس گولیاں بنا لیں۔

ترکیب استعمال: صرف ایک گولی روزانہ ہمراہ عرق سونف یا گرم دودھ۔
فوائد: وجع المفاصل کے لیے یہ روح المجربات کا نسخہ شافی و مصدقہ ہے۔

طفلانی

ھوالشافی: نمبر۱۔ تربد سفید مقشر۔ پودینہ باغی۔ پوست ہلیلہ زرد ہموزن نہایت باریک کر کے رکھیں۔ نمبر۲۔ ٹیٹرا سائیکلین کیپسولز ہموزن گل ارمنی ملا کر رکھیں۔
ترکیب استعمال: ایک رتی نمبر۲ دوا اور دو رتی نمبر۱ دوا ملا کر صبح دوپہر شام ہمراہ آب تازہ دیں۔
فوائد: بچوں کے اسہال کے لیے مؤثر دوا ہے۔

سفوف ذیابیطس

ھوالشافی: گڑمار بوٹی ۳۰ گرام۔ خولنجاں ۲۰ گرام۔ مغز جامن ۲۰ گرام۔ لوکاٹ کے بیج ۲۰ گرام۔ آم کی گٹھلی ۲۰ گرام۔ مغز تخم کریلا ۲۰ گرام۔ چینی ۱۰ گرام۔
ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر لیں۔ نوٹ اگر مغز تخم کریلہ نہ ملیں تو سب ادویہ باریک کر کے کریلہ تازہ کے پانی میں کھرل کر کے گولیاں بنا لیں۔
مقدار خوراک: نو گرام روزانہ کھلائیں۔ گولیوں کی صورت میں ۶ گرام گولیاں روزانہ کھلائیں۔

یرقانی شربت

ھوالشافی: چھال لسوڑہ ایک پاؤ کو ڈیڑھ لیٹر پانی میں جوش دیں۔ جب پانی ۷۵۰ ایم ایل رہ جائے پن چھان کر ایک کلو چینی شامل کر کے شربت تیار کریں۔ ۲۰ ملی لٹر صبح و شام یرقان (پیلیا) کے لیے مفید و موثر ہے۔

حب اوجاعی

ھوالشافی: سورنجاں شیریں ۵۰ گرام۔ زنجبیل ۵۰ گرام۔ چہار اجوائن ایک کلو۔ دہی

ایک کلو۔ گڑ ۲۵ گرام (گرمیوں میں) سردیوں میں پچاس گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے دہی میں حل کر کے رکھ چھوڑیں۔ یا کھرل خوب کریں کہ گولیاں بننے کے قابل ہو جائے۔ نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک و استعمال: ۲ گولی صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ۔ جوڑوں کے درد، سختی اور ورم کو تحلیل کرتی ہیں۔ یہ نسخہ حکیم بشیر احمد انصاری صاحب ڈیرہ غازی خان والوں کا ہے۔ مطب میں بنایا مجرب شفا بخش ہے۔

شوگر کے لیے مفید و مجرب نسخہ

ھوالشافی: لوکاٹ کے پتے ۵۰ گرام۔ گڑ مار بوٹی ۵۰ گرام۔ کریلے خشک کردہ ۱۰۰ گرام۔ تمام کو باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک و استعمال: ایک چمچ روزانہ کھانے کے پندرہ منٹ بعد غرض ذیابیطس کے لیے مفید ہے۔

مفید الاطفال

ھوالشافی: سونف۔ تخم کثوث۔ مویز منقی۔ گل قند۔ عرق سونف۔

ترکیب تیاری: پہلے سونف اور تخم کثوث کو رگڑ کر باریک سفوف بنالیں پھر مویز شامل کرلیں اور بعدہ گل قند ڈال کر گھوٹ لیں اتنا کہ ہاتھ سے دھر درا محسوس نہ ہو۔ پھر تھوڑا تھوڑا عرق سونف شامل کر کے محلول بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک چمچ ہر آدھ گھنٹے بعد پلاتے رہیں۔

فوائد: بچوں کے اسہال، قے، دست، بدہضمی، اپھارہ کے لیے تجربہ شدہ نسخہ ہے۔

مدر حیض

ھوالشافی: سفوف حرمل کو آب افتیمون میں تین بار تر خشک کرلیں اور کیپسولز ۲۵۰ ملی گرام بھر کر محفوظ رکھیں۔

فوائد: درد حیض کے لیے دودھ گرم کے ساتھ کھلائیں فوری آرام ہوگا۔

حب ممسک خاص

یہ نسخہ کلید صحت سے ہے۔ بارہا کا آزمودہ بھروسے کی چیز ہے۔

ھوالشافی: تریاک مقطر ۲۰ گرام۔ زعفران عمدہ خالص ۱۰ گرام۔ مغز بادام ۴۰ گرام۔ کھرل کر کے حبوب نخودی بنالیں۔ ۲ گھڑی دن رہتے ۲ گولی دودھ سے کھلائیں۔

نوٹ: کھانے کو کچھ نہ دیں۔ سوائے دودھ کے۔ زبردست ممسک ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

حب ممسک ۲۰۰

یہ نسخہ القرابادین کے صفحہ ۲۰۰ سے میرا خاص معمول مطب نسخہ ہے۔

ھوالشافی: شنگرف مدبر۔ جوزبوا۔ عاقرقرحا۔ افیون خالص۔ ہموزن۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ نہایت باریک کھرل کر کے شہد کی مدد سے گولیاں مونگ کے دانہ برابر بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ گولی ہمراہ دودھ تازہ جوشیدہ۔

نوٹ: تاوقت مباشرت دودھ کے علاوہ کھانے کو کوئی چیز نہ دیں۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

مقوی خاص

ھوالشافی: میٹھا تیلیہ۔ مرچ سیاہ۔ مگھاں۔ سنڈھ۔ شنگرف ہر ایک ۱۰ گرام۔ آب ادرک ۱۰۰ ملی لیٹر۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ سحق بلیغ کرلیں اور آب ادرک شامل کر کے حبوب نخودی بنالیں۔

فوائد: مقوی معدہ، مقوی اعصاب، محرک اور ممسک بھی ہیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی روزانہ ہمراہ دودھ اور گھی کے ساتھ کھلائیں۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

لبوب مقوی گردہ (صدری بیاض جلد اول صفحہ ۱۶۸، نسخہ ۱۹۶)

ھوالشافی: جسمانی دردوں کے لیے اعلیٰ ترین ہے اور جلق کے مریضوں کو قدرے ذکاوت حس کی دوا کھلا کر یہ معجون کھلائیں۔ بہت نافع ہے۔

معجون فلاسفہ بیضوی (صدری بیاض جلد اول صفحہ ۱۶۸، نسخہ ۱۹۷)

ھوالشافی: معجون کا یہ نسخہ بہت اعلیٰ درجہ کی دوا ہے۔ بیضہ مرغ کی کچی زردی کو تھوڑے شہد میں ملا کر ایک پاؤ پانی ملا کر آگ پر رکھیں یہ سب اس میں حل ہو جائے گی۔ کھویہ کی تمام ادویہ میں ملا کر ذرا گھی ڈال کر بھون کے شامل کریں۔

تحفہ نایاب

میں شنگرف گوگل والی گولیاں جو کبوتر میں بنتی ہیں۔ اطراف کے خدر میں انتہائی مفید ہیں۔ اس میں کبوتر جنگلی ہو تو عمدہ ہے۔

مقوی زبردست

ھوالشافی: ٹنکچر سٹیل ۴ پونڈ۔ طوطیا سبز عمدہ ۱۰۰ گرام۔ تام چینی کے برتن میں ڈال کر تھوڑا تھوڑا ٹنکچر سٹیل شامل کرتے رہیں اور ہلکی آنچ پر خشک کریں حتیٰ کہ چار پاونڈ ٹنکچر جذب ہو جائے۔ براؤن رنگ کا کشتہ برآمد ہوگا۔ سحق بلیغ کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک چاول ہمراہ دودھ گھی۔

استعمالات: نشہ کرنے والے لوگوں کو جن کو کوئی دوا اثر نہیں کرتی تقویت عامہ کے لیے اور اعصاب عضلات کے دردوں کے لیے کمال شفا بخش نسخہ ہے۔

حب السلاطین

ھوالشافی : تارا میرا ۱۰۰ گرام۔ مغز جمال گوٹہ ۵۰ گرام۔ کچلہ مدبر ۱۰۰ گرام۔ دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک گولی بہترین قبض کشا ہے۔

حب بچھناک

ھوالشافی : ہرڑ پوست۔ پوست بہیڑہ۔ آملہ مقشر۔ مرچ سیاہ۔ مگھاں۔ سونٹھ۔ گوگل مصفی ہر ایک ایک کلو۔ بچھناک سفید ۱۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: گوگل کو پانی میں ابال کر مصفی کرلیں۔ بقایا ادویات کا سفوف بنا کر ملا کر خوب کوٹ کر حبوب نخودی بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ بدرقہ مناسبہ

فوائد: دمہ بلغمی، سلسل البول اور وجع المفاصل کے لیے مقوی معدہ بھی زبردست ہے۔

شرمگاہ اور رحم کی پرانی خارش کے لیے

ھوالشافی : کافور والا نیلا تھوتھا۔ زنگار میں تیار کریں اس کی مقدار خوراک ایک چاول صبح چوری کھلا کر کیپسول میں بھر کے دیں اور شام کو حب کتھ کھلائیں۔ اندر لگانے کے لیے مرہم سفید صدف، سفیدہ کاشغری والی دیں۔ پندرہ دن میں مکمل آرام ہوگا۔ بفضلہ تعالیٰ۔

مرہم خاص

ھوالشافی : پارہ ۵ گرام۔ گندھک آنولہ سار ۵ گرام۔ سیندور ۱۰ گرام۔ مرچ سیاہ ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: گندھک۔ پارہ کی کجلی بنالیں۔ باقی ادویہ خوب باریک کر کے ملا لیں۔ مکھن صد بار دھلا ہوا۔ دوگنا وزن شامل کر کے محفوظ رکھیں۔

فوائد: تر و خشک خارش کے لیے مجرب نسخہ ہے۔

حب بواسیر (حکیم سید اقرار حسین شاہ صاحب بخاری)

ھوالشافی: رسوت مصفی ۲۰۰ گرام۔ گوند کتیرا ۱۰۷ گرام۔ مازو سبز ۳۵ گرام۔ سنگجراحت ۳۵ گرام۔ جبوب کنار صحرائی ۲۔۲ گولی۔ بواسیر ہر قسم میں مفید ہے۔

شربت برائے بلڈ پریشر

ھوالشافی: آب انار شیریں ایک کلو میں سے جتنا نکلے۔ آب لیموں ایک کلو میں سے جتنا دستیاب ہو۔ صندل سفید اصلی ۵۰ گرام۔ املی ۵۰ گرام۔ آلو بخارہ ۲۵۰ گرام۔ سرکہ انگوری ۲۵۰ ملی لیٹر گلاب کا عرق ۲۵۰ ملی لیٹر۔

ترکیب تیاری: املی آلو بخارا اور صندل سرکہ اور عرق گلاب میں دن رات بھگو دیں۔ پھر مل چھان کر اچھی طرح پن کے آب انار شیریں اور آب لیموں شامل کر لیں۔ جتنی مقدار ہو اس سے دگنا چینی ملا کر شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲۰ ملی لیٹر صبح نہار منہ۔ ۲۰ ملی لیٹر شام ۴ بجے پلائیں۔ قدرے پانی ملا کر یا عرق گاؤزبان آدھی پیالی میں حل کر کے۔

فوائد: ہائی بلڈ پریشر کو مکمل کنٹرول رکھتا ہے۔ گھبراہٹ بے چینی کے لیے مفید ہے۔

ہاضمول (حلتیت والی)

ھوالشافی: نمک سمندری ۱۰۰ اگرام۔ زیرہ سفید ۱۰۰ اگرام۔ زنجبیل ۵۰ گرام۔ نمک سیاہ پسا ہوا ۵۰ گرام۔ ست لیموں ۵۰ گرام۔ مرچ سیاہ ۵۰ گرام۔ ست پودینہ ۲ گرام۔ حلتیت عمدہ خالص ۲ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باہم کوٹ چھان کر باریک سفوف بنالیں بعدہ ست لیموں شامل کر کے اچھی طرح ملا کر رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۲ سے ۳ گرام۔ صبح دوپہر شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: زبردست ہاضم، کاسر ریاح، مقوی معدہ۔

حب بواسیر

ھوالشافی: کوڑ جیری حرمل ہموزن باریک سفوف بنائیں اور شہد شامل کر کے خوب نخودی بنالیں ایک سے دو گولی صبح نہار منہ اور شام کو دیں۔

دوائے شقیقہ

ھوالشافی: مرجان ۵۰ گرام۔ لونگ ۲۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: لونگ پیس کر مرجان کے زیر و بالا کجی میں بند کر کے گل حکمت کر کے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ برآمد ہوگا۔

مقدار خوراک: آدھ رتی ہمراہ دودھ۔

فوائد: شقیقہ کے لیے مفید و مجرب ہے۔ دماغی تقویت کے لیے اعصاب کی حساسیت کو کم کرتا ہے۔

دوائے دمہ

ھوالشافی: سقمونیا حسب ضرورت لے کر سیب میں بند کر کے اوپر کپڑ روٹی کر کے سیب کو بھوبھل میں پکائیں۔ جب مشوی ہو جائے تو نکال لیں۔

مقدار خوراک: آدھ رتی یہ دوا ابہل کے سفوف ۲ گرام میں رکھ کے کھلائیں بفضلہ تعالیٰ دمہ سے مکمل راحت ہوگی۔ شافی و مجرب نسخہ ہے۔

دوائے لیکوریا

ھوالشافی: مدار کی جڑ ۵ کلو میں بیس کلو پانی شامل کریں اور آگ پر رکھیں۔ اور اس میں ۲۵۰ گرام گندم سالم پوٹلی میں باندھ کر معلق پکائیں جب پانی خشک ہونے کے قریب ہو گندم کو نکال کر سکھا کر باریک پیس لیں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: آدھ رتی ہمراہ سفوف ہرڑ سیاہ ایک گرام میں رکھ کے تازہ پانی کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد: لیکوریا کے لیے اعلیٰ درجہ کی دوا ہے۔ پرانے سے پرانے لیکوریا کے مریض بفضل تعالیٰ شفایاب ہوئے۔ الحمدللہ۔

نمک سلیمانی (ہینگ والا)

ھوالشافی: زیرہ سیاہ بریاں ایک کلو۔ نمک سیاہ ۵۰۰ گرام۔ مرچ سیاہ ۵۰۰ گرام۔ ست لیموں ۵۰۰ گرام۔ نوشادر ۲۵۰ گرام۔ نمک سمندری ۱۲۵ گرام۔ ہینگ خالص ۲۰ گرام۔ ست پودینہ ۲۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ الگ الگ باریک کر کے باہم ملا لیں اچھی طرح مخلوط کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۲ سے ۳ گرام۔ صبح، دوپہر، شام بعد از غذا ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: معدہ کی اصلاح کر کے غذا کو ہضم میں مدد دیتا ہے۔ نفخ، قراقر، ریاح غلیظ کو مانع ہے۔ بھوک بڑھاتا ہے۔ گرانی ختم کر کے خوشگوار اثر پیدا کرتا ہے۔ قبض کشا پاخانے میں تعفن اور منہ کی بدبو کو ختم کرتا ہے۔

❀ جوہر ہاضم

ھوالشافی: کشنیز خشک۔ آملہ مقشر۔ بادیان۔ اجوائن دیسی۔ نمک سیاہ۔ مرچ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ جوکھار۔ ہر ایک ایک کلو۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کا نہایت باریک سفوف بنا لیں۔

ترکیب استعمال وفوائد: ۳ گرام۔ بعد از غذا ہمراہ آب تازہ۔ معدہ کے تمام امراض میں زبردست افادیت کا حامل ہے۔ معمول مطب ہے۔ مجرب ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

❀ حب خاص (اذاراقی)

ھوالشافی: مرچ سیاہ۔ مغز بادام۔ مویز منقیٰ۔ کچلہ مدبر۔ باہم باریک کر کے خوب کوٹ کر گولیاں نخودی بنا لیں۔ ایک گولی روزانہ رات سوتے وقت ہمراہ دودھ۔ اعصابی، عضلاتی دردوں کے لیے مقوی و محرک ہیں۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

❀ زعفرانی گولیاں

طبیب حاذق کا سالنامہ دولت کمانے کی کل ۱۹۵۸ء جنوری فروری صفحہ ۱۲۸۔

ھوالشافی: دارچینی، ابریشم سفید مقرض۔ زعفران عمدہ۔ جوزبوا۔ لونگ۔ اندر جو شیریں۔ مصطگی رومی۔ پپلا مول۔ درونج عقربی۔ جدوار ہر ایک ۱۰ گرام۔ مویز منقیٰ حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری: نہایت عمدہ باریک کر کے مویز منقیٰ شامل کر کے گولیاں بقدر ۵ رتی بنا لیں۔

مقدار خوراک: صبح شام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ گرم شہد ملا کر۔

فوائد: بندش حیض، درد رحم، ورم رحم ورحم کی جملہ شکایات کے لیے مصدقہ نسخہ ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

برائے فالج

اطبائے لکھنو کا معمول مجربہ و مصدقہ

ھوالشافی: بیر بہوٹی پاؤں بریدہ۔ لونگ کلاہ دار۔ ہم تعداد۔

ترکیب تیاری: باہم کھرل کر کے شہد کی مدد سے گولیاں نخودی بنا لیں۔

نوٹ: ایک گولی ہمراہ ماء العسل دیں۔ روزانہ ایک گولی صرف لو بلڈ پریشر کے مریض کو جلد فائدہ ہو گا۔ ہائی بلڈ پریشر والے کو ساتھ حب بندق صبح شام ایک ایک گولی

کھلائیں۔

ودھیا پھکی

ھوالشافی: ہلیلہ کابلی ۲۰ گرام۔ بلیلہ ۲۰ گرام۔ آملہ ۲۰ گرام۔ ہلیلہ سیاہ ۲۰ گرام۔ نمک سونچل ۴۰ گرام۔ فلفل سیاہ ۱۰ گرام۔ دارچینی ۱۰ گرام۔ زیرہ سیاہ ۱۰ گرام۔ الائچی خورد ۱۰ گرام۔ الائچی کلاں ۱۰ گرام۔ سونف ۱۰ گرام۔ چہار اجوائن ۲۰ گرام۔ ست پودینہ ۳ گرام۔ ست لیموں ۳ گرام۔ نوشادر ۳ گرام۔ سنا مکی۔ ملٹھی۔ ریوند خطائی۔ طباشیر۔ فلفل دراز۔ زنجبیل۔ کشنیز خشک۔ زیرہ سفید ہر ایک ۱۰ گرام۔ کوزہ مصری ۵۰ گرام۔ ۳ گرام صبح وشام۔

فوائد: پیٹ کے ہر قسم کے مرض میں زبردست مفید ہے۔ قبض کشاء مشتہی ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

سوزشِ امعاء کے لیے

ھوالشافی: سنگ دانہ مرغ ۲۰ گرام۔ مکو دانہ ۲۰ گرام۔

ترکیب تیاری: دونوں ادویہ کو الگ الگ باریک پیس کر رکھیں (الگ الگ رکھیں)

ترکیب استعمال: خوراک دیتے وقت دونوں میں سے ایک ایک گرام ملا کر دیں۔ دن میں دو خوراک کافی ہیں۔ ہمراہ عرق مکو، عرق گاؤزبان۔

فوائد: معدہ اور امعاء کے امراض کے لیے سوزش وخراش معدہ کے لیے مجرب ہے۔

سنگ گردہ کے لیے

ھوالشافی: جوکھار اصلی خانہ ساز۔ سنگ دانہ مرغ ہموزن۔

ترکیب تیاری: دونوں الگ الگ باریک کر کے باہم ملا کر رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک گرام صبح وشام ہمراہ اینو فروٹ سالٹ ایک چمچ ایک گلاس۔ پانی میں حل کر کے فوری پلا دیں۔ تین دن میں پتھری گردہ سے نکل جائے گی۔ ان شاء

اللہ۔

پتھری گردہ کے لیے خصوصی نسخہ (طبی مائنۃ عامل صفحہ ۳۵۸)

ھوالشافی: جوکھار اصلی۔ سہاگہ۔ قلمی شورہ۔ پھٹکڑی۔ نوشادر ہموزن۔

ترکیب تیاری: الگ الگ باریک کر کے باہم ملا کر رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۳۔۳ گرام۔ صبح وشام ہمراہ شربت بزوری یا آب تازہ۔

بھگندر (ناسور) کے لیے

ھوالشافی: گاؤدنتی ۱۰۰ گرام کو برگ نیم کے پانی میں کھرل کر کے تین آنچ دیں۔ ہر دفعہ آب برگ نیم تازہ ملائیں۔ یہ گاؤدنتی ۱۰۰ گرام۔ رسکپور ایک گرام۔ خوب کھرل کر کے ایک ایک رتی کیپسول میں بھرلیں۔ صبح شام ہمراہ دودھ۔ اور شام کو حب کتھ ایک خوراک ضرور کھلائیں (نسخہ الگ درج ہے) ناسور، بھگندر کے لیے از حد مفید ہے۔

ناخن گل جانے کے لیے

صرف حب کتھ ایک روزانہ مسلسل دو ماہ تک کھلائیں۔ مکمل درست ہوگا۔

حب ابہل

ھوالشافی: مرکی۔ مصبر۔ نوشادر۔ ابہل ہموزن۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ ملا کر باہم سفوف بنائیں اور شہد ملا کر گولیاں نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: صبح شام ایک ایک گولی ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: تیسرے روز حیض جاری ہو جاتا ہے۔ یہ نسخہ حکیم محمود احمد صاحب کا ہے۔

حب اٹھرا

ھوالشافی: برگ نیم۔ برگ حنا۔ کتھ۔ ہرمچی۔ پکھان بید۔ رتن جوت۔ رسونت۔

صندل سرخ۔ صندل سفید۔ دھمایہ۔ مشک بالا۔ برگ سرس۔ برگ جنتر۔ کالی زیری۔ کاسنی۔ چاکسو۔ نارجیل دریائی۔ اجوائن دیسی۔ مرچ سیاہ۔ ریوند خطائی۔ کشنیز۔ اجوائن خراسانی۔ کرفس۔ گیرو۔ ہموزن۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے گودہ گھیکوار میں گولیاں مرچ سیاہ کے برابر بنا لیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی روزانہ رات سوتے صرف ایک خوراک روزانہ ہمراہ آب تازہ۔ حب اٹھرا پتہ والی (پیچھے نسخہ درج ہے) صبح ایک گولی۔

فوائد: اٹھرا اور دیگر امراض رحم کا شافی علاج ہے۔

برائے ذیابیطس

ھوالشافی: مغز تخم ریٹھہ۔ زراوند مدحرج ہموزن۔

ترکیب تیاری: باہم ملا کر کوٹ کر پانی کی مدد سے نخودی گولیاں بنا لیں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: شوگر کا مرض کنٹرول ہو جاتا ہے۔

ذیابیطس کے لیے خصوصی نسخہ

ھوالشافی: آملہ مقشر۔ برگ نیم۔ خستہ جامن۔ تخم کریلا ہموزن۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باہم ملا کر کوٹ کر سفوف بنا لیں۔ کیپسول زیرو نمبر بھر لیں۔

ترکیب استعمال: ۲ کیپسول صبح دو کیپسول شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: مرض ذیابیطس میں قدرے فائدہ مند ہے۔

معجون مقوی معدہ

ھوالشافی: گل سرخ مصفی ۲ کلو ۵۰۰ گرام۔ الائچی خورد۔ زیرہ سیاہ۔ جدوار خطائی۔ آملہ

مقشر۔ پودینہ دیسی۔ ساذج ہندی۔ ہر ایک ۱۵۰ گرام۔ مصطگی رومی۔ زنجبیل۔ جوز بوا، اجوائن دیسی۔ فلفل سیاہ۔ کچور۔ پوست سنگدانہ مرغ۔ تخم سویا۔ جطیانہ۔ سنبل الطیب۔ درونج عقربی ہر ایک ایک سو گرام۔ دارچینی۔ عود ہندی۔ قرنفل۔ دار فلفل۔ خولنجاں ہر ایک ۵۰ گرام۔ چینی تمام ادویہ سے تین گنا۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ نہایت باریک سفوف بنالیں۔ جتنا کلو یہ سفوف اتنا لٹر پانی میں دوگنا چینی شامل کر کے قوام درست کریں۔ ٹھنڈا ہونے پہ تمام ادویہ شامل کر کے معجون بنالیں۔

مقدار خوراک: ۳ سے ۵ گرام۔ صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: تقویت معدہ کے لیے زبردست معجون ہے۔ اشتہا پیدا کرنا آروغ ترش ختم کرنا، ضعف معدہ کو دور کرنا اس کی ادنیٰ صفات ہیں، نہایت بھروسہ کی دوا ہے۔

کشتہ حجر الیہود

ھوالشافی: سب سے چھوٹے کیپسول میں بھر کے معجون کلیہ کے ساتھ کھلائیں۔ پتھری دوبارہ کبھی پیدا نہ ہوگی۔ تجربہ شدہ ہے۔

برائے وجع المفاصل

ھوالشافی: سنبلو (دارہلد) باریک سفوف بنالیں۔

پودینہ۔ اجوائن دیسی۔ تیزپات ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ ایک کلو پانی گرم میں رات کو بھگو دیں۔ صبح جوش دے کر آدھ لیٹر جوشاندہ حاصل کریں۔ اس میں تین پاؤ چینی ملا کر شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۶ گرام صبح ۶ گرام شام ہمراہ بیس ملی لیٹر شربت کھلائیں۔

فوائد: اعصابی، عضلاتی دردوں کے لیے جوڑوں کی سختی ورم کو دور کر کے شفا بخشتی ہے۔ آزمودہ و مجربہ ہے۔

دوائے سعال

ھوالشافی: کشتہ گاؤدنتی ۲۵۰ گرام۔ پوٹاشیم آیوڈائیڈ ایک اونس۔

ترکیب تیاری: باہم ملا کر اچھی طرح کھرل کر کے ایک ایک رتی کیپسول میں بھر لیں۔

ترکیب استعمال: شربت اعجاز یا شربت بنفشہ کے ساتھ ایک ایک کیپسول صبح وشام

فوائد: کھانسی، کالی کھانسی، گلے کی خشونت، بلغم گاڑھا ہونے کی صورت میں ۲ کیپسولز دیں۔

❀ اکسیر احمر کیپسولز

ھوالشافی: ہرڑ مقشر۔ بھیڑہ مقشر۔ آملہ مقشر۔ ریوند خطائی ہر ایک ایک کلو۔ کشتہ فولاد ۲۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باہم ملا کر خوب باریک کر کے کشتہ فولاد شامل کر لیں اور خوب ملا کر زیرو نمبر کیپسولز بھر لیں۔

ترکیب استعمال: ۲۔۲ کیپسول صبح وشام یا صبح، دوپہر، شام ایک ایک کیپسول حسب ضرورت۔

فوائد: خون کی کمی جگر کی خرابی، ضعف ہضم اور قبض کے لیے مؤثر ہے۔

ترکیب تیاری فولاد کشتہ: ہیرا کسیس ایک کلو۔ سوڈا بائیکارب ۳ کلو۔ ہیرا کسیس پانی میں حل کر لیں اور تھوڑا تھوڑا سوڈا بائیکارب ملا دیا کریں۔ کسی لکڑی سے ہلا دیا کریں۔ یہاں تک کہ سارا سوڈا بائی کارب ختم ہو جائے۔ اس مرکب کو آگ پر چڑھائیں اور پانی خشک ہونے دیں۔ مکمل خشک ہونے پر سرخ شوخ رنگ کا کشتہ برآمد ہو گا۔ اچھی طرح کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔ یہی کشتہ اکسیر احمر میں ملائیں۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

سفوف تبخیری

ھوالشافی : سونف۔ دھنیا۔ پودینہ ہموزن سفوف بنالیں۔ ۳ گرام صبح دوپہر شام۔ ہمراہ آب تازہ۔ ہائی بلڈ پریشر، تبخیر کے لیے مفید ہے۔

سفوف افسنتین

ھوالشافی : افسنتین ۱۰ گرام۔ زیری سیاہ ۵ گرام۔ شورہ قلمی ۲۰ گرام۔ نوشادر ۲۰ گرام۔ ریوند خطائی ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باہم سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۳ گرام صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: ضعف جگر، ورم جگر، استسقاء، سانس پھولنا، خون کی کمی، بھس، ہاتھ پاؤں کی جلن، قبض، سدہ جگر کے علاوہ مدر حیض بھی ہے۔

اکسیر دائمی قبض

یہ تحفہ ہمارے دیرینہ دوست حکیم نوازش علی صابر صاحب مرحوم کا عطا کردہ ہے۔ بارہا کا آزمودہ اور مطب کی زینت ہے۔

ھوالشافی : سقمونیا اصلی اونٹنی مارکہ۔ ہرڑ جلابہ۔ ایلوا۔ ریوند عصارہ۔ مصطگی رومی ہر ایک ۱۰ گرام۔ سنڈھ۔ مرکی۔ مغز جمالگوٹہ ہر ایک ۵ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو الگ الگ باریک کریں پھر باہم ملا کر خوب رگڑ کر گودہ گھیکوار مناسب مقدار شامل کر کے حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی روزانہ رات سوتے وقت ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: یہ اکسیری گولیاں دائمی قبض کے لیے انتہائی مفید ہیں۔

نوٹ: ۳ سے ۴ گولیاں جلاب آور ہیں۔

برائے درد کمر (چک)

ھوالشافی: کمرکس ۲۵۰ گرام۔ زردی بیضہ مرغ ۳ درجن میں کھرل کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: صبح وشام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ۔ زبردست نسخہ ہے۔

حب فرفیون

ھوالشافی: فرفیون۔ گوگل مصفیٰ۔ مصبر ہموزن۔

ترکیب تیاری: تینوں ادویہ باہم ملاکر حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ دودھ گھی۔

فوائد: وجع المفاصل میں حب حلزون بھی ایک عدد بھی کھلائیں۔ جوڑوں کے درد، سوجن، جلن، سختی میں حتمی دوا ہے۔

برائے خارش

ھوالشافی: نوشادر ٹھیکری۔ برگ نیم۔ گندھک آنولہ سارمدبر ہموزن

ترکیب تیاری: تینوں پیس کر بڑے کیپسول بھرلیں۔

ترکیب استعمال: صبح، دوپہر، شام ہمراہ عرق شاہترہ یا عرق منڈی

فوائد: چہرے پر دانے، پرانے داغ، دھبے، خارش، کھجلی، دھدر، چنبل میں مفید ہے۔

سیمابی لوشن

ھوالشافی: پارہ دس گرام۔ تیزاب شورہ دس ملی لیٹر۔

ترکیب تیاری: شیشے کی بوتل میں پارہ ڈال کر اوپر سے تیزاب ڈال دیں۔ اور کھلی فضا میں رکھ کر نگاہ رکھیں۔ یعنی دھوئیں سے بچیں جب دھواں مفقود ہو جائے اور پارہ پوری طرح حل ہو جائے تو بوتل کو پانی سے بھر دیں اور محفوظ رکھیں۔ اس میں سے ۱۰ ملی لیٹر ۵۰

ملی لیٹر تیل سرسوں میں ڈال کر خوب اچھی طرح حل کر کے دھدر، چنبل، کہنہ خارش، جسم سے مچھلی کے چانوں کی طرح رواں اترتا ہو۔ ایگزیما، سکن سورائسز وغیرہ میں کمال اثر کرتا ہے۔

نوٹ: روئی سے زخم پر لگا کے دھوپ میں بیٹھیں اور دس منٹ بعد دھو دیں۔

حب درد ریح

ھوالشافی: دار فلفل۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ ہر ایک ۱۰ گرام ہر چہار نمک، ہر چہار اجوائن ہر ایک ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کا سفوف بنا کر گودہ شحم حنظل میں کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: صبح وشام دو دو گولی ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: ریاحی دردوں، اپھارہ، بدہضمی، قے اسہال وغیرہ میں مفید ہے۔

❀ سبز دوائی

ھوالشافی: امونیا بائی کارب ایک کلو۔ سوڈا بائیکارب ۲ کلو۔ میٹھا رنگ سبز (فوڈ کلر) ۲۰ گرام۔ سکرین (سویٹال) ۲۰ گرام۔

ترکیب تیاری: باہم مخلوط کر کے فوری شیشے کے جار میں ڈھکن لگا کر محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: ۵۰ گرام ایک لیٹر بوتل میں ڈال کر تازہ پانی سے بھر دیں۔ آدھا کپ صبح، دوپہر، شام کھانے کے بعد پلائیں۔

زبردست ہاضم، کاسر ریاح، سینے کی جلن، تیزابیت ختم کرتی ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

چہرے کے داغ دھبوں کے لیے

ھوالشافی: معجون چوب چینی۔ عرق شاہترہ عرق منڈی کے ساتھ کھلائیں۔

کنٹھ مالا (مجربات شیرازی)

ھوالشافی : کالی زیری۔ کوڑ۔ جل نیم۔ برہم ڈنڈی ہموزن باریک سفوف بنائیں۔ ایک رتی ہمراہ عرق منڈی اور عرق پنیر ڈوڈی کے ساتھ کھلائیں۔

❀ برائے تقویت باہ

ھوالشافی : شنگرف ایک ڈلی ۱۰ گرام۔ افیون عمدہ ۵ گرام۔ سم الفار سفید ۵ گرام۔

ترکیب تیاری: ان تینوں اجزا کو ایک بوتل شراب برانڈی میں کھرل کریں۔ قدرے خشک ہونے پر تمام اکٹھا کر کے ایک گولہ سا بنا کر ماش کا آٹا اوپر ملفوف کر کے پیڑا سا بنا کر گائے کے گھی میں تل لیں قدرے سرخ ہونے پر آٹا اتار کے خوب کھرل کریں اور مشک خالص ۳ گرام۔ عنبر ۳ گرام۔ عاقر قرحا ۶ گرام۔ زعفران ۶ گرام۔ دانہ الائچی خورد ۳ گرام۔ کونین ہاورڈ ۳ گرام۔ فولاد کشتہ ۳ گرام۔ کشتہ سونا ایک گرام ملا کر شہد کی مدد سے گولیاں تقریباً ایک ایک رتی کی بنالیں۔

ترکیب استعمال : آدھی گولی صبح، شام ہمراہ دودھ۔ خوراک میں صرف گوشت، مرغ، انڈا، مکھن، دودھ وغیرہ استعمال کریں۔

فوائد: تقویت باہ کی سرتاج ادویہ میں سے ہے۔ بے پناہ قوت پیدا کرتی ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

طلا خاص

ھوالشافی : بھلانوہ۔ مالکنگنی۔ کنجد۔ شہد ہر ایک ایک کلو روغن کنجد ۳ لیٹر شنگرف ۲۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری : ادویہ کو دھردرا کر کے شہد اور روغن کنجد شامل کر کے آگ پر چڑھائیں اور پکنے دیں۔ جب ادویہ تمام جل جائیں صرف تیل کو اچھی طرح نتھار کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: عضو تناسل پر مالش کریں۔ حشفہ سیون چھوڑ کر اور برگ پان باندھیں۔
فوائد: قدرے آبلہ انگیز ہے۔ آبلہ کی صورت میں طلا مفقود کر دیں اور روغن گل لگائیں۔ عضو تناسل کی کجی سستی کو ختم کر کے مضبوط توانا بناتا ہے۔

مغلظ ومحرک

ھوالشافی: ثعلب مصری ۱۰۰ گرام۔ دانہ الائچی خورد ۵۰ گرام۔ زعفران خالص عمدہ ۱۰ گرام۔ چھلکا اسبول ۱۰۰ گرام۔ کوزہ مصری ۱۰۰ گرام۔
ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک الگ الگ کر کے چھلکا اسبغول شامل کر کے محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال: ۴ بڑے چمچ آدھ لیٹر دودھ گرم میں ملا کر رکھیں۔ کھیر سی بن جائے گی۔ ٹھنڈا ہونے پر روانہ عصر کے وقت کھالیا کریں۔
فوائد: بہترین مغلظ، ممسک، محرک، ملذذ۔

حب اکسیر البدن

ھوالشافی: جدوار ۳ گرام۔ جند بیدستر ۳ گرام۔ تخم جوز ماثل ۳ گرام۔ عاقرقرحا ۶ گرام۔ قرنفل ۶ گرام۔ بسباسہ ۶ گرام۔ ریوند چینی ۱۰ گرام۔ دارچینی ۱۰ گرام۔ تخم کرفس ۱۰ گرام۔ زعفران ۱۰ گرام۔ زرنباد ۱۰ گرام۔ مصطگی رومی اصلی ۱۰ گرام۔ سنبل الطیب ۱۰ گرام۔ اسارون ۱۰ گرام۔ اجوائن خراسانی ۱۵ گرام۔ فلفل سیاہ ۱۵ گرام۔ گوند کیکر ۱۵ گرام۔
ترکیب تیاری: تمام ادویہ خوب باریک کر کے ہمراہ شہد نخودی گولیاں تیار کریں۔
نوٹ: میں نے اس میں جوہر سم الفار ۲ گرام۔ شنگرف ۵ گرام۔ اور گوند ببول مزید ۳۰ گرام اضافہ کیا تو اس کے اثرات مزید بہتر ہو گئے۔

ترکیب استعمال: ایک یا دو گولی ممسک بھی ہے اور شہوت انگیز بھی۔ مستقل فائدہ کے لیے صبح وشام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ وافر۔

یہ نسخہ میرے محسن میرے دوست حکیم رشید احمد صاحب مرحوم ومغفور حافظ آباد کا خصوصی عطا کردہ ہے۔ اب بھی اُن کے مطب میں کثرت سے بنتا ہے۔ مصدقہ اور قابل قدر نسخہ ہے۔ میرے مطب میں گزشتہ بیس سال سے مستعمل ہے۔ سینکڑوں مریضوں نے اس کی بہت تعریف کی ہے۔

اکسیر دمہ

هوالشافی: گاؤدنتی ۲۵۰ گرام۔ مین پھل ۵۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: مین پھل کوٹ کر گاؤدنتی پر لیپ کر کے ۲۰ کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ سفید براق کشتہ برآمد ہوگا۔

مقدار خوراک: ۲ سے ۳ رتی صبح، دوپہر، شام ہمراہ شربت زوفا مرکب، شربت فریاد رس یا شربت اعجاز کے ہمراہ دیں۔

فوائد: دمہ، بلغمی کھانسی، نزلہ زکام، گلے کی خراش، مخرج بلغم عمدہ ترین ہے۔

شربت زوفا مرکب

هوالشافی: ملٹھی ۱۰۰ گرام۔ برگ اڑوسہ ۵۰۰ گرام۔ بہی دانہ ۴۰ گرام۔ تخم خطمی ۱۰۰ گرام۔ تخم خبازی ۱۰۰ گرام۔ سپستان ۱۰۰ گرام۔ عناب ۲۰ گرام۔ گوند کیکر ۲۰ گرام۔

ترکیب تیاری: ملٹھی تھوڑی سی کوٹ لیں۔ اور باقی ادویہ گوند کیکر کے علاوہ بھگو کر دس گنا پانی میں جوش دیں۔ پانی آدھارہ جائے تو فی لیٹر دو کلو چینی ملا کر شربت بنالیں۔ قوام درست ہونے پر گوند کیکر نہایت باریک کپڑ چھان کر کے ملادیں۔ اور بوتلوں میں بھر کے رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۲۰ ملی لیٹر دن میں ۲۔۳ بار پلائیں۔

فوائد: کھانسی، بلغم، نزلہ، زکام، گلے کی خراش کے لیے مؤثر مخرج بلغم ہے۔

حب گولڈن نمبر۴

ھوالشافی: جوزماثل ۱۰۰ گرام۔ فلفل سیاہ ۱۰۰ گرام۔ پوٹاشیم برومائیڈ ۱۰۰ گرام۔ افیون ۵۰ گرام۔ کشتہ قلعی یا کشتہ بیضہ مرغ ۵۰ گرام۔ شہد کی مدد سے گولیاں نخودی بنالیں۔ صبح وشام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ کھلائیں۔ میں اکثر اس کے ساتھ لبوب بارد صبح نہار کھلاتا ہوں۔ جریان احتلام، سرعت انزال، ذکاوت حس کیلئے اعلیٰ ترین تدارک ہے۔

حب شیر برگد

یہ نسخہ حکیم حبیب احمد صاحب مرحوم ومغفور وزیرآباد والوں نے نہایت شفقت سے عطا فرمایا میرے مطب میں عرصہ سے وافر مقدار میں تیار ہوتا ہے۔ نہایت بھروسہ کی چیز ہے۔

ھوالشافی: چھال کیکر تازہ اڑھائی کلو۔ چھال برگد تازہ اڑھائی کلو۔ برگ بھنگ تازہ ایک کلو۔ ان تمام چیزوں میں بیس لیٹر پانی ملا کر رُب تیار کریں۔ یہ عصارہ ۲۵۰ گرام۔ ثعلب مصری ۵۰ گرام۔ موصلی سفید ۵۰ گرام۔ تال مکھانہ ۵۰ گرام۔ تخم جوزماثل ۵۰ گرام۔ پوٹاشیم برومائیڈ ۵۰ گرام۔ کشتہ مثلث ۵۰ گرام۔ کشتہ قلعی ۵۰ گرام۔ خشخاش ۵۰ گرام۔ اجوائن خراسانی ۵۰ گرام۔ کافور دیسی ۱۰ گرام۔ شامل کر کے حبوب نخودی بنا لیں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی صبح وشام ہمراہ دودھ۔

فوائد: جریان، احتلام، لیکوریا، سرعت انزال، ذکاوت حس کے لیے بھرپور فوائد کا حامل ہے۔

برائے اولاد نرینہ

ھوالشافی: مور کے پر کا اوپر والا حصہ (ایک ٹکی) تخم قنب ۱۰ گرام۔ قند سیاہ ۱۰ گرام۔

ورق نقرہ ۳۶ عدد بڑے، ورق طلا کلاں ۳ عدد۔

ترکیب تیاری: مور کے پر کو قینچی سے کاٹ کے نہایت باریک کاٹیں۔ بعد کھرل میں ڈال کر عمدہ باریک کرلیں۔ تخم بھنگ شامل کرلیں اور چوبیس عدد ورق نقرہ ۳ عدد ورق طلا شامل کر کے رگڑائی کریں۔ اچھی طرح مخلوط ہونے پر گڑ شامل کریں اور ایک دو قطرہ پانی شامل کر کے کل بارہ عدد گولیاں بنالیں۔ ایک جتنے وزن کی بعدہ باقی بارہ ورق سے اچھی طرح ملفوف کریں۔

نکتہ خاص: کل دوا کی بارہ گولیاں ایک جیسی بنانی ہیں۔ اگر ورق نقرہ سے ملفوف اچھی طرح کریں گے۔ تو بچہ گورا چٹا ہوگا۔ ورق کے بغیر دوا کھلانے سے بچے کالے رنگت والے پیدا ہوتے ہیں۔ واللہ اعلم۔ حمل کے تیسرے ہفتہ تک یہ ایک گولی روزانہ کھلائیں بعدہ دودھ ایک گلاس پلائیں۔ اور ناغہ نہ کریں۔ بعدہ معجون حمل عنبری علوی خانی کھلائیں۔ اس گولی کو نہ چبا کر کھانا ہے اور نہ ہی توڑ کر کھائیں ثابت نگلیں۔

برائے درد کمر (ہسٹیریا)

ھوالشافی: ہینگ خالص عمدہ ۱۰ گرام۔ سوڈا بائیکارب ۹۰ گرام۔

ترکیب تیاری: کھرل میں ہینگ ڈال کر قدرے باریک کرلیں تھوڑا سا سوڈا بائیکارب ملالیں اور کھرل کریں۔ اسی طرح تھوڑا تھوڑا سوڈا بائیکارب ملاتے جائیں اور کھرل کرتے جائیں۔ یہاں تک کہ تمام سوڈا بائیکارب ختم ہو جائے۔ تقریباً بارہ گھنٹے مکمل کریں۔

مقدار خوراک: ۲ نمبر کیپسولز ۲۵۰ ایم جی۔ صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: کمر کے درد میں تیر بہدف نسخہ ہے۔ ہسٹریا اختناق الرحم میں بھی مجرب ہے۔

نوید بہار

ھوالشافی: جنکو بائی لوبا ۱۲ گرام۔ جنسنگ ۱۸ گرام۔ شاخ مرجان ۴۸ گرام۔ رسوت

مصفی ۱۲ گرام۔ ست ملٹھی ۱۲ گرام۔ گندھک آنولہ سار مصفی ۱۰ گرام۔ کشتہ زنک ۱۲ گرام۔ میگنیشم ۱۸ گرام۔ یوہمبین ۲ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو الگ الگ باریک کر کے باہم اچھی طرح مخلوط کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک گرام روزانہ ہمراہ دودھ ایک لیٹر تک پلائیں۔

فوائد: دور جدید کی تمام جنسی امراض کا شافی علاج ہے۔ شاہکار نسخہ ہے۔

اکسیر قلب

ھوالشافی: گاؤزبان ۵۰ گرام۔ چینی ۵۰ گرام۔ زہر مہرہ خطائی ۲۰ گرام۔ عرق گلاب ۱۰۰ ملی لیٹر۔

ترکیب تیاری: زہر مہرہ خطائی عرق گلاب میں کھرل کر کے خشک کریں اور باقی ادویہ نہایت باریک کر کے شامل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۳ رتی سے ایک گرام۔ حسب ضرورت۔ صبح و شام ہمراہ عرق گاؤزبان۔

فوائد: چہرہ کی زردی، ہاتھ پاؤں کی کپکپی، گھبراہٹ، عطاش، جریان، بچوں کے اسہال کے لیے۔

سفوف ریوند خطائی

ھوالشافی: قلمی شورہ۔ ریوند خطائی۔ سوڈا بائیکارب ہموزن۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باہم باریک کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: تین گرام صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: ورم رحم، لیکوریا، اپھارہ، ضعف جگر، حیض کی بندش، اختناق الرحم میں مفید ہے۔

امراض رحم

ھوالشافی: معجون دبید الورد صبح نہار ہمراہ عرق مکو۔ عرق کاسنی۔ حب محلل اورام صبح و شام۔ سفوف ریوند خطائی ۳ گرام۔ صبح وشام کھلانا مفید ہے۔

ھوالشافی: مرہم داخلیون (ہمدرد) شہد خالص، تازہ مکو کا پانی باہم ملا کر شافہ بنا کر رات کو رکھوائیں۔ رحم میں ورم، چربی کی گلٹیوں کے لیے شفا بخش ہے۔

ھوالشافی: عرق منڈی کے ساتھ اطریفل غددی کھلانے سے ورم رحم، رحم کی رسولیاں ختم ہوتی ہیں۔

رحم کی کمزوری کے لیے

ھوالشافی: رال۔ کہربا شمعی۔ مرجان۔ عقیق۔ زمرد۔ یشب ہموزن باہم ملا کر ایک گرام۔ صبح وشام ہمراہ دودھ کھلائیں۔ رحم کی کمزوری، لیکوریا، استحاضہ جریان الدم کے لیے۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

برائے استحاضہ

ھوالشافی: پٹ سن کی بوری۔ چمڑے کی پرانی جوتی۔ گیری۔ سنگجراح ہموزن۔

ترکیب تیاری: پٹ سن کی پرانی بوری اچھی طرح دھو کر خشک کریں۔ چمڑے کا پرانا جوتا آلائش دور کر کے اچھی طرح صابن سے دھو کر خشک کریں اور جلالیں۔ اس کی راکھ لے کر گیری۔ سنگجراح ہموزن شامل کر کے سفوف بنالیں۔ اور بڑے کیپسول بھر لیں۔

ترکیب استعمال: ۲۔۲ کیپسول ہمراہ شربت انجبار، عرق سونف کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد: جریانِ خون، خون بواسیر، جسم کے ہر حصے سے خون کو روکتا ہے۔ نکسیر اور استحاضہ کے لیے مفید ہے۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

حب کمر درد

ھوالشافی: مقل ۱۰ گرام۔ تخم اسپند ۱۰ گرام۔ خرما خشک ۴ عدد۔

بنا لیں۔
ترکیب تیاری: خوب کوٹ کر حبوب نخودی بنا لیں۔
ترکیب استعمال: ایک ایک گولی۔ صبح، دوپہر، شام ہمراہ دوائے حلتیت دیں۔ زبردست ہے۔
فوائد: کمر درد، چک، اعصاب میں تھکن، پنڈلیوں کے درد میں مفید ہے۔

حب تبخیر

یہ نسخہ حاجی غلام نبی رتی والوں نے عطیہ کیا بنایا اور مفید پایا۔
ھوالشافی: سقمونیا اصلی ۱۰ گرام۔ لاجورد مغسول ۱۰ گرام۔ حجر ارمنی ۱۰ گرام۔ مغز بادام ۱۵ گرام۔ مویز منقی ۱۵ گرام۔
ترکیب تیاری: سب کو کوٹ کر حبوب نخودی بنا لیں۔
ترکیب استعمال: صبح شام ایک ایک گولی ہمراہ چائے/ پانی/ دودھ۔
فوائد: تبخیر، مالیخولیا مراقی، وہم، وحشت، خوف وغیرہ میں مفید ہے۔

حب رسوت

ھوالشافی: کچور ایک کلو۔ رسوت مصفیٰ ۲ کلو۔ چاکسو ایک کلو۔ تخم نیم ایک کلو۔ مولی کا پانی ۱۰ لیٹر۔
ترکیب تیاری: رسوت ۲ کلو کوٹ کر مولی کے پانی میں حل کر کے چولہے پر رکھیں۔ یہاں تک پکائیں کہ گاڑھی بن جائے۔ کپڑے سے پن کر تمام الائش دور کر کے۔ اس گاڑھا نما جز میں باقی ادویہ باریک کر کے شامل کریں اور خوب کوٹ کر گولیاں نخودی بنا لیں۔
ترکیب استعمال: ۲ گولی صبح ۲ گولی شام ہمراہ کچی لسی۔
فوائد: بواسیر خونی، بادی، کے لیے از حد مفید ہے۔ مصفی خون اعلیٰ درجہ ہے۔

مدر حیض (حب زعفرانی)

ھوالشافی: ہیرا کسیس ۳ گرام۔ مصبر ۱۰ گرام۔ مرکی ۱۰ گرام۔ زعفران ۳ گرام۔ کشتہ

فولاد عمدہ ۳ گرام۔ ہینگ خالص ۳ گرام۔ شہد حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کوٹ چھان کر شہد شامل کر کے گولیاں نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی ہمراہ دودھ گرم۔

فوائد: امراض رحم میں مفید ہیں۔ ورم رحم، ضعف رحم، حیض کی خرابی، بندش ایام بے قاعدگی عرصہ سے بند حیض کو بھی چند دن کا استعمال خاطر خواہ فائدہ دیتا ہے۔

❀ حب خوش ایام

ھوالشافی: ہینگ عمدہ۔ سہاگہ خام۔ ہیرا کسیس۔ مصبر ہموزن گودہ گھیکوار بقدر۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے گودہ گھیکوار شامل کر کے حبوب نخودی بنا لیں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی ہمراہ دودھ گرم/ یا دودھ پتی۔

فوائد: مدر حیض، ایام کی بے قاعدگی۔ بانجھ پن میں بھی مفید ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

ادراری (حب ابہل)

ھوالشافی: مصبر ۱۰ گرام۔ ابہل ۱۰ گرام۔ زعفران خالص عمدہ ۵ گرام۔ ہیرا کسیس ۵ گرام۔ برگ سداب ۵ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کوٹ پیس کر حبوب نخودی پانی کی مدد سے بنالیں۔

ترکیب استعمال: صبح، دوپہر، شام ہمراہ دودھ پتی ایک ایک گولی کھلائیں۔

فوائد: حیض کو جاری کرتی ہے۔ اسقاط حمل کا باعث ہے۔ محتاط۔

شوگر کے لیے

ھوالشافی: اندر جو تلخ باریک کر کے بڑا کیپسول ایک روزانہ۔

فوائد: مرض ذیابیطس میں مجرب ہے۔

بیاض استاذ الاطباء

صفحہ نمبر ۱۶۲ ترکیب کشتہ چاندی۔ مرض ذیابیطس میں موثر ومفید نسخہ ہے۔

بواسیر کے لیے

ھوالشافی: چرائتہ۔ درخت نیم کا چھلکا ہموزن رُب تیار کریں۔ رسوت پانی میں حل کر کے مصفی کرلیں۔ اور خوب گاڑھا کر کے اس رُب کے ہموزن ملا کر گولیاں باندھنے کے قابل ہو جائے تو حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی صبح، دوپہر شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: خونی، بادی بواسیر، خنازیر، پھوڑے پھنسی کے لیے مصفی خون کمال ہے۔

❀ معجون قادری

یہ نسخہ حکیم اعظم خان صاحب کا ہے۔ شفاء الامراض، القرابادین صفحہ ۱۱۸۹ میں درج ہے۔

ھوالشافی: عاقرقرحا۔ زنجبیل۔ قرنفل ہر ایک ۳۰ گرام۔ زردی بیضہ مرغ ۱۸ عدد۔ شہد خالص ۳۲۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کرلیں۔ شہد میں تھوڑا عرق گلاب شامل کر کے زردی بیضہ مرغ حل کر کے گرم کریں زردیوں کی رنگت تبدیل ہونے پر اتار کے ادویہ مسحوقہ شامل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام ہمراہ دودھ نیم گرم آدھ لیٹر یا حسب برداشت۔

فوائد: مغلظ، ممسک، محرک، ملذذ بہترین ہے۔ حیرت انگیز نسخہ ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

شوگر کے لیے

ھوالشافی: تخم جامن ۲۵۰ گرام۔ ہلدی مغسول ۲۵۰ گرام۔ جنگلی کریلے ۱۵۰ گرام۔

(ہلدی کو سات پانی دھولیں۔ اور اچھی طرح خشک ہونے پر باریک کرلیں۔ ایک نمبر کیپسول صبح، دوپہر، شام۔

فوائد: مرض ذیابیطس کو کنٹرول کرنے میں معاون ہے۔

پتھری کے لیے خاص مجرب

ھوالشافی: نمک چھبڑ ۱۰ گرام۔ کشتہ حجر الیہود ۱۰ گرام۔ (آب ترب والا) شورہ قلمی ۲۰ گرام۔ مدبر بہ برگ قنب (شورہ قلمی ۱۰۰ گرام، بھنگ کا پانی ۴۰۰ ملی لیٹر میں مدبر کر لیں) جوکھار اصلی ۲۰ گرام۔

ترکیب تیاری: باہم ملا کر رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۲ رتی کی خوراک ہمراہ شربت بزوری کے کھلائیں بعدہ چائے پلائیں۔

فوائد: گردہ، مثانہ اور حالبین کی پتھری کو چند یوم میں تحلیل کر دیتا ہے۔

اسرول نمبر۱

ھوالشافی: چھوٹی چندن ۵۰ گرام۔ مرچ سیاہ ۱۰ گرام۔ سنبل الطیب ۱۰ گرام۔ اسطوخودوس ۱۰ گرام۔ اجوائن خراسانی ۱۰ گرام۔ باہم ملا کر پیس لیں ۲۵۰ ملی گرام۔ صبح و شام یا صبح دوپہر شام۔

فوائد: سردرد، نزلہ، زکام، ہسٹریا، بخار، جنون، مالیخولیا مراقی، وحشت، خفقان، بلند فشار الدم یعنی بلڈ پریشر کے لیے مفید منوم ومسکن ہے۔

حب صابر

ھوالشافی: حنظل۔ رائی۔ گندھک آنولہ سار۔ ہموزن بدستور سفوف بنالیں۔ مخرج بلغم اعلیٰ ہے۔

ذیابیطس

ھوالشافی: نمک جامن۔نمک کریلا۔نمک گڑمار بوٹی۔حنظل۔چنے سیاہ۔

ترکیب تیاری: حنظل (تمہ) ۱۵۰ گرام۔ لے کر پانی ۷۵۰ ملی لیٹر ڈال کر پکائیں جب پانی آدھا رہ جائے۔ تو چنے ۵۰ گرام لے کر پکائیں جب پانی پورا جذب ہو جائے۔نکال کر چنے باریک کر کے رکھیں اور اس میں سے ۳۰ گرام۔ چنے کا سفوف لے کر نمک جامن، نمک کریلا نمک گڑمار بوٹی ۱۰۔۱۰ گرام شامل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی صبح وشام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: مرض ذیابیطس میں مفید و مجرب ہے۔

❀چہرہ کی چھائیوں کے لیے

ھوالشافی: حسن یوسف باریک کر کے۔ روغن بادام تلخ میں شامل کر کے چہرہ پر لگائیں، چہرہ کے تل، اور چھائیوں کے لیے از حد مفید ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

حب ریح الکلیہ

ھوالشافی: مرچ سیاہ گائے کے پتہ میں بھر کر سکھا لیں اور گولیاں مرچ سیاہ کے برابر بنا لیں۔ ریحی دردوں کے لیے مفید ہے۔ صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔ ریح الکلیہ میں مفید ہے۔

حب دردِ گردہ

ھوالشافی: بندق معہ چھلکا و مغز کوٹ کر ایک ریٹھہ کی چار گولیاں بنا لیں درد گردہ کے لیے ایک گولی صبح، دوپہر، شام، ہمراہ آب تازہ۔

برصول

ھوالشافی: سمندر جھاگ، نوشادر ہموزن باریک کر کے کیپسول بڑا بھر لیں صبح و شام ایک ایک۔

نوٹ: برص (پھلبہری) کے لیے ۳۔۴ ماہ مسلسل کھلائیں بفضل تعالیٰ مکمل شفا ہوگی۔

مخرج بلغم

جیبی فارموکوپیا میں حکیم اقبال حسن یزدانی کا یہ نسخہ اخراجِ بلغم میں کمال اثرات کا حامل ہے۔

ھوالشافی: برگ مدار تازہ صاف کر کے آب مروق سبز نکالیں دوگنا چینی شامل کر کے لعوق تیار کریں۔ بلغم ہٹیلی کے لیے موثر ترین ہے۔ سمجھ دار طبیب اسے اپنی نگرانی میں استعمال کروائیں۔

سفوف نارنج

ھوالشافی: پوست نارنج ۱۵۰ گرام۔ سوڈا بائیکارب ۳۰۰ گرام۔ نمک سیاہ ۵۰ گرام۔ ست لیموں ۱۰۰ گرام۔ انار دانہ خشک ۱۵۰ گرام۔ فلفل دراز ۲۵ گرام۔ فلفل سیاہ ۱۰۰ گرام۔ ست پودینہ ۲۰ گرام۔ دانہ الائچی خورد ۱۰۰ گرام۔ چینی ۲ کلو۔

ترکیب تیاری: بدستور معروف سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: ۳ گرام سے ۵ گرام تک صبح شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: یہ نہایت خوش ذائقہ سفوف، ہاضم، مفرح ہے جلن تیزابیت کھٹے ڈکار کے لیے مفید ہے۔

مفید نسواں

مجربات جیلانی کا یہ نسخہ واقعی اکسیر صفت ہے۔ مجرب و مفید ہے۔

ھوالشافی : گندھک آنولہ سار ۵۰ گرام۔ ہر دفعہ ۲۰ گرام۔ گھی میں گرم کر کے دودھ گاؤ ۱۵۰ ملی لیٹر میں بجھاؤ دیں۔ یہی عمل ۴۰ مرتبہ کرنے کے بعد اس کی نخودی گولیاں بنا لیں۔

ترکیب استعمال و فوائد: صبح شام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ۔ عورتوں کے تمام امراض کے لیے مفید ہے۔

اسرول نمبر ۲

ھوالشافی : دھنیا مقشر۔ چھوٹی چندن ہموزن باریک کر کے سفوف بنا لیں اور زیرو نمبر کیپسول بھر لیں۔ صبح و شام ایک ایک کیپسول ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

فوائد: وحشت، جنون، مالیخولیا مراقی کے لیے موثر ہے۔ مسکن، منوم عمدہ ہے۔ بلڈ پریشر فشار الدم قوی میں اعلیٰ درجہ کی دوا ہے۔

❀ آرام جان

ھوالشافی : ریوند عصارہ ۲۵ گرام۔ پوٹاشیم آئیوڈائیڈ ۲۵ گرام، اسپرین پاؤڈر ۳۰۰ گرام۔ سردیوں میں تخم دھتورہ صرف ۱۲ گرام اضافہ کریں۔ برسات میں اسپرین کی جگہ فیناسٹین شامل کریں۔ برسات میں یہ کیپسول نمی قبول کرتے ہیں۔

فوائد: سر درد، جسم درد، حیض کا درد، تھکن، درماندگی، نزلہ، زکام میں مفید ہیں۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

مدر حیض

ھوالشافی : ریوند خطائی ۲۰ گرام۔ شورہ قلمی ۵۰ گرام۔ نوشادر ۲۰ گرام۔ باہم سفوف بنا لیں۔

مقدار خوراک : ۴/۱ گرام سے ایک گرام تک ہمراہ بدرقہ مناسبہ پیشاب کی جلن کے لیے شربت بزوری کے ساتھ ہمراہ کپور کچری آدھ گرام۔ احتباس طمث کے لیے تخم

خربوزہ یا تخم کھیرا۔ زیرہ سفید۔ تخم کپاس یا بانس کی لکڑی ہم وزن قہوہ بنا کر پلائیں۔ ورم جگر۔ وجع المفاصل کے لیے شربت دینار، عرق مکو، عرق کاسنی، عرق گاؤزبان وغیرہ کے ساتھ۔

❀ حب مچکنا (بھگندر کے لیے)

ھوالشافی: کرنجوہ مقشر ثابت دانہ۔ ورق چاندی (بڑا ۱۴۱ نمبر) ہم تعداد باریک کر کے بیر کے دانہ برابر گولیاں بنالیں۔ صبح وشام ہمراہ آب تازہ، حیرت انگیز اور بڑے معرکے کا علاج ہے۔ بھگندر، ناسور چند یوم میں مکمل شفایاب ہوگا۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

بھگندر کے لیے

ھوالشافی: کافور چائنہ پاؤڈر۔ گندھک آملہ سار۔۵۰۔۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری: دونوں ادویہ ایک کلو پانی میں ملا کر آگ پہ رکھیں جب تمام پانی خشک ہو جائے۔ نکال کر باریک پیس کر سفوف بڑا کیپسول بھرلیں۔

مقدار خوراک و استعمال: ایک ایک کیپسول صبح وشام۔ بھگندر پھوڑے کو دنوں میں خشک کر کے مکمل صحت یابی ہو جائے گی۔ انشاءاللہ۔

قے کے لیے مجرب

ھوالشافی: برگ بھنگ ۱۰ گرام۔ کافور ۳ گرام۔ حبوب بنالیں۔ صرف ایک گولی پانی کے ساتھ کھلا دیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ صرف ایک خوراک سے قے رک جائے گی۔ عند الضرورت دوسری خوراک شام کو دیں۔

حب قے

ھوالشافی: قے جو کسی دوا سے نہ رکے خانگی مکھیوں کا فضلہ چھوٹی سی گولی بنا کر دیں۔

بفضلہٖ تعالیٰ شفا ہوگی۔

وجع المفاصل

ھوالشافی: شربت دینار ۲ چمچ صبح وشام کشتہ مرگانگ آدھ رتی کے ساتھ کھلا دیا کریں۔ وجع المفاصل کا شافی علاج ہے۔ بعدہ درج ذیل مالش کروائیں۔ فیصل آباد والوں کا مصدقہ ہے۔

ھوالشافی: روغن ماہی ۵۰ ملی گرام۔ روغن لونگ ۵۰ ملی گرام۔ پوٹاشیم پرمیگنیٹ ایک گرام باہم ملاکر متاثرہ اعضاء پر مالش کریں۔ بفضلہٖ تعالیٰ شفا ہوگی۔

دیدانِ امعاء

ھوالشافی: برگ آڑو ۵۰ گرام۔ برگ نیم ۵۰ گرام۔ پوٹاشیم پرمیگنیٹ (پنکی) ایک گرام۔ باہم باریک کر کے سفوف بنالیں ایک گرام صبح وشام پیٹ کے کیڑوں کے لیے مؤثر ہے۔

❀ ممسک خاص

ھوالشافی: عاقر قرحا ۵۰ گرام۔ شنگرف ۵۰ گرام۔ زعفران خالص ۱۰ گرام۔ افیون خالص ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کھرل کر کے عرق گاؤزبان میں حبوب نخودی بنالیں۔
ترکیب استعمال: ایک گولی قبل از مباشرت ۲ گھنٹے پیشتر ہمراہ دودھ۔
فوائد: بہترین امساک پیدا کرتی ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

❀ حب ممسک

ھوالشافی: ناریل سالم ایک عدد۔ خراطین مصفی ۵۰ گرام۔ بیر بہوٹی سر پیر بریدہ ۵۰

گرام۔افیون ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: ناریل سالم میں چھوٹا سا سوراخ اس طرح کریں کہ قطع شدہ حصہ دوبارہ اوپر لگ سکے اس میں خراطین بیر بہوٹی افیون بھر کے اوپر دوبارہ کاٹا ہوا حصہ رکھ کے ماش کے آٹے سے ملفوف کر کے بھوبھل میں دبا دیں سرخی مائل ہو جائے تو قدرے ٹھنڈا ہونے پر ماش کا آٹا اتار دیں خوب کوٹ کر ماش کے دانے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ۔

فوائد: مقوی اعصاب مولد خون محرک زبردست اور امساک کمال پیدا کرتی ہیں۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

حب ممسک

بھارت سنجیونی صفحہ نمبر ۱۳۴ میں یہ حبوب نہایت مقوی باہ تجربہ شدہ ہیں۔

ھوالشافی: شنگرف ۴۰ گرام۔ جائفل ۴۰ گرام۔ جاوتری ۸۰ گرام۔ اجوائن خراسانی ۱۲۰ گرام۔ فلفل دراز ۱۲۰ گرام۔ کائفل ۱۲۰ گرام۔ شہد خالص حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری: ادویہ کو باریک کر کے گندم کے تیل میں رات کو بھگویں صبح شہد مخلوط کر کے خوب رگڑائی کر کے حبوب نخودی بنالیں۔ ۲ سے ۴ گولی تک صبح و شام۔

فوائد: ہڈیوں، پٹھوں، نسوں کو مضبوط کرنے والی مقوی اور ممسک تیر بہدف ہے۔

تدبیر شنگرف

ھوالشافی: شنگرف ایک پاؤ کی ڈلی۔ اجوائن خراسانی حرمل ہر ایک ایک کلو۔ مؤخر الذکر ادویہ کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر رکھیں ایک کڑاہی میں پہلے حرمل آدھ کلو تقریباً بچھائیں اوپر اجوائن خراسانی تقریباً آدھا کلو شنگرف کی ڈلی رکھیں پھر حرمل پھر اجوائن اچھی طرح دبا دیں اور آٹھ گھنٹے کی درمیانی آگ دیں۔ آٹھ گھنٹے کے بعد آگ بند کر کے مکمل ٹھنڈا ہونے پر آہستگی سے شنگرف ڈلی نکال لیں اور کام میں لائیں۔

تریاق بخار

ہوالشافی: سنبلو ۲۵۰ گرام کو اچھی طرح پانی سے دھولیں کہ آلائش باقی نہ رہے۔ پھر اسے ایک جگ پانی میں بھگو دیں۔ چوبیس گھنٹے بعد زلال لے کر چینی ملا کر شربت تیار کریں۔ بڑے آدمی کو ایک چمچ ایک گھونٹ پانی ملا کر دیں۔ دن میں ۴ دفعہ دیں۔ ایک ہی دن میں بخار اتر جائے گا۔ ورنہ دوسرے دن بھی دے دیں۔

فوائد: کرم شکم، چھاتی پر بلغم، بواسیر، خارش، جوڑوں کے درد کے لیے تریاق بخار، مصفی خون ہے۔

تریاق بخار دیگر

ہوالشافی: برگ چرائتہ نیپالی ۱۰ گرام۔ انجبار ۵۰ گرام۔ مٹی سے صاف ستھرا کر کے دھر درا کر کے ایک لیٹر پانی میں بھگو دیں۔ اور دھوپ میں رکھیں چوبیس گھنٹے کے بعد کہ خوب اثر نکل آئے۔ اچھی طرح نتھار کے شربت بنالیں۔ ایک چمچ بھر پانی میں ملا کر بچوں کو پلائیں۔ بخار دور ہوگا اور دل کو تقویت ہوگی از حد مفید ہے۔ اسی پھوگ میں دوبارہ پانی ملا کر شربت بنالیں۔

بچوں کی ٹھنڈک

ہوالشافی: برادہ ملٹھی ۳۰ گرام۔ پوٹاشیم کلوریٹ ۷۰ گرام۔

ترکیب تیاری: باہم ملا کر رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک رتی دن میں دو دفعہ بخار، نزلہ، کھانسی، پیاس کی شدت میں مفید ہے۔

تصدیقات

کتاب راز الاطباء مسہل اکسیری صفحہ نمبر ۲۱ مصدقہ مجربہ ہے۔

کتاب طبی صندوقچہ حب شفا صفحہ نمبر ۵۴ مصدقہ مجربہ ہے۔

سیلان الرحم

ھوالشافی: شاخ مرجان خام ۱۰ گرام۔ چوراورق نقرہ ۵ گرام۔

ترکیب تیاری: دونوں اجزاء گودہ گھیکوار میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر ۲ کلو کوئلے کی آگ دیں۔ خاکستری رنگ کا کشتہ برآمد ہوگا۔

ترکیب استعمال: ایک کیپسول ۳ نمبر ہمراہ دودھ روزانہ۔

فوائد: سیلان الرحم کا از احد مفید نسخہ میرا مستعمل ہے۔ یہ نسخہ حکیم حبیب احمد صاحب مرحوم وزیر آبادی نے خصوصی طور پر مرحمت فرمایا۔

شوگر کے لیے

حکیم محمد اشرف سلیچ سیالکوٹ کے ذاتی معمولات کا نسخہ ہے جو کمال مہربانی فرما کر انہوں نے عنایت فرمایا۔ صدہا مریضوں پہ آزمایا۔ الحمدللہ شوگر کے مرض کو کنٹرول کرتا ہے۔

ھوالشافی: تخم کریلا۔ مغز تخم نیم۔ مغز تخم جامن۔ کنگنی بوٹی۔ چاکسو ہموزن۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ نہایت باریک سفوف بنا کر بڑے کیپسول بھرلیں۔

ترکیب استعمال: صبح، دوپہر، شام ایک ایک کیپسول ہمراہ آب تازہ۔

نوٹ: خوراک میں صرف بکرے کا لبلبہ اور انڈا کھلائیں۔

فوائد: مرض ذیابیطس کا بہترین کنٹرول ہے۔

❀ مستونگ

ھوالشافی: تخم کونچ ۱۵۰ گرام۔ اسگند ۱۰۰ گرام۔ ملٹھی ۲۵ گرام۔ جاوتری ۱۵ گرام۔ گوکھرو ۲۵ گرام۔ ست گلو ۳۰۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک پیس کر ۵۰۰ ملی گرام کے کیپسول بھرلیں۔

ترکیب استعمال: صبح وشام ایک ایک کیپسول ہمراہ دودھ۔
فوائد: ممسک مغلظ۔ یہ خاص چیز ہے۔ اور مطب میں کامیابی سے مستعمل ہے۔
[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

حب ممسک عنبری

ھوالشافی: جدوار خطائی عمدہ ۱۰ گرام۔ زعفران اعلیٰ ۱۰ گرام۔ عنبر خالص ۵ گرام۔
ترکیب تیاری: بہت احتیاط سے تینوں اجزا مکمل سحق بلیغ کر کے شہد کی مدد سے گولیاں مرچ سیاہ کے برابر بنالیں۔
ترکیب استعمال: ایک گولی روزانہ یا شدید ضرورت میں صبح وشام ہمراہ دودھ۔
فوائد: بارہا کا آزمودہ دواخانہ حکیم جمیل کا خاص معمول مطب ہے۔ ممسک بہترین، مقوی اعصاب نہایت عمدہ۔ بہترین تحریک پیدا کرتا ہے۔

اکسیر جگر

ھوالشافی: ریوند خطائی ۱۰۰ گرام۔ نوشادر دیسی ۱۰۰ گرام۔ شورہ قلمی ۱۰۰ گرام۔ فیری ایٹ امونیا سائٹراس ۵۰ گرام۔
ترکیب تیاری: تمام اجزاء سحق بلیغ کر کے محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال: ۴ سے ۶ رتی ہمراہ عرق گاؤزبان۔ صبح وشام یا صبح، دوپہر، شام۔
فوائد: پرانے بخاروں، جگر کے اکثر امراض، خون کی کمی، بھس، ہیپاٹائٹس میں مفید ہے۔

شربت صدر خاص

ھوالشافی: برگ گاؤزبان ۱۰۰ گرام۔ مویز منقی ۵۰ گرام۔ انجیر زرد ۵۰ گرام۔ عناب ۵۰ گرام۔ سپستان ۵۰ گرام۔ بادیان ۵۰ گرام۔ ملٹھی مقشر ۵۰ گرام۔ اجوائن دیسی ۵۰ گرام۔ پرسیاؤشاں ۳۵ گرام۔ تخم السی ۵۰ گرام۔ تخم خطمی ۳۵ گرام۔ پوست کوکنار ۵۰

گرام۔

ترکیب تیاری: تمام دوائیں آٹھ لیٹر پانی میں بھگو دیں۔آٹھ پہر کے بعد ابال لیں جب پانی ۴ لیٹر رہ جائے ۳ کلو چینی ملا کر قوام درست کریں۔اور بوتلوں میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک چمچ صبح، دوپہر، شام، گرم پانی میں قہوہ بنا کر دیں یا ویسے پی لیں۔

فوائد: بلغم، کھانسی، نزلہ، زکام بخار، گلے کی خراش، خشونت کانوں کی خارش میں مفید ہے۔

چٹکلا

ھوالشافی: نوشادر اور الائچی سبز ہموزن باریک کر کے سرمہ بنائیں اور آنکھوں میں ایک ایک سلائی لگائیں۔چند سیکنڈ میں چھپاکی، دھپڑ، شری بلغمی کو آرام دیتا ہے۔

بال پال

ھوالشافی: ریوند چینی۔کچور۔نوشادر۔ہرڑ کابلی پوست ہر ایک ۱۰ گرام۔چینی خوردنی ۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ نہایت باریک کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک رتی سے ۲ رتی تک ہمراہ شربت صدر چٹا دیں۔یا پانی یا عرق چہار۔

فوائد: بچوں کے دست، قے، بدہضمی، بخار، اپھارہ، پیٹ کا درد۔بہت مفید ہے۔

پتھری کے لیے بہت مفید نسخہ

ھوالشافی: رائی ۲ کلو۔شورہ قلمی ایک کلو۔

ترکیب تیاری: رائی کو دو چار کلو پانی میں ڈال کر ہاتھ سے اچھی طرح مل کے صاف کریں۔اور چھلنی میں ڈال کر پانی گرا دیں۔تاکہ مٹی آلائش وغیرہ سب نکل جائے۔اور

فوراً رائی کو سکھا لیں۔ اس میں نصف وزن شورہ قلمی ڈال کر باریک کریں اور محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۶ گرام۔ صبح، شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: سنگ گردہ، سنگ مثانہ کے لیے بارہا کا آزمودہ کامیاب نسخہ ہے۔

نوٹ: اگر درد زیادہ ہو تو بندق پوست معہ تخم مقشر باریک کر کے نخودی گولیاں بنا لیں اور ایک گولی دیں۔ از حد مفید نسخہ ہے۔

الرجی کے لیے خصوصی تجربہ

ھوالشافی: بکن بوٹی کے سبز پتے ۵۰ گرام۔ اور اگر خشک ہوں تو ۲۵ گرام ایک گلاس پانی میں بھگو دیں۔ ۱۰ گھنٹے بعد چھان کے یہ پانی پی لیں۔ اور دوبارہ پتوں میں پانی ڈال کر رکھ دیں۔ الرجی، چھینکیں، بلغمی نزلہ، جاتا رہے گا۔ بفضلہٖ تعالیٰ۔

سفوف سلیمانی

سلیمانی دواخانہ حکیم عبداللہ جہانیاں والوں کا یہ نسخہ افادیت میں بہت اعلیٰ ہے۔ مطب میں اکثر بنایا اور مفید پایا۔

ھوالشافی: سونف۔ اجوائن دیسی۔ کشنیز۔ انار دانہ۔ نوشادر۔ پوست بیخ مدار۔ ہر ایک ۵۰ گرام۔ مکودانہ ۱۰۰ گرام۔ قند سفید ۳۵۰ گرام۔ ست پودینہ ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء نہایت باریک کر کے سفوف بنا لیں۔

ترکیب استعمال: ایک سے ۲ گرام تک ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: ہاضم، کاسر ریاح، نفخ اپھارہ، قراقر، بدہضمی کے لیے مفید ہے۔

تبخیری

ھوالشافی: حرمل، مویز منقیٰ ہموزن

ترکیب تیاری: خوب کوٹ کر گولیاں نخودی بنا لیں۔

ترکیب استعمال: ہر کھانے کے بعد ایک گولی ہمراہ آب تازہ۔
فوائد: ڈکار، اعصابی کمزوری، تبخیر کے لیے مفید ہے۔

سفوف سورنجاں

ھوالشافی: سورنجاں شیریں۔ خولنجاں۔ سنا مکی۔ سونٹھ ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ چینی ۴۰۰ گرام۔
ترکیب تیاری: الگ الگ باریک کر کے باہم ملا لیں۔
ترکیب استعمال: ۳ گرام۔ صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ۔
فوائد: جوڑوں کے درد، اعصاب کے تناؤ، کھنچاؤ اعصابی دردوں میں مفید ہے۔

شریٰ بلغمی

ھوالشافی: ناگیسر ۱۰۰ گرام۔ مالکنگنی ۱۰۰ گرام۔ عاقر قرحا ۵۰ گرام۔ سفوف بنا کر چھوٹا کیپسول بھر لیں۔ روزانہ ایک خوراک کھلائیں۔
فوائد: الرجی، خارش، دھپڑ، شریٰ بلغمی میں مفید ہے۔

حب وجع المفاصل

ھوالشافی: سورنجاں شیریں ۱۴۴ گرام۔ پوٹاشیم برومائیڈ ۲۴ گرام۔ سوڈا سیلی سلاس ۹۶ گرام۔ فنسٹین ۲۴ گرام۔ کیفین سائٹراس ۲۴ گرام۔ دانہ الائچی خورد ۴۸ گرام۔
ترکیب تیاری: باہم ملا کر سفوف کر کے محفوظ رکھیں اور کیپسول ۵۰۰ ایم جی بھر لیں۔
ترکیب استعمال: صبح و شام ایک ایک کیپسول ہمراہ چائے۔
فوائد: جوڑوں کے درد، سوجن، دکھن میں مفید ہے ورم کو بھی تحلیل کرتے ہیں۔

مدر حیض

ھوالشافی: توڑی (گندم کی بھوسی) ۲۰ گرام۔ اجوائن دیسی ۱۰ گرام۔ گھی ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: توڑی کو ایک گلاس پانی میں ابال لیں ایک ابال کے بعد اجوائن شامل کر دیں۔ تین چار جوش آنے کے بعد پن کے گرم گرم میں گھی شامل کر کے پلا دیں۔

فوائد: ادرار حیض میں مفید ہے۔

❀ شربت پان

ھوالشافی: ۲ کلو پان کے پتے کا پانی جتنا بھی نکل آئے۔ چینی ۲۲۵۰ گرام جاوتری ۱۰۰ گرام۔ لونگ ۱۰۰ گرام۔ زعفران ۱۰ گرام۔ عنبر ۳ گرام۔

ترکیب تیاری: پان کے پتے کا پانی تقریباً ایک لیٹر میں چینی سوا دو کلو شامل کر کے جاوتری۔ لونگ۔ دھردرا کر کے پوٹلی میں باندھ کے شامل کر کے قوام درست کریں اور پوٹلی نکال دیں۔ زعفران اور عنبر نہایت باریک کر کے شامل کریں اور شربت محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک چمچ روزانہ یا صبح، شام دودھ میں ملا کر پئیں۔

فوائد: زبردست تقویت اعصاب کے لیے محرک ممسک بہترین ہے۔ آزمودہ مصدقہ ہے۔ شوگر کے لیے خصوصیت سے فائدہ مند ہے۔ ضعف قلب اور گیس کی وجہ سے ضعف باہ میں از حد مفید ہے۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

پتے کی پتھری کے لیے

ھوالشافی: لیموں کا رس ایک بوتل۔ کوڑی زرد ۲۱ عدد۔ بھگو کے رکھ دیں۔ چند یوم میں کوڑی زرد تحلیل ہو جائیں گی اور ثقل سا اوپر آ جائے گا۔ چھاننی سے چھان کر دوبارہ بوتل میں محفوظ رکھیں اور ایک چمچ روزانہ اچھی طرح ہلا کر پلا دیا کریں۔ پتے کی پتھری بوتل ختم ہونے تک تحلیل ہو کر خارج ہو جائے گی۔ ورم مرارہ میں بھی مفید ہے۔

نروان پلز

ھوالشافی: جدوار ۱۰۰ گرام۔ عود صلیب ۱۰۰ گرام۔ جائفل ۱۰۰ گرام۔ سلاجیت ۵۰

گرام۔زعفران ۲۵ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ بالکل باریک کر کے شہد کی مدد سے گولیاں بنا لیں۔

ترکیب استعمال: صبح و شام ہمراہ دودھ ایک ایک گولی۔

فوائد: مقوی اعصاب، محرک، عضلات کی کمزوری، ممسک بہترین ہے۔

معین حمل

ھوالشافی: ثمر مغیلاں (کیکر کی پھلیاں) ۱۰۰ گرام۔سوئے ۱۰۰ گرام۔سونف ۱۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: باریک سفوف باہم تمام اجزا ملا کر بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک سے ۲ گرام صبح و شام۔

فوائد: معین حمل، اٹھرا، خرابی ایام کے لیے مفید ہیں۔

مرکب افسنتین

ھوالشافی: افسنتین ۵۰ گرام۔گل سرخ مصفی ایرانی ۳۰ گرام۔گل گاؤزبان ۳۰ گرام۔ مصطگی ۲۰ گرام۔عود ہندی ۲۰ گرام۔دانہ الائچی خورد ۱۰ گرام۔طباشیر ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ صاف ستھری کر کے باریک کریں اور محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۳ گرام۔صبح و شام ہمراہ آب تازہ یا عرق گاؤزبان۔

فوائد: تبخیر معدہ، پرانی پیچش، بدہضمی، دل کی کمزوری، وحشت، گھبراہٹ، مالیخولیا، ڈر، شک، تشویش، وہم، جگر کی خرابی، پراگندہ خیالی، مراق کے لیے مفید ہے۔

گولی واجد علی شاہ

یہ نسخہ انڈیا سے کسی صاحب نے منگوایا اور بہت تعریف کی۔کتب میں یہ نسخہ درج ہے۔میں نے خود یہ نسخہ بنایا اور مفید پایا۔مطب میں مستعمل ہے۔

ھوالشافی: اجوائن خراسانی ۴۲. ملی گرام۔عنبر ۰۹. ملی گرام۔افیون ۴۹. ملی گرام۔

جاوتری ۱۹. ملی گرام۔ جوز بوا ۱۹۱. ملی گرام۔ مغز پستہ ۴۲. ملی گرام۔ مغز اخروٹ ۴۲. ملی گرام۔ مغز چلغوزہ ۴۲. ملی گرام۔ مغز کدو ۴۲. ملی گرام۔ مغز فندق ۴۲. ملی گرام۔ مغز پنبہ دانہ ۴۲. ملی گرام۔ مغز بادام ۴۲. ملی گرام۔ موصلی سینبھل ۲۷۵ ملی گرام۔ قند سفید ۲۷۵ ملی گرام۔ ست بھنگرہ ۹۹. ملی گرام۔ سلاجیت ۱۹. ملی گرام۔ تخم کاہو ۴۲. ملی گرام۔ تخم خشخاش ۴۲. ملی گرام۔ تخم دھتورہ ۴۲. ملی گرام۔ زعفران ۰۹. ملی گرام۔

ترکیب تیاری: بدستور معروف حبوب نخودی بنائیں۔

ترکیب استعمال: صبح و شام ہمراہ دودھ۔

فوائد: میں پورے وثوق سے کہہ سکتا ہوں۔ واجد علی شاہ سچا تھا۔

مصفی خاص

ھوالشافی: برگ نیم۔ گندھک آملہ سار۔ نوشادر ہموزن۔

ترکیب تیاری: باہم ملا کر سفوف باریک بنالیں اور کیپسولز بھر لیں۔

ترکیب استعمال: صبح شام ایک ایک کیپسول ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: پھوڑے، پھنسی، خارش، داد، چنبل، دھدر، بواسیر کے لیے مفید ہے۔

حب مقوی اعصاب

ھوالشافی: اذاراقی مدبر۔ زعفران۔ جائفل۔ جلوتری۔ لونگ۔ جدوار۔ افسنتین ہموزن۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے شہد شامل کر کے حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: صبح و شام ایک ایک گولی کھانے کے پندرہ منٹ بعد دیں۔

فوائد: اعصاب کی تقویت کے لیے۔ تبخیر گیس، بوڑھوں کے درد کے لیے اگر قبض ہو تو حب مفاصل ساتھ دیں۔

اکسیر احتراق سوداویہ

ھوالشافی: پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ پوست آملہ۔ بسفائج۔ افتیمون۔ گاؤزبان۔ سرپھوکہ ہرایک ۱۰ گرام۔ گل سرخ۔ ریوند خطائی۔ شاہترہ۔ ہرایک پندرہ گرام۔ ہلیلہ سیاہ ۳۰ گرام۔ برگ سنا مکی ۶۰ گرام۔ روغن بادام پچیس گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادیہ باریک کر کے روغن بادام ملا کر زوردار ہاتھوں سے چرب کر کے رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۱۰ گرام رات سوتے وقت ہمراہ دودھ۔

فوائد: سوداویت کو مکمل طور پر ختم کرتا ہے۔ آتشکی مادوں کو تحلیل کرتا ہے۔ چہرے پہ داغ دھبے سیاہیاں، چھائیاں، بدنما داغ دھبے مکمل ختم کرتا ہے۔ سالوں کی بیماری کو ہفتوں میں ٹھیک کرتا ہے۔ مصدقہ مجربہ نسخہ ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

حب نزلہ

طبی شہ پارے کا یہ نسخہ کمال خصوصیات کا حامل ہے۔ تجربہ شدہ مؤثر ہے۔

ھوالشافی: ہرڑ۔ بھیڑہ۔ آملہ۔ مرچ سیاہ۔ مگھاں۔ سونٹھ۔ تخم جوز ماثل۔ ہموزن۔

ترکیب تیاری: تمام اجزا باہم ملا کر باریک سفوف بنا کر حبوب نخودی بنالیں۔ ترپھلہ مقشر کر کے وزن کریں۔

ترکیب استعمال: صبح و شام ایک ایک گولی۔ سفوف نان خواہ میں رکھ کے کھلائیں۔

فوائد: نزلہ، زکام، جاروب دماغ، قبض کشا، بواسیر کے لیے بھی مفید ہے۔

برائے شوگر

ھوالشافی: بیخ حنظل۔ گڑمار بوٹی ہموزن باریک سفوف بنا کر ۳ نمبر کیپسول صرف ایک روزانہ کھلائیں۔ صرف رات کو سوتے وقت۔

طلسمی

ھوالشافی: سوڈا بائیکارب ۵۰۰ گرام۔ ست پودینہ ۱۰ گرام۔ ست اجوائن ۱۰ گرام۔ ست کافور ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: سب ادویہ کو علیحدہ علیحدہ باریک کر کے فوری ملا لیں اور فوری محفوظ کر دیں۔

ترکیب استعمال: ۴ رتی سے ایک گرام تک۔

فوائد: ہچکی، وجع الفواد، درد معدہ کے لیے مؤثر، ہاضمہ درست کرتا ہے، جلن کے لیے مفید ہے۔

ہڈیوں کی سوزش کے لیے

ھوالشافی: ایلوا۔ گوگل ۱۸۔ ۱۸ گرام۔ جلابہ۔ سقمونیا اصلی ۳۔ ۳ گرام۔

ترکیب تیاری: باہم ملا کر نخودی گولیاں بنا لیں۔ صبح و شام ایک ایک۔

فوائد: ہڈیوں کی سوزش، جلن درد وجع المفاصل نقرس میں مفید ہے۔

امراض نسواں

ھوالشافی: برادہ دندان فیل۔ پرسیاؤشاں۔ مصبر۔ جاوتری۔ رسونت۔ برگ نیم۔ ہڑ زرد پوست۔ بھیڑہ مقشر۔ آملہ مقشر۔ شاہترہ۔ منڈی بوٹی۔ تمہاس بوٹی۔ گل ارمنی۔ گوند ببول۔ برگ مہندی۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ مرچ سیاہ۔ دھنیا خشک۔ کچور ہر ایک سو گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ مساوی الوزن سفوف باریک بنائیں۔

ترکیب استعمال: ۴ رتی سے ایک گرام تک ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: معین حمل، لیکوریا، استحاضہ، اٹھرا، رحم کی کمزوری، استرخاء میں مفید ہے۔

مخرج بلغم

ھوالشافی : پھٹکڑی بریاں۔ سہاگہ بریاں۔ ہلدی بریاں۔ السی بریاں۔ نمک خوردنی ہر ایک ۱۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری : ہر ایک دوا الگ الگ باریک کر کے باہم ملالیں اور خوب مخلوط کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : آدھ سے ایک گرام تک۔ صبح، دوپہر، شام۔

فوائد : مخرج بلغم، کھانسی، دمہ، نزلہ، زکام، سانس کی دقت میں مفید وموثر ہے۔

گلے کی خراش کے لیے

ھوالشافی : رب السوس ۲۵۰ گرام۔ نوشادر ۱۲۵ گرام۔ زنجبیل ۱۲۵ گرام۔ سہاگہ ۲۵۰ گرام۔ لوبان ۲۵۰ گرام۔ گندھک آملہ سار ۲۵۰ گرام۔ برگ بانسہ ۵۰۰ گرام۔ فلفل سیاہ ۲۵۰ گرام۔ کندر ۲۵۰ گرام۔ مرمکی ۲۵۰ گرام۔ کافور ۲۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری : تمام ادویہ سحق بلیغ کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : آدھ گرام سے ایک گرام تک صبح وشام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد : اخراج بلغم میں انتہائی مؤثر ہے۔ کھانسی، گلے کی خراش، سانس پھولنا، دمہ، ضیق النفس نزلی، خشونت میں کمال درجہ کی دوا ہے۔

❀ چھپاکی، بواسیر

ھوالشافی : برگ جل نیم۔ چاکسو۔ رسوت۔ سرپھوکہ۔ برہمڈنڈی۔ فلفل گرد۔ نرکچور ہموزن۔

ترکیب تیاری : عمدہ سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال : ایک سے ڈیڑھ گرام تک صبح وشام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد : الرجی، چھپاکی، خارش، بواسیر، دھپڑ نکلنا حدت خون پھوڑے، پھنسی میں مفید

ہے۔[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

باؤ گولہ

ھوالشافی: پوست بیخ مدار ایک کلو۔ قند سیاہ ۳ کلو۔ باہم ملا کر حبوب نخودی بنائیں۔
ترکیب استعمال: صبح، دوپہر، شام ایک ایک گولی ہمراہ آب تازہ۔ اپھارہ بدہضمی ریح شکن بہترین ہے۔

❀ کاملین

ھوالشافی: زنجبیل ۵۰ گرام۔ نوشادر ٹھیکری ۲۵ گرام۔ مرچ سیاہ ۱۰ گرام۔
ترکیب تیاری: باہم ملا کر سفوف بنا لیں۔ ۵۰۰ ایم جی کے کیپسول بھر لیں۔
ترکیب استعمال: صبح دوپہر شام ایک ایک کیپسول ہمراہ آب تازہ۔
فوائد: یرقان، بواسیر خونی، بادی، کثرت صفرا، پیشاب کی سوزش، جلن، خارش، پرانی خارش، پیچش، عظم طحال وجگر، پھوڑے پھنسی، صفراوی بخار، پاؤں کا ورم، مالیخولیا مراقی، جنون، کثرت حیض، وجع المفاصل، ریاحی درد، احتلام، سرعت، غرض بے شمار امراض کا شافی علاج ہے۔[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

سفوف قم قما

ھوالشافی: ہالیون سالم۔ لاجونتی سالم۔ تخم ریحان سالم۔ ہر ایک ۲۵۰ گرام۔ سنگجراحت ۵۰۰ گرام۔
ترکیب تیاری: سنگ جراحت باریک سفوف بنا لیں باقی ادویہ صاف کر کے سالم ہی ملا لیں۔
ترکیب استعمال: ایک چمچ روزانہ ہمراہ دودھ۔
فوائد: پیٹ کے ہر مرض کا شافی علاج ہے۔

حب نزلہ

ھوالشافی : شنگرف رومی۔ گوگل۔ جند بیدستر۔ مرکی۔ کندر۔ اسارون۔ سلاجیت جدوار۔ عودصلیب۔ مصبر۔ ست لوبان۔ ست اجوائن ہموزن۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک سفوف کر کے آدھ گرام وزن کی گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: صبح وشام ایک ایک گولی ہمراہ چائے۔

فوائد: نزلہ، کیرا کے لیے مفید ہے۔ مقوی اعصاب اور ممسک بھی ہے۔

مخرج بلغم

ھوالشافی: پوست بھیڑہ ایک کلو۔ نوشادر ۴۰ گرام۔ گیرو ۲۰ گرام۔

ترکیب تیاری: کوٹ کر پانی کی مدد سے گولیاں نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: صبح، دوپہر، شام ایک ایک گولی ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: کیرا، نزلہ، زکام، بخار، گلے کی خراش، بلغم کے اخراج میں نہایت بہترین ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

اختناق الرحم کے لیے

ھوالشافی : جدوار ۱۰ گرام۔ عودصلیب ۱۰ گرام۔ دارچینی ۵ گرام۔ صدف ۵ گرام۔ مرچ سیاہ ۵ گرام۔

ترکیب تیاری: نہایت باریک کر کے حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: صبح، شام ہمراہ دودھ ایک گولی۔

فوائد: اختناق الرحم، ہسٹریا میں مفید ہے۔

امساک اور تقویت کے لیے خاص دوا

ھوالشافی : مشک خالص ۲ چاول۔ یوہمبین آدھا چاول۔ سٹرکنیا آدھا چاول۔ کیپسول

بھرلیں۔
ترکیب تیاری: یہ ایک خوراک ہے۔قبل از مباشرت ۲ گھنٹے پیشتر دیں۔ ہمراہ دودھ، گھی۔ قدرتِ خداوندی کا کمال نظارہ ہے۔ انشاء اللہ بھرپور تشفی ہوگی۔ بارہا کا آزمودہ ہے۔شوقین حضرات استفادہ کرسکتے ہیں۔کیونکہ مشک خالص بہت مہنگی ہے۔

سفوف صداع

ھوالشافی: پوٹاشیم برومائیڈ۔ اسپرین پاؤڈر۔ کشتہ گاؤدنتی ہرایک ۱۵۰ گرام۔ فنسٹین ۵۰ گرام۔ باہم ملا کر ۲۵۰ ملی گرام کیپسول بھرلیں۔ ایک کیپسول سر درد، جسم درد، بخار، اعضاء شکنی میں مفید ہے۔

حبوب ذیابیطس

ھوالشافی: لوبان کوڑیہ۔ افیون۔ سلاجیت۔ زعفران ہموزن حبوب نخودی بنالیں۔صبح و شام۔ایک ایک گولی ہمراہ دودھ۔

سفوف تسکین ہاضم

ھوالشافی: سونف۔ سونٹھ۔ رائی۔ ملٹھی۔ جوکھار (گرمیوں میں) ہرایک ۱۰۰ گرام۔ اجوائن دیسی ۷۵ گرام۔ فلفل سیاہ ۷۵ گرام۔ الائچی خورد۔ گل سرخ مصفی ہرایک ۵۰ گرام۔نمک سیاہ۔نوشادر ہرایک ۲۵ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء باہم ملاکر باریک سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: ۳۔۳ گرام صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: معدہ کی تمام بیماریوں، درد معدہ، قے، متلی، بدہضمی، قبض، حاملہ کی متلی و قے، بھوک نہ لگنا، کھٹے ڈکار، چکر آنا، اشتہا کی کمی، آروغ ترش میں مؤثر ہے۔

معجون مرجان

حار خفقان اور قلب کی حرکات کی بے قاعدگی کے لیے مفید ہے۔قرابادین اعظم

اکمل کا یہ نسخہ بارہا کا آزمودہ ہے۔

ھوالشافی: کشنیز خشک۔صندل سفید اصلی۔گل سرخ مصفی۔تخم کاسنی۔ ہر ایک ایک جز۔ گل مختوم۔طباشیر۔بہمن سفید۔مرجان۔ ہر ایک نیم جز۔ مروارید۔کہربا شمعی۔مصطگی رومی۔ہر واحد رُبع جز۔تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر اور جواہرات کو دو روز تک عرق گلاب میں کھرل کر کے چینی کے قوام میں بدستور معروف معجون بنالیں۔

مقدار خوراک: ۲ گرام سے ۷ گرام تک

فوائد: تقویت دل، اختلاج قلبی، ضعف اعضاء رئیسہ، مفرح قلب، مقوی قلب بہترین ہے۔

❀پیٹ کے کیڑوں کے اخراج کے لیے

ھوالشافی: باقلہ مصری کوٹ چھان کر ترمس (سفید رنگ کے مدور دانے پیس کر کھلائیں)

مقدار خوراک: خزائن الادویہ میں ملاحظہ فرمائیں۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

نمک برگ نیم

ھوالشافی: برگ نیم کا نمک نکالیں اور ایک رتی کی مقدار صبح، شام، کیپسول میں رکھ کے ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

فوائد: خون کی سمیت، خارش مزمن، سکن سورائیسز، جسم پر سے چھلکے اترنے کے لیے ازحد مفید ہے۔کم از کم تین ماہ متواتر کھلائیں۔ یہ نسخہ آزمودہ بفضلہٖ تعالیٰ شفا بخش ہے۔

اوجاعی

حکیم سید اقرار حسین شاہ صاحب بخاری پاک پتن شریف نے نہایت محبت سے عطا فرمایا۔مطب میں بارہا بنایا۔اور مفید پایا۔

ھوالشافی : سورنجاں شیریں ۱۴۰ گرام۔ بادیان ۴۰ گرام۔ اسگند ناگوری ۴۰ گرام۔ اسپرین پاؤڈر ۲۰۰ گرام۔ بارہ سنگھا کشتہ ۲۰ گرام۔ چینی خوردنی ۱۸۰ گرام۔
ترکیب تیاری: تمام ادویہ الگ الگ باریک کر کے باہم ملا کر رکھیں۔
ترکیب استعمال: ایک سے ڈیڑھ گرام۔ صبح و شام ہمراہ چائے۔
فوائد: عصبی، عضلاتی دردیں، وجع المفاصل، نقرس میں شفا بخش ہے۔ بحمد اللہ۔

حب ریوند

مجربات حکیم عبدالرحمٰن خاکی، دُرِ مکنون صفحہ نمبر ۹۹، تبصرۃ الاطبا ۱۹۲۳ء میں اس کی تصدیقات موجود ہیں۔
ھوالشافی : شحم حنظل، صبر زرد، ریوند چینی ہر ایک ۳ گرام۔ کتیرا، زنجبیل ہر ایک ایک گرام۔ گودہ گھیکوار میں گولیاں نخودی بنالیں۔
ترکیب استعمال: ایک گولی روزانہ۔
فوائد: بہترین ملین ہے۔

خصوصی تجربات

ھوالشافی : تخم ستیاناسی، باریک کر کے مرچ سیاہ سے قدرے بڑی گولیاں بنالیں۔ پانی کی مدد سے صرف ایک گولی روزانہ، پھوڑے پھنسی، خارش، گاچی والے پھوڑے کے لیے خصوصی مجرب۔

شب کوری

حکیم سید گل حسین شاہ صاحب مرحوم، قبلہ حکیم محمد عبدالرحیم جمیلؒ مرحوم دادا حضور کے دیرینہ دوستوں میں سے تھے۔ ملاقات کے لیے گیا تو شب کوری کے ایک مریض کا ذکر کیا۔ آپ بلند پایہ شاعر بھی تھے۔ فرمایا۔

کف بندق کا استعمال ہفتہ
اڑا دیتا ہے شب کوریِ نہفتہ

پوست ریٹھہ کو پانی میں بھگو کر ہاتھ سے جھاگ پیدا کرو اور آنکھوں میں لگاؤ، ہفتہ عشرہ میں شب کوری مستقل ٹھیک ہو جائے گی۔ اس مریض پہ تجربہ کیا بحمدللہ بالکل ٹھیک ہے۔

سفوف ہاضوم

ھوالشافی: مرچ سیاہ ۳ کلو۔ نوشادر ۳ کلو۔ اجوائن دیسی ۲ کلو۔ مگھاں ۲ کلو۔ سونف ایک کلو۔ نمک سانبھر ایک کلو۔ پودینہ دیسی ایک کلو۔ زنجبیل ایک کلو۔ کچور ایک کلو۔ زیرہ سفید ایک کلو۔ تخم کاسنی ایک کلو۔ کول ڈوڈا ایک کلو۔ پوست ہلیلہ زرد ایک کلو۔ باہم ملا کر سفوف بنالیں۔ ۳ گرام۔ صبح وشام۔

فوائد: زبردست ہاضم، کاسر ریاح، بدہضمی، اپھارہ کھٹے ڈکار، قبض، گرانی کے لیے مفید ہے۔

بلڈ پریشر کے لیے

ھوالشافی: کشنیز خشک۔ چوب چینی۔ اسرول۔ جدوار ہر ایک ۱۰ گرام۔ مرچ سیاہ ۳ گرام۔ باریک سفوف بنالیں۔ صبح وشام ۲۔۲ رتی کھلائیں۔

فوائد: فشار الدم قوی کے لیے بہترین دوا ہے۔ اس کے علاوہ مسکن منوم اور مقوی اعصاب ہے۔ گھبراہٹ بے چینی کے لیے کمال چیز ہے۔

❀ حب زانو

مجربات سلطانی جلد سوم صفحہ ۳۸۳ نسخہ نمبر ۴۴۹ یہ نسخہ میرے مطب کی زینت ہے۔

ھوالشافی: گوگل ۵۰ گرام۔ چھوہارہ ۱۰ عدد۔ برگ سنا ۲۰ گرام۔ سورنجاں ۲۰ گرام۔ مصبر ۲۰ گرام۔ مویز منقیٰ ۲۰ گرام۔ مغز بادام ۴۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باہم کوٹ کر حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: صبح وشام ایک ایک گولی ہمراہ چائے۔

فوائد: عورتوں کے درد تمام طرح کے لیے مفید ہے۔ عرق النساء، ریگن کے درد میں لاجواب ہے۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

❀ حب کمر درد

ھوالشافی: موصلی سفید۔ فلفل دراز۔ اجوائن دیسی۔ پپلا مول۔ ہر ایک ۱۰ گرام، میدہ لکڑی۔ زنجبیل۔ اسگند ناگوری ہر ایک ۲۰ گرام۔ قند سیاہ بقدر ضرورت۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باہم ملا کر حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: ۲ گولی صبح ۲ گولی شام ہمراہ عرق سونف۔

فوائد: اعصابی کھنچاؤ، کمر کا درد، درد عضلات، تھکن، پنڈلیوں کے درد میں مفید ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

حب اعصاب

ھوالشافی: جدوار خطائی۔ سلاجیت عمدہ۔ سونٹھ ہر ایک ۲۰ گرام۔ جوز ماثل ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے شہد کی مدد سے گولیاں نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ گرم۔

فوائد: چوٹ کی درددوں کے لیے موثر ہے۔ اعصاب کو تقویت دیتی ہے۔ بہت اعلیٰ نسخہ ہے۔ پٹھوں کے درد کے لیے بہت ہی مفید ہے۔

خارش کے لیے

ھوالشافی: ڈی۔ ڈی۔ ٹی (کیڑے مار دوا) ۳ گرام۔ تیل سرسوں ۱۵۰ ملی لیٹر میں ملا کر اچھی طرح حل کریں اور تر خارش کے لیے پورے بدن پر ملنے کے لیے دیں۔ ایک دو دفعہ کے استعمال سے خارش پوری طرح ختم ہو کر صحت یابی ہو جائے گی۔

شفافی

ھوالشافی: ریوند خطائی۔ نوشادر۔ گندھک آنولہ سار۔ ہیرا کسیس ہموزن۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باہم ملا کر سفوف بنالیں۔
ترکیب استعمال: ایک گرام روزانہ ہمراہ شربت بزوری ۱۰۰ ملی لیٹر گرمیوں میں اور سردیوں میں قدرے گرم پانی ملا کر دیں۔
فوائد: چہرے کی سیاہیوں کے لیے رنگ خراب ہونے کے لیے ہاتھ پاؤں کی جلن، خون کی کمی کے لیے۔

پہلوانی مالش

ھوالشافی: اجوائن دیسی۔ اسارون۔ چھڑیلہ۔ سونف رومی۔ افتیمون۔ بالچھڑ۔ تخم بادیان۔ جڑ کرفس۔ جاوتری۔ دارچینی۔ کپور کچری۔ سونٹھ۔ عاقر قرحا۔ لونگ۔ کباب چینی۔ کلونجی۔ نک چھکنی۔ جائفل۔ ہر ایک ۲۵۰ گرام۔ روغن السی۔ ۱۶ لیٹر۔ روغن سرسوں ۱۶ لیٹر۔ روغن بادام ۲۵۰ ملی لیٹر روغن زیتون ۲ لیٹر۔ کیسٹرائیل ۸ لیٹر۔
ترکیب تیاری: تمام ادویہ دیگ میں پکا کر ادویہ جل جانے کی صورت میں تیل نتھار کر محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال: زبردست مالش ہے۔
فوائد: پہلوانوں کے جسم کو سڈول بناتی۔ جسم کو توانا اور مضبوط بناتی، رنگت کو سرخ و سفید بناتی۔ جسم کو فربہ اور خوبصورت بناتی، جوڑوں کے درد، بڑھاپے کی دردوں کے لیے کمال چیز ہے۔

عرق مصفیٰ خون

ھوالشافی: صندل سفید۔ صندل سرخ۔ برگ حنا۔ پوست ہلیلہ زرد۔ چرائتہ۔ سرپھوکہ۔ شاہترہ۔ گل منڈی۔ برادہ شیشم۔ برگ نیم۔ عود سیاہ۔ نیل کنٹھی۔ برہمی بوٹی ہر ایک آدھ کلو بطریق معروف ۲ من عرق کشید کروائیں۔
فوائد: یہ عرق مصفیٰ خون خاص الخاص ہے۔

معجون بھینگا پن

ھوالشافی : مگھاں ۲۵ گرام۔ تخم پنواڑ ۲۵ گرام۔ بیخ چترا ۲۵ گرام۔ پوست بھیڑہ ۲۵ گرام۔ آملہ مقشر ۲۵ گرام۔ بھنگرہ ۲۵ گرام۔ زنجبیل ۲۵ گرام۔ مغز بادام ۵۰ گرام۔ عاقر قرحا ۲۰ گرام۔ زعفران ۵ گرام۔ ستاور ۲۵ گرام۔

ترکیب تیاری : تمام ادویہ باہم ملا کر باریک کر کے شہد اور چینی کا قوام کر کے معجون بنا لیں۔

ترکیب استعمال : ۵ گرام روزانہ رات سوتے وقت ہمراہ دودھ۔

فوائد : اس وزن کی تیار کردہ معجون مکمل استعمال تک بفضلہٖ تعالیٰ بھینگا پن دور ہوگا۔ انشاءاللہ۔

مصفی خون

ھوالشافی : تارا میرا۔ باچی۔ گندھک آنولہ سار۔ رائی ہموزن باریک سفوف بنائیں ۲ گرام صبح وشام۔

دائمی نزلہ زکام

ھوالشافی : کتیرا۔ ایلوا۔ تربد مجفف۔ رب السوس ہموزن باریک سفوف بنائیں۔ ۲ رتی کی مقدار میں صبح وشام ہمراہ آب تازہ یا چائے، نزلہ، زکام، کھانسی، کیرا کے لیے مفید ہے۔

ممسک بے عدیل

ھوالشافی : کشتہ شنگرف در بھلانوہ مدبر۔ کچلہ مدبر۔ افیون عمدہ۔ ہموزن باریک کھرل کر کے شہد کی مدد سے نخودی گولیاں بنائیں۔ ۲ گھنٹے قبل از مباشرت ہمراہ دودھ۔ مجرب ہے۔ یہ نسخہ حکیم محمد حسین چغتائی مرحوم کا مشہور تھا۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

کیرے کے لیے معجون

ھوالشافی: تخم کاہو ۱۵ گرام۔ اجوائن دیسی ۲۰ گرام۔ پوست کو کنار ۳۰ گرام۔ تخم خشخاش ۲۰ گرام۔ گل گاؤزبان ۳۰ گرام۔ تخم مروڑ ۲۰ گرام۔ اسطخودوس ۲۰ گرام۔ کشنیز ۹ گرام۔ ملٹھی ۲۰ گرام۔ نشاستہ گندم ۵ گرام۔ صمغ عربی ۵ گرام۔ کتیرا ۵ گرام۔ شہد خالص ...ت چند بطریق معروف معجون بنالیں۔

ترکیب استعمال: ۳ سے ۵ گرام تک صبح و شام کھلائیں۔

فوائد: نزلہ، حلق میں بلغم، کیرا کے لیے بارہا کی آزمودہ مفید الاثر دوا ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

حب زعفرانی

یہ دوا بہت سے دواخانے مختلف ناموں سے مشتہر کرتے ہیں۔ متعدد کتب میں معمولی ردوبدل سے درج ہے۔ افادیت کے اعتبار سے یہ نسخہ اپنا ثانی نہیں رکھتا۔ ہمارے مطب میں مختلف تراکیب اور اضافات سے مستعمل ہے، بحمداللہ بے نظیر ہے۔

ھوالشافی: جائفل۔ جاوتری۔ افیون۔ مازو۔ اسگندھ۔ مصطگی۔ زعفران۔ ناگیسر۔ موچرس۔ تج۔ گل سیپاری۔ چھالیہ۔ دانہ الائچی خورد۔ طباشیر۔ اجوائن خراسانی ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ تخم جوز ماثل ۵۰ گرام۔ سبوس اسبغول ۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ نہایت باریک کر کے پانی کی مدد سے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔ یہ گولیاں ہمراہ معجون مغلظ جواہر دار ۱۰ گرام کے ساتھ ایک گولی روزانہ کھلائیں۔ اسے لبوب بارد، لبوب خاص، لبوب کبیر، لبوب اعظم، معجون آرد خرما کے ساتھ بھی موسم کے لحاظ اور طبیعت کے مطابق دی جاسکتی ہے۔ جریان، احتلام، سرعت انزال کو صرف ایک خوراک میں اثر دکھاتی ہے۔ اعضائے رئیسہ کی کمزوری، چہرہ کی بے رونقی، کثرت مباشرت سے پیدا شدہ عوارضات کے لیے بے پناہ افادیت کی حامل دوا

ہے۔[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

مرہم زرد

ھوالشافی: پنسلین ٹیکہ (۱۰ لاکھ) ۴ عدد۔ کوٹرائی گولیاں ۲۵ عدد۔ گندھک آنولہ
۲۵ گرام۔ ست لوبان ۲۵۰ گرام۔ ویزلین سادہ ۳۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: ٹیکے کو کھول کر سفوف نکالیں اور کوٹرائی گولیاں نہایت باریک کر
چھان کرلیں۔ گندھک آنولہ سار بھی کپڑ چھان کر کے ست لوبان شامل کر کے تمام
ادویہ ملالیں اور ویزلین میں خوب اچھی طرح حل کرلیں۔

فوائد: پھوڑے، پھنسی، خارش، دھدر، چنبل، کاکڑا، کوڑھ، غرض تمام جلدی امراض کے
لیے مفید ہے۔[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

حب سلاجیت

ھوالشافی: کشتہ قلعی ۱۰ گرام۔ سلاجیت عمدہ ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: دونوں باہم ملا کر کوٹ کر حبوب (۲ رتی) ۱۲۵ ملی گرام بنائیں۔

مقدار خوراک: صرف ایک گولی شام ہمراہ دودھ گرم۔

فوائد: سرعت انزال، جریان، احتلام کے لیے مفید ہیں۔

افزائش کرم منی

ھوالشافی: کلونجی ۶۰ گرام۔ ہالیوں ۶۰ گرام۔ میتھی ۴۰ گرام۔ مرکی ۲۰ گرام۔ جو سفید
۱۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: الگ الگ باریک کر کے باہم ملا کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: صبح نہار ناشتہ سے پندرہ منٹ پہلے تازہ پانی میں ایک چمچ دوا حل کر
کے شہد سے میٹھا کر کے پلائیں۔

فوائد: منی میں حیونات منویہ کی کمی کو سو فیصد پورا کرتا ہے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

دورانیہ کم از کم تین ماہ مسلسل استعمال کروائیں۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

جوشاندہ السر کے لیے

ھوالشافی: بل کتھہ ۳ گرام۔ خس ایک گرام۔ ناگرموتھا ۳ گرام۔ سونف ۳ گرام۔ کشنیز ۲ گرام۔ مروڑ پھلی ۳ گرام۔ انجبار ۳ گرام۔

ترکیب تیاری: جوشاندہ تیار کریں۔ اور صبح شام پلائیں یہ ایک خوراک کے لیے ہے۔

فوائد: پیچش، مروڑ، سنگرہنی، معدہ کے درد کے لیے مفید ہے۔

تریاق اصغر (صابر ملتانی صاحب کا نسخہ)

ھوالشافی: ہلدی۔ زیرہ سفید۔ ملٹھی۔ سونف ہموزن باریک سفوف بنا لیں۔

مقدار خوراک: ۴ سے ۶ رتی ہمراہ آب تازہ۔ بلڈ پریشر، جریان خون، غددی کھانسی۔ کثرت طمث کے لیے۔ دوستوں نے بہت تعریف کی۔ بنایا اور مفید پایا۔

تبخیر کیپسولز

ھوالشافی: کریم آف ٹاٹرک ایسڈ ایک کلو۔ گندھک آنولہ سار آدھ کلو۔

ترکیب تیاری: گندھک باریک کر کے باہم ملا لیں اور کیپسول ایک نمبر بھر لیں۔

ترکیب استعمال: صبح، دوپہر، شام ایک ایک کیپسول ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: تبخیر، گیس، بدہضمی، اپھارہ۔ ریاحی دردوں کے لیے اکسیر ہے۔

آرام

ھوالشافی: جوکھار سفید۔ طباشیر۔ بیروزہ خشک۔ ریوند چینی۔ دانہ الائچی کلاں۔ شورہ قلمی۔ کباب چینی ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ قند سفید ۵۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال: ۲ سے ۴ گرام تک صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔
فوائد: پیشاب کی جلن، سوزاک قدیم و جدید، عسر البول، احتباس البول کے لیے مفید ہے۔

دوا پیلی

ھوالشافی: ست گلو۔ کشتہ ابرک سیاہ۔ ہیراکسیس۔ مصری۔ فلفل دراز ہموزن۔
ترکیب تیاری: باریک سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال: ایک گرام تک صبح و شام ہمراہ چائے۔
فوائد: بخار، بدہضمی، شدید بخار، عظم الطحال، کمی خون، یرقان کے لیے مفید ہے۔

ہاضم چورن

ھوالشافی: اصل السوس ۵۰ گرام۔ زرنباد ۲۵ گرام۔ سوڈا بائیکارب ساڑھے ۱۲ گرام۔
ترکیب تیاری: تینوں ادویہ باریک کر کے سفوف بنالیں۔
ترکیب استعمال: صبح و شام کھانے کے بعد پانی کے ساتھ۔ ۳۔۳ گرام۔
فوائد: درد معدہ، جلن، السر، تیزابیت کے لیے متلی اور قے کے لیے بھی مفید ہے۔

چوسنے کے لیے

ھوالشافی: ملٹھی سائیدہ۔ گوند کیکر۔ مصری کوزہ۔ ہر ایک ۵ گرام۔ ست پودینہ چٹکی بھر
ترکیب تیاری: تینوں اجزا باریک کر کے حبوب نخودی بنالیں۔
فوائد: گلے کی خشونت، خراش، جلن، کھانسی، نزلہ زکام چوسنے کے لیے دیں۔

سفوف دافع درد

ھوالشافی: نوشادر۔ گیری۔ مرچ سیاہ ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ ست اجوائن ۲۵ گرام۔ تم

جوزماثل ۵۰ گرام۔ باہم ملا کر سفوف بنالیں۔
مقدار خوراک: آدھ سے ایک گرام ہمراہ آب تازہ۔
فوائد: وجع الفواد، درد معدہ، اپھارہ، بدہضمی، جسم درد کے لیے مفید ہے۔

نمک اٹ سٹ

یرقان کے لیے از حد فائدہ مند ہے۔ ایک رتی کی مقدار روزانہ ہمراہ بدرقہ مناسب۔

سفوف یرقان

ھوالشافی: گل غافث۔ گل بنفشہ۔ معصفر زرد۔ گل سرخ مصفیٰ ہر ایک ۳۰ گرام۔ تخم کاسنی ۶۰ گرام۔ تخم کشوث ۲۰ گرام۔
ترکیب تیاری: تمام ادویہ کا سفوف بنالیں۔
ترکیب استعمال: ۳ گرام۔ صبح، دوپہر، شام ہمراہ شربت بزوری یا سکنجبین وغیرہ۔

شربت یرقان

ھوالشافی: بہی دانہ ۵۰ گرام۔ ثعلب مصری ۵۰ گرام۔ ملا کر تین بوتل شربت تیار کریں اور درج بالا ادویات ہمراہ دیں۔ جلد فائدہ دیتا ہے۔
فوائد: یرقان میں مفید ہے۔ چھوٹے بچوں کے پھوڑے پھنسی، دست، اسہال میں مفید ہے۔

اسہال اطفال

ھوالشافی: کتھہ سفید ۱۰۰ گرام۔ نرکچور ۱۰۰ گرام۔ مائیں ۱۰۰ گرام۔ کوکنار ۲۰۰ گرام۔ برگ بھنگ ۱۰۰ گرام۔ تمام ادویہ ملا کر نہایت باریک سفوف بنالیں۔
ترکیب استعمال: ۲۔۳ رتی عمر کے لحاظ سے دیں۔

فوائد: اسہال دور کرتا ہے۔ نفخ اپھارہ نہیں ہوتا۔ مفید شے ہے۔

اکسیر الدم

ھوالشافی: سنگ جراحت ۱۰۰ گرام۔ پھٹکڑی بریاں ۵۰ گرام۔ گل ارمنی ۲۵ گرام۔ سفوف بنالیں۔

ترکیب تیاری: ۳ گرام تک خوراک شربت انجبار کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد: نفث الدم، نکسیر، سیلان الدم، استحاضہ، بواسیر کے خون کو روکتا ہے۔

طبی ماتہ عامل

جوارش مشکی صفحہ نمبر ۱۴ کے ساتھ لبوب مقوی گردہ علم الدین بھاگو والیہ کا نسخہ ملا کر دینا زبردست فائدہ دیتا ہے۔

❀ حب شاہترہ

ھوالشافی: ہلیلہ کابلی ۳۷۵ گرام۔ ہلیلہ سیاہ ۲۵۰ گرام۔ مصبر ۳۷۵ گرام۔ سقمونیا ۱۲۵ گرام۔ شاہترہ خشک ۵۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: باہم ملا کر سفوف بنائیں اور پانی کی مدد سے گولیاں نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک تا ۲ گولی رات کو سوتے وقت دودھ گرم بقدر حاجت۔

فوائد: بہترین ملین، دائمی قبض کے لیے مؤثر، انتڑیوں سے آلائش کو مکمل ختم کرتی ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

سفوف مغلظ شاہی

ھوالشافی: تج قلمی۔ تالمکھانہ۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ ستاور۔ تودری سرخ۔ تودری سفید۔ سمندر سوکھ۔ کمر کس۔ موچرس۔ تخم سروالی۔ چھلکا اسبغول۔ طباشیر۔ الائچی خورد۔ بیج بند۔ تخم اوٹنگن۔ بہو پھلی۔ شقاقل مصری۔ اندر جو

ثیریں۔ تخم کونچ۔ تخم دھتورہ سیاہ۔ ثعلب مصری۔ زراوند مدحرج تمام ادویہ ۱۰۔۱۰ گرام۔
ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے سفوف بنائیں اور تمام ادویہ کے وزن کے برابر چینی باریک کر کے شامل کر کے باہم مخلوط کر کے رکھیں۔ ہمارے مطب دواخانہ حکیم جمیل میں اس میں خصوصی اضافہ کیا جاتا ہے۔ کشتہ عقیق، کشتہ فولاد اعلیٰ۔ کشتہ قلعی بھنگ والا۔ کشتہ بسد۔ کشتہ ابرک سفید۔ کشتہ چاندی ہر ایک ۵ گرام۔
ترکیب استعمال: صبح و شام ۵ گرام ہمراہ دودھ۔
فوائد: عمدہ ترین مغلظ سفوف ہے۔ مادہ منویہ کی تمام تر خرابیوں کے لیے اکسیر صفت ہے۔

حب صرع اجمل

ھوالشافی: خمیرہ گاؤزبان عنبری ۲۵۰ گرام میں زہر مہرہ خطائی۔ جدوار۔ عود صلیب ہر ایک ۱۰ گرام شامل کر کے پوٹاشیم برومائیڈ ۳ گرام۔ عنبر ایک گرام اضافہ کر کے حب صرع (اجمل دواخانہ) کے ہمراہ کھلانا بہت نافع ہے۔ مرگی، ہسٹیریا، اختناق الرحم، وحشت، جنون، مالیخولیا کے لیے مفید ہے۔

❀ ماسٹر کیپسولز

ھوالشافی: جاوتری ۴ کلو۔ ریگ ماہی آدھ کلو۔ زہر مہرہ خطائی ایک کلو۔ جائفل مقشر ۲ کلو۔ سمندر سوکھ ۲ کلو۔ کشتہ قلعی ایک کلو۔ زعفران آدھ کلو۔ مشک ولایتی ۱۰۰ گرام۔
ترکیب تیاری: باریک سفوف کر کے کیپسول بڑے ۵۰۰ ایم جی والے بھر لیں۔
ترکیب استعمال: ایک کیپسول قبل از مباشرت ۲ گھنٹے پیشتر ہمراہ دودھ آدھ لیٹر۔
فوائد: بہترین امساک پیدا کرتا ہے۔ مقوی اعصاب، مغلظ، محرک عمدہ ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

❀حب کستوری خاص

حکیم تحسین جاوید کا نسخہ مصدقہ کسی دوست کے توسط سے ملا بنایا الحمدللہ کامیاب ہے۔

ھوالشافی: جلوتری ۴۰ گرام۔ ریگ ماہی ۴۰ گرام۔ زہر مہرہ ۵ گرام۔ زعفران ۱۲ گرام۔ سمندر سوکھ ۲۰ گرام۔ کشتہ قلعی ۲۰ گرام۔ جائفل مقشر ۲۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ سحق بلیغ کر کے کیپسول بھر لیں ۵۰۰ ایم جی۔

ترکیب استعمال: ایک کیپسول ۲ گھنٹہ قبل از جماع ہمراہ دودھ نیم گرم۔

فوائد: اعلیٰ امساک پیدا کرتا ہے۔ اچھے فوائد کا حامل ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

سہاگہ شگفتہ

ھوالشافی: سہاگہ کجے میں رکھ کر اوپر آک کا دودھ جو دو انگل اوپر رہے ڈال کر بند کر کے ۱۵ کلو کی آگ دیں۔ نکال کر کھرل کریں اور شیر مدار میں کھرل کر کے ٹکیہ بنالیں اور پان کے پتوں کی ڈنڈیوں کا نغدہ بنا کر اس میں یہ ٹکیہ رکھ کر دوبارہ بیس سیر کی آگ دیں۔ سلیٹی رنگ کا کشتہ برآمد ہوگا۔

فوائد: کھانسی، نزلہ، دمہ، بچوں کے نمونیہ کے لیے مجرب ہے۔ ایک رتی خوراک۔

نوٹ: پہلی خوراک سے قے ہوگی اور بلغم تمام خارج ہوگا۔ بفضلہٖ تعالیٰ شفا ہوگی۔

کشتہ بسد

ھوالشافی: بسد احمر خوب مصفی کر لیں دھو کر شیر مدار میں تر کریں اور گل حکمت کر کے بیس پچیس کلو کی آگ دیں۔ دوبارہ نکال کر شیر مدار میں کھرل کر کے ٹکیہ بنالیں اور آگ دیں۔ تین بار آگ مکمل کرنے پر عرق گلاب میں کھرل کر کے زعفران ایک گرام فی پچاس گرام اس کشتہ میں اضافہ کر کے ۴ کلو کی آگ دیں۔ بہترین زرد رنگ کا کشتہ

برآمد ہوگا۔

مقدار خوراک: ایک سے ۲ رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ دیں۔

فوائد: کھانسی، نزلہ، دائمی بخار، بچوں کے نمونیا کے لیے، اعصابی طاقت بھی دیتا ہے اور قوت باہ کے لیے بھی مفید ہے۔

برائے دمہ

ھوالشافی: پوٹاشیم آئیوڈائیڈ ۲۰ گرام۔ نمک بانسہ۔ نمک پھٹکنڈا۔ نمک تمباکو۔ نمک مدار۔ ہرایک ۱۰ گرام۔ سہاگہ بریاں ۵۰ گرام۔ نمک سوما کلپا (ایفی ڈرین) ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ شامل کرکے مسور کے دانے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: صرف ایک گولی روزانہ شدید صورت میں صبح وشام ہمراہ شربت اعجاز۔

فوائد: دمہ، ضیق النفس نزلی، سانس پھولنا وغیرہ کے لیے مفید ہے۔

بچوں کے اسہال کے لیے

ھوالشافی: بل کتھہ، دانہ الائچی کلاں، موچرس ہموزن باریک سفوف بناکر آدھ گرام تک صبح وشام پانی کے ساتھ کھلائیں۔ دست پیچش کے لیے مفید ہے۔

کشتہ مرکب

ھوالشافی: کشتہ چاندی سم الفار والا ۶ گرام۔ شنگرف مدبر ۶ گرام۔ کشتہ مرکب تیزاب گندھک والا ۶ گرام۔ کشتہ فولاد سم الفار والا ۶ گرام۔ زدجام عشق مکمل نسخہ ۱۲ گرام باہم ملاکر گولیاں نخودی بنالیں۔ (ترکیب کشتہ مرکب معدن شفا سادات صفحہ ۱۰۹ پہ درج ہے)

ترکیب استعمال: صرف ایک گولی روزانہ ہمراہ دودھ نیم سیر پختہ۔

فوائد: قوت باہ کو بے پناہ بڑھاتی اور زبردست امساک پیدا کرتی ہے مجرب ہے۔

محافظ شب

ھوالشافی : اجوائن خراسانی ۵۰ گرام۔ کشنیز خشک ۱۰۰ گرام۔ تخم ریحان ۱۵۰ گرام۔ چینی ۳۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری : تمام ادویہ باریک کر کے باہم ملا کر رکھیں۔ ۳ گرام صبح وشام ہمراہ دودھ وافر۔

فوائد: بچوں میں جریان نوجوانوں میں احتلام کی کثرت میں مفید ہے۔ مصدقہ مجربہ نسخہ ہے۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

مقوی اعصاب

ھوالشافی : اندر جو شیریں۔ کٹھ شیریں۔ بدھارا۔ پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز بادام ہموزن۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے تین گنا شہد ملا کر معجون بنالیں۔

مقدار خوراک : ۱۰ گرام روزانہ ہمراہ دودھ گرم۔

فوائد: ادھیڑ عمر کے لوگوں میں پٹھوں، ٹانگوں کے درد کے لیے اعصابی طاقت کے لیے ہاتھ پاؤں سن ہو جانے کے لیے مفید و مجرب بارہا کا آزمودہ ہے۔

قبض کشاء

ھوالشافی : جمال گوٹہ مدبر ۱۰۰ گرام۔ ہلیلہ سیاہ ۱۰۰ گرام۔ چاول ساٹھی ۳۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے سب سے چھوٹا کیپسول بھر لیں۔

ترکیب استعمال : روزانہ ایک کیپسول رات سوتے وقت ہمراہ دودھ۔

فوائد: بہترین قبض کشاء ہے۔ دائمی قبض کے لیے دس پندرہ دن مسلسل کھلائیں۔

اعصابی کمزوری

هوالشافی: کچلہ مدبر ۱۰ گرام۔ تخم تمر ہندی کلاں ۳۰ گرام۔

ترکیب تیاری: دونوں ادویہ باریک کر کے مویز منقی کی مدد سے گولیاں نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: رات سوتے وقت ایک گولی ہمراہ دودھ۔

فوائد: اعصابی کمزوری، جریان، بڑھاپے میں جریان کو مفید ہے۔ مصدقہ مجربہ نسخہ ہے۔

طلاء خاص

هوالشافی: روغن مالکنگنی۔ روغن ماہی۔ روغن جمالگوٹہ۔ عروسک ہر ایک ۱۰ گرام۔ ویزلین سادہ ۵۰ گرام۔ باہم ملالیں۔ بہترین طلاء ہے۔

ترکیب استعمال: عضو پر مالش کریں۔ ملذذ، محرک، عضو میں پوری قوت اور تناؤ پیدا کرتا ہے۔

❀ حب مشکی

هوالشافی: جدوار۔ عنبر۔ زعفران۔ ریگ ماہی۔ پنیر شتر مایہ اعرابی۔ ہر ایک ۱۰ گرام۔ ورق طلاء۔ ورق نقرہ۔ مرارید۔ بہمن سفید۔ شقاقل۔ ثعلب مصری ہر ایک ۵ گرام۔ مشک خالص اڑھائی گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے ایک ایک ورق طلاء ونقرہ شامل کرتے جائیں اور کھرل کرتے جائیں تمام ادویہ یک جان ہو جائیں تو شہد کی مدد سے گولیاں نخودی بنالیں۔

مقدار خوراک: صبح وشام ایک ایک ہمراہ دودھ۔

فوائد: جسم کے ہر ہر عضو کو بہترین تقویت کے لیے مفید ہے۔ ممسک بے عدیل مجرب ہے۔

نوٹ : نسخہ کی افادیت میں کوئی شک نہیں حکیم محمد حنیف اللہ ضیاء صاحب کا یہ نسخہ بہت ہی خاص چیز ہے۔لیکن اجزا کا بہت مہنگا ہونا اور نا خالص ہونا پیش نظر ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

حب جذام

ھوالشافی : سم الفار سفید ۱۰ گرام۔ کتھہ سفید۔ چاکسو ۵۰۔ ۵۰ گرام۔ عرق گلاب بقدر ضرورت۔

ترکیب تیاری : تین اجزاء بالکل باریک کر کے عرق گلاب میں کھرل کرنا شروع کریں اور کم از کم تین دن مسلسل کھرل کر کے حبوب دانہ موٹھ کے برابر بنالیں۔

مقدار خوراک : ایک گولی روزانہ ہمراہ دودھ گھی وافر۔

فوائد : تقطیر البول، اٹھرا، ناسور ہر قسم، بواسیر، نواسیر، جذام، چنبل، دھدر مزمن، وجع المفاصل، گنٹھیا، نقرس، بھگندر، کنٹھ مالہ، جلدی امراض مزمن بہترین مصفی خون ہے۔

برائے بواسیر خونی

ھوالشافی : ناگ کیسر۔ چھلکا اسبغول ہموزن۔ سفوف بنائیں اور چھ گرام کی مقدار میں صبح وشام کھلائیں۔

فوائد : خونی بواسیر کو جلد فائدہ دے گا۔ انشاء اللہ۔

کاسر ریاح (ہاضم)

یہ نسخہ ہمارے بزرگ حکیم عبدالحکیم رتی والے کا نسخہ ہے بطور تبرک شامل کیا جارہا ہے۔

ھوالشافی : چہار نمک۔ چہار اجوائن، نوشادر، گل مدار ہموزن۔

ترکیب تیاری : تمام ادویہ کو ایک رات پانی میں بھگو دیں۔ صبح جوش دے کر ادویہ قدرے خشک ہو جائیں تو گھوٹ کر ادویہ خشک ہونے پر گولیاں کو کن بیر جتنی بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱۔۲ گولی ہمراہ تازہ پانی۔ صبح، دوپہر، شام۔

فوائد: زبردست مقوی معدہ ہے۔ ہاضم کاسر ریاح، دافع دیدان، پیٹ کے اکثر امراض کا شافی علاج ہے۔

طلاء خاص

ھوالشافی: روغن دار چینی، روغن ماہی، روغن مالکنگنی، روغن بیر بہوٹی، روغن لونگ۔ روغن جمالگوٹہ ہر ایک ۱۰ ملی گرام۔ ویزلین سادہ ۲۰ گرام۔ باہم مل کر رکھیں۔

فوائد: عضو تناسل کی مخصوص بیماریوں کجی، سستی تناؤ میں کمی وغیرہ کے لیے کمال ہے۔

نوٹ: روغن بیر بہوٹی کی ترکیب تیاری (قرابادین ہمدرد) میں درج ہے۔

❀ حب موصلی

القرابادین صفحہ ۲۰۱ کا یہ نسخہ مطب کی زینت ہے۔ کثرت سے تیار ہوتا ہے۔

بحمداللہ

ھوالشافی: موصلی سیاہ ایک کلو کو ڈیڑھ کلو دودھ میں پکائیں۔ جب دودھ خشک ہو جائے تو سایہ میں رکھ کے سکھا لیں اچھی طرح خشک ہونے پر جائفل جلوتری ہر ایک ۲۵۰ گرام۔ شامل کر کے کوٹ کے گولیاں نخودی شہد کی مدد سے بنا لیں تحریر ہے کہ قدرے ہینگ بھی شامل کریں۔ ہم عموماً ہینگ کے بغیر بناتے ہیں۔ زبردست مقوی ہیں۔ صبح، و شام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ گرم جریان احتلام اور سرعت کے لیے مفید ہیں۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

سیلانی

ھوالشافی: شنگرف ۱۰ گرام۔ زاج ابیض ۲۰ گرام۔ کشتہ بیضہ مرغ۔

ترکیب تیاری: پہلی دو دوائیں توے پر بچھا کر ۱۰ گھنٹے آگ دیں اور کھرل کر کے کشتہ بیضہ مرغ اضافہ کر کے زیرو نمبر کیپسول بھر لیں۔

مقدار خوراک: ایک صبح ایک شام کیپسول ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد: جریان، لیکوریا، سیلان الرحم کے لیے اعلیٰ درجہ کی دوا ہے۔

درد ریح، تقویت اعصاب

ھوالشافی: عودصلیب، اسگند، دانہ الائچی خورد۔ ہموزن

ترکیب تیاری: تمام ادویہ نہایت باریک کر کے حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: صبح وشام ایک ایک گولی ہمراہ چائے/گرم دودھ۔

فوائد: ریاحی دردوں کے لیے کمال ہے۔ تقویت اعصاب کی شافی دوا ہے۔

بواسیر کے لیے

ھوالشافی: مرچ سیاہ۔ چاکسو۔ پھٹکڑی بریاں۔ ہموزن۔

ترکیب تیاری: تینوں اجزا باریک کر کے زیرو نمبر کیپسول بھرلیں۔

ترکیب استعمال: دھمانسہ پانی میں بھگو کر زلال حاصل کریں اسی کے ساتھ صبح ودوپہر وشام ایک کیپسول۔

فوائد: خونی، بادی بواسیر مقعد کی خارش جلن کے لیے مؤثر ہے۔

چٹکلہ بال چار

ھوالشافی: سرمہ سیاہ ایک گرام۔ لہسن دیسی ۳ تری۔ اچھی طرح گھوٹ کر متاثرہ مقام پر لگائیں۔ صرف تین دفعہ لگانے سے بال چار ختم ہو جائے گا۔ بفضلہٖ تعالیٰ۔

تحفہ باہ

حکیم سید صابر علی شاہ صاحب کا نسخہ حکیم شکیل احمد صاحب وزیر آبادی کی وساطت سے ملا موثر ہے۔

ھوالشافی: خراطین مصفیٰ ۵۰ گرام۔ بیر بہوٹی ۳۰ گرام۔ ریگ ماہی ۱۰ گرام۔ جائفل ۵

گرام۔ لونگ ۵ گرام۔ عاقرقرحا ۵ گرام۔

ترکیب تیاری: کوٹ پیس کر کیپسول زیرو نمبر بھر لیں۔

مقدار خوراک: ایک کیپسول روزانہ عصر کے وقت ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد: مقوی باہ ہے۔ ممسک محرک ہے۔ اعصابی تقویت بھی زبردست کرتا ہے۔

زد جام عشق

ھوالشافی: زعفران عمدہ۔ افیون خالص۔ جائفل مقشر۔ ریگ ماہی نر (بغیر نمک خشک کی ہوئی) عاقرقرحا، اسگند ناگوری، نکس وامیکا پاؤڈر، جاوتری، بیر بہوٹی ۱۰ عدد۔ موچرس ہر ایک دوا ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے کیپسول ۲۵۰ ملی گرام بھر لیں یا گولیاں نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: روزانہ ایک کیپسول ہمراہ دودھ گرم۔

فوائد: تقویت باہ کے لیے حد درجہ مفید دوا ہے۔

❀ ممسک محرک

ھوالشافی: جائفل۔ جاوتری۔ عاقرقرحا۔ اذاراقی مدبر۔ مصطگی۔ لونگ ہموزن۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کوٹ پیس کر شہد کی مدد سے گولیاں نخودی بنالیں اور ورق نقرہ چڑھائیں۔

ترکیب استعمال: صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ۔

فوائد: کثرتِ بول کو مفید ہے۔ شوگر کے مرض کو بھی کنٹرول کرتی ہے محرک بے عدیل ہے اور امساک کے لیے بھی اعلیٰ درجہ کی دوا ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

حب سلاجیت فولادی

ھوالشافی : کچلہ مدبر۔ مغز بادام۔ مرچ سیاہ۔ سلاجیت عمدہ۔ کشتہ فولاد۔ مویز منقیٰ ہموزن۔

ترکیب تیاری : کوٹ پیس کر تمام ادویہ کا سفوف بنالیں اور مویز منقیٰ شامل کر کے کوٹ کر گولیاں چنے کے برابر بنالیں۔

مقدار خوراک : صبح وشام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ۔

فوائد : اعصابی دردوں کے لیے خاص دوا ہے۔ پٹھوں، نسوں کی تقویت کرتی اور جسم کو توانا بناتی ہے۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

چہرہ سرخ وسفید کرنے کی دوا

یہ نسخہ طبیب حاذق کے سالنامہ ۱۹۸۰ء قلمی مجربات صفحہ نمبر ۱۸۲ میں حکیم عبدالمجید سوہدروی کے نام سے شاہی نسخے کے عنوان سے چھپا تھا۔ مصدقہ مجربہ ہے۔

ھوالشافی : زوفا خشک ۳ گرام۔ سونف عمدہ ۱۴ گرام۔ زعفران خالص ۳ گرام۔ چینی ۱۰ گرام تمام ادویہ سفوف بنا کر ایک چمچ روزانہ ہمراہ گائے کا دودھ کھائیں۔

فوائد : چہرہ شاداب وخوش رنگ، سرخ وسفید وجیہہ ہوگا۔ انشاء اللہ۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

حب مقوی

ھوالشافی : سیماب۔ کبریت۔ سم الفار مدبر بہ آب لیموں۔ ہڑتال ورقیہ۔ گاؤدنتی۔ تخم جوز ماثل ہموزن۔

ترکیب تیاری : گندھک پارے کی کجلی بنالیں اور باقی ادویہ شامل کر کے باریک کھرل کرلیں اور آدھ رتی کی گولیاں بنالیں ادرک کے پانی سے۔

ترکیب استعمال : ایک گولی روزانہ ہمراہ دودھ گرم۔

فوائد: تقویت عامہ، جسم کو مضبوط توانا بناتی ہے۔ زبردست محرک ہیں۔ یہ نسخہ والد گرامی کے قریبی دوست حکیم سید اقرار حسین شاہ صاحب پاک پتن شریف کا عطا کردہ ہے۔

بارہا بنایا اور مفید پایا۔

الرجی کے لیے

ھوالشافی: زرنباد ایک گرام، زہرمہرہ خطائی ایک رتی۔

ترکیب تیاری: باہم ملا کر سفوف بنالیں۔ خوراک ایک رتی ہمراہ پانی یا شربت نیلوفر۔

فوائد: چھپاکی، الرجی، دھپڑ، خون کی حدت وغیرہ میں اکسیر ہے۔ بفضلہٖ تعالیٰ۔

حب کیمیائے عشرت

ھوالشافی: شنگرف ۴ گرام۔ ریگ ماہی ۴ گرام۔ مازو ۴ گرام۔ جائفل ۴ گرام۔ زعفران ایک گرام۔ افیون ایک گرام۔ مشک خالص ایک گرام۔ نک چھکنی ۳ گرام۔ کاپھل ۷ گرام۔ دارچینی ۷ گرام۔ ورق نقرہ ۷ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے ادرک کے پانی میں کھرل کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی روزانہ رات سوتے وقت شدید صورت میں صبح بھی ایک گولی کھلائیں۔

فوائد: ممسک، محرک، مغلظ، مبہی، ملذذ، جسمانی تمام کمزوریوں کے لیے اکسیر صفت ہیں۔

مخرج بلغم

ھوالشافی: مغز بادام ۱۰۰ گرام۔ ملٹھی ۵۰ گرام۔ پوست ہلیلہ زرد ۵۰ گرام۔ شہد سہ چند۔

ترکیب تیاری: ادویہ باریک کر کے شہد میں ملا کر معجون بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک چمچ صبح ایک چمچ شام کھلائیں۔ دوسرے دن بلغم اخراج شروع ہوگا۔

فوائد: بلغم کے اخراج میں مفید ہے۔ کیرا نزلاوی رطوبات کے اخراج میں زبردست ہے۔

ممسک مقوی

ھوالشافی: تریاک مقطر۔ زعفران ہموزن۔ ماش کے دانہ برابر گولیاں بنائیں۔ ایک یا دو گولی۔ ہمراہ دودھ آدھ لیٹر گرم۔

فوائد: زبردست ممسک بہترین مقوی۔ آزمودہ مجرب عمدہ گولیاں ہیں۔

❀ لیکوریکس

ھوالشافی: ہیرا کسیس ۱۰ گرام۔ پھٹکڑی ۲۰ گرام۔ باریک کر کے بریاں کرلیں۔ ایک نمبر کیپسول صبح و شام ہمراہ چائے۔ لیکوریا، سیلان الرحم، رحم سے پیپ کی طرح کا لیکوریا ختم ہوگا۔ انشاالله۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

❀ ہاضم چورن

میرے استاد منشی محمد دین صاحب مرحوم راول کے والوں نے یہ نسخہ عطا فرمایا۔ میرا معمول مطب نسخہ ہے۔

ھوالشافی: پوست ہرڑ ایک کلو۔ پوست بھیڑہ ۲ کلو۔ آملہ مقشر ایک کلو۔ کچور ایک کلو۔ کالا نمک آدھ کلو۔ سونف ایک کلو۔ اجوائن دیسی ایک کلو۔ نوشادر آدھ کلو۔ پودینہ ایک کلو۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک ملا کر کوٹ کر سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: ۳ گرام صبح و شام یا صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: بہترین ہاضم، قبض کشاء، معدہ جگر کے اکثر امراض کا شافی علاج ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

چھپاکی کے لیے

ھوالشافی: گیری۔ کالی مرچ ہموزن شہد سہ چند۔

ترکیب تیاری: دونوں ادویہ نہایت باریک کر کے شہد شامل کر کے معجون بنالیں۔

ترکیب استعمال: کوکن بیر جتنی معجون روزانہ کھلائیں۔ چند یوم میں چھپاکی مکمل ختم ہو گی۔

حب جدوار

ھوالشافی: بیخ لفاح۔ اجوائن خراسانی۔ طباشیر۔ جائفل۔ کتیرا۔ گوند کیکر ہر ایک ۱۵ گرام۔ بادرنجبویہ۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ جاوتری۔ جدوار۔ تخم خرفہ ہر ایک ۳۵ گرام۔ تریاک مقطر ۶۵ گرام۔ زعفران ۱۵ گرام۔ مغز بادام ۳۵ گرام۔ مغز چلغوزہ ۳۵ گرام۔ ناریل سالم دو یا تین عدد۔ جس میں یہ ادویہ پوری آسکیں۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کرلیں اور ناریل میں سوراخ کر کے ادویہ اچھی طرح بھر کے وہی ٹکڑا جو اتارا گیا تھا ناریل کا منہ بند کر کے اوپر مالش کا آٹا لگا کر بھوبھل میں دبا دیں۔ یا دیسی گھی میں تل لیں۔ آٹا سرخی مائل ہو جائے تو آٹا اتار دیں۔ اور ناریل کا اوپری چھلکا چھیل کر ادویہ کو خوب کوٹ کر حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی روزانہ ہمراہ دودھ رات سوتے وقت یا قبل از مباشرت ۲ گھنٹے پیشتر ۲ گولی ہمراہ دودھ آدھ لیٹر۔

فوائد: قوتِ امساک کی اس سے اعلیٰ دوا ناممکن ہے۔ حد درجہ مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

شادکام

ھوالشافی: افیون۔ جند بیدستر۔ کشتہ چاندی سم الفار والا تینوں ادویہ ہموزن ملا کر حبوب ۲ رتی بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی ۲ گھنٹے قبل از مباشرت ہمراہ دودھ۔

فوائد: ملذذ، مقوی، ممسک، محرک مغلظ بعد از مباشرت کسی طرح کی تھکان نہ ہوگی۔

جسم درد کے لیے

ھوالشافی: کوڑ۔ اجوائن۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ ہر ایک ۲۵ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کوٹ کر سفوف بنائیں گھی دیسی میں چرب کر کے نمک پٹھکنڈہ ۱۰ گرام اور قند سیاہ بقدر ضرورت ملا کر کوٹ کر گولیاں نخودی بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح وشام ہمراہ چائے یا قہوہ کھلائیں۔

فوائد: جسم درد، تھکان، اعضاء شکنی، کسل مندی، نقاہت درماندگی میں مفید ہے۔

ملین کامل

ھوالشافی: بنفشہ۔ بہی دانہ۔ سنا مکی۔ گل سرخ مصفیٰ۔ پوست ہلیلہ زرد ہر ایک ۵۰ گرام۔ جمالگوٹہ مدبر ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: کوٹ پیس کر گولیاں ۴۔۴ رتی کی بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی روزانہ رات سوتے وقت ہمراہ دودھ گرم۔ بلا تکلیف۔ اجابت بافراغت ہوگی۔

فوائد: بہترین قبض کشاء بے ضرر دوا ہے۔

ملین سنائی

ھوالشافی: برگ سنا مکی مصفیٰ (صرف پتے) ریوند چینی، ہلیلہ سیاہ ہموزن۔

ترکیب تیاری: باریک کر کے شہد کی مدد سے گولیاں جنگلی بیر کے برابر بنالیں۔

ترکیب استعمال: رات سوتے وقت ہمراہ دودھ گرم ایک تا ۲ گولی۔

فوائد: قبض کشاء انتڑیوں سے فضلات کو اخراج کر کے اجابت بافراغت ہوتی ہے۔

قراقر معدہ

ھوالشافی : نوشادر۔ سہاگہ۔ نمک سیاہ۔ ہر ایک ۲۰ گرام۔ مرچ سیاہ۔ زنجبیل۔ مگھاں۔ ہینگ بریاں ہر ایک ۵ گرام۔ باریک سفوف کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۳ گرام۔ صبح، دوپہر، شام بعد از غذا ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: ہاضم، کاسر ریاح مشتہی قراقر معدہ اپھارہ بدہضمی کے لیے مفید ہے۔

❀ حب رحمان

ھوالشافی : زنجبیل۔ کچور۔ فلفل سیاہ۔ مگھاں۔ مصبر۔ آرد بیخ تمہ۔ نمک سیاہ۔ نمک خوردنی ہموزن۔

ترکیب تیاری: تمہ (حنظل) کے پانی میں کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی۔ ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: وجع المفاصل۔ نقرس کے علاوہ کاسرِ ریاح بھی ہیں۔

نوٹ: اس کے ساتھ ایک ایک حب حلتیت بھی دیں جو کہ درج ذیل ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

❀ حب حلتیت

ھوالشافی : حلتیت بریاں۔ سہاگہ بریاں۔ زنجبیل۔ نمک سیاہ ہم وزن۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے گھیکوار کے پانی میں نخودی حبوب بنالیں۔

فوائد: اعصابی دردوں کے علاوہ ہاضم، کاسر ریاح، اپھارہ میں مفید ہیں۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

گھٹنوں کے درد کے لیے

ھوالشافی: سورنجاں شیریں ۷۰ گرام۔ سورنجاں تلخ ۱۰ گرام۔ اسپند ۱۰ گرام۔ شورہ قلمی ۱۰ گرام۔ باہم ملا کر سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گرام صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: جسم موٹا ہونے کی وجہ سے یا عموماً بڑھاپے میں گھٹنوں کے درد کو افاقہ ہوتا ہے۔

شوگر (ذیابیطس) کا نسخہ

گجرات کا مشہور گھرانہ قاضی فین والے اس نسخہ کو بنا کر مفت تقسیم کرتے ہیں۔

قاضی عبدالمجید صاحب نے خصوصی محبت سے یہ نسخہ عطا فرمایا۔

ھوالشافی: رسونت انڈیا۔ گڑمار بوٹی۔ بیخ کریلا۔ اندر جو شیریں۔ خولنجاں ہموزن۔

ترکیب تیاری: باریک سفوف بنا کر ۳ گرام کی مقدار میں صبح و شام ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

فوائد: مرض ذیابیطس میں عموماً اچھا کنٹرول کرتی ہے۔

❀ حب انتشار

ھوالشافی: خولنجاں ۶۴ گرام۔ دار چینی ۴۰ گرام۔ خرما خشک ۴۰ گرام۔

ترکیب تیاری: کوٹ کر گولیاں بیر جتنی بنالیں۔ ایک تا ۲ گولی ہمراہ دودھ۔

فوائد: ممسک، محرک بے مثل ہے۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

عجیب الاثر

ھوالشافی: سم الفار سفید ۳ گرام۔ ایک پاؤ دہی میں اچھی طرح حل کرلیں۔ اور ہاتھوں پر لگائیں۔ آتشک کے لیے عجیب تاثیر رکھتا ہے۔

سفوف وجع المفاصل جدید

ھوالشافی: مگھاں۔ سورنجاں شیریں۔ برگ سناء۔ اسپرین پاؤڈر۔ زنجبیل۔ قسط شیریں۔ پوست ہلیلہ زرد ہر ایک ایک کلو اسگندنا گوری ۴ کلو۔

ترکیب تیاری: تمام اجزا باریک سفوف بنا کر اسپرین پاؤڈر شامل کر کے رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۳ گرام۔ سفوف صبح، شام بعد از غذا ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: درد مفاصل کی کمال دوا ہے۔ فوری سکون ہو جاتا ہے۔

سفوف کارمینول

ھوالشافی: زیرہ سفید ۲ کلو برگ سنا مکی مصفیٰ ۲ کلو۔ کلونجی۔ سونف۔ ہلیلہ سیاہ۔ کشنیز خشک۔ گل سرخ مصفی ایرانی۔ پودینہ دیسی۔ تخم کرفس۔ مرچ سیاہ ہر ایک ایک کلو۔

ترکیب تیاری: تمام اجزا مکمل باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک چمچ صبح، شام بعد از غذا ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: کاسر ریاح، ہاضم، قبض کشاء اپھارہ کو بہت نافع ہے۔

دواء الطمث خاص

ھوالشافی: شورہ قلمی ۲ کلو ۵۰۰ گرام۔ مرچ سیاہ ۱۲۵ گرام۔

ترکیب تیاری: آہنی کڑاہی میں ڈال کر آنچ دیں۔ جب شورہ قلمی پگھل جائے تو مرچ سیاہ باریک شدہ ایک ایک چٹکی ڈالتے جائیں تمام مرچ سیاہ ختم ہو جائے تو خشک ہونے پہ کڑاہی سے نکال کر باریک سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گرام تک صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: حیض جو عرصہ سے بند ہو کھل جاتا ہے، عسر الطمث حیض کا کم آنا۔ درد سے آنا۔ ایام کی بے قاعدگی وغیرہ کے لیے اکسیر صفت ہے۔

دوائے حجر الیہود

ھوالشافی: سنگ یہود ۲ کلو۔ شورہ قلمی ۳ کلو۔ نوشادر ٹھیکری ایک کلو سہاگہ ایک کلو۔ آب مولی ۴ لیٹر۔

ترکیب تیاری: تمام اجزا علیحدہ علیحدہ باریک کر کے آہنی کڑاہی میں ڈال کر آب مولی ڈالیں اور آگ پر خشک کریں۔

مقدار خوراک: ۶ رتی سے ایک گرام تک ہمراہ پانی۔

فوائد: گردہ اور مثانہ کی پتھری کے لیے سو فیصد مجرب بارہا کا آزمودہ ہے۔

نوٹ: پانی زیادہ پلائیں۔

دوائے پیچش

ھوالشافی: ہلیلہ سیاہ ایک کلو۔ تخم ریحان ۵۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: ہلیلہ سیاہ گھی میں بریاں کر لیں اور تخم ریحان شامل کر کے سفوف بنا لیں۔

ترکیب استعمال: ایک سے ۳ گرام تک صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: پیچش۔ مروڑ۔ دست وغیرہ میں مفید و مجرب ہے۔

اکسیر معدہ

ھوالشافی: سوڈا بائیکارب ۵۰ کلو۔ گیرو آدھ کلو۔ ست پودینہ ۱۰۰ گرام۔ ست اجوائن ۱۰۰ گرام۔ سفوف تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ۳ گرام، صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب۔

فوائد: جلن، تیزابیت پر خوری سے ہونے والے عوارضات بدہضمی، اپھارہ، کھٹے ڈکار، ضعف معدہ، چند منٹ میں طبیعت ہشاش بشاش کر دے گی۔

سفوف سوزاک

ھوالشافی: ریوند چینی۔ سنگجراحت۔ شورہ قلمی۔ کباب چینی۔ کتھہ سفید۔ ہر ایک ۳-۳ کلو۔ الائچی خورد ۲۵۰ گرام۔ سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: ۳ گرام سے ۵ گرام تک ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: سوزاک جدید و مزمن قرحہ احلیل، پیشاب کی جلن، سوزش، دیگر عوارضات بولیہ میں خاص ترکیب ہے۔

سفوف منقی دماغ

ھوالشافی: ہلیلہ سیاہ ۲ کلو۔ سونف ۲ کلو۔ مغز بادام ایک کلو۔ زیرہ سفید ۲ کلو۔ الائچی خورد ۲۵۰ گرام۔ زنجبیل ایک کلو۔ چینی ۳ کلو۔

ترکیب تیاری: ادویہ کو الگ الگ باریک کر کے باہم ملالیں سفوف تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ایک چمچ رات سوتے وقت ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد: تنقیہ دماغ کے لیے بڑی ہی مفید چیز ہے۔ بحمد اللہ۔

❀ حب گولڈن جدید

ھوالشافی: پوٹاشیم برومائیڈ ۱۰۰ گرام۔ مرچ سیاہ۔ تخم دھتورہ ہر ایک ۲۰۰ گرام۔ باریک سفوف بنا کر چھوٹا کیپسول بھر لیں یا حبوب نخودی بنا کر کشتہ مرگانگ چڑھالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی روزانہ۔

فوائد: جریان، احتلام، سرعت، ذکاوت حس کے لیے مفید ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

سفوف سعال جدید

ھوالشافی: ملٹھی ۲ کلو۔ برگ اڑوسہ ۲ کلو۔ گوند کیکر ۲ کلو۔ گوند کتیرا ۲ کلو۔ بہی دانہ ۵۰۰

گرام۔ کاکڑا سنگھی ۲ کلو۔ پوست کو کنار ۲ کلو۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باہم ملا کر سفوف تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ۲ گرام صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ یا چائے کھلائیں۔

فوائد: ہر طرح کی کھانسی، بلغم، گلے کی خراش، خشونت، غوطے والی کھانسی، کھانسی کالی اور کثرت بلغم کے لیے مفید ہے۔ سانس پھولنے کے لیے بھی سو فیصد مجرب ہے۔

سفوف مرکب جدید

ھوالشافی: ریوند خطائی۔ نوشادر۔ شورہ قلمی۔ زنجبیل۔ پوست ہلیلہ زرد۔ زیرہ سفید۔ رائی۔ سہاگہ بریاں ہر ایک ۲۰۰ گرام۔ گندھک آنولہ سار ۱۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باہم ملا کر کوٹ کر باریک چھان کر رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۳ گرام صبح، و شام یا صبح، دوپہر شام۔

فوائد: یہ کثیر الفوائد سفوف بہت سی امراض کے لیے مفید و مجرب ہے۔ طبیب اپنی لیاقت سے اسے اکثر امراض میں استعمال کر کے تکالیف کا مداوا بفضل تعالیٰ کر سکتا ہے۔ پیشاب کی سوزش، جلن، ہاتھ پاؤں کی جلن، ادرار بول، عسر البول، تقطیر البول، ضعف ہضم، ریح کے اخراج کے لیے قبض کشاء، ادرار حیض غرض ہمہ صفت دوا ہے۔

ادرار حیض

ھوالشافی: بلادر ۱۰ گرام۔ حنظل گودہ ۳۰ گرام۔ رائی ۲۰ گرام۔ الگ الگ باریک کر کے باہم ملا کر حبوب مرچ سیاہ کے برابر بنا لیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی روزانہ ہمراہ دودھ وافر۔ شدید صورت میں صبح و شام۔

فوائد: ادرار حیض کے لیے اعلیٰ ترین نسخہ شفا ہے۔

❀ پارلو

حکیم محمد ادریس بخاری مرحوم میرے خاص دوستوں میں سے تھے۔ ان کی یاد میں

نسخہ میں ضرور شامل کرنا چاہوں گا۔ تاکہ جو فیض یاب ہو ان کی مغفرت کی دعا کا حصہ بن جائے۔

ھوالشافی : زعفران۔ جند بیدستر۔ دارچینی۔ جوزبوا۔ جاوتری۔ زنجبیل۔ قرنفل۔ عاقرقرحا۔ کشتہ شنگرف مدبر ہر ایک ۱۰ گرام۔ مشک خالص۔ مروارید عمدہ ہر ایک ۵ گرام۔ کشتہ طلا ۲ گرام۔ باہم ملا کر گولی بقدر نخود بنالیں۔

فوائد: زبردست، محرک، ممسک، صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

منجن جدید

ھوالشافی : پھٹکڑی بریاں۔ سوڈا بائیکارب ہموزن باریک سفوف بنائیں۔

فوائد: دانتوں کے اکثر امراض میں مفید ہے۔ دو دفعہ دن میں صرف مسوڑھوں اور دانتوں پر لگا دیا کریں۔ اس دوا کو ملنا نہیں۔ منہ کھلا چھوڑ دیں۔ تمام رطوبات فاسدہ دفع ہو کر دانتوں کے امراض سے شفا ہو گی۔ ان شاء اللہ۔

❀ بزنشر

ڈاکٹر غلام جیلانی برق کا یہ نسخہ پیر سید صابر حسین شاہ مرحوم نے عطا کیا، بنایا استعمال کروایا، بہت مفید پایا۔

ھوالشافی : بادیان۔ زیرہ سفید۔ نوشادر ٹھیکری۔ شورہ قلمی۔ ریوند چینی۔ ہموزن ادویہ باہم ملا کر باریک کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۳ گرام تک صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: پیشاب کی جلن، معدہ و جگر کی اکثر امراض میں شفا بخش ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

لاثانی شاہی گولیاں

ھوالشافی : خولنجاں۔ دارچینی۔ برگ قنب۔ قرنفل۔ بزرالبنج۔ تیزپات ہر ایک ۵۰ گرام۔ تخم دھتورہ ۱۰ گرام۔ سٹرکنیا ۲ گرام۔ بینزونک ایسڈ ۲۵ گرام۔ رب شیر برگد ۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باہم ملا کر خوب باریک کر لیں اور شہد کی مدد سے گولیاں بنا لیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح، ایک گولی شام ہمراہ دودھ۔

فوائد: جریان احتلام، سرعت انزال کو ختم کر کے بہترین تقویت اعصاب کرتی ہیں۔ مغلظ عمدہ محرک اعلیٰ ممسک بے نظیر ہیں۔ ذکاوت حس کو دور کرتی ہیں۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

اسپندی

ھوالشافی : باؤبڑنگ۔ نمک سیاہ۔ حرمل ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ باریک سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: صبح و شام ۳ گرام ہمراہ آب تازہ بچوں کے لیے مقدار آدھی۔

فوائد: پیٹ کے کیڑوں کو ختم کر کے اخراج کرتی ہے۔ اسپندی لاجواب ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

بلڈ کینسر کے لیے

ھوالشافی : زخم حیات۔ نکچھکنی۔ گلو۔ دھنیا ہموزن حسب دستور شربت بنائیں۔ اطباء قدیم نے اسے بلڈ کینسر کے لیے مفید لکھا ہے۔ چونکہ آج تک کوئی مریض اس مرض کا مطب پہ نہیں لایا گیا۔ اس لیے تجربہ نہیں البتہ، زبردست مصفی خون ہے۔ اور مرض سیم (جس میں جلد چتکبری ہو جاتی ہے) کو صاف کرتا ہے۔

سر درد

ھوالشافی: کلونجی ۱۰۰ گرام نہایت باریک کر کے تین سو گرام شہد خالص میں شامل کر کے رکھیں۔ ایک چمچ روزانہ ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

فوائد: درد سر مزمن کو ختم کرتا ہے۔ اعصابی تقویت کے لیے بھی مفید ہے۔ پیٹ کے کیڑوں کو ختم کرتی ہے۔

حبوب پنجتن

ھوالشافی: زاج اخضر (ہیرا کسیس)۔ صبر زرد۔ افسنتین۔ زراوند مدحرج۔ زعفران عمدہ ہموزن۔ باریک کر کے پانی کی مدد سے گولیاں چنے کے برابر بنا لیں۔

ترکیب تیاری: صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ گرم دیں۔

فوائد: یہ گولیاں احتباس الطمث کے لیے کمال ہیں۔ درد پہلے ہی دن ختم کر کے فوری حیض جاری کر دیتی ہیں۔ عموماً صرف تین خوراک کھانا ہی کافی ہے۔

کیرے کے لیے

ھوالشافی: مغز بادام ۱۳ عدد۔ مغز پستہ ۱۳ عدد۔ ہرڑ سیاہ ۳ عدد تینوں ادویہ رات کو پانی میں الگ الگ بھگو دیں۔ صبح مغز بادام چھیل کر گھوٹ لیں۔ پھر پستہ شامل کریں اور گھوٹ لیں پھر ہرڑ سیاہ باریک کر کے گھوٹ لیں اور تھوڑی چینی ملا کر پیسٹ سی بنا لیں۔ روزانہ صبح نہار چالیس یوم تک کھلائیں۔ کیرا مستقل ختم ہو گا۔ انشاء اللہ بفضلہ تعالیٰ۔

ساخران کیپسولز

ھوالشافی: بزرالبنج نہایت باریک کر لیں۔ تھوڑی ہرچی ملا لیں اور ۲۵۰ ایم جی کا کیپسول بھر لیں۔ صبح و شام ایک ایک کیپسول دودھ گھی کے ساتھ کھلائیں۔

نوٹ: گھی دودھ کے بغیر ہرگز نہ دیں ورنہ منہ بہت خشک ہو گا کہ تھوک بھی نہ نگلی جا سکے اور جو مریض گھی استعمال نہ کر سکے اسے صرف ایک کیپسول رات کو کم از کم ایک گلاس دودھ سے۔

فوائد: ذکاوت حس، جریان، احتلام، سرعت انزال، لیکوریا کے لیے اعلیٰ ترین ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

❀ انمول مجربات نمبر ۱۶

ھوالشافی: تیزپات۔ اجوائن دیسی ہموزن لے کر باریک پیس لیں اور محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: دن میں ۳ مرتبہ ہمراہ آب نیم گرم ۴ رتی (آدھ گرام) کی خوراک دیں۔

فوائد: بازوؤں ٹانگوں کے درد اور عام جسمانی تھکان میں نافع ہے۔ کثرت بول میں مفید ہے۔ یہ دوا کیپسول ۵۰۰ ایم جی کے بھر کے رکھ سکتے ہیں۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

❀ انمول مجربات نمبر ۱۹

ھوالشافی: لونگ ۱۰ گرام۔ جاوتری ۲۰ گرام۔ دارچینی ۳۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تینوں اجزا باریک کر کے ۲۵۰ ملی گرام کا کیپسول بھر لیں۔ صبح و شام ایک کیپسول۔

فوائد: یہ دوا قلب و عضلات میں تحریک، جگر و غدد میں تسکین اور اعصاب و دماغ میں تحلیل کا باعث ہے۔ یہ دوا حرارت غریزی بڑھاتی ہے۔ اس کے استعمال سے جگر میں تحریک پیدا ہوتی ہے۔ مانع اسہال ہے۔ نمونیا اور بخار محرقہ میں مفید ہے۔ انتہائی مقوی معدہ و امعاء ہے۔ بلغمی دمہ، کھانسی، زکام، چھینکیں، پرانے دست، سنگرہنی، کثرت بول، کابوس، کھٹی ڈکاریں، کالی کھانسی، عصابہ پیٹ اور سینے کے درد اور باؤ گولہ میں مفید

ہے۔ پیٹ درد کا نافع ہے۔ درد کمر، جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔ مقوی باہ اور ممسک ہے۔[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

ادرار حیض

ھوالشافی: بالچھڑ۔ مرکی۔ کلونجی۔ ہاو بیر ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ رائی ۲۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے شہد کی مدد سے گولیاں نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: صبح وشام ہمراہ دودھ گرم۔ ایک ایک گولی کھلائیں۔

فوائد: عورتوں کے امراض، درد رحم، عسر الطمث میں مفید ہے۔ حب اٹھرا بھی ساتھ دی جاسکتی ہے۔

سیلان الرحم کے لیے خصوصی نسخہ

ھوالشافی: رسکپور ۳ گرام۔ تخم اسپند ۲۵۰ گرام۔ کشتہ بیضہ مرغ ۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری: رسکپور کھرل مین ڈال کر باریک کریں اور اسپند باریک شدہ تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کرتے جائیں۔ تمام ہونے پر کشتہ بیضہ مرغ شامل کریں اور ڈیڑھ دو گھنٹے کھرل کر کے محفوظ رکھیں، نسخہ تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۲ سے ۴ رتی تک کیپسول میں بھر کے دیں۔ صبح وشام ہمراہ دودھ۔

فوائد: ہٹیلے سے ہٹیلا لیکوریا کا مرض بھی اس سے ٹھیک ہو جائے گا۔ بفضلہٖ تعالیٰ۔

خون کی سمیت کے لیے

ھوالشافی: نیلا تھوتھا۔ کھدر کے کپڑے میں ڈھیلا سا باندھ لیں اور مٹی کے تیل میں ڈبو کے زمین پر رکھیں اور دس کلو اوپلے جوڑ کے آگ لگائیں۔ تمام جل جانے پر نکال کے پیس لیں۔ کچھ نیچے سے اگر کچا رہ جائے تو اسے الگ کر دیں۔ یہ کشتہ نیلا ایک گرام۔ برگ نیم ۵۰ گرام۔ ملا کر خوب باریک کریں اور درمیانے کیپسول بھر لیں۔ ایک صبح ایک شام دیں۔ ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

فوائد: ہر قسم کی خارش، پھنسیاں، خون کی خرابی، ہر قسم کی جلدی امراض کا خاص نسخہ بارہا کا آزمودہ اور مجرب مصدقہ ہے۔

❀ ہاضمینا

ھوالشافی: سونف۔ اجوائن۔ نوشادر۔ نمک سیاہ۔ گل سرخ مصفیٰ ہموزن۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: ۳ گرام سے ۵ گرام تک صبح وشام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: زبردست ہاضم، کاسر ریاح، بھوک بڑھائے اور قبض کشاء کرے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

لیکوریا کیپسول

ھوالشافی: سنگ جراح آگ پہ رکھ کے بریاں کرلیں اور ہموزن چینی باریک کر کے شامل کریں۔ لیکوریا کے لیے بڑا مؤثر ہے۔ کیپسول بڑا بھر کے صبح وشام ہمراہ پانی یا دودھ۔

تریاق بخار

ھوالشافی: نوشادر ۱۰۰ گرام۔ پھٹکڑی ۱۰۰ گرام۔ آک کے پودے کی راکھ ۲۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: آک کا سالم پودہ بمعہ جڑ سوکھنے پر جلا کر راکھ بنالیں۔ نوشادر۔ پھٹکڑی شامل کر کے باریک سفوف بنالیں اور تمام کے برابر چینی باریک کر کے شامل کرلیں۔

مقدار خوراک: ۴ رتی آدھ گرام تک صبح وشام ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد: موسمی اور میعادی بخاروں میں بہت کارگر نسخہ ہے۔ بفضلہٖ تعالیٰ۔

دق کے لیے

ھوالشافی: ابرک سفید ۲۵۰ گرام۔ باریک کرکے آک کا دودھ شامل کرکے گوندھ لیں اور بڑی ٹکیہ بنا کر کجے میں رکھ کے ۳۰ کلو کی آگ دیں۔ کشتہ برآمد ہوگا۔

ترکیب استعمال: ایک چاول کی مقدار میں مکھن میں رکھ کے دیں۔ صبح و شام بعدہ دودھ گرم پلائیں۔

فوائد: تپ دق، عفونتی بخاروں میں مفید ہے۔ ٹی۔ بی کی پہلی دوسری سٹیج میں بہت مؤثر ہے۔

لیکوریَن

ھوالشافی: تخم جامن۔ پھلی کیکر۔ سنگ جراح۔ ہموزن باریک کرکے سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: صبح، دوپہر شام ۲۔۳ گرام تک ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد: سیلان الرحم، جریان الرحم، استرخا مہبل کے لیے مفید ہے۔

کمر درد کے لیے

ھوالشافی: زنجبیل۔ سورنجاں شیریں۔ نمک سیاہ ہموزن باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۳ گرام تک صبح و شام ہمراہ چائے یا قہوہ دیں۔

فوائد: کمر درد، چک، ریگن کا درد، عرق النساء اعصابی دردوں میں مفید ہے۔

❀ ممسک خاص

ھوالشافی: اسپند۔ تل سیاہ۔ پوست کوکنار ہموزن باریک کرلیں۔

مقدار خوراک: ۶ گرام صبح و شام ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد: سرعت انزال کا قلع قمع کرکے قوت باہ کو زبردست تقویت دیتا ہے۔ مذی کی رطوبت کو روکتا اور لذت سے سرشار کرتا ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

دیگر

ھوالشافی : تیز پات ۱۰ گرام۔ دارچینی ۱۰ گرام باہم ملا کر باریک کریں اور اس میں سے ۲۔۲ گرام صبح وشام ہمراہ دودھ کھلائیں ممسک ہے۔

دیگر

ھوالشافی : دارچینی ایک کلو باریک کرلیں۔ جوہر سم الفار ۵ گرام باہم ملالیں۔ درمیانہ کیپسول بھر کے روزانہ ایک کھلائیں ساتھ دودھ گھی وافر کھلائیں۔

فوائد: قوت باہ کو برانگیختہ کر کے لذت و ہیجان پیدا کرتا ہے۔ بارہا کا آزمودہ، معمول مطب نسخہ ہے۔

❀ معجون شباب

ھوالشافی : اسگند۔ بسباسہ۔ جوز بوا۔ لونگ۔ کنجد ہر ایک ۱۰۰ گرام شہد خالص سہ چند۔

ترکیب تیاری: بطریق معروف معجون بنالیں۔

ترکیب استعمال: ۵ گرام ہمراہ دودھ۔

فوائد: واقعتاً شباب آور ہے۔ اگر تغلیظ مقصود ہو تو معجون صمغ بھی ساتھ کھلائیں جس کا نسخہ درج ذیل ہے۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

❀ معجون صمغ

ھوالشافی : صمغ عربی ۱۶۰ گرام۔ آرد سنگھاڑا ۱۶۰ گرام۔ آرد خرما ۱۶۰ گرام۔ مغز نارجیل ۳۰ گرام۔ مغز پستہ ۳۰ گرام۔ مغز بادام ۳۰ گرام۔ مغز چلغوزہ ۳۰ گرام۔ الائچی خورد۔ دارچینی۔ زنجبیل ہر ایک ۵ گرام۔ لونگ ۳ گرام۔ فلفل دراز ایک گرام۔ چینی ۲۰۰ گرام شہد خالص ۱۲۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: ادویہ باریک کرلیں۔ مغزیات کو الگ سے باریک کر کے شہد اور چینی

کا قوام تیار کر کے معجون تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ۵ سے ۱۰ گرام تک روزانہ کھلائیں بعدہ دودھ پلائیں۔

فوائد: مادہ منویہ کی تغلیظ کے لیے اعلیٰ ترین مرکب ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

❀ حب عنبر

ھوالشافی: جدوار۔ عنبر۔ زعفران ہموزن باریک کر کے شہد کی مدد سے گولیاں مرچ سیاہ کے برابر بنالیں اور اوپر ورق نقرہ یا ورق طلا چڑھائیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی روزانہ یا صبح وشام ہمراہ دودھ گرم شہد سے میٹھا کر کے۔

فوائد: تقویت اعصاب کے لیے زبردست دوا ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

❀ لیکوزیکس

ھوالشافی: کشتہ بیضہ مرغ ۱۰ گرام۔ کشتہ مرجان ۵ گرام۔ کشتہ عقیق ۵ گرام۔ سنگ یشب ۵ گرام۔ کشتہ چاندی ایک گرام باہم ملا کر کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۲ سے ۳ رتی ہمراہ دودھ صبح وشام۔

فوائد: صرف ایک ہفتہ کے استعمال سے لیکوریا مستقل ختم ہوگا۔ انشاء اللہ۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

❀ اکسیر زندگی

ھوالشافی: گوند کیکر بریاں ۱۰۰ گرام۔ گوند کتیرا ۵۰ گرام۔ مغز چلغوزہ۔ مغز پستہ۔ مغز ناریل۔ آرد سنگھاڑہ۔ مغز بادام ہر ایک ۵۰ گرام۔ موصلی سفید انڈیا ۱۰۰ گرام۔ لونگ ۵ گرام۔

ترکیب تیاری: مغزیات کو الگ باریک کریں باقی ادویہ باریک کرلیں۔ گوند کیکر کو

تھوڑے گھی دیسی میں بریاں کر لیں کہ پھول کر کرکری ہو جائے۔ تمام ادویہ یک جان کر کے چینی ان تمام ادویہ سے تین گنا لے کر معجون کا قوام تیار کریں اور ٹھنڈا ہونے پر ادویہ ملا کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام صبح نہار ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد: مغلظ، مقوی، مولد خون، محرک، مسمن بدن بہت ہی مفید ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

❀ ٹھنڈک

ھوالشافی: کتھہ سفید۔ گوند کتیرا۔ تخم خرفہ۔ تخم کاہو۔ کشنیز خشک ہموزن۔

ترکیب تیاری: باہم ملا کر سفوف بنا لیں۔

مقدار خوراک: ۳ گرام صبح، دوپہر، شام ہمراہ شربت بزوری۔

فوائد: ہاتھ پاؤں کی جلن، گھبراہٹ، بے چینی، پیاس کی شدت، تلخی، خفقان کے لیے بہت مفید ہے۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

❀ طلسم ہوشربا پچاس امراض کی واحد دوا

ھوالشافی: میٹھا تیلیہ ۲۵ گرام۔ فلفل سیاہ ۱۰ گرام۔ زنجبیل ۱۰ گرام۔ فلفل دراز ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو اس قدر کھرل کریں کہ زنجبیل کا ریشہ ناپید ہو جائے اور میٹھا تیلیہ کی بو باقی نہ رہے۔ بعدہ عاقر قرحا۔ پپلا مول ہر ایک دس گرام ملا کر چار یوم تک کھرل کریں۔ پھر قرنفل۔ جوز بوا ہر ایک ۱۰ گرام شامل کر کے کھرل مزید چار دن کریں۔ بعدہ شہد ملا کر خوب کوٹ کر گولیاں مرچ سیاہ کے برابر بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی ہمراہ عرق بادیان دن میں دو مرتبہ۔

فوائد: وجع المفاصل، باؤ گولہ، لقوہ، فالج، خدر، سلسل البول اور دیگر بادی امراض کے

لیے مفید ہیں۔[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

عصائے پیری

ھوالشافی: میٹھا تیلیہ ۵ گرام۔ کچلہ ۱۰ گرام۔ مگھاں ۲۰ گرام۔

ترکیب تیاری: دو دن مسلسل کوٹ کر گولیاں نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی ۲۰ گرام گھی کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد: بوڑھوں کے لیے عصا پیری کا کام دیتی ہے۔ بلڈ پریشر کے لیے اور مقوی باہ بھی ہے۔

درد گردہ

ھوالشافی: پھٹکوی ۵۰ گرام۔ مولی کا پانی ایک لیٹر۔

ترکیب تیاری: برتن میں پھٹکوی ڈال کر مولی کا پانی ڈالیں اور آگ پہ خشک کر لیں تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ایک سے دو گرام تک ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: درد گردہ کو فوری آرام دیتی ہے۔ پیشاب کی جلن عسر البول میں مفید ہے۔

بواسیری نمبر ۶۶۱

ھوالشافی: پوست ریٹھہ سوختہ۔ گیری ہموزن۔

ترکیب تیاری: باہم ملا کر باریک کر کے کیپسول بھر لیں ۵۰۰ ایم جی۔

ترکیب استعمال: صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ۔

یا

ھوالشافی: گل سپاری باریک کر کے کیپسول بڑے بھر لیں۔ صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: خون بواسیر کا پہلی دوسری خوراک میں مکمل ٹھیک ہوگا۔ انشاء اللہ۔

حسی

ھوالشافی: کیکر کی نرم چھال لے کر پانی میں ابالیں اتنا کہ گاڑھا سیاہ سیال بن جائے۔ رب کیکر تیار ہے۔ آلائش سے پاک کر کے صاف ستھرا کر کے سیال خشک کر لیں اور ماش کے دانے برابر گولیاں بنا لیں۔ صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ آب تازہ یا دودھ۔

فوائد: فوری طور پر مشتعل ہو جانے والوں کے لیے مسکن ہے۔ تبخیر، تھکاوٹ دور کرتی ہیں۔ نیز دو دو گولیاں عورتوں کے موٹاپے کے لیے بھی مفید ہیں۔ آزمودہ مصدقہ ہے۔

جریانی

ھوالشافی: کچلہ سائیدہ ۱۰ گرام۔ بالکل باریک کر کے ۹۰ گرام چینی شامل کریں اور خوب کھرل کر کے کیپسول درمیانے بھر لیں۔ صبح و شام ہمراہ دودھ ایک ایک کیپسول۔

فوائد: جریان، رطوبت مذی کے اخراج میں بہترین دوا ہے۔

بواسیری نمبر ۱۷۱

ھوالشافی: نیم کے پتے ۲ کلو۔ سنا مکی ۱۰۰ گرام پانی میں ابال لیں اور ۱۰۰ گرام رسوت شامل کر کے خوب گاڑھا ہونے پر گھوٹ کر ملائم ہونے پر نخودی گولیاں بنا لیں گھی کے ہمراہ صبح و شام ایک ایک گولی۔

فوائد: بواسیر ہر طرح کی ختم ہوگی۔ انشاء اللہ۔

❀ قوتِ امساک کی زود اثر بے پناہ مفید دوا

ھوالشافی: شنگرف مدبر ۱۰۰ گرام۔ دار چینی۔ عاقر قرحا۔ جوز ماثل۔ بزر البنج۔ جاوتری ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ لونگ، کافور ہر ایک ۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری: شنگرف کی رگڑائی اتنی کریں کہ چمک ختم ہو جائے دیگر باریک شدہ

تمام ادویہ شامل کر کے شہد کی مدد سے گولیاں نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی روزانہ رات سوتے وقت ہمراہ دودھ گرم یا قبل از مباشرت ۲ گھنٹے پیشتر ہمراہ دودھ اس کے بعد کھانے کو کچھ نہ دیں سوائے دودھ کے۔

فوائد: عارضہ ضعف باہ کے لیے مستقل فائدے کی دوا ہے۔ ذکاوت حس، جریان، سرعت انزال، رطوبت مذی کا اخراج ختم ہوگا بنائیں اور بے شمار فائدے اٹھائیں۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

بواسیری نمبر ۱۵۳

ھوالشافی: کوری چاٹی لے کر اس میں نیم کی نمولیاں بھر دیں۔ پینیدے میں چھوٹا سا سوراخ کر لیں اور نیچے ایک اور چاٹی کوری رکھ کے ایک گڑھا کھود کے اس میں اوپر نیچے رکھیں۔ اردگرد اوپلے تقریباً ایک من لگا کر آگ دیں۔ نیچے والی چاٹی میں پانی تیل گاد جو بھی بھر جائے نکال کر گھوٹکر گولیاں نخودی بنالیں، خونی و بادی بواسیر میں سو فیصد مجرب شفا بخش نسخہ ہے۔ صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ۔

ممسک

خزینۃ الاطبا حکیم علم الدین بھاگووالیہ کی کتاب صفحہ نمبر ۲۹۰ کا یہ نسخہ مجرب و مصدقہ ہے۔

ھوالشافی: افیون۔ تخم دھتورہ۔ برگ بھنگ ہموزن نہایت باریک کر کے آب دھتورہ میں کھرل کر کے حبوب مرچ سیاہ کے برابر بنالیں۔ ممسک بہترین ہیں ایک گولی ہمراہ دودھ۔

نوٹ: نسخہ بہترین ہے۔ لیکن سر درد پیدا کرتا ہے۔ اگر ڈسپرین ایک گولی ساتھ دیں تو ٹھیک ہے۔

برائے الرجی (کیرا)

ھوالشافی: پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ آملہ مقشر۔ ہلیلہ سیاہ بریاں۔ اسطخودوس۔ فلفل دراز۔ زنجبیل۔ دم الاخوائن۔ مغز بادام۔ کچلہ مدبر ہر ایک ۲۰ گرام۔ مرچ سیاہ ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے نصف کلو چینی کا معجون کا قوام کر کے معجون بنا لیں۔

ترکیب استعمال: ایک گرام صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: موسمی تغیر سے ہونے والا زکام، چھینکیں، الرجی، ناک سے بہنے والی پتلی رطوبت، آنکھوں میں جلن، گلے کی خراش، کیرا، بلغم الرجک دمہ وغیرہ کے لیے مفید و مجرب ہے۔

جوارش تبخیر

ھوالشافی: آلو بخارہ۔ انار دانہ۔ املی۔ زرشک۔ سبز پودینہ۔ ادرک تازہ۔ ہموزن ۱۰۰ گرام۔ پانی ۲ لیٹر میں جوش دیں اور اچھی طرح مل چھان کر پن لیں۔ پانی جتنا ہو اس سے دگنی چینی ملا کر قوام درست کریں اور یہ ادویہ باریک کر کے شامل کر دیں۔ اجوائن دیسی۔ تخم کرفس۔ الائچی خورد۔ زرشک شیریں۔ ست لیموں (ولایتی) سونٹھ۔ مرچ سیاہ ہر ایک ۵۰ گرام۔ اگر بواسیر بھی ہو تو سقمونیا ولایتی اصلی ۱۰ گرام اضافہ کر لیں۔

ترکیب استعمال: ۳ سے ۵ گرام تک صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: معدہ کی اور انتڑیوں کی تمام امراض میں مستعمل ہے۔ تبخیر معدہ کی خاص دوا ہے۔

❀ پائیلورٹ

ھوالشافی: پوست بندق سوختہ ۱۰۰ گرام۔ کتھہ سفید ۵۰ گرام۔ کمیلہ ۵۰ گرام۔ باہم

ملا کر باریک کر کے کیپسول ۵۰۰ ایم جی بھر لیں۔ صبح و شام ایک ایک کیپسول ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: خون بواسیر کو فوری بند کرتا ہے۔ مسوں میں جلن، خارش، سوزش میں مفید ہے۔ اجابت بافراغت ہو کر بواسیر مستقل ختم ہو جاتی ہے۔ انشاء اللہ بفضلہٖ تعالیٰ۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

بواسیری نمبر ۱۳۳

معدن شفا سادات کا یہ نسخہ اکسیر صفت ہے۔ بارہا کا آزمودہ فوری اثر ہے۔

ھوالشافی: پوست بندق بریاں ۵۰ گرام۔ رسوت مصفیٰ ۱۰۰ گرام۔ کشنیز خشک ۵۰ گرام۔ الائچی سبز ۱۰ گرام۔ کافوردیسی ۵۰ گرام۔ آب مولی ایک لیٹر۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے آب مولی شامل کریں اور کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: ۲۔۲ گولی صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔

معجون وجع المفاصل

ھوالشافی: سورنجاں شیریں۔ زنجبیل۔ زیرہ سفید ہموزن باریک کر کے شہد تین گنا میں ملا کر معجون بنالیں۔

ترکیب استعمال: ۳ سے ۵ گرام صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: دردِ مفاصل۔ سوزش۔ اعضا شکنی کے لیے مفید ہے۔

مالش

ھوالشافی: روغن کنجد ۲۵۰ ایم ایل۔ روغن بیدانجیر ۲۵۰ ایم ایل۔ گندھک آملہ سار ۵۰ گرام۔ باہم ملا کر آگ پر گرم کریں سرخ رنگت کا تیل ہو جائے گا۔ دھوپ میں بیٹھ کر مالش کریں۔

فوائد: جوڑوں کی سختی، درد، سوجن میں افاقہ ہوگا۔ بفضلہٖ تعالیٰ۔

لیپ

ھوالشافی: سورنجاں تلخ نہایت باریک کر کے پانی میں حل کر کے لیپ تیار کریں اور جوڑوں پر درد کے مقام پر لگائیں۔ درد سوجن میں افاقہ ہوگا۔

ضماد خنازیر

ھوالشافی: پوست بندق نہایت باریک کر کے سرکہ میں ملا کر خنازیر پر لگائیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ شفا ہوگی۔

عصبی

ھوالشافی: عاقر قرحا۔ اسرول ہموزن باریک سفوف کر کے کیپسول بھرلیں۔ صبح وشام پانی کے ساتھ کھلائیں ساتھ خمیرہ گاؤزبان جدوار عود صلیب والا کھلائیں۔

فوائد: اختناق الرحم، رعشہ، عصبی کمزوری، مرگی، ہذیان میں مفید ہے۔

تبخیری

ھوالشافی: زنجبیل۔ سہاگہ بریاں۔ نمک سونچل۔ ہینگ ہموزن نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح وشام ہمراہ چائے۔

فوائد: تبخیر کے لیے اعلیٰ دوا ہے۔ ریاحی امراض عضلاتی دردوں میں مفید ہے۔

❀ ناجیا

ھوالشافی: آنبہ ہلدی، موم ستھا ہموزن۔

ترکیب تیاری: دونوں ادویہ ملا کر کوٹ لیں۔ اتنا کہ گولی باندھنے لائق ہو جائے۔ کوکن بیر جتنی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: صبح، دوپہر، شام ایک ایک گولی۔

فوائد: ہاتھ پاؤں کی سوزش کے لیے مفید ہے۔ بواسیر کا خون فوری بند کرتی ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

❀ تریاق سرعت

ھوالشافی: پوست ریٹھہ ۱۰ گرام۔ کشنیز خشک ۳۰ گرام۔ زیرہ سفید ۱۰ گرام۔ گوند کیکر ۳۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کوٹ پیس کر کیپسول ۵۰۰ ایم جی بھر لیں۔

ترکیب استعمال: صبح و شام ایک ایک کیپسول ہمراہ پانی۔

فوائد: سرعت انزال کی لاجواب دوا ہے۔ ذکاوتِ حس کو ختم کر کے مستقل امساک کو فائدہ مند ہے۔[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

تبخیری خاص

ھوالشافی: نوشادر ۳۰ گرام۔ الائچی خورد ۳۰ گرام۔ نمک ہندی ۱۰ گرام۔ فلفل دراز ۱۰ گرام۔ فلفل سیاہ ۱۰ گرام۔ جوکھار ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: باہم ملا کر سفوف بنا لیں۔

ترکیب استعمال: ایک گرام صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: اکسیر معدہ اس سے بڑھ کر کوئی دوا نہیں، زبردست مشتہی، ہاضم ہے۔

❀ اندام نہانی کی خارش

ھوالشافی: پودینہ خشک مصفیٰ۔ مسور کی دال۔ چھلکا انار ہموزن۔

ترکیب تیاری: تینوں ادویہ پیس کر کپڑ چھان کر کے ویزلین سادہ میں ملا کر رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک لوٹے کے بقدر پانی میں پھٹکڑی خام ایک چمچ باریک کر کے حل کر کے اچھی طرح صفائی کریں اور خشک کر کے یہ مرہم اندر لگوائیں۔

فوائد: اندام نہانی کی خارش، جلن، سوزش، لیکوریا، پیپ دار رطوبت کا مکمل خاتمہ کرتی ہے۔ دو ہفتہ کا استعمال کافی ہے۔ انشاء اللہ۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

کافوری تیل

ھوالشافی: کیسٹرائل ۱۸۰ ایم ایل۔ روغن جمالگوٹہ ۴۰ ایم ایل۔ روغن تارپین ۴۰ ایم ایل۔

ترکیب تیاری: تمام روغنیات باہم ملا کر خوب حل کر کے رکھیں۔

ترکیب استعمال: چند قطرے نرم ہاتھ سے آہستگی سے متاثرہ اعضا پر مالش کریں۔

فوائد: جوڑوں کی شدید تکالیف، سوجن، درد، جلن میں مفید ہے۔

سفوف وجع الفواد

ھوالشافی: زنجبیل۔ دارچینی۔ سوڈا بائیکارب ہر ایک ۱۰ گرام۔ سونا مکھی ۲۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باہم ملا کر باریک کر کے اچھی طرح مخلوط کر کے رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۴ سے ۶ رتی دن میں ۴ دفعہ صبح، دوپہر، شام اور رات کو کھلائیں۔

فوائد: ورم معدہ کی سوجن، جلن، تیزابیت، گرانی کے لیے مفید ہے کا سر ریاح ہے۔

مسہ جھاڑ

ھوالشافی: چوب چینی مفرد باریک کر کے کیپسول بھر لیں نمبر ۲ کیپسول روزانہ ایک کیپسول ۲ ماہ تک مسلسل کھلائیں۔ ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: چہرے پہ گردن پہ کنج رانوں میں بغلوں میں یا جسم کے کسی مخفی حصہ پر اگر مسے (موہکے) نکل آئیں تو بفضلہٖ تعالیٰ مکمل شفایابی ہوگی۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

تیزابیت معدہ

ھوالشافی: میگنیشیم ہائیڈرو اوکسائیڈ۔ ایلومینیم ہائیڈرو اوکسائیڈ ہموزن ملالیں آدھ چمچ صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: تیزابیت معدہ، کھٹے ڈکار، شدید جلن معدہ کے لیے مفید ہے۔

سانس پھولنا

ھوالشافی: مغز خربوزہ۔ فلفل دراز۔ زنجبیل ہر ایک ۱۰۰ گرام باریک کر کے باہم ملا کر رکھیں۔

مقدار خوراک: ۳ گرام صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: دمہ، سانس پھولنا، خفقان، دل کی دھڑکن زیادہ ہونا کے لیے مفید ہے۔

نزلی

ھوالشافی: پوست ہرڑ زرد۔ پوست بھیڑہ۔ آملہ مقشر۔ تخم دھتورہ۔ پوست کوکنار۔ مغز پنبہ دانہ۔ زیرہ سفید۔ کشنیز مقشر ہر ایک ۱۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ علیحدہ علیحدہ باریک کر کے باہم ملا کر رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک گرام روزانہ صبح، شام ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

فوائد: کیرا، نزلہ، زکام، چھینکیں، سانس پھولنا، بلغم وغیرہ میں آزمودہ مرکب ہے۔

عجیب نسخہ

ھوالشافی: لال مرچ کے سبز پتوں کا پانی دو قطرے کان اور ناک میں ٹپکائیں۔ اس کے پندرہ منٹ بعد روغن گل ٹپکائیں۔ درد مفاصل کو فوری آرام ہوگا۔ انشاءاللہ۔

صحت افزا

ھوالشافی: ست لوبان۔ ست سلاجیت۔ تخم بھنگ۔ کافور۔ تخم دھتورہ۔ اجوائن

خراسانی۔ افیون۔ جاوتری۔ موصلی سیاہ۔ دارچینی۔ دانہ الائچی خورد۔ ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ زعفران عمدہ ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام اجزا ملا کر باہم باریک کر کے ایک نمبر کیپسول بھر لیں۔

ترکیب استعمال: ایک کیپسول روزانہ ہمراہ دودھ گرم۔

فوائد: امساک کے لیے ۱۰۰ فیصد مجرب نسخہ ہے۔ سرعت انزال، دائمی نزلہ و زکام، ذکاوت حس، جریان، جریان مذی، ودی، احتلام کو مفید ہے۔ بحمد اللہ۔

قے کے لیے مجرب

ھوالشافی: پودینہ۔ دارچینی۔ لونگ۔ ہموزن باریک کر لیں۔ ایک گرام روزانہ صبح و دوپہر و شام۔ قے کے لیے مجرب ہے۔

شفائے قبض

ھوالشافی: اسطخودوس۔ بادیان۔ ریوند خطائی۔ ہرڑ۔ بھیڑہ۔ آملہ۔ تربد سفید۔ ہر ایک ۵۰۰ گرام۔ مصبر زرد ۷۵۰ گرام۔ ریوند عصارہ ۶۰ گرام۔ جمال گوٹہ مدبر ۳۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے حبوب نخودی بنا لیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی روزانہ رات سوتے وقت ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد: اعلیٰ ترین قبض کشاء ہے۔ دو گولی جلاب آور ہیں۔

پتے کی پتھری کے لیے مجرب دوا

ھوالشافی: زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ نمک سیاہ۔ بادیان۔ نوشادر ٹھیکری۔ رائی۔ پھٹکڑی بریاں کل سات اجزاء۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء باہم ملا کر باریک کر کے سفوف بنا لیں۔

ترکیب استعمال: ۲ گرام بعد از طعام۔ صبح، دوپہر، شام۔

فوائد: پتے کی پتھری کا یقینی اخراج کرتی ہے۔ کورس کم از کم ایک ماہ ضرور کھلائیں۔

تریاق اسہال

ھوالشافی : ہینگ۔ مرچ سیاہ۔ افیون۔ کافور ہموزن باریک کر کے مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: صبح وشام ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

فوائد: جو جلاب، دست، پاخانے کسی دوا سے نہ رکتے ہوں۔ اس کی ایک گولی کافی ہے۔

بواسیر خونی وبادی

ھوالشافی : چھتر تھوہر کوٹ پیس کر نخودی گولیاں بنالیں ایک صبح ایک شام پانی سے کھلائیں۔ بواسیر خونی وبادی کے لیے دو ہفتہ کا استعمال کافی ہے۔

نزلہ زکام کے لیے ایک روزہ معجزہ

ھوالشافی : سہاگہ بریاں ۴ رتی (آدھا گرام) چائے کے ساتھ دن میں تین مرتبہ کھلائیں۔ فوری آرام ہوگا۔ مستقل افاقہ کے لیے ۳ روز تک دیں۔

دوائے پتھری

ھوالشافی : سنگ سرماہی ۵۰ گرام۔ سنگ یہود ۵۰ گرام۔ آب ترب ۳ لیٹر جوکھار ۲۰ گرام۔ شورہ قلمی ۲۰ گرام۔

ترکیب تیاری: پہلی دو ادویہ باریک کر کے کڑاہی میں ڈالیں اور آب ترب ڈال کر آگ پر چڑھا کر خشک کریں۔ بعدہ جوکھار اور شورہ قلمی ملالیں اور تمام کو ٹھنڈا ہونے پر باریک پیس کر رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۳ گرام ہمراہ کچی لسی صبح وشام دیں۔

فوائد: درد گردہ کو فوری آرام دیتی ہے۔ پتھری گردہ کے لیے چار خوراک کافی ہیں۔

سفوف لیکوریا

ھوالشافی: سنگ جراحت۔ رال۔ گیرو ہموزن۔

ترکیب تیاری: سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۴ گرام صبح نہار گائے یا بکری کے دودھ کے ساتھ کھلائیں۔ ۳ ہفتے مکمل کورس کروائیں۔

فوائد: لیکوریا اور جریان کے لیے مفید ہے۔

بلڈ پریشر کا مکمل کورس

ھوالشافی: مربہ ہلیلہ کلاں ۳ دانے گٹھلی دور کردہ ہموزن گل قند ملا کر روزانہ رات کو کھلائیں بعدہ عرق مکوہ ایک پیالی پلادیں۔ ۴۰ دن زیادہ سے زیادہ دو ماہ میں مکمل آفاقہ ہو جائے۔

محرک و ممسک مقوی، مغلظ

ھوالشافی: ریگ ماہی۔ ثعلب مصری۔ زعفران۔ عروسک۔ کشتہ فولاد آب تربوز والا۔ ہر ایک ۱۰ گرام۔ سمندر سوکھ۔ اجوائن خراسانی۔ برادہ کینچوئے۔ ریوند چینی۔ جائفل۔ فلفل سیاہ ہر ایک ۲۰ گرام۔ مشک خالص ایک گرام۔ ورق نقرہ ایک بڑی دفتری۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ سحق بلیغ کر کے شہد شامل کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔ اور اوپر ورق نقرہ چڑھالیں۔

مقدار خوراک: دو گولی روزانہ ہمراہ دودھ شہد ملا کر کھلائیں۔

فوائد: تقویت عامہ، عصبی عضلاتی کمزوری، شہوت کی کمی، جریان احتلام سرعت انزال کو ختم کرتی ہے۔ ممسک مغلظ مقوی محرک ہے۔

السر معدہ

ھوالشافی: گل بنفشہ ۳۷۵ گرام۔ مکو دانہ ۱۲۵ گرام۔ مویز منقی ۵۰۰ گرام۔ پانی ۴ لیٹر۔

گل قند ایک کلو خوب جوش دے کر پن لیں ایک لیٹر پانی رہ جائے تو ۲ کلو چینی شامل کر کے شربت بنائیں اور ۲۰ ایم ایل صبح، دوپہر، شام پلائیں۔

فوائد: معدہ کے زخم، جلن درد، چبھن کو دور کر کے راحت دے گا۔ انشاء اللہ بفضلہٖ تعالیٰ۔

عینک اتار

ھوالشافی: آب گزر ۴ لیٹر۔ بادیان مقشر ایک کلو۔

ترکیب تیاری: بادیان مقشر کر لیں اور کسی مٹی کے کھلے برتن میں رکھ کے آب گزر ڈال دیں اتنا کہ بادیان ڈوب جائے۔ خشک ہونے پر مزید آب گزر ڈالیں حتی کہ چار لیٹر پانی جذب ہو جائے برتن کو کسی سایہ دار جگہ پہ دھول مٹی سے بچا کے رکھیں۔ خشک ہونے پر نیم کوفتہ کر لیں اور ایک چچ یہ سفوف ایک چچ گل قند ملا کر روزانہ نہار منہ ہمراہ دودھ کھلائیں۔ تمام سفوف ختم ہونے تک +×+ ہو گی بفضلہٖ تعالیٰ اور عینک اتر جائے گی۔

حبوب ممسک

ھوالشافی: کچلہ مدبر ۴۰ گرام۔ تخم دھتورہ ۳۰ گرام۔ عاقر قرحا ۲۵ گرام۔ جوز بوا ۲۰ گرام۔ فلفل سیاہ ۳۰ گرام۔ تخم ہالیون ۳۰ گرام۔ سلاجیت ۳۰ گرام۔ کٹھ شیریں ۲۰ گرام۔ جاوتری ۲۰ گرام۔ زعفران ۴ گرام۔ مغز بادام ۲۰ گرام۔ تربد سفید ۲۰ گرام۔ ہیل خورد ۲۰ گرام۔ تمام ادویہ باریک کر کے شہد کی مدد سے حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی ہمراہ دودھ روزانہ۔

فوائد: بہترین ممسک ہے۔

تیل مالش

ھوالشافی: جاوتری۔ جائفل۔ لونگ۔ بھلانوہ۔ بیر بہوٹی۔ مالکنگنی۔ مہوکڑی۔ کٹھ تلخ ہر

ایک ۱۰ گرام۔ روغن کنجد ۳۰۰ ایم ایل۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ روغن کنجد میں ملا کر آگ پہ رکھیں ادویہ جل جائیں اور صرف تیل باقی رہ جائے بہترین مالش ہے۔ جوڑوں کے درد سوجن کے لیے عمدہ ہے۔

دیگر

ھوالشافی: کیسٹرائل ۱۰۰ ایم ایل۔ روغن کنجد ۱۰۰ ایم ایل۔ سورنجاں شیریں ۲۰ گرام۔ کٹھ ۲۰ گرام۔ ادویہ دھردرا کر کے روغنیات میں ملا کر جلالیں اور کپڑے سے پن کے محفوظ رکھیں۔

فوائد: جوڑوں کے درد، سوجن کے لیے بہترین مالش ہے۔

فریش برین ترمیم شدہ

ھوالشافی: سفوف جواہر ۲۰ گرام۔ چاندی مرکب کشتہ ۱۰ گرام۔ کشتہ بیخ مرجان ۱۰۰ گرام۔ سنگ یشب ۲۰ گرام۔ زہرمہرہ خطائی ۳۰ گرام۔ کشتہ عقیق ۳۰ گرام۔ کشتہ صدف مروارید ۱۰۰ گرام۔ جوھر ترپھلہ ۱۰۰ گرام۔ جوہر برہمی ۱۰۰ گرام۔ طباشیر کبود ۱۰۰ گرام۔ کشتہ یاقوت ۱۰ گرام۔ کشتہ زمرد ۱۰ گرام۔ شوگر آف ملک ایک پونڈ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ اچھی طرح کھرل کر کے یک جان کر لیں اور سب سے چھوٹے کیپسول بھر لیں۔

ترکیب استعمال: صبح نہار اور شام ۴ بجے ہمراہ مکھن یا بالائی یا خمیرہ گاؤزبان یا خمیرہ مرواریدی کھلائیں۔

فوائد: ضعف دماغ، ضعف دل، ضعف اعصاب، لیکوریا، جریان، دائمی نزلہ، زکام، تھکن کاہلی، کمی بھوک، نسیان، یادداشت کو تیز کرتا ہے عقل کو بڑھاتا ہے اور دماغی صلاحیت بڑھاتا ہے۔ طالب علموں، وکیلوں، بچوں، بوڑھوں، عورتوں، دماغی کام کرنے والوں کے لیے جواہرات سے تولنے والا نسخہ ہے۔

لبوب تلافی

ھوالشافی: مغز بادام ۲۰۰ گرام۔ مغز چہار ۲۰۰ گرام۔ مغز پستہ ۱۰۰ گرام۔ مغز اخروٹ ۱۰۰ گرام۔ مغز فندق ۱۰۰ گرام۔ موصلی سفید ۱۰۰ گرام۔ اسگند ناگوری ۱۰۰ گرام۔ طباشیر ۱۰۰ گرام۔ سنڈھ ۵۰ گرام۔ گوند ببول ۷۰ گرام۔ فلفل سیاہ ۵۰ گرام۔ ثعلب پنجہ ۵۰ گرام۔ تودرین ۵۰ گرام۔ بہمنین ۱۰۰ گرام۔ موصلی سیاہ ۵۰ گرام۔ ثعلب مصری ۵۰ گرام۔ شقاقل مصری ۵۰ گرام۔ سنگھاڑا خشک ۵۰ گرام۔ دانہ الائچی کلاں ۴۰ گرام۔ دانہ الائچی خورد ۴۰ گرام۔ مصطگی رومی اصلی ۴۰ گرام۔ کچلہ مدبر ۳۰ گرام۔ سلاجیت ۲۰ گرام۔ خولنجاں ۱۰ گرام۔ افیون ۵ گرام۔ عاقر قرحا ۵ گرام۔ جوز بوا ۵ گرام۔ شہد خالص ڈھائی کلو۔ کشتہ چاندی آب ادرک والا ۲۰ گرام۔ کشتہ قلعی پارے شورے والا ۵۰ گرام۔ کشتہ سہ دھاتہ پوست کو کنار والا ۵۰ گرام۔ کشتہ عقیق ۵۰ گرام۔ کشتہ مرجان ۵۰ گرام۔ کشتہ صدف مرواریدی ۵۰ گرام۔ کشتہ بیضہ مرغ ۵۰ گرام۔ کشتہ سکہ ۵۰ گرام۔ کشتہ فولاد شنگرفی ۱۰ گرام۔ کشتہ فولاد آب تربوز والا ۱۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: پہلی تمام ادویہ باریک کر لیں اور کشتہ جات شامل کر کے اچھی طرح مخلوط کر کے شہد شامل کر کے معجون بنالیں۔

ترکیب استعمال: ۳ سے ۵ گرام تک صبح دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد: جسم کی تمام تر کمزوریوں کی تلافی کر کے بدن کو لوہے کی لٹھ کی طرح مضبوط بنا دینے والی کمال دوا ہے۔

کاسر ریاح

ھوالشافی: سوڈا بائیکارب ۱۰۰ گرام۔ پودینہ خشک ۱۰۰ گرام۔ اجوائن دیسی ۲۰۰ گرام۔ سنڈھ ۴۰۰ گرام۔ سفوف بنالیں۔ آدھ سے ایک گرام تک صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: بہترین ہاضم، کاسر ریاح، مشتہی ہے۔

عاصم چورن

یہ نسخہ حکیم نوید احمد عاصم صاحب کا ہے افادیت کے لحاظ سے بہت خوب ہے۔

ھوالشافی: کلونجی ۲۰۰ گرام۔ میتھرے ۲۰۰ گرام۔ نمک سیاہ ۱۰۰ گرام۔ مرچ سیاہ ۱۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ خوب باریک کر کے رکھیں تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۲ سے ۴ گرام تک صبح و شام بعد از غذا ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: تیزابیت، جلن، بدہضمی، کھٹے ڈکار، غذا کی نالی میں جلن، بھوک کی کمی، دائمی نزلہ زکام، جوڑوں کا درد وغیرہ میں مفید ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

سفوف مویا

ھوالشافی: انار دانہ ترش۔ ہلیلہ سیاہ۔ پوست کوکنار۔ سونف۔ ملٹھی ہر ایک ۱۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: ملٹھی کو باریک کرلیں۔ باقی تمام ادویہ کو علیحدہ علیحدہ گھی میں بریاں کرلیں اور تمام ادویہ کو ملا کر باریک سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک چمچ صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: پیچش، اسہال، سنگرہنی، پیٹ میں مروڑ آؤں آنا میں مفید ہے۔ انشاء اللہ دوسری خوراک میں آرام شروع ہو جاتا ہے۔ کم از کم تین دن ضرور استعمال کروائیں۔ مفید و مجرب ہے۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

مقوی باہ

ھوالشافی: نک چکنی ۱۰۰ گرام۔ زنجبیل بے دود ۱۰۰ گرام باہم ملا کر سفوف بنالیں۔ ۶ رتی تک کی خوراک دیں۔ زبردست مقوی باہ ہے۔

مرہم شفا

ھوالشافی: مائیں اور مہندی کو توے پر رکھ کر اوپر پیالہ اوندھا رکھ کے نیچے آگ جلائیں اور ادویہ کو راکھ کر لیں۔ راکھ مذکور میں کمیلہ اور تیل سرسوں مکس کر کے مرہم کی طرح بنا لیں۔ مائیں ۵۰ گرام۔ مہندی ۵۰ گرام۔ کمیلہ ۵۰ گرام۔ کچی گھانی کا تیل سرسوں ۱۰۰ ملی لیٹر۔

فوائد: پھوڑا، پھنسی، دھدر، چنبل اور بہتے زخموں کے لیے مفید ہے۔

اکسیر مختار

ھوالشافی: کشتہ سنگ یشب ۲۵ گرام۔ برگ گاؤزبان ۵۰ گرام۔ سونف ۵۰ گرام۔ ملٹھی عمدہ ۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری: الگ الگ تمام دوائیں پیس کر بقدر رسعالین گولیاں بنا لیں۔

ترکیب استعمال: دن میں ۴ دفعہ پانی کے ساتھ ایک ایک گولی۔

فوائد: گرمی گردہ و مثانہ، ہاتھ پاؤں کی جلن، تیزابیت، ہائی بلڈ پریشر، ایلوپیتھک ادویہ کے مضر اثرات کو زائل کرتی ہے۔

اکسیر ناف

ھوالشافی: نمک چھکنی۔ زیرہ سیاہ۔ قند سیاہ ہموزن۔

ترکیب تیاری: باہم ادویہ باریک کر کے قند سیاہ ملا کر حبوب نخودی بنا لیں۔

ترکیب استعمال: دو گولی صرف دوپہر کھانے کے درمیان پانی کے ساتھ۔

فوائد: ناف کا ٹلنا پندرہ یوم کے مسلسل استعمال سے ہمیشہ کے لیے ٹھیک ہو جاتا ہے۔

طلا مقوی

ھوالشافی: روغن ماہی (کارڈ لیور آئل) طلا کریں زبردست تقویت دیتا ہے۔

طلا مقوی دیگر

ھوالشافی: روغن بادام ۲۰ ایم ایل۔ زعفران عمدہ ۵ گرام۔

ترکیب تیاری: زعفران کھرل کر کے باریک بالکل کر لیں اور روغن بادام تھوڑا تھوڑا ملا کر رگڑائی زوردار ہاتھوں سے کرتے جائیں تمام حل ہونے پر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: روزانہ چند قطرے عضو تناسل پر مالش کریں۔

فوائد: بے حد مقوی، ملذذ، محرک طلا ہے۔

❀ جوہر ہاضم ترمیم شدہ

ھوالشافی: نوشادر۔ نمک سیاہ۔ سونٹھ۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ ہر ایک ایک کلو۔ اجوائن دیسی ۲ کلو۔ ست لیموں ۱۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باہم ملا کر سفوف بنائیں اور ست لیموں شامل کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۳ گرام صبح، دوپہر، شام بعد از غذا ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: ہاضم، مشتہی، مقوی معدہ مفید ہے۔ جلن تیزابیت بدہضمی آروغ ترش کو دور کر کے معدہ کو تقویت دیتا ہے۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

بواسیر کے لیے

ھوالشافی: مرچ سیاہ ۵۰ گرام۔ ادرک تازہ ۵۰ گرام۔ گندی بوٹی (جل کھمبی) ۱۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ گھوٹ کر حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ۔ بواسیر خونی بادی کے لیے مفید ہے۔ یہ نسخہ سابق صدر نیشنل کونسل فار طب حکیم اقبال شاہد صاحب نے عطا فرمایا۔ موصوف صاحب فراش ہیں اُن کی صحت و عافیت کے لیے دعا کی اپیل ہے۔

لیکورین

ھوالشافی: رال۔ پھٹکڑی سرخ بریاں۔ ہموزن باریک کر کے کیپسول بھرلیں۔

ترکیب استعمال: صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ یا دودھ

فوائد: سیلان الرحم کے لیے مفید و موثر ہے۔

چہار نسخہ جات خصوصی

ا۔ تریاق معدہ

ھوالشافی: اجوائن دیسی ایک کلو۔ پودینہ خشک مصفی آدھا کلو۔ گندھک آنولہ سار آدھ کلو۔

ترکیب تیاری: تینوں ادویہ نہایت باریک کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک چمچ چھوٹا صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب نیم گرم۔

فوائد: تقویت معدہ کے لیے اس سے بہتر نسخہ ممکن نہیں۔

۲۔ احتباس الطمث

ھوالشافی: شحم حنظل۔ مرمکی۔ ہاو بیر۔ رائی ہموزن۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے پانی کی مدد سے گولیاں نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ کاڑھا درج زیریں۔

ھوالشافی: بندال ڈوڈہ ۲ دانے۔ سونف ۳ گرام۔ ریوند چینی ۳ گرام۔ پانی میں جوش دے کر کاڑھا تیار کریں اور یہ گولیاں اس کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد: عسر الطمث کے لیے اس سے مفید نسخہ نہیں ہے۔ آزمائش شرط ہے۔

۳۔ لیکوریکس نمبر ۲

ھوالشافی: سہاگہ بریاں۔ پھٹکڑی بریاں۔ ہموزن باریک شدہ ۲ نمبر کیپسول بھرلیں

اور درج بالا لیکورین کے ساتھ ملا کر دیں۔ سیلان الرحم کی حتمی دوا ہے۔

۴۔ مغلظ جدید

ھوالشافی: اسگندھ۔ بدھارا ہموزن۔ چینی تمام سفوف کے برابر۔

ترکیب تیاری: اسگندھ۔ بدھارا سفوف بنالیں اور چینی باریک کر کے شامل کر لیں۔

ترکیب استعمال: ایک چمچ روزانہ شام ۴ بجے ہمراہ دودھ۔ درج بالا نسخہ سدا جوان کے نام سے آیورویدک فارما کوپیا میں موجود ہے۔

فوائد: زبردست مغلظ ہے۔ مادہ منویہ کی افزائش کر کے کرم منی پیدا کرتا ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

چہار نسخے خصوصی

ا۔ مصفی خون

ھوالشافی: شب یمانی۔ رسونت ہموزن دھردرا کر کے کڑاہی میں ڈال کر بریاں کر لیں۔ اور اچھی طرح الٹ پلٹ لیں۔ باریک کر کے رکھیں۔

فوائد: دھدر، چنبل، خارش، بواسیر کے لیے بڑا کیپسول صبح، دوپہر، شام دیں۔

۲۔ کوڑا شربت

ھوالشافی: افسنتین ۱۰۰ گرام۔ تربد سفید ۱۰۰ گرام۔ گل سرخ ۵۰ گرام۔ بطریق معروف شربت بنالیں۔ اس کے ساتھ درج بالا کیپسول دیں۔ مصفی خون عمدہ ہے۔

۳۔ مصفی خاص

ھوالشافی: ہرڑ سیاہ۔ نرکچور۔ چاکسو۔ مصبر ہموزن بڑا کیپسول ایک روزانہ۔ شربت چوب چینی کے ساتھ کھلائیں اور رات کو حب کتھ لازماً کھلائیں۔ حب کتھ کا نسخہ پیچھے

درج ہے۔ جسم سے چانے اترنے اور دیگر جلدی امراض میں مفید ہے۔

۴۔ بھگندر کے لیے

ھوالشافی: گندھک آملہ سار ۲۵۰ گرام۔ رسکپور ۱۰ گرام۔ فرائی پان میں تھوڑا گندھک ڈالیں اور آگ جلائیں جب گندھک تیل ہو جائے رسکپور ڈلی رکھ دیں اور فوری تھوڑا گندھک اوپر ڈال کر تیل کریں اسی طرح گندھک ختم کریں اور محفوظ رکھیں۔ خشخاش کے دانے برابر ایک خوراک روزانہ کھلائیں تمام جلدی امراض کے لیے مؤثر ہے۔

فیس کریم

ھوالشافی: زنک اوکسائیڈ ۲۵ گرام۔ بورک ایسڈ ۱۰۰ گرام۔ ویزلین سادہ ایک پونڈ۔
ترکیب تیاری: دونوں ادویہ باہم ملا کر باریک چھان کر باہم ملالیں اور ویزلین سادہ میں اچھی طرح حل کرلیں۔ کریم تیار ہے۔
فوائد: چہرہ کو نرم و ملائم تروتازہ کرتی ہے۔ چہرہ کے باریک زائد بالوں کو ختم کرتی ہے۔ رنگت صاف کر کے چھوٹے موٹے داغ دھبے اور کیل چھائیوں کے لیے مؤثر ہے۔

بیوٹی کریم

ھوالشافی: ہلدی ۶ گرام۔ سوڈا بائیکارب ۵۰ گرام۔ ویزلین سادہ ایک پونڈ باہم ملالیں اور کریم تیار کریں۔
فوائد: تمام جسم کو ملائم تروتازہ اور سندر بناتا ہے۔ چہرہ کے داغ دھبے چھائیاں وغیرہ ٹھیک ہو جاتی ہیں۔

مفید قلب

ھوالشافی: کشتہ مرجان ایک گرام۔ کشتہ عقیق ایک گرام۔ کشتہ مرگانگ ایک گرام۔ خمیرہ گاؤزبان سادہ ۱۰۰ گرام۔ ملا کر کھلانا مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۵ سے ۷ گرام تک۔

عجیب نسخے

جسم میں چربی کی گلٹیوں/ رسولیوں کے لیے

ھوالشافی: چھتر تھوہر کا کانٹا جسم میں گلٹیوں میں چبھو کر نکال دیں پندرہ دن کے اندر تحلیل ہوں گی۔

فم معدہ کے درد کے لیے

ھوالشافی: املتاس کا گودہ۔ مصبر الگ الگ پیس کر سرکہ میں ملا کر فم معدہ پر لیپ کرنے سے فوری آرام ہوگا۔

نوٹ: پانی بہت نکلے گا۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

ایڑیوں کے درد کے لیے

ھوالشافی: مسور ثابت بالکل باریک کر کے سرکہ ملا کر ایڑیوں پر ضماد کریں۔ تین چار دن میں یقینی آرام ہوگا۔ ان شاء اللہ۔

کانچ نکلنے کے لیے انتہائی موثر

ھوالشافی: سوہانجنہ کی گوند باریک کرلیں اور مقعد کے مقام پر باندھیں اور لنگوٹ پہنا دیں۔ بچوں کے لیے ایک گرام۔ بڑوں کے لیے ۳ گرام۔ بفضلہٖ تعالیٰ چند بار کرنے سے مکمل شفا ہوگی۔ بفضلہٖ تعالیٰ۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

یرقان کے لیے

ھوالشافی: زیرہ سفید بریاں ۲۰۰ گرام۔ کافور دیسی ۱۰ گرام۔ پھٹکڑی بریاں ۱۰ گرام۔ ۳ گرام کی مقدار میں صبح، دوپہر، شام کھلانا چند یوم میں شفا دیتا ہے۔ ان شاء اللہ۔

بالوں کے لیے تیل

ھوالشافی: کشنیز تازہ ۱۰۰ گرام۔ برگ مہندی تازہ ۱۰۰ گرام۔ آملہ تازہ ۱۰۰ گرام۔ ہرڑ زرد ۱۰۰ گرام۔ بالچھڑ ۱۰۰ گرام۔ سکاکائی ۱۰۰ گرام۔ رتن جوت ۲۰ گرام۔

ترکیب تیاری: ادویہ کو جوکوب کر کے دو لیٹر پانی میں ابال لیں پھر دو لیٹر روغن کنجد ملا کر ہلکی آنچ پر پکائیں۔ تمام پانی جل جائے اور تیل باقی رہ جائے نتھار کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: عام تیل کی طرح بالوں میں لگائیں۔ (روغن صندل ۱۰ گرام تیل میں اضافہ) ہے۔

فوائد: بالوں کو گھنا مضبوط چمکدار اور گرنے سے روکتا ہے۔ بالوں کی سیاہی کو برقرار رکھتا ہے۔

نسخہ دیگر

ھوالشافی: کالے چنے ایک کلو کو ۲ لیٹر پانی میں ابال لیں جب ایک لیٹر پانی رہ جائے تو ایک لیٹر تیل سرسوں شامل کر کے پکائیں تمام پانی جل جائے اور تیل باقی رہ جائے نتھار کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: عام تیل کی طرح بالوں میں لگائیں۔

فوائد: بالوں کو لمبا کرتا ہے۔ گھنے مضبوط اور چمکدار بناتا ہے۔ خشکی کا خاتمہ کرتا ہے۔

❀ چمتکار

ھوالشافی: روغن ناریل ۱۰۰ ملی لیٹر۔ روغن بیضہ مرغ ۲۵ ملی لیٹر۔ کیسٹرائل ۱۰۰ ایم ایل باہم ملا کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: بالوں کی جڑوں میں لگائیں رات کو لگائیں اور صبح دھو دیں۔

فوائد: پتلے بالوں کو گھنا اور مضبوط کرتا ہے۔ بالوں کی چمک کو دیرپا قائم رکھتا ہے۔ خشکی کا خاتمہ کرتا ہے۔ سو فیصد بالوں کو گرنے سے روکتا اور لمبا کرتا ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

ممسک مقوی محرک

ھوالشافی: جوہر سم الفار ۵۰ گرام۔ جوہر کچلہ ۲۵ گرام۔ جوہر لوبان ۱۰۰ گرام۔ حرمل ۱۰۰ گرام۔ خراطین مصفیٰ ۱۰۰ گرام۔ بیر بہوٹی پاؤں بریدہ ۱۰۰ گرام۔ ریگ ماہی ۵۰ گرام۔ سلاجیت ۵۰ گرام۔ تریاک مقطر ۵۰ گرام۔ کیلشیم لیکٹیٹ ۱۰۰ گرام۔ کشتہ بیضہ مرغ ۲۵ گرام۔ اجوائن خراسانی ۲۰۰ گرام۔ گوند ببول ۲۰۰ گرام۔ حب شفا پاؤڈر ایک کلو۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باہم ملا کر باریک سفوف بنالیں اور گولیاں چنے سے قدرے چھوٹی بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی روزانہ ہمراہ دودھ وافر۔

فوائد: بفضلہٖ تعالیٰ یقینی فوائد کی حامل ہے۔ ممسک اعلیٰ ترین مقوی عمدہ۔ محرک کمال درجے میں اور مغلظ بہترین، سیروں دودھ ہضم کرتی ہے۔ چند یوم کا استعمال چست و تنومند بناتی ہے۔

سوزش معدہ

ھوالشافی: قرنفل۔ دارچینی۔ الائچی کلاں۔ برگ پودینہ ہموزن سفوف بنالیں۔ ایک گرام کی مقدار میں صبح و شام کھلائیں۔ سوزش معدہ اور قے کے لیے مفید ہے۔

تیل مالش

ھوالشافی: روغن کنجد ایک لیٹر۔ کیکڑا ایک عدد۔ پھل دھتورہ ۱۵ عدد۔ پٹھے بکرا (عصب) ۳۰۰ گرام۔ لہسن ۵۰ گرام۔ سونٹھ۔ اجوائن۔ جائفل۔ لونگ۔ جاوتری۔ نمک لاہوری۔ ہر ایک ۲۰ گرام۔ کچلہ ۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تیل کنجد میں باری باری تمام ادویہ جلالیں اور پن چھان لیں۔

فوائد: اعصاب کی سختی، جوڑوں کے درد کے لیے مفید تیل ہے۔

طلاء اعلیٰ

ھوالشافی: روغن کنجد ۱۲۵۰ ایم ایل۔ شیر مدار ۱۲۵۰ ایم ایل۔

ترکیب تیاری: ایک بوتل میں دونوں ادویہ ملا کر دھوپ میں رکھ دیں اور روزانہ دوسرے دن اچھی طرح ہلا دیا کریں۔ چند دن کے بعد جب تیل چھن کر خالص رہ جائے تو نتھار لیں۔

ترکیب استعمال: عضو تناسل پر طلا کریں۔

فوائد: عضو کی اکثر کمزوریوں کے لیے مؤثر طلا ہے۔

طلا محرک

ھوالشافی: روغن کنجد آدھ لیٹر۔ کاربالک ایسڈ ۱۰ ایم ایل۔

ترکیب تیاری: باہم ملا کر کسی بوتل میں خوب پھینٹ کر حل کر کے رکھیں۔

ترکیب استعمال: عضو تناسل پر طلا کریں۔ حشفہ اور سیون چھوڑ کر۔

فوائد: زبردست تحریک دینے والا عمدہ طلا ہے۔

طلاء ملذذ

ھوالشافی: کیسٹرائل ۱۰۰ ایم ایل۔ کافور ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: دونوں چیزیں کسی برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور دو ابال آنے پر ٹھنڈا کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: عضو تناسل پر مالش کریں۔ یا قبل از مباشرت لگا کر مشغول ہوں۔ بہترین ملذذ ہے۔

❀ حب منقی

ھوالشافی: ہرڑ سیاہ مدبر بہ روغن بادام۔ مویز منقی۔ مرچ سیاہ ہموزن۔ نخودی گولیاں بنا

لیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی روزانہ ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: اعصابی، عضلاتی دردوں کے لیے موثر ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

دوا ہچکی

ھوالشافی: کافور۔ ست اجوائن۔ ست پودینہ ہر ایک ۱۰ گرام۔ سوڈا بائیکارب ۲۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ الگ الگ باریک کر کے فوری ملا کر فوری محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک گرام ہمراہ آب تازہ۔ صبح، دوپہر، شام یا حسب ضرورت۔

فوائد: ہچکی کو فوری بند کرتا ہے۔ متلی، ابکائی، قے کے لیے مفید ہے۔

حب حلتیت

ھوالشافی: حلتیت عمدہ بریاں۔ سہاگہ بریاں۔ زنجبیل۔ نمک سیاہ ہموزن۔ گودہ گھیکوار حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے گودہ گھیکوار شامل کر کے گھوٹ کر حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک تا دو گولی۔ صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ یا عرق سونف۔

فوائد: کاسر ریاح، ہاضم، ریاحی دردوں کے لیے مفید ہے۔

طلاء خاص

ھوالشافی: دیسی گھی ۱۰۰ گرام۔ آک کا دودھ ۱۰۰ گرام۔ سنکھیا زرد ایک گرام۔

ترکیب تیاری: گھوٹ کر مرہم بنالیں۔

ترکیب استعمال: عضو تناسل پر مالش کریں۔

فوائد: عضو تناسل کی ہر کمزوری، کجی، سستی، لاغری دور کر کے زبردست ہیجان پیدا کرتا ہے۔

الرجی کے لیے

ھوالشافی: کلونجی۔ تخم کاسنی ہموزن۔ باریک سفوف کر کے ۳ گرام کی مقدار میں دیں۔
چھپاکی، دھپڑ، خارش، الرجی، بفضلہٖ تعالیٰ ٹھیک ہو گی۔

طلاء اعلیٰ بہ اضافہ

ھوالشافی: آک کا دودھ ۱۰۰ ایم ایل۔ روغن کنجد ۱۰۰ ایم ایل ایک بوتل میں ملا کر دھوپ میں ایک ماہ تک رکھیں بعدہ جلا کر صرف تیل حاصل کر لیں۔ اس تیل میں جونک ۱۰ گرام۔ خراطین ۱۰ گرام۔ جائفل ۱۰ گرام۔ جاوتری ۱۰ گرام۔ زعفران ۳ گرام۔ اضافہ کر کے گھوٹ کر کم از کم پانچ دن تک کھرل کر کے بالکل ملائم کر لیں۔ اور طلاء کریں۔
فوائد: آج تک مستعمل تمام طلاؤں سے بڑھ کر زبردست فوائد کا حامل طلا ہے۔

سفوف تسکین

ھوالشافی: سونف۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ دانہ الائچی کلاں۔ نمک طعام۔ ملٹھی سائیدہ۔
ہر ایک ایک کلو۔ نمک سیاہ ۷۵۰ گرام۔ نوشادر ٹھیکری ۵۰۰ گرام۔
ترکیب تیاری: تمام ادویہ باہم ملا کر باریک سفوف بنا لیں۔
ترکیب استعمال: ۳ گرام۔ صبح۔ دوپہر، شام بعد از طعام ہمراہ آب تازہ۔

اوجاعی

یہ نسخہ معدن شفا سادات میں درج ہے مفید ہے۔
ھوالشافی: جوز ماثل ۱۰۰ گرام۔ سوڈا بائیکارب ۲۰۰ گرام۔ نوشادر دیسی ۳۰۰ گرام۔ زنجبیل ۴۰۰ گرام۔ ریوند چینی ۵۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ الگ الگ باریک کر کے باہم ملا لیں اور اچھی طرح مخلوط کر کے رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۲ سے ۳ رتی زیادہ سے زیادہ ایک گرام تک روزانہ دے سکتے ہیں۔

فوائد: جسم کے کسی بھی حصہ میں درد کے لیے دی جا سکتی ہے۔ وجع الفواد میں سفوف نانخواہ کے ساتھ۔ سر درد کے لیے اطریفل اسطخو دوس کے ساتھ۔ وجع المفاصل میں معجون سورنجاں کے ساتھ کسی بھی مرض کی مناسبت سے مستعمل ادویہ یا تنہا بھی دی جا سکتی ہے۔ بڑا ہی کمال کا نسخہ ہے۔ آزمودہ نہایت مجرب ہے۔

مرہم سفید بہ اضافہ

هوالشافی: ہلدی ۳ گرام۔ سوڈا بائیکارب ۵۰ گرام۔ سمندر جھاک ۲۰ گرام۔ ویزلین سادہ ایک پونڈ نہایت باریک کر کے ادویہ باہم ملا لیں۔

فوائد: چہرے کے داغ دھبے چھائیوں کو دور کر کے رنگت میں نکھار پیدا کرتی ہے۔

❀ ودھیا پھکی

هوالشافی: زیرہ سفید ۲۰۰ گرام۔ نمک سیاہ ۱۲۰ گرام۔ ست لیموں ۱۰۰ گرام۔ پودینہ خشک ۶۰ گرام۔ اجوائن دیسی ۶۰ گرام۔ مرچ سیاہ ۲۰ گرام۔ لونگ ۱۰ گرام۔ دارچینی ۱۰ گرام۔ زنجبیل ۱۰۰ گرام۔ مگھاں ۱۰۰ گرام۔ نمک لاہوری ۲۰۰ گرام۔ ست پودینہ ۱۰ گرام۔ ہینگ ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو الگ الگ باریک کر کے خوب ملا کر رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۲ سے ۳ گرام صبح، دوپہر، شام بعد از غذا ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: پیٹ کی تمام امراض میں مفید ہے۔ زبردست ہاضم مقوی معدہ ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

جریان، احتلام، پیشاب کی زیادتی کے لیے

ھوالشافی: چھال پیپل (درخت پیپل کے تنے کی چھال) اسگند۔ ستاور ہموزن۔

ترکیب تیاری: تینوں ادویہ باہم باریک کر کے تینوں کے برابر چینی باریک کر کے شامل کرلیں۔

ترکیب استعمال: ایک چمچ تقریباً چھ گرام روزانہ کھلائیں ہمراہ دودھ۔

فوائد: جریان، احتلام، کثرتِ بول میں بہت مفید ہے۔

بی۔ سلم

ھوالشافی: سہاگہ خام ۶۰ گرام۔ مرچ سیاہ ۱۲۵ گرام۔ مصبر سیاہ ۱۲۵ گرام۔ سنڈھ ۳۰ گرام۔ نمک سیاہ ۲۵ گرام۔ اجوائن خراسانی ۳۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باہم ملا کر سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: آدھ گرام تک صبح، دوپہر، شام مسلسل ۳ ماہ تک کھلائیں۔

فوائد: بڑی ہوئی توند کو کم کرتا ہے۔ موٹاپا دور کر کے جسم کو سڈول بناتا ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

کرم امعاء

ھوالشافی: مغز ریٹھہ باریک کر کے رکھیں اور ۳ گرام کی مقدار کھلائیں۔ صبح وشام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: پیٹ کے کیڑوں کو فوری ختم کرتا ہے۔ پہلے تل اور گڑ کھلائیں ایک گھنٹہ بعد دوا دیں۔

بوڑھوں کا دمہ

ھوالشافی: لوبان کوڑیا۔ سہاگہ۔ کاکڑا سنگھی ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ شہد خالص ۳۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: پہلی تین دواؤں کو نہایت باریک سفوف بنالیں اور شہد شامل کر کے معجون بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ گرام۔ صبح، شام کھلائیں۔

فوائد: عمر رسیدہ اشخاص جو دمہ میں مبتلا ہوں کے لیے بہت ہی مفید ہے۔

حب عیش (بواسیر) (شفاء الاسقام اردو)

ھوالشافی: رسونت انڈیا، مصفیٰ، کوڑسک، چاکسو، تخم مولی، مغز نیم ہر ایک ۱۰ گرام۔ آب گھیکوار میں کھرل کر کے حبوب نخودی بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ گولی۔ صبح و شام ہمراہ دودھ گرم۔ دیسی گھی ۱۰ گرام شامل کر کے۔

فوائد: بواسیر کے مسوں کو ختم کرتی ہے۔ بواسیر خونی و بادی کے لیے مؤثر ہے۔ ایک ماہ مسلسل کھلائیں بفضلہٖ تعالیٰ شفا ہو گی۔

اکسیر پیچش واسہال

ھوالشافی: تخم بارتنگ سفوفاً ۴ گرام دہی میں ملا کر کھلائیں فوری اسہال بند ہوں گے۔

بواسیر خونی و بادی

ھوالشافی: مہندی کے پودے کی جڑ پیس کر ۲۰ گرام کی ٹکیہ بنا کر مقعد پہ باندھیں۔ دو گھنٹے چبھن رہے گی۔ اذیت تو ہو گی صبر کریں عمر بھر آرام آ جائے گا۔ یہ نسخہ صدری مجربات جلد چہارم صفحہ نمبر ۱۳ پر درج ہے۔ اس کا تجربہ نہیں۔ اس لیے محتاط رہیں تو بہتر ہے۔

گلے کی خراش کے لیے

ھوالشافی: کاکڑا سنگھی۔ مرچ سیاہ۔ جوکھار۔ رب السوس ہر ایک ۱۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ نہایت باریک سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک چٹکی بھر چوس لیا کریں۔

فوائد: گلے کی خراش، کھانسی، گلے کی خشونت، بلغم کیرا کو فوری آرام دیتا ہے۔

حب ممسک خاص

ھوالشافی: ریگ ماہی۔ شنگرف مدبر۔ زعفران۔ تخم قنب۔ اجوائن خراسانی۔ ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ تریاک مقطر ۸۰ گرام۔ کستوری (سینتھٹک) حسب ضرورت ایک گرام تک۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے نخود سے قدرے کم گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی روزانہ یا حسب ضرورت صبح وشام ہمراہ دودھ وافر۔

فوائد: قوت امساک کو بڑھاتی اور زبردست تقویت دیتی ہے۔

❀ خاص الخاص مجرب ترین نسخہ طلا جو صرف تین دفعہ کا استعمال کافی ہے

ھوالشافی: میٹھا تیلیہ۔ سم الفار سفید۔ سم الفار زرد۔ رسکپور۔ تخم حرمل مالکنگنی۔ رتیاں سرخ۔ جائفل۔ مغز جمالگوٹہ۔ بیر بہوٹی۔ خراطین۔ ہر ایک دس گرام مغز بکرا ایک عدد۔ افیون ۳ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ علاوہ افیون نہایت باریک کر کے مغز بکرا میں کھرل کر کے لبوتری گولیاں بنالیں۔ آتشی شیشی میں رکھ کے پتال جنتر کریں اور بکری کی مینگنی کی آگ دیں۔ افیون بعد میں حاصل شدہ تیل میں حل کر کے ملالیں۔

ترکیب استعمال: ایک دن عضو تناسل پر طلا کریں پھر روغن گل میں گندم جلا کر روغن لگاتے رہیں۔ قرحہ ٹھیک ہونے پہ دوبارہ طلا لگائیں اور دوبارہ روغن گل والا عمل کریں۔ تین دفعہ اسی طرح عمل کرنے سے تمام نقائص عضو مخصوص کے مکمل ٹھیک ہوں گے اور عمر بھر کسی طلا کی حاجت نہیں رہے گی۔ بفضلہٖ تعالیٰ مکمل شفا ہوگی۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

اعصابی دردوں کے لیے

ھوالشافی: ریگ ماہی۔ زعفران۔ شنگرف مدبر۔ اجوائن خراسانی۔ تخم بھنگ ہموزن۔
ترکیب تیاری: شنگرف کو (حرمل، اجوائن خراسانی میں مدبر کر لیں) باقی ادویہ نہایت باریک کر کے شنگرف میں کھرل کر کے شہد کی مدد سے حبوب نخودی بنالیں۔
ترکیب استعمال: صبح وشام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ گرم۔
فوائد: اعصاب کی دردوں کے لیے بہت ہی عمدہ موثر اور تجربہ شدہ دوا ہے۔

مقوی خاص

ھوالشافی: نارجیل دریائی۔ زعفران۔ جدوار خطائی۔ افیون ہموزن۔
ترکیب تیاری: تمام ادویہ عمدہ باریک کر کے مسور کی دانے برابر گولیاں بنالیں۔
ترکیب استعمال: ایک گولی روزانہ ہمراہ دودھ رات کو سوتے وقت۔
فوائد: تقویت عامہ، اعصابی عضلاتی دردوں، جوڑوں کے درد کے لیے تقویت باہ کے لیے بھی عمدہ ہے۔ امساک بڑھاتی ہے۔

اکسیر بواسیر

ھوالشافی: شحم حنظل۔ کالی زیری۔ برگ نیم۔ نمک سیاہ۔ مغز کرنجوہ ہموزن۔
ترکیب تیاری: سحق بلیغ کر کے سفوف بنائیں اور ۲ نمبر کیپسول ۲۵۰ ایم جی بھر کر محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال: صرف ایک کیپسول روزانہ مسلسل ۲ ماہ تک کھلائیں۔ صبح وشام کھلانا قبض کشاء بھی ہے۔
فوائد: بواسیر خونی و بادی کے لیے مؤثر ترین نسخہ ہے۔

فربہی

ھوالشافی: مغز بادام ایک کلو پانی میں بھگو کر رکھیں اور چھلکا اتار کر خشک کر کے سفوف

بنالیں۔ مویز منقیٰ ایک کلو اچھی طرح دھو کر پانی میں جوش دے کر مل کر پن چھان لیں اور قدرے شہد ملا کر قوام گاڑھا کر لیں۔ سفوف مغز بادام شامل کر کے معجون بنالیں۔

ترکیب استعمال: ۱۵ گرام روزانہ کھلانا ہمراہ دودھ بہت نافع ہے۔

فوائد: مولد خون، محمر لون، مقوی بدن جسم کو موٹا تازہ خوشنما سڈول اور چست بناتا ہے۔

نزلہ دائمی وبائی کے لیے

ھوالشافی: تخم جوز ماثل ۱۰۰ گرام۔ اذراقی مدبر ۲۰۰ گرام۔ اسطخودوس ۳۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تینوں کو الگ الگ عمدہ باریک کر کے ملالیں اور آٹھ پہر کھرل کر لیں اور شہد شامل کر کے حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ چائے موٹے اشخاص کو صبح، دوپہر، شام ایک ایک گولی دیں۔

فوائد: بلغمی امراض میں مؤثر و مفید ہے۔ دائمی نزلہ زکام اور وبائی نزلہ میں مفید ہے۔

استقرار حمل

ھوالشافی: مرکی۔ نوشادر ٹھیکری ہموزن۔

ترکیب تیاری: باریک کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: صبح شام کھانے کے بعد ہمراہ دودھ ایک ایک گولی کھلائیں۔ مکمل کورس ساٹھ دن دونوں (میاں بیوی) کو کھلائیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ شافی علاج ہے۔

حب قے

ھوالشافی: کوزہ مصری ۲۵۰ گرام۔ نمک ڈلی ۱۵۰ گرام۔ ست لیموں ۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تینوں الگ الگ باریک کر کے ملالیں۔

ترکیب استعمال: دن میں متعدد بار ایک چٹکی ویسے چوس لیں یا پانی سے کھلائیں۔

فوائد: قے، متلی، ابکائی، دل خراب ہونا کے لیے مفید ہے۔

بواسیری

ھوالشافی: رسوت ۱۰۰ گرام۔ نوشادر ۱۰۰ گرام ہموزن باریک کر کے ایک کلو مولی کے پانی میں پکائیں اور گولیاں جنگلی بیر کے برابر بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح و شام تازہ پانی کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد: ہر طرح سے خونی اور بادی بواسیر کو ختم کرتی ہے۔

طلا مجرب

یہ نسخہ معدن شفا سادات میں تحریر ہے۔ تجربہ شدہ اور آزمودہ ہے۔

ھوالشافی: ہڑتال ۱۰ گرام۔ سیماب ۱۰ گرام۔ مغز جمالگوٹہ ۱۰۰ گرام۔ نارجیل ۱۰ گرام۔ قرنفل ۱۰ گرام۔ بسباسہ ۵ گرام۔ دارچینی ۵ گرام۔ روغن کنجد ۱۰۰ ایم ایل۔ خراطین ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: الگ الگ تمام اجزا باریک کر کے روغن کنجد میں شامل کر کے کم از کم سات دن خوب کھرل کریں بعدہ زردی بیضہ مرغ پانچ عدد شامل کر کے کھرل کر کے رکھیں یا گرم کرلیں۔

فوائد: عضو تناسل کے تمام نقائص کو دور کر کے قوی کو برانگیختہ کرتا ہے۔

اکسیر فالج

ھوالشافی: شنگرف ۵۰ گرام کو قدرے لیموں کا پانی ڈال کر کھرل کرتے جائیں، اتنا کہ لیموں کا پانی شام تک خشک ہو جائے۔ جب کھرل مکمل ہو جائے تو شنگرف تیار ہو جائے گا۔

ترکیب استعمال: ایک چاول کی مقدار میں روزانہ دیں ایک گلاس دودھ ۲ چمچ گھی شامل کر کے۔

فوائد: جسم میں کہیں درد ہو یا فالج ہو عضو معطل ہو جائے۔ ان شاء اللہ شفا ہو گی۔

ٹیکہ ممسک کمال

یہ نسخہ میرے محسن جناب حافظ محمد بن صابر صاحب شیخوپورہ والوں کا ہے۔

ھوالشافی: تخم کونچ۔ خولنجاں۔ عاقرقرحا ہر ایک ۱۰ گرام۔ تریاک مقطر ۳ گرام۔ زعفران ۳ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام اجزا کو سحق بلیغ کر کے زیرو نمبر کیپسول بھر لیں۔

ترکیب استعمال: ایک کیپسول روزانہ ہمراہ چائے دیں۔

فوائد: فوری طور پر جسم کو چست کر کے جسم درد اور تھکاوٹ کو دور کرتا ہے۔ ممسک بھی اعلیٰ درجہ کا ہے۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

نعوظ و امساک

ھوالشافی: ہیرا ہینگ ۳۰ گرام۔ مویز منقیٰ ۳۰ گرام۔ نارجیل ۵۰ گرام۔ مرچ سیاہ ۳۰ گرام۔

ترکیب تیاری: چاروں اشیاء خوب باریک کر کے حبوب نخودی بنا لیں اور ورق نقرہ سے ملفوف رکھیں۔

فوائد: لذتِ امساک کو درجہ کمال تک پہنچاتی ہے۔ زبردست تجربہ ہے یہ نسخہ بھی حضرت قبلہ حافظ محمد بن صابر صاحب کا عطا کردہ ہے۔

جام سرور

ھوالشافی: شنگرف مدبر۔ اذاراقی مدبر۔ زعفران عمدہ۔ ست لوبان۔ تریاک مقطر ہموزن۔ کستوری حسب ضرورت شامل کر کے حبوب مرچ سیاہ سے قدرے بڑی بنا لیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی روزانہ ہمراہ دودھ گرم قبل از مباشرت ۲ گھنٹے پیشتر۔

فوائد: امساک کے لیے خاص نسخہ ہے۔ مقوی اعصاب محرک ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

موٹاپے کے لیے

ھوالشافی: سہاگہ بریاں۔ مصبر۔ ریوند چینی۔ ہموزن باریک کر کے سفوف بنالیں۔ زیرو نمبر کیپسول بھر کے صبح و شام دیں۔

فوائد: موٹاپے کے لیے تیر بہدف ہے۔ حیرت انگیز طور پر دنوں میں وزن کم کر کے، جسم کو سیڈول بناتا ہے۔ پیٹ کم کرنے کے لیے خصوصیت سے مؤثر ہے۔

معجون شفا

ھوالشافی: معجون آردخرما ڈھائی کلو میں یشب۔ مرجان۔ عقیق۔ بسد۔ قلعی۔ سہ دھاتہ۔ صدف مروارید یہ کشتہ جات ہر ایک ۱۰ گرام اضافہ کر لیں۔

فوائد: سرعت انزال، جریان احتلام کے لیے مؤثر ہے۔ مغلظ ممسک اعلیٰ ہے۔

یہی فوائد کی حامل معجون مغلظ جواہر دار یا لبوب بارد کے ساتھ فی خوراک کشتہ مرگانگ ۳ رتی اضافہ کرنے سے حاصل ہوتے ہیں۔

جرثومہ

ھوالشافی: ثمر برگد خشک پختہ۔ ثمر پیپل خشک پختہ۔ تخم بھنڈی خشک ہموزن۔

ترکیب تیاری: تینوں ادویہ باریک کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: چھ گرام صبح، شام، ہمراہ دودھ ایک گلاس کھلائیں۔

فوائد: کرم منی کی افزائش میں اعلیٰ صفات کی حامل دوا ہے۔ مجرب ہے۔

دمہ کے لیے

ھوالشافی: برگ سفیدہ ۲۵۰ گرام۔ دارچینی ۲۰ گرام۔ لونگ ۲۰ گرام۔ کاڑھا بنا کر

خوب مل چھان کے پن کے دوگنا چینی ملا کر شربت تیار کریں اور پھٹکڑی سہاگہ چار۔
چار گرام فی کلو چینی کے حساب سے شامل کریں۔
فوائد: خاص الخاص شربت کھانسی، نزلہ، زکام، گلے کی خراش اور دمہ کے لیے مؤثر ہے۔

عرق مقطر (عرق رحمانی) ہاضم

ھوالشافی: سہاگہ بریاں۔ سجی۔ نوشادر ہموزن۔

ترکیب تیاری: تینوں اجزا باریک کر کے محفوظ رکھیں۔ ۷۵۰ ایم ایل کی بوتل پانی سے بھر کے ۲۵ گرام یہ سفوف ملا کر حل کریں۔ بعدہ مقطر کرلیں۔

ترکیب استعمال: ۲ بڑے چمچ صبح، دوپہر، شام، بعد از طعام پلائیں۔

فوائد: معدہ کی جلن، تیزابیت، کھٹے ڈکار، بدہضمی، اپھارہ بھوک کی کمی، نفخ، قراقر کے لیے عرق مقطر اعلیٰ دوا ہے۔

❀ تحفہ باہ

یہ نسخہ ناچیز کو حضرت حافظ محمد بن صابر صاحب نے خصوصی شفقت فرماتے ہوئے عطا کیا۔ نہایت بھروسے کی چیز ہے۔ بہت ہی سہل الحصول عمدہ دوا ہے۔

ھوالشافی: لونگ مدبر بہ آب دھتورہ ۳۰ گرام۔ اجوائن خراسانی ۴۰ گرام۔ پھٹکڑی خام ۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام اجزا باریک کر کے ایک بڑا کیپسول ۵۰۰ ایم جی۔ وقت خاص سے ۲ گھنٹے پہلے ہمراہ چائے، دودھ، پانی سے کھلائیں۔

فوائد: زبردست ممسک آزمودہ ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

ہمہ صفت

ھوالشافی: زیرہ سفید ۷۰ گرام۔ سقمونیا ولایتی اونٹنی مارکہ نمبر ا۔ ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: دونوں اجزا عمدہ سحق بلیغ کر کے ۵۰۰ ایم جی کے کیپسول بھر لیں۔

ترکیب استعمال: صبح، شام ایک ایک کیپسول بعد از طعام ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

فوائد: چہرے کی سیاہیاں کیل مہاسے دور کرتا ہے۔ امساک بڑا زبردست کرتا ہے۔ سانس پھولنا دمہ کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔ آزمودہ مجرب ہے۔

لبوب رقیق بدن

ھوالشافی: ستاور۔ اسگندنا گوری۔ تخم سرس۔ مغز بادام مقشر۔ بدھارا۔ ہموزن۔

ترکیب تیاری: تمام اجزا باریک کر کے سفوف بنائیں اور تین گنا وزن چینی کا قوام کر کے لبوب بنائیں۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام روزانہ صبح کھلائیں۔

فوائد: بھوک خوب لگتی ہے۔ جسم فربہ ہوتا ہے۔ مغلظ ممسک ہونے کے علاوہ سیلان الرحم کے لیے بھی مفید ہے۔

سلعات الرحم

ھوالشافی: جدوار خطائی۔ سورنجاں شیریں۔ کپور کچری۔ گندھک آنولہ سار ہموزن۔

ترکیب تیاری: باہم ملا کر سفوف باریک کر لیں۔

ترکیب استعمال: ۶ رتی کی مقدار میں صبح، دوپہر، شام ۲ سے ۳ ماہ مسلسل کھلائیں مجرب نسخہ ہے۔

فوائد: رحم کے گرد پیدا ہو جانے والی رسولیوں کو بفضلہ تعالیٰ یقیناً ٹھیک کرتا ہے۔ میرے مطب میں بیسیوں خواتین کو استعمال کروایا الحمدللہ آپریشن کی نوبت نہیں آئی اور کلی شفا ہوگئی۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

ریح توڑ

دواخانہ حکیم جمیل کا مشہور نسخہ دادا حضور حکیم محمد عبدالرحیم جمیل مرحوم دواخانے میں اسے ہمیشہ تیار رکھنے کی ہدایت کرتے تھے۔ اور الحمدللہ اب بھی کثرت سے بنتا اور فروخت ہوتا ہے۔ گنج مخفی پرانا ایڈیشن صفحہ نمبر ۳۰۵ پر یہ نسخہ درج ہے اور ہزاروں تصدیقات موجود ہیں۔

ھوالشافی: سورنجاں شیریں۔ نمک سیاہ۔ زنجبیل۔ اسگند ناگوری۔ ہموزن۔

ترکیب تیاری: تمام اجزا باریک کر کے سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: ۲ سے ۳ گرام تک صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: وجع المعدہ، وجع العصب، وجع المفاصل، اندرونی تمام دردوں کے لیے مفید ہے۔ قبض کشا اور ریاح غلیظ کے اخراج میں بہت موثر ہے۔

سنگ گردہ

ھوالشافی: سمندر جھاگ۔ شورہ قلمی۔ جوکھار ہموزن باریک سفوف بنالیں اور ۳ گرام کی مقدار صبح و شام کھلائیں۔ ہمراہ کچی لسی/ شربت بزوری/ دودھ سوڈا یا تازہ پانی بعد تین ہفتوں کے سنگ یہود۔ سنگ سرماہی۔ سوڈا کھارا باہم ملا کر کیپسول ۲۵۰ ملی گرام دیں۔ صرف ۲ دن کھلائیں۔ مکمل شفا ہوگی۔ انشاء اللہ۔

جاروب دماغ

ھوالشافی: اسطخودوس۔ بادیان۔ کشنیز۔ نمک سیاہ۔ نوشادر ٹھیکری۔ ریوند خطائی تمام ادویہ ہموزن لے کر باریک کر کے سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک سے دو گرام تک ہمراہ آب تازہ۔ صبح و شام کھلائیں۔

فوائد: دردسر ہر قسم، نزلہ، زکام، امراض چشم، امراض بطن کے لیے مفید ہے۔ تنقیہ دماغ کے لیے سود مند دوا ہے۔

مقوی دماغ

ھوالشافی: اسطخو دوس۔ چاول دھنیا۔ چاول سونف۔ پوست ہلیلہ۔ مغز بادام۔ روغن زرد ہر ایک ۵۰ گرام۔ برہمی بوٹی ۳۰ گرام۔ مرچ سیاہ ۳۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو باریک کر کے روغن زرد سے چرب کر کے رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۱۰ گرام روزانہ رات سوتے وقت ہمراہ دودھ گرم کھلائیں۔

فوائد: سر درد، درد شقیقہ، عصابہ، گرانی، مالیخولیا مراقی، مرگی، سدر و دوار، ضعف بصر، نزلہ دائمی، تبخیر معدہ کے لیے مفید ہے۔ ملین بہترین ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

اکسیر بواسیر

ھوالشافی: پوست ریٹھہ۔ رسوت۔ ہموزن ایک مولی بڑی سی سالم لے کر کھود کر اس میں یہ دونوں اجزا کا مرکب بھر دیں اور اوپر مٹی لگا کر پانچ سیر کی آگ دے دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر مٹی اتار کر باقی ماندہ کوٹ کر حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: ۲۔۲ گولی۔ صبح و شام کھانے کے بعد پانی کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد: بواسیر خونی و بادی کے لیے از حد مفید و موثر ہے۔

اکسیر ذیابیطس

ھوالشافی: کلونجی۔ میتھی۔ ہالیون۔ تخم کاسنی ہموزن۔

ترکیب تیاری: تمام اجزا عمدہ باریک کر کے رکھیں تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۳ گرام۔ صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

فوائد: مرض ذیابیطس کے لیے موزوں ہے۔

مغلظ، ممسک

ھوالشافی: بہوپھلی۔ تالمکھانہ۔ ہموزن۔

ترکیب تیاری: سحق بلیغ کر کے سفوف تیار کریں اور ہموزن چینی باریک کر کے شامل کر لیں۔

ترکیب استعمال: ۶ گرام صبح، شام ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد: مغلظ منی، جریان، احتلام کے لیے بہترین اور ممسک درجہ کمال ہے۔

کشتہ فولاد

ھوالشافی: ہیراکسیس۔ شورہ قلمی۔ پھٹکڑی، ہموزن۔

ترکیب تیاری: کھرل کر کے کسی لوہے کے برتن میں ڈال کر نیچے آگ جلائیں یا محفوظ الہوا پندرہ بیس کلو کی آگ دیں۔ سرخ رنگ کا کشتہ برآمد ہوگا کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک گرام۔ دہی کی لسی کے ساتھ دیں۔ روزانہ

فوائد: ضعف جگر، بھس، خون کی کمی، عظم الطحال، کمزوری زنان، سیلان الرحم، سانس پھولنا، رنگت کا پیلا پن، چند دنوں میں ٹھیک ہو جاتا ہے۔ بفضلہ تعالیٰ۔

حب نزلہ

ھوالشافی: ریوند چینی ۱۰۰ گرام۔ اسطخودوس ۵۰ گرام۔ شحم حنظل ۲۰ گرام۔

ترکیب تیاری: باہم ملا کر سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گرام کی مقدار میں کھانے کے بعد کھلائیں۔

فوائد: بند نزلہ فوری کھولتا ہے۔

مقوی، ممسک

ھوالشافی: میٹھا تیلیہ ۵ گرام۔ اذاراقی مدبر ۱۰ گرام۔ فلفل دراز ۲۰ گرام۔

ترکیب تیاری: کم از کم دو دن کوٹ کے بالکل باریک کر لیں اور شہد کی مدد سے گولیاں نخود سے قدرے چھوٹی بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی روزانہ دیسی گھی کے گھونٹ سے کھلائیں گھی کے بغیر ہرگز نہ دیں ورنہ جسم سن ہو جائے گا۔

فوائد: ممسک بے نظیر ہے۔ مقوی عمدہ ہے۔ جوڑوں کے درد میں بھی مفید ہے۔

کمال شربت

ھوالشافی: سم الفار سفید ۳ گرام۔ عرق گلاب عمدہ ایک بوتل۔

ترکیب تیاری: سم الفار باریک کر کے عرق گلاب میں کھرل کر کے شبانہ روز رکھ چھوڑیں۔ تاکہ ساکن پڑا رہے۔ بے حد احتیاط سے عرق نتھار لیں اور شکر سفید ملا کر شربت بنائیں اور قدرے زعفران باریک کر کے ملا دیں۔

ترکیب استعمال: ایک چمچ چھوٹا چائے والا دو وقت بعد از طعام پلائیں۔ چند دن کا استعمال کافی ہے۔

فوائد: ضعف معدہ و قلب، ضعف، انتشار، مولد خون، مقوی اعصاب، تھکن، کمزوری، نقاہت دور کر کے بدن چست اور مضبوط کرتا ہے۔

پیٹ کم کرنے کے لیے

ھوالشافی: کلونجی زیرہ سفید ہموزن

ترکیب تیاری: باہم ملا کر باریک سفوف بنالیں تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ایک چمچ سفوف ایک پیالی عرق مکو کے ساتھ صبح و شام استعمال کروائیں۔

فوائد: بڑھے ہوئے پیٹ کو کم کر کے بدن میں نکھار پیدا کرتا ہے۔ کم از کم دو ماہ۔

قبض کشا

ھوالشافی: سوڈا بائیکارب ایک کلو۔ اجوائن دیسی ۲ کلو۔ نوشادر ٹھیکری ایک کلو۔ نمک سیاہ ۲ کلو۔

ترکیب تیاری: الگ الگ تمام اجزا باریک کر کے باہم اچھی طرح مخلوط کرلیں۔

ترکیب استعمال: ۲ گرام صبح، دوپہر، شام بعداز طعام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: ہاضم بہترین، بھوک کی کمی، قبض، بلڈ پریشر کم ہونے کی صورت میں مفید ہے۔

حکیم محمد رفیع قادری صاحب شیخوپورہ میں بہت قابل طبیب وضع دار اور نفیس الطبع دوست ہیں۔ ملاقات کے لیے حاضر ہوا تو دو بہت ہی عمدہ نسخہ جات عطا فرمائے۔

ورم زائدہ آعور (اپینڈے سائی ٹس)

ھوالشافی: انتر چھال نیم ۲۵۰ گرام۔ نمک سیاہ ۲۰ گرام۔ پانی ڈیڑھ لٹر۔

ترکیب تیاری: چھال کو جوکوب کرلیں اور پانی ڈال کر خوب پکائیں جب پانی ۴۰۰ ایم ایل رہ جائے تو مل چھان کر پن کر نمک سیاہ مسفوف اضافہ کرلیں اور اس کی تین خوراکیں بنالیں۔ صبح، دوپہر، شام پلائیں انشاء اللہ تین خوراک ہی کافی ہیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ شفا ہوگی۔

ضعف گردہ

ھوالشافی: نکھہ ۱۰ گرام۔ کلتھی ۲۵ گرام۔

ترکیب تیاری: باریک کھرل کر کے رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک سے تین گرام تک ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

فوائد: گردے کے فعل کو منظم کرتا ہے۔ اور گردہ کو صاف کرتا ہے۔ درد گردہ میں مفید ہے۔

✿ زد جام عشق

ھوالشافی : مصری کالپی ۱۵ گرام۔ عاقرقرحا ۱۰ گرام۔ شنگرف ۱۰ گرام۔ لونگ ۱۰ گرام۔ دارچینی ۱۰ گرام۔ جائفل مقشر ۱۰ گرام۔ موچرس ۱۰ گرام۔ زعفران ۱۰ گرام۔ بیربہوٹی مصفی ۱۰ گرام۔ تریاک مقطر ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ سحق بلیغ کر کے حبوب نخودی شہد کی مدد سے بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی قبل از مباشرت ۲ گھنٹے پیشتر ہمراہ دودھ گرم۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

✿ جریانول جدید

ھوالشافی : تخم سلیارہ، تخم لاجونتی، دھنیا خشک، اجوائن خراسانی گوند ڈھاک ہر ایک ۲۰۰ گرام۔ اسرول (چھوٹی چندن) ۱۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ سحق بلیغ کر کے ۵۰۰ ایم جی کے کیپسول بھرلیں۔

ترکیب استعمال: صبح، شام ایک کیپسول ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد: جریان، احتلام، سرعت انزال، ذکاوت حس، جریان مذی کے لیے مفید ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

عظم الجگر، عظم الطحال

ھوالشافی : ہرڑ سبز مقشر، سونٹھ۔ شیطرج ہندی۔ سہاگہ۔ سجی سفید۔ شورہ قلمی۔ باؤبڑنگ۔ زیرہ سفید۔ زیرہ سیاہ۔ سیندھا نمک ہر ایک ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے دوگنا وزن قند سیاہ (گڑ) ملا کر بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: صبح، دوپہر، شام ایک ایک گولی نیم گرم پانی سے کھلائیں۔

فوائد: جگر کا بڑھ جانا، یرقان اسود، تلی کا بڑھ جانا۔ استسقاء سانس پھولنا، ورم، سوجن

کے لیے موثر ترین نسخہ ہے۔ آزمودہ اور بارہا کا تجربہ شدہ ہے۔

عرق النساء

ھوالشافی: سوڈا اسلی سلاس۔ تخم حرمل ہموزن۔

ترکیب تیاری: دونوں اجزاء الگ الگ باریک کر کے باہم ملا لیں۔ تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۳ گرام کی خوراک، صبح، دوپہر، شام دیں۔ صرف تین دن یعنی ۹ خوراک کافی ہیں۔ بفضلہ تعالیٰ عرق النساء، ریگنن کا درد ٹھیک ہوگا۔

ہاضم جمیل

ھوالشافی: زیرہ سفید ۱۰۰ گرام۔ نمک سیاہ ۶۰ گرام۔ ست لیموں ۵۰ گرام۔ پودینہ خشک ۳۰ گرام۔ ہینگ اصلی ۱۰ گرام۔ اجوائن دیسی ۳۰ گرام۔ مرچ سیاہ ۱۰ گرام۔ لونگ ۶ گرام۔ فلفل دراز ۵۰ گرام۔ زنجبیل ۵۰ گرام۔ نمک لاہوری ۱۰۰ گرام۔ پپلا منٹ ۶ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے چھان کے محفوظ رکھیں۔ ۳ گرام۔ صبح، دوپہر، شام کھلائیں۔

فوائد: کاسر ریاح، ہاضم، مشتہی، خوش ذائقہ، سفوف ہے۔ بدہضمی، نفخ ہیضہ، متلی، ابکائی، جلن تیزابیت، کھٹے ڈکار غرض معدہ کی تمام تکالیف میں موثر ہے۔

بے نظیر نسخہ

ھوالشافی: سونٹھ ۱۵۰ گرام۔ سقمونیا اصلی ۱۰ گرام۔ باہم ملا کر درمیانے کیپسولز بھر لیں۔ اعصاب، عضلات اور جوڑوں کے درد کے لیے مفید ہے۔ مگر اس کے ساتھ درج ذیل نسخہ دینا ضروری ہے۔ تو افادیت دوچند ہو جائے گی۔

ھوالشافی: تربد سفید مفرد الگ باریک کر لیں اور درمیانے کیپسولز بھر لیں۔ درج بالا کیپسول صبح اور درج زیریں نسخہ شام کو دیں۔ زبردست نسخہ ہے۔

فوائد: جوڑوں کے درد تھکان کسل مندی، نقاہت اعصاب اور عضلات کے درد میں بہت مفید ہے۔

سفوف مغلظ

ھوالشافی: سنگ جراحت ۱۸ گرام۔ گوکھرو ولایتی ۳۰ گرام۔ تخم سریالہ ۳۰ گرام۔ رال مصفی ۳۰ گرام۔ تالمکھانہ ۳۰ گرام۔ صمغ عربی ۳۰ گرام۔ چھلکا اسبغول ۶۰ گرام۔ چینی ۶۰ گرام۔ ادویہ الگ الگ باریک کر کے باہم ملا لیں۔ ۵ گرام۔ صبح، شام، ہمراہ دودھ۔

فوائد: بہترین مغلظ، مادہ منویہ کی افزائش کے لیے خاص نسخہ ہے۔

سفوف مغلظ جدید

ھوالشافی: موصلی سیاہ۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ موصلی سفید۔ تودری سرخ۔ تودری سفید۔ ثعلب مصری ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ چھار گوند ۵۰۰ گرام۔ پھلی کیکر ایک کلو۔ چھال کیکر ایک کلو۔ خارخسک ۲ کلو۔ کوزہ مصری ۴ کلو۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو باریک سفوف بنالیں اور کوزہ مصری الگ سے باریک کر کے شامل کرلیں۔ تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۵ گرام صبح و شام ہمراہ دودھ ایک گلاس کھلائیں۔

فوائد: جریان، احتلام، مادہ منویہ کی تغلیظ کے لیے اس سے عمدہ نسخہ ناممکن ہے۔ افزائش کرم منی بھی کرتا ہے۔ سرعت انزال، ذکاوت حس کو بھی دور کرتا ہے، مجربہ مصدقہ ہے۔

❀ اکسیر البدن عنبری جدید

ھوالشافی: زعفران ۱۰ گرام۔ دارچینی ۲۰ گرام۔ مغز جائفل ۲۰ گرام۔ لونگ ۲۰ گرام۔ جاوتری ۲۰ گرام۔ عاقرقرحا ۴۰ گرام۔ ریگ ماہی ۴۰ گرام۔ جند بیدستر ۴۰ گرام۔

خراطین مصفی ۴۰ گرام۔اذاراقی مدبر ۴۰ گرام۔بزرالبنج ۴۰ گرام۔تریاک مقطر ۴۰ گرام۔

ترکیب تیاری: نہایت عمدہ باریک کر کے شہد شامل کر کے حبوب دانہ مرچ سیاہ کے برابر بنالیں اور ورق نقرہ سے ملفوف کریں۔

ترکیب استعمال: صبح وشام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ گرم استعمال کروائیں۔

فوائد: حیرت انگیز لذتِ امساک کو بڑھاتی ہے۔تقویت اعصاب کے لیے زبردست ہے۔[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

مقوی اعصاب

ھوالشافی: کچلہ مدبر ۴۰ گرام۔فلفل سیاہ ۲۰ گرام۔خولنجاں ۲۰ گرام۔سونٹھ ۲۰ گرام۔ کچور ۲۰ گرام۔سلاجیت ۲۰ گرام۔سحق بلیغ کر کے شہد کی مدد سے حبوب نخودی بنالیں۔ صبح وشام ہمراہ چائے تقویت اعصاب کے لیے یہ نسخہ حافظ محمد بن صابر صاحب نے عطا فرمایا۔مصدقہ مجربہ ہے۔

قبض کشاء

ھوالشافی: ہیراکسیس ۲۰۰ گرام۔طوطیا ۲ گرام۔

ترکیب تیاری: باہم ملا کر باریک رگڑ کر حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی، صبح وشام ہمراہ دودھ گرم کھلائیں۔

فوائد: اجابت بافراغت ہوگی، افزائش خون کے لیے بھی موثر ہے۔

❀ حب ممسک جمیلانی

ھوالشافی: جوہر سم الفار آدھا گرام۔جوہر کچلہ ایک گرام۔کونین فاسفیٹ (ہاورڈ) ۲۵ گرام۔اذاراقی مدبر ۵۰ گرام۔تریاک مقطر ۲۵ گرام۔کشتہ فولاد گیارہ آتشہ سم الفار والا ۲۵ گرام۔ورق نقرہ بڑی ایک دفتری۔زعفران ۵ گرام۔

ترکیب تیاری: کچلہ کو عمدہ باریک کر کے ایک ایک اجزا شامل کرتے جائیں اور تمام

ادویہ اچھی طرح کھرل ہو جانے پر شہد کی مدد سے حبوب نخودی بنالیں اور اوپر ورق نقرہ چڑھا کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی ۲ گھنٹے پیشتر از مباشرت ہمراہ دودھ آدھ لیٹر۔

فوائد: عجیب تماشا قدرت ہے۔ بسا اوقات مریض فرط جذبات میں طبیب کے ہاتھ چومتے ہیں۔ بنائیے آزمائیے آپ بھی قائل ہو جائیں گے۔

نوٹ: نوجوانوں کو صبح کے وقت معجون قادری ۵ گرام ہمراہ دودھ کھلائیں اور سن رسیدہ بزرگوں کو معجون فلاسفہ بیضوی ۵ گرام صبح کو کھلائیں۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

❀ سانس پھولنے کے لیے

ھوالشافی: مغز خربوزہ۔ فلفل دراز۔ زنجبیل ہموزن باریک کر کے کیپسول ۵۰۰ ایم جی بھر لیں۔ صبح وشام ایک ایک کیپسول ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: سیڑھیاں چڑھتے تھوڑا سا چلنے، وزن اٹھانے سے سانس پھول جائے موثر ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

اکسیر مانع حمل

ھوالشافی: مغز ارنڈ۔ گوند کیکر۔ چھوٹی مائیں ہموزن۔ باریک سفوف بنائیں ۲ گرام صبح وشام ہمراہ آب تازہ کھلائیں صرف ماہواری کے بعد پانچ دن حمل نہیں ہو گا۔ واللہ اعلم۔

دیگر

ھوالشافی: تخم لاجونتی۔ تخم ستیاناسی۔ تخم نیل۔ مروارید ہموزن ہر ایک ۹ گرام کی مقدار میں باریک کر کے ۲۴ خوراکیں ڈیڑھ ڈیڑھ گرام کی بنالیں اور بعد از حیض صبح دوپہر شام آٹھ دن مسلسل کھلائیں ہمراہ آب تازہ۔ تاحیات حمل نہ ہو گا۔ واللہ اعلم۔

افزائش کرم منویہ کے لیے خاص مجرب

ھوالشافی: سم الفار سفید ۱۰ گرام۔ پھٹکڑی ۱۰۰ گرام۔ دونوں کو کھرل کر کے توے پر بریاں کر لیں۔ بعدہ اجوائن خراسانی ۵۰ گرام۔ تخم بھنگ ۵۰ گرام۔ جدوار ۳۰ گرام۔ الگ باریک کر کے ملا لیں اور خوب رگڑائی کر کے شہد کی مدد سے گولیاں نخودی بنا لیں۔

ترکیب استعمال: صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ گھی دیسی اور دودھ وافر خوراک اچھی دیں۔

نوٹ: یہ نسخہ آٹھ دن کھلا کر آٹھ دن بند کر دیں اور اسی طرح ۳ ماہ مسلسل کھلائیں۔ انشاءاللہ حیوانات منویہ کی تعداد پوری ہو کر مراد بر آئے گی۔ بفضلہٖ تعالیٰ۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

اعصابی عضلاتی

ھوالشافی: موصلی سیمبل۔ ہموزن چینی۔ باریک کر کے سفوف بنا لیں اور ایک گرام کی مقدار میں صبح و شام کھلائیں بعد ایک گھنٹہ کے ۱/۴ گرام۔ جواہر مہرہ کھلائیں۔ انشاءاللہ پندرہ یوم میں مکمل شفا ہو گی۔ اعصابی عضلاتی دردوں گردوں کے افعال کو بہتر کرتا ہے۔ نیز وجع المفاصل نقرس میں مفید ہے۔

ہائی بلڈ پریشر کے لیے

ھوالشافی: چھوٹی چندن۔ صندل سفید اصلی۔ کشنیز خشک ہموزن باریک سفوف بنا کر بڑے کیپسول ۵۰۰ ایم جی بھر لیں اور صبح و شام ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔ مفید ہے۔

شدید کھانسی کے لیے

ھوالشافی: گل قند ۵۰ گرام۔ مغز بادام۔ ۵۰ گرام۔ مصبر ۵ گرام۔ الائچی سبز ۱۰ گرام۔ کوٹ چھان کر حبوب نخودی بنا لیں صبح و شام کھلائیں شدید کھانسی کی حالت میں از حد

مفید ہے۔

تحفہ باہ

ھوالشافی : خراطین مصفی ۵۰ گرام۔ بیر بہوٹی ۳۰ گرام۔ ریگ ماہی ۱۰ گرام۔ جائفل مقشر ۵ گرام۔ لونگ ۵ گرام۔ عاقرقرحا ۵ گرام۔ بطریق معروف حبوب نخودی سازند۔ ایک گولی روزانہ رات کو کھلائیں۔

فوائد: زبردست ممسک، محرک ہے۔

جوڑوں کے درد کے لیے

ھوالشافی : سورنجان شیریں۔ مصطگی رومی۔ سنا مکی۔ گل اسطخودوس۔ غاریقون۔ شحم حنظل۔ شیطرج ہندی۔ پوست ہلیلہ زرد ہموزن۔ عرق بھنگرہ کی مدد سے گولیاں بنالیں۔ اور ۳ ماشہ کی مقدار میں یہ گولیاں ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد: عرق النساء، ریگن کا درد، لنگڑی کا درد، دردِ مفاصل، نقرس میں مجربہ مصدقہ ہیں۔

موٹاپے کے لیے

ھوالشافی : بادیان ڈیڑھ کلو۔ اجوائن دیسی ڈیڑھ کلو۔ زیرہ سیاہ ڈیڑھ کلو۔ برگ سداب ڈیڑھ کلو۔ لک مغسول ۳۷۵ گرام۔ مرزنجوش ۳۷۵ گرام۔ بورہ ارمنی ۳۷۵ گرام۔

ترکیب تیاری: مروجہ اصولوں کے مطابق تمام ادویہ باریک کر کے سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک چمچ ۵ گرام۔ صبح وشام ہمراہ آب تازہ استعمال کرائیں۔

فوائد: بڑھے ہوئے پیٹ کو خصوصاً کم کرتا ہے۔ موٹاپے کے لیے زود اثر مجرب ہے۔

حب جدوار سلاجی

ھوالشافی : جدوار خطائی ۱۰۰ گرام۔ عود صلیب ۱۰۰ گرام۔ جائفل مقشر ۱۰۰ گرام۔

سلاجیت ۵۰ گرام۔ زعفران عمدہ ۲۵ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ سحق بلیغ کر کے شہد کی مدد سے حبوب نخودی بنالیں یا کیپسول بھر لیں ۵۰۰ ایم جی دو گولیاں یا ایک کیپسول روزانہ ہمراہ دودھ۔

فوائد: اعصابی طاقت کے لیے بہترین ہیں۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

حب اسرول

ھوالشافی: چھوٹی چندن ایک کلو۔ مرچ سیاہ ۳۰۰ گرام۔ سنبل الطیب ۳۰۰ گرام۔ اسطخو دوس ۳۰۰ گرام۔ اجوائن خراسانی ۳۰۰ گرام۔ شہد حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے چھان کر شہد شامل کر کے حبوب نخودی بنا لیں۔

ترکیب استعمال: صبح و شام یا صبح دو پہر شام ایک ایک گولی ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: وحشت، جنون، مالیخولیا، مراق، خفقان، مرگی اور بلڈ پریشر کے لیے مفید ہے۔

سر درد نزلہ زکام کھانسی کے لیے

ھوالشافی: پرسیاؤشاں۔ اسطخو دوس۔ منڈی۔ برہمی۔ بادیان۔ کباب چینی۔ اصل السوس مقشر۔ مکوخشک۔ ہر ایک ۱۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: نہایت باریک کر کے شہد کی مدد سے گولیاں نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: صبح، دو پہر، شام ایک ایک گولی ہمراہ چائے کھلائیں۔

فوائد: سر درد، نزلہ، زکام، کھانسی، بلغم، ریشہ کے لیے عمدہ ترین ہے۔

درد ہر قسم کے لیے

ھوالشافی: تریاک مقطر ۲۵۰ گرام۔ لوبان ۳ کلو۔

ترکیب تیاری: دونوں ادویہ باریک کر کے ۲۵۰ ملی گرام کیپسولز بھر لیں۔

ترکیب استعمال: صبح وشام ایک ایک کیپسول ہمراہ چائے استعمال کروائیں۔
فوائد: جسم درد، تھکن، نقاہت، کمزوری اعصاب درد کے لیے مفید ہے۔

شربت مفید النساء

ھوالشافی: مجیٹھ۔ سوئے، اجوائن دیسی۔ تخم سن ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ میتھرے ۱۰۰ گرام۔ ڈوڈہ کپاس ۱۰۰ گرام۔ بندال ڈوڈا ۸۰ گرام۔ ۴ لیٹر پانی میں جوش دیں جب ۲ لیٹر پانی رہ جائے تو پن چھان کے ۴ کلو چینی شامل کر کے شربت بنالیں۔
ترکیب استعمال: ۲۔۲ چمچ صبح شام پلائیں۔ اگر جی گھبرائے تو دودھ پئیں۔
فوائد: مدر حیض ہے۔ عورتوں کے اکثر امراض بندش حیض درد الرحم، حیض کا کم آنا، درد سے آنا، پیڑو میں درد، کمر درد میں مفید اور زود اثر ہے۔

طلا مجلوق

ھوالشافی: قبرستان کے چیونٹے۔ جونک۔ خراطین۔ تل کے تیل میں ڈال کر کسی بوتل میں ڈالیں اور دھوپ میں رکھ چھوڑیں کم از کم چالیس یوم کے بعد تیل نتھار لیں اور طلا کریں۔ زیادہ تعریف فضول ہے۔ بس کمال ہی کمال ہے۔

درد بلغمی

ھوالشافی: اذاراقی مدبر ۵۰ گرام۔ جوز بوا ۱۰ گرام۔ بسباسہ ۱۰ گرام۔ دارچینی ۱۰ گرام۔ زعفران ۱۰ گرام۔ سلاجیت ۲۰ گرام۔ کشتہ فولاد ۱۰ گرام۔ رس سیندور ۵ گرام۔
ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک پیس کر شہد کی مدد سے گولیاں ایک ایک رتی کی بنا لیں۔
ترکیب استعمال: ایک تا ۲ گولی ہمراہ دودھ گرم۔
فوائد: درد بلغمی ہر قسم، جھولا، لقوہ، ادھرنگ، امراض صدر، فالج، جوڑ درد کے لیے کامیاب اور معمول مطب نسخہ ہے۔

مغلظ شدید

ھوالشافی: چاروں موصلین۔ تودری سرخ۔ ثعلب مصری۔ ثعلب پنجہ۔ تخم تمر ہندی۔ سمندر سوکھ۔ تخم ریحان۔ تخم لاجونتی۔ تخم بھنڈی۔ تخم بھنگ۔ چاروں گوندیں۔ تخم کونچ۔ اسگند ناگوری۔ تالمکھانہ۔ بیج بند۔ سرکنجشک نر ہر ایک ۱۰۔۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام اجزا املا کر سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: پانچ گرام روزانہ ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد: اعلیٰ ترین مغلظ منی ہے۔ جریان احتلام کو جڑ سے اکھاڑ دیتا ہے۔ ممسک اور ذکاوت حس کے لیے مفید ہے۔ سرعت انزال کو روکتا ہے۔ بفضلہٖ تعالیٰ استعمال کروائیں یہ سفوف اپنا گرویدہ بنالیتا ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

حب برکاتی

ھوالشافی: اذاراقی مدبر ۳۰ گرام۔ تخم مغز تمر ہندی ۹۰ گرام۔ تریاک مقطر ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تینوں اجزا املا کر کوٹ کر حبوب نخودی شہد کی مدد سے بنالیں۔

ترکیب استعمال: صبح وشام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ گرم۔

فوائد: جریان، احتلام، سرعت انزال کو روکتا ہے۔ ممسک اور مغلظ ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

حب اقتدار

ھوالشافی: اذاراقی مدبر سائیدہ۔ لونگ۔ جوز بوا۔ تریاک مقطر ہموزن۔

ترکیب تیاری: چاروں اجزا کوٹ کر چھان کر شہد شامل کر کے حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی وقت خاص سے دو گھنٹے پہلے ہمراہ دودھ۔

فوائد: ممسک، مغلظ، محرک، مقوی عمدہ ترین ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

ادراری

ھوالشافی: ابہل ۲۰ گرام۔ مرمکی ۲۰ گرام۔ رائی ۴۰ گرام۔ کلونجی ۲۰ گرام۔ سنبل الطیب ۳۰ گرام۔ ریوند خطائی ۴۰ گرام۔ ہیرا کسیس ۲۰ گرام۔ تمام ادویہ باریک کر کے شہد کی مدد سے گولیاں چنے کے برابر بنالیں اور صبح و شام ایک ایک گولی گرم دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد: حیض کی بندش، عسر الطمث، ورم الرحم، درد الرحم کے لیے اعلیٰ دوا ہے۔

❀ مارشل کیپسولز

ھوالشافی: یوہمبین ۴ گرام۔ سٹرکنیا ایک گرام۔ آرسینک ایک گرام۔ کشتہ فولاد عمدہ ۵ گرام۔ خولنجاں۔ مگھاں۔ دارچینی۔ مرچ سیاہ ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ باریک کر کے باہم ملا کر کیپسولز ۵۰۰ ایم جی۔ ۸۰۰ کیپسولز بھر لیں۔ مردانہ کمزوری اور اعصابی تقویت کے لیے اس سے بہتر کوئی نسخہ نہیں۔ صرف ایک کیپسول روزانہ ہمراہ دودھ وافر۔ خوراک اچھی رکھیں۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

لبوب خاص بیضوی

ھوالشافی: موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ ثعلب مصری۔ مغز پستہ۔ مغز بادام۔ مغز اخروٹ۔ مغز کدو ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ بیج بند۔ دانہ الائچی خورد۔ تودری سرخ۔ تودری سفید۔ جائفل۔ جاوتری ہر ایک چالیس گرام۔ دارچینی۔ تالمکھانہ۔ گوکھرو ہر ایک ۲۰ گرام۔ زعفران عمدہ ۴ گرام۔ ورق نقرہ ۵۰ عدد۔ روغن زرد اڑھائی کلو۔ شکر سفید ۵ کلو۔ زردی بیضہ مرغ ۱۰۰ عدد۔

ترکیب تیاری: گھی کو گرم کریں اور شکر سفید ملا کر کڑاہی میں حل کر لیں۔ جب چینی ناپید ہو جائے تو زردی بیضہ مرغ باریک کر کے ملاتے جائیں۔ جب شوخ زرد ہو جائیں تو دانہ الائچی ملا دیں اور پورا مصالحہ دے کر آنچ ہلکی کر دیں۔ اور مغزیات جو الگ سے

باریک کیے ہوں ملا دیں۔ اچھی طرح حل ہو جانے پر باقی ادویہ شامل کر کے آگ مکمل بند کر دیں اور زعفران باریک کر کے ملالیں بعدہ ورق نقرہ شامل کر لیں تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۱۰ گرام کی مقدار میں روزانہ صبح ناشتہ میں کھلائیں ہمراہ دودھ۔

فوائد: بے حد مقوی، مغلظ، ممسک، مولد خون، محمر بدن، تقویت اعضائے رئیسہ، اعضائے شریفہ کے لیے غایت درجہ مفید ہے۔ بدن کو چست توانا بناتی ہے۔ دنوں میں رنگت سرخ وسفید کرتی ہے، غرض فی الواقع مفید ہے۔

سوزی

ھوالشافی: سرخ پھٹکڑی خام۔ رال سفید عمدہ۔ ہموزن۔

ترکیب تیاری: باہم ملا کر سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: یہ دوا ایک گرام دہی کی لسی یا کچی لسی سے دیں۔

فوائد: سوزاک جدید وکہنہ کے لیئے مفید وموثر ہے۔

❀ حبوب مبہی اعلیٰ

ھوالشافی: سم الفار مغسول ۳۰ گرام۔ کچلہ مدبر ۲۵ گرام۔ افیون خام ۲۵ گرام۔ زعفران عمدہ کشمیری ۲۵ گرام۔ طباشیر کبود ۳۰ گرام۔ کندش ۵۰ گرام۔ سنبل الطیب ۱۰ گرام۔ قاقلہ صغار ۵ گرام۔ قاقلہ کبار ۵ گرام۔ سلیخہ ۵ گرام۔ بسباسہ ۵ گرام۔ بزرالبنج ۶۰ گرام۔ فلفل دراز ۲۰ گرام۔ فلفل گرد ۲۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو باریک پیس کر شہد کی مدد سے گولیاں مرچ سیاہ کے برابر بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی روزانہ ہمراہ دودھ۔

فوائد: از حد مقوی، مبہی اور ممسک ہیں۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

❀ جوارش مفرح دلفروز

ھوالشافی: زنجبیل ۲۰ گرام۔ قرنفل ۱۰ گرام۔ خولنجاں ۲۰ گرام۔ سنبل الطیب ۱۰ گرام۔ ساذج ہندی ۲۰ گرام۔ جاوتری ۲۰ گرام۔ جائفل مقشر ۲۰ گرام۔ دانہ الائچی خورد ۱۰ گرام۔ مصطگی رومی ۲۰ گرام۔ تج قلمی ۱۰ گرام۔ دارچینی ۲۰ گرام۔ زعفران عمدہ ۱۰ گرام۔ عود ہندی ۲۰ گرام۔ درونج عقربی ۳۰ گرام۔ ابریشم سفید مقرض ۲۰ گرام۔ زرنباد ۱۰ گرام۔ ثعلب مصری ۲۰ گرام۔ بزرالبنج ۱۰ گرام۔ پوست بیرون پستہ ۲۰ گرام۔ کہربا شمعی ۱۰ گرام۔ تالیس پتر ۲۰ گرام۔ کباب چینی ۱۰ گرام۔ تخم بادرنجبویہ ۲۰ گرام۔ ناگ کیسر ۱۰ گرام۔ آملہ خشک ۵۰ گرام۔ گٹھلی دور کردہ۔ پوست ترنج ۳۰ گرام۔ روغن بادام ۲۰ گرام۔ شہد خالص تمام ادویہ کے وزن کے برابر ملا کر معجون مفرح بنالیں۔

مقدار خوراک: ۳ گرام صبح ۳ گرام شام ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد: بچوں نوجوانوں، بوڑھوں، کمزور، نحیف عورتوں سب کے لیے کیمیا صفت مرکب ہے۔ دل دماغ معدہ جگر مثانہ اعصاب غرض ہر عضو کو تقویت دیتی ہے۔ خون صالح پیدا کرنا بھوک بڑھانا اعضاء میں چستی قوت پیدا کرنا اس کی ادنیٰ صفات ہیں۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

❀ معجون روشن دماغ

ھوالشافی: وج ترکی۔ کندر۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ جدوار خطائی۔ کشتہ مرجان ہر ایک ۲۰ گرام۔ مغز پنبہ دانہ ۳۰ گرام۔ دانہ الائچی کلاں ۴۰ گرام۔ مربہ آملہ کلاں ۵۰ گرام۔ برہمی بوٹی ۷۰ گرام۔ مغز بادام شیریں ۱۰۰ گرام۔ مویز منقیٰ ۱۵۰ گرام۔ ورق نقرہ ۵۰ عدد بڑے۔ شہد خالص تمام ادویہ سے سہ چند۔ بطریق معروف معجون بنالیں۔

مقدار خوراک: ۳ گرام صبح ۳ گرام شام ہمراہ دودھ۔

فوائد: دماغ میں نئی روح پھونک دینے والی دوا ہے۔ تھکن، کمزوری حافظہ کی خرابی،

یادداشت کی کمی، نسیان وغیرہ، دردسر، دوران سر، ضعف دل کے لیے حیرت انگیز ترکیب ہے۔[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

جوارش مفرح

یہ نسخہ طبیب حاذق کے یادگار نمبر میں چھپ چکا ہے۔ مطب میں ہمیشہ تیار موجود ہوتا ہے۔

هوالشافی: زنجبیل ۲۰ گرام۔ زرنباد ۱۰ گرام۔ ساذج ہندی ۲۰ گرام۔ سنبل الطیب ۱۰ گرام۔ قرنفل ۲۰ گرام۔ جوزبوا ۲۰ گرام۔ قاقلہ کبار ۱۰ گرام۔ جاوتری ۱۰ گرام۔ درونج عقربی ۳۰ گرام۔ دارچینی ۱۰ گرام۔ خولنجاں ۲۰ گرام۔ جدوار ۱۰ گرام۔ ٹنکچر مشک ایک ڈرام۔ تمام ادویہ سے تین گنا شہد خالص۔

ترکیب تیاری: بہ طریق معروف معجون بنالیں۔

ترکیب استعمال: ۳ گرام صبح وشام قبل از غذا ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: دل، جگر، دماغ، اعصاب کی کمزوری، خون کی کمی، ہاتھ پاؤں کی ناطاقتی کے لیے، جب انسان کی دماغی، قلبی، تناسلی قوتوں میں کمی آجائے، تو حرارت غریزی بڑھا کر چست وتوانا بناتی ہے۔ دل دماغ روشن، حافظہ تیز، عقل قوی، ذہن اعلیٰ اور دماغ پوری طرح توانا ہو جاتا ہے۔[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

امروسیا

هوالشافی: قلمی شورہ ۶۰۰ گرام۔ نوشادر دیسی ۵۰ گرام۔ جوکھار اصلی ۵۰ گرام۔ سہاگہ خام ۵۰ گرام۔ سنگ یہود ۵۰ گرام۔ بلادر ۱۰۰ گرام۔ پوست ریٹھہ ۱۲ عدد۔

ترکیب تیاری: کسی کڑاہی لوہے کی میں شورہ قلمی ڈال کر آگ پر رکھیں جب شورہ قلمی پگھل جائے تو ایک دو دانے بلادر کے ڈالیں اور ایک ایک کر کے تمام ختم کریں پھر پوست ریٹھہ ایک ایک کر کے ڈالیں اور اسی طرح تمام ختم کریں۔ اس کے بعد جوکھار

اصلی۔ سنگ یہود۔ سہاگہ خام اور نوشادر جو پہلے سے باریک شدہ ہوں۔ ایک ایک کر کے ڈالتے جائیں۔ جب تمام تر اجزاء شامل ہو جائیں تو آگ بند کر دیں اور ٹھنڈا ہونے دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر باریک کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک، دو رتی سے ۴ رتی بعض امراض میں ۶ رتی سے ایک گرام تک۔ ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: یہ بہت معرکے کی دوا ہے۔ تمام جسمانی امراض کے دفیعہ کے لیے واحد بہترین دوا ہے۔ زہریلے جانوروں کے کاٹنے، بواسیر، ہیضہ، تخمہ، امراض جلد، امراض نسواں، امراض اطفال، میعادی بخار، تپ محرقہ، حمیٰ تیفودیہ، موسمی بخار، پیشاب کی جلن، سوزاک، درد گردہ ومثانہ، پیشاب کے بند ہونے، غرض ایک سو ایک مرض کی واحد دوا جو طبیب اپنی سمجھ، بساط کے مطابق استعمال کروا کر دکھی انسانیت کی خدمت کر سکتا ہے۔

نوٹ: جریان خون بدن کے کسی حصہ سے بھی ہو امروسیا استعمال نہ کریں۔ مرطوب موسم میں امروسیا کو محفوظ الہوا رکھیں کیونکہ نمی سے اکثر خراب ہو کر وہ تاثیر قائم نہیں رہتی۔ بے شمار بدرقے اور دیگر نسخہ جات میں شامل کر کے استعمال دو چند فوائد دیتا ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

اکسیر سرعت انزال

ھوالشافی: تخم سنبھالو۔ بیج بند۔ سریالہ۔ سمندر سوکھ۔ تخم اوٹنگن۔ تخم مغز سرس۔ برومائیڈ۔ بزرالبنج۔ بزرالقنب۔ تخم دھتورہ ہر ایک ۱۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ مثل غبار باریک کر کے محفوظ رکھیں اور ۱۰۰ ملی گرام کا کیپسول بھر لیں۔

ترکیب استعمال: ایک کیپسول روزانہ ہمراہ معجون فنجنوش ۵ گرام۔ یا لبوب بارد ۷ گرام یا لبوب صغیر ۵ گرام یا معجون مغلظ جواہر دار یا معجون آرد خرما ۱۰ گرام کھلائیں۔ بعدہ دودھ ایک گلاس ضرور پلائیں۔

فوائد: ان شاء اللہ ساری زندگی سرعت انزال کی شکایت نہ ہوگی۔

ہضمین

ھوالشافی: ہلیلہ زرد پوست۔ ہلیلہ سیاہ۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ۔ آملہ مقشر۔ نمک سونچل۔ نمک شور۔ نمک سانبھر۔ نمک لاہوری۔ گندھک آملہ سار۔ نوشادر۔ سہاگہ بریاں۔ شورہ قلمی۔ جوکھار اصلی۔ فلفل گرد۔ فلفل دراز۔ انار دانہ خشک۔ نان خواہ۔ بادیان۔ الائچی کلاں۔ ناگ کیسر۔ کبابہ۔ زنجبیل۔ پودینہ خشک۔ دارچینی ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ لیموں کا رس تمام ادویہ سے تین گنا۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو مثل غبار باریک کر کے لیموں کا رس شامل کر کے گھوٹ کر حبوب جنگلی بیر کے برابر بنالیں۔

ترکیب استعمال: صبح، دوپہر، شام بعد از غذا ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: معدہ کی اکثر امراض کا شافی علاج ہیں۔ غذا کے بعد ایک گولی فوری غذا کو ہضم کرتی ہے۔ بھوک بڑھاتی ہے اور غلیظ ریاح خارج کرتی ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

مقوی خاص

ھوالشافی: آب ادرک۔ آب پیاز سفید۔ آب گزر ہر ایک آدھا لیٹر۔ زردی بیضہ مرغ ۲۰ عدد۔ روغن پنبہ دانہ ۲۵۰ ایم ایل۔ شہد خالص ۷۵۰ ایم ایل۔

ترکیب تیاری: سب کو ایک برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور غلیظ القوام ہونے پر آرد نخود بریاں مقشر ۲۵۰ گرام۔ باریک کر کے شامل کر دیں اور محفوظ رکھیں تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۲۰ گرام سے ۳۰ گرام تک حسب برداشت ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد: بڑھاپے میں جوانی کی یاد تازہ کر دے گی۔ مایوس العلاج اور ضعف باہ کے مریضوں کے لیے بے نظیر تحفہ ہے۔

قرص نقرہ

ھوالشافی : مازو سبز۔ اسپند۔ مصطگی رومی۔ ناگ کیسر۔ موچرس۔ بزرالبنج ہر ایک ۳ گرام۔ کشتہ نقرہ ۵ گرام۔ زہرمہرہ خطائی ۱۰ گرام۔ زعفران عمدہ ۱۰ گرام۔ جوز بوا۔ جاوتری۔ ریگ ماہی۔ سمندر سوکھ ہر ایک ۱۰ گرام۔ عنبر ایک گرام۔ مشک ایک گرام (عنبر مشک دستیاب نہ ہوں تو ماہی روبیاں ۳ گرام) اضافہ کر سکتے ہیں۔

ترکیب تیاری : تمام ادویہ کو (ایک سو بنگلہ پان کچل کے پانی نکالیں) کھرل کر کے حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی مباشرت سے ایک گھنٹہ پہلے ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد : فی الواقع قوتِ باہ کے لیے بے عدیل نسخہ ہے۔ امساک بہت بڑھاتی ہے۔ چند روزہ استعمال قوت وتوانائی کا بے کراں سمندر موجزن کر دیتی ہے۔

نزلہ بند

ھوالشافی : شورہ قلمی ۶ گرام۔ کافور ۶ گرام۔ افیون خالص ۶ گرام۔ رب السوس ۴ گرام۔ دارچینی ۴ گرام۔ صمغ عربی ۴ گرام۔ کتیرا ۴ گرام۔ نشاستہ ۴ گرام۔ مرچ سیاہ ۳ گرام۔ بیش مدبر ایک گرام۔

ترکیب تیاری : تمام ادویہ باہم باریک کر کے حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال : صبح شام کھانے کے بعد ایک ایک گولی ہمراہ چائے۔

فوائد : ہر قسم کے نزلہ بگڑے ہوئے زکام کھانسی بلغمی رطوبات کو رفع کرتا ہے۔

حب ملین

ھوالشافی : مصبر ولایتی۔ ریوند عصارہ ہر ایک ۱۰ گرام۔ سقمونیا ولایتی۔ زنجبیل فلفل سیاہ۔ ہر ایک اڑھائی گرام۔ مصطگی رومی ۵ گرام۔ عرق گلاب میں کھرل کر کے حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ گرم۔

فوائد: بغیر کسی درد تکلیف کے اجابت بافراغت ہو جاتی ہے۔ بہترین قبض کشا ہے۔

حب جواہر مشکی

ھوالشافی: جواہر مہرہ ۶ گرام۔ کشتہ سم الفار ایک گرام۔ کشتہ فولاد عمدہ ۳ گرام۔ کشتہ شنگرف ۳ گرام۔ سٹرکنیا ۲ گرام۔ لیسے تھین ۶ گرام۔ یوہمبین ۳ گرام۔ حب عنبر مشکی (ہمدرد) ۲۴ گولیاں۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: ۲ رتی خوراک ہمراہ دودھ وافر پلائیں۔

فوائد: ممسک، محرک، مغلظ، مقوی عمدہ ترین ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

نوعروسی نمبر ۷۰

ھوالشافی: زعفران ایک گرام۔ لیسے تھین ۵ گرام۔ جندبیدستر ۲ گرام۔ یوہمبین ایک گرام۔ سٹرکنیا ایک گرام۔ عروسک ایک گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باہم ملا کر خوب کھرل کر کے شہد کی مدد سے ۷۰ گولیاں بنا لیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی روزانہ ہمراہ دودھ گھی وافر۔ غذا بہت مرغن کھلائیں۔

فوائد: حد درجہ مقوی ممسک بے پناہ، جسم دنوں میں حیرت انگیز چست و توانا ہو جاتا ہے۔[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

جاویدی

ھوالشافی: زنجبیل ۲۰ گرام۔ زرنباد ۱۰ گرام۔ زعفران خالص ۲۰ گرام۔ زراوند مدحرج ۲۰ گرام۔ درونج عقربی ۳۰ گرام۔ دارچینی ۲۰ گرام۔ دارفلفل ۱۰ گرام۔ ساذج ہندی ۲۰

گرام۔ سعد کوفی ۱۰ گرام۔ سلیخہ ۲۰ گرام۔ سنبل الطیب ۲۰ گرام۔ قرنفل ۲۰ گرام۔ قسط شیریں ۱۰ گرام۔ قاقلہ صغار ۱۰ گرام۔ قاقلہ کبار ۱۰ گرام۔ عود ہندی ۲۰ گرام۔ جوز بوا ۲۰ گرام۔ خولنجاں ۳۰ گرام۔ جاوتری ۱۰ گرام۔ جدوار ۲۰ گرام۔ جنطیانہ ۱۰ گرام۔ خصیۃ الثعلب ۳۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک پیس کر تین گنا شہد خالص ملا کر معجون بنالیں۔

ترکیب استعمال: ۳ گرام صبح وشام ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد: ہڈیوں، پٹھوں، نسوں کو نئی قوت بخشتی ہے۔ مردانہ قوتوں کو برانگیختہ کرتی ہے۔ انتشار قوی اور مستی کی لہر دوڑا دیتی ہے۔ ضعف ہضم، ضعف جگر بھوک کی کمی کو دور کرتی ہے۔ مباشرت کی رغبت اور لذت کو بڑھاتی ہے۔ نفسیاتی طور پر جو لوگ احساس کمتری کا شکار ہو کر وظیفہ زوجیت ادا کرنے کے قابل نہ رہیں۔ بہترین تحریک پیدا کرتی ہے۔ دل و دماغ میں جوش ولولہ، قوت وسرور پیدا کرتی ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

حب ماہی

ھوالشافی: ایکسٹریکٹ کارڈلیور آئل ۲ اونس۔ سفوف سریشم ماہی ایک اونس۔ کیلشیم گلوکونیٹ ایک اونس۔ سرطان سوختہ ۲ اونس۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باہم ملا کر حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: صبح، دوپہر، شام ایک ایک گولی ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: دق، سل، دمہ، پرانی کھانسی، پسلی کا درد، چھاتی کا درد حتیٰ کہ نتھنوں سے لے کر پھیپھڑوں تک کی تمام رگوں اور تنفس کے تمام آلات اور پھیپھڑوں کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ انفلوئنزا، نزلہ، زکام، کھانسی، ہڈیوں کے بے ڈول ہونے کو روکتی ہے۔

❀ اگنی کمار چورن

ھوالشافی: نمک سیاہ ۲۰۰ گرام۔ نمک سینڈھا ۱۰۰ گرام۔ گندھک آملہ سار مصفی ۱۲۰

گرام۔ نوشادر ۱۲۰ گرام۔ سونٹھ۔ فلفل دراز۔ فلفل گرد ہر ایک ۶۰ گرام۔ لونگ۔ دار چینی۔ اجوائن دیسی۔ دانہ الائچی کلاں ہر ایک ۲۰ گرام۔ ست لیموں ۴۰ گرام۔ ست پودینہ ۳ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ سحق بلیغ کر کے سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گرام تک صبح، دوپہر، شام کھلائیں ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: دردشکم، نفخ شکم، بدہضمی، ضعف اشتہا، سینہ کی جلن، متلی، قے، ابکائی دور کر کے معدہ کو بے حد تقویت دیتا ہے۔ دائمی قبض، بواسیر کے لیے بھی فائدہ مند ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

نسخہ قوت باہ

ھوالشافی: موصلین۔ جوزبوا۔ تخم اوٹنگن۔ اجوائن خراسانی۔ عاقرقرحا۔ قرنفل۔ بسباسہ۔ اسگند۔ کچور تمام ادویہ ہموزن لے کر سفوف بنائیں۔ اور سات گرام کی مقدار میں دودھ کے ساتھ کھلائیں اور قدرت کا تماشہ دیکھیں، بہت خوب ہے۔

❀ سفوف امساکی

ھوالشافی: زعفران عمدہ ۵ گرام۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ ۵۔۵ گرام۔ عاقرقرحا ۵ گرام۔ پوست کوکنار ۱۰ گرام۔ اسبغول مسلم ۱۰ گرام۔ اسپند ۲۰ گرام۔ شکر سفید تمام ادویہ کے برابر ۶۰ گرام۔

ترکیب تیاری: اسبغول سالم کے علاوہ تمام ادویہ باریک کر کے چینی الگ باریک کر کے شامل کریں اور اسبغول مسلم ملا کر اچھی طرح مخلوط کر لیں۔

ترکیب استعمال: ۴ گرام دودھ کے ساتھ کھلائیں۔ روزانہ عصر کے وقت۔

فوائد: زبردست امساک پیدا کرتا ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

معجون جوانی

هوالشافی: درونج عقربی۔ شقاقل مصری۔ قرنفل۔ دانہ الائچی خورد۔ دانہ الائچی کلاں۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ خولنجاں۔ بادرنجبویہ۔ گاؤزبان۔ زنجبیل۔ مصطگی رومی۔ دارچینی۔ جوزبوا ہرایک ۵۰ گرام۔ ورق الخیال (برگ بھنگ) ۲۵۰ گرام۔ شہد خالص ادویہ سے دوگنا چینی ادویہ کے وزن کے برابر۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ عمدہ باریک کر کے سفوف بنالیں اور شہد چینی کا قوام کر کے تمام ادویہ شامل کر کے معجون بنالیں۔

ترکیب استعمال: ۵ سے ۱۰ گرام تک روزانہ ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد: مقوی باہ، ممسک، مولد و مغلظ منی، ہاضم مشتہی، مقوی اعضائے رئیسہ، اعضائے شریفہ، کو پورے طور پر طاقت دیتی ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

ملین

هوالشافی: فلفل سیاہ۔ سنڈھ۔ کتھہ سفید۔ ریوند عصارہ ہموزن پیس کر پانی کی مدد سے حبوب کو کن بیر جتنی بنالیں ایک گولی رات ہمراہ دودھ۔ قبض، تبخیر مکمل ختم ہوگی۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

دردِ فمِ معدہ

هوالشافی: سونف رومی ۹ گرام۔ ریوند خطائی ۷ گرام۔ دانہ الائچی کلاں ۴ گرام۔ زنجبیل ۴ گرام۔ تخم کاسنی ۴ گرام۔ گل سرخ ۴ گرام۔ دارچینی ۴ گرام۔ قند سفید تمام ادویہ کے برابر۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے پانی میں پکا کر پانی نصف رہ جانے پر چھان کر پلائیں۔ یا سفوف بنا کر گرم پانی سے کھلائیں۔ یہ ایک خوراک کا وزن ہے۔

فوائد: نم معدہ کے درد کی اس سے بہتر کوئی دوا نہیں چونکہ یہ درد ہر دوا سے ٹھیک نہیں ہوتا۔ للہذا یہ نسخہ اکسیر ہے۔

مصفی خون

ھوالشافی: چرائتہ۔ شاہترہ۔ بورا صندل سفید۔ ہلیلہ سیاہ۔ ہر ایک ۱۰۰ گرام۔
ترکیب تیاری: چاروں ادویہ باریک کر کے اس کے دس حصے بنالیں ایک حصہ روزانہ رات کو پانی میں بھگو دیں آدھ لیٹر پانی میں جوش دیں جب ایک کپ رہ جائے۔ تو چھان کر شہد شامل کر کے پلائیں۔ اسی طرح دس خوراکیں پلا دیں۔
فوائد: خارش خشک وتر پھوڑے پھنسیاں، دھدری، چنبل، آتشک کے لیے مفید ہے۔

افزائش کرم تولید

ھوالشافی: خراطین مصفی ۵۰ گرام۔ اجوائن خراسانی ۵۰ گرام۔ کشتہ چاندی ۳ گرام۔ کشتہ قلعی ۳ گرام۔ کشتہ سکہ ۳ گرام۔ مازو سبز ۱۰ گرام۔ بیر بہوٹی ۱۶ عدد۔ کل ادویہ باریک کر کے قند سیاہ شامل کر کے حبوب نخودی بنالیں۔ صبح وشام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ دو ماہ مسلسل کھلائیں۔
فوائد: مادہ منویہ میں جراثیم منویہ کو پورا کر کے قابل اولاد بناتا ہے۔ ہر قسم کی کمزوری، نامردی کا خاتمہ کر کے جسم کو سرخ وسفید چست وتوانا کر دینے والا مرکب ہے۔ ان شاء اللہ۔

حب وجع المفاصل

ھوالشافی: کچلہ مدبر ۱۰ گرام۔ فلفل سیاہ ۱۰ گرام۔ فلفل سفید ۱۰ گرام۔ سورنجاں شیریں ۱۰ گرام۔ دار فلفل ۱۰ گرام۔ اسگند ناگوری ۱۰ گرام۔ مویز منقی ۱۰ گرام۔
ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے پانی کی مدد سے حبوب نخودی بنالیں۔
ترکیب استعمال: صبح وشام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد: جسم کے کسی حصہ میں درد ہو، اعصاب جوڑ اور کمر درد کے لیے از حد مفید ہے۔

حب برائے مقوی باہ مقوی اعصاب

هوالشافی: کچلہ مدبر۔ لونگ۔ فلفل دراز۔ خرما خشک ہموزن۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ عمدہ باریک کر کے کوٹ کے گولیاں نخودی شہد کی مدد سے بنا لیں۔

ترکیب استعمال: صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ گرم بعد از غذا دیں۔

فوائد: یہ گولیاں مقوی باہ اور تقویت اعصاب کے لیے موزوں ہیں۔ فالج، رعشہ، لقوہ، جوڑوں کے درد، کمر درد، گنٹھیا کے لیے کمال ہیں۔

سفوف انجماد

هوالشافی: گل سپاری۔ گوکھرو۔ گوند سنبھل۔ گوند ڈھاک۔ بیج بند۔ سمندر سوکھ۔ ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ شکر سرخ ۶۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے شکر سرخ شامل کر کے اچھی طرح مخلوط کر کے رکھیں تیار ہے۔

ترکیب استعمال: روزانہ دس گرام کی مقدار میں صبح، دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد: جریان، احتلام، مذی کی رطوبت کو مکمل ختم کر کے صحت مند بناتا ہے۔

شادمانی

هوالشافی: سیماب مصفی۔ گندھک آملہ سار ہر ایک ۱۲ گرام۔ جائفل۔ لونگ۔ جاوتری۔ دارچینی۔ کباب چینی۔ جوز ماثل۔ افیون۔ زعفران۔ فلفل سیاہ۔ عاقرقرحا۔ کستوری خالص۔ چرس ہر ایک ۳۔۳ گرام۔

ترکیب تیاری: گندھک آملہ سار اور سیماب کو کھرل کر کے کجلی بنالیں باقی تمام ادویہ شامل کر کے پان کے پانی میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: قبل از مباشرت ڈیڑھ گھنٹہ پہلے ہمراہ دودھ ایک گولی کھلائیں۔

فوائد: ممسک بدرجہ غایت ہے۔ دس گنا امساک پیدا کرتی ہے۔ اگر انزال دشوار ہو جائے تو نمکین چیز کھلائیں۔

جام سرور

ھوالشافی: تریاک مقطر۔ کافور۔ شنگرف رومی۔ جوزبوا۔ عاقرقرحا۔ مصری ہر ایک ۱۰ گرام۔ زعفران۔ جند بیدستر ہر ایک ۵ گرام۔ بیر بہوٹی ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ سحق بلیغ کر کے کوکن بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: وقت خاص سے ایک گھنٹہ پہلے ہمراہ دودھ ایک گولی کھلائیں۔

فوائد: بہترین امساک پیدا کرتی ہے۔ اگر انزال نہ ہو رہا ہو تو سرد پانی پلائیں۔ تقویت باہ کے لیے خاص الخاص دوا ہے۔ جو بار بار انتشار پیدا کر کے لذت بڑھاتی ہے۔

موٹاپا دور کرنے کا شافی نسخہ

ھوالشافی: شورہ قلمی ۵۰ گرام۔ برگ بھنگ تازہ کا نغدہ ایک کلو۔ کسی ہانڈی کے اندر برگ بھنگ کے درمیان شورہ قلمی رکھ کے آگ درمیانی دیں۔ بھنگ سوختہ ہونے پہ صرف شورہ نکال کے کھرل کر کے ۴ رتی کی مقدار میں صبح و شام کھلائیں۔

فوائد: حیرت انگیز طور پر موٹاپا دنوں میں کم ہوگا۔ انشاء اللہ۔

نوعروسی جدید

ھوالشافی: مومیائی۔ عاقرقرحا۔ شنگرف۔ قرنفل۔ زعفران عمدہ۔ دارچینی۔ جائفل۔ عنبر خالص۔ جند بیدستر ہر ایک ۱۰ گرام۔ جدوار خطائی ۲۰ گرام۔ جوہر سم الفار ایک گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کھرل کر کے ۲۔۲ رتی کی گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی کھانے کے دو گھنٹے بعد ہمراہ دودھ روزانہ کھلائیں صرف ایک خوراک۔

فوائد: اس دوا کا ادنیٰ فعل ہے کہ انسان کو نوجوان بنا دیتی ہے۔ تندرست قوی وجیع توانا بارعب بناتی ہے۔ جسم سرخ وسفید، لحیم شحیم اور مردانہ قوت میں اضافہ کرتی ہے۔ دل، جگر، دماغ اعصاب کو بھرپور طاقت دیتی ہے۔ اعضائے تناسل اور مادہ منویہ میں خاص تاثیر پیدا کرتی ہے۔ خون صالح اور وزن بڑھاتی ہے۔ عجیب چیز ہے۔

❀ تعفن رحم

ھوالشافی: دھنیا خشک ۱۰۰ گرام۔ زیرہ سفید ۱۰۰ گرام۔ اسگند ۲۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تینوں اجزا باریک کر کے رکھیں تیار ہے۔

ترکیب استعمال: تین گرام صبح ۳ گرام شام۔ ایک پیالی دودھ سے کھلائیں۔

فوائد: بدبودار لیکوریا۔ تعفن رحم اور پیپ دار آلائش کو ختم کرتا ہے۔ آزمودہ اور مصدقہ ہے۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

اکسیر باہ

ھوالشافی: شنگرف مدبر ۵ گرام۔ جوہر سم الفار ۵ گرام۔ تریاک مقطر ۵ گرام۔ زردی بیضہ مرغ ۱۰ عدد۔ تمام ادویہ باہم ملا کر آٹھ پہر کھرل کر کے مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنا لیں ایک گولی ہمراہ دودھ ایک گلاس مباشرت سے ۲ گھنٹے پہلے کھلائیں۔ ممسک بہترین، مقوی اعضائے رئیسہ فالج لقوہ ادھرنگ جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔

ضعف قلب کے لیے

ھوالشافی: سرکہ سیب عمدہ ۲۵۰ ایم ایل۔ آب ادرک ۲۵۰ ایم ایل۔ آب لہسن دیسی ۲۵۰ ایم ایل۔ آب لیموں ۲۵۰ ایم ایل۔ شہد خالص ۱۵۰۰ ایم ایل۔

ترکیب تیاری: ایک برتن میں تمام اجزا ڈال کر ہلکی آنچ پہ پکائیں۔ قوام قدرے

گاڑھا ہونے پر اتار کے محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال: ۱۰ ایم ایل (ایک چمچ بڑا) صبح و شام پلائیں۔
فوائد: تقویت اعضائے رئیسہ کے لیے مفید ہے۔ ضعف قلب، وجع القلب، تبخیر معدہ، اعصاب، عضلات کے درد اور جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔ حفظ ما تقدم دورہ دل کو روکتا اور شریانوں کی سختی کو کم کرتا ہے۔

❀ خارش اندام نہانی

ھوالشافی: زیری سیاہ ۵۰ گرام۔ گندھک آملہ سار ۱۰۰ گرام۔
ترکیب تیاری: باریک کر کے باہم ملا کے رکھیں۔
ترکیب استعمال: ایک گرام کی مقدار میں صبح و شام کھلائیں ہمراہ آب تازہ۔
فوائد: اندام نہانی کی خارش، جلن، سوزش کے لیے مفید ہے۔
[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

حب عصارہ

ھوالشافی: شحم حنظل ۱۰۰ گرام۔ مغز بادام ۱۰۰ گرام۔ ریوند عصارہ ۱۰۰ گرام۔
ترکیب تیاری: تینوں اجزا باہم ملا کر کوٹیں اور چند قطرے پانی ملا کر حبوب نخودی بنا لیں۔
ترکیب استعمال: ایک گولی ہمراہ دودھ گرم رات سوتے وقت کھلائیں۔
فوائد: اجابت بافراغت ہو گی ادرار حیض کے لیے بھی موثر ہے۔

اپنڈے سائٹس

ھوالشافی: ویدک نسخہ نمب آدی چورن ۲ گرام۔ کشتہ سنکھ ایک رتی۔
ترکیب استعمال: صبح و شام پانی کے ساتھ کھلائیں اور رات کی خوراک میں ۲ رتی بینگن کے بیج کھلائیں۔ ان شاء اللہ تیسری چوتھی خوراک میں ورم زائدہ آعور سے نجات

حاصل ہوگی بفضلہٖ تعالیٰ۔

❀جن سنگ کیپسولز

ھوالشافی: کشتہ جست۔ کشتہ بیضہ مرغ۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ صدف ہر ایک ۱۰ گرام۔ جن سنگ پندرہ گرام۔ تمام ادویہ الگ الگ باریک کر کے باہم ملا کر ۵۰۰ ایم جی کے کیپسولز بھر لیں۔

ترکیب استعمال: ایک کیپسول روزانہ ہمراہ دودھ ایک گلاس صبح کھلائیں۔

فوائد: مقوی عامہ اور ممسک لاجواب ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

❀سپرمی خاص

ھوالشافی: ثعلب مصری۔ ستاور۔ تالمکھانہ۔ تخم کونچ۔ بیج بند۔ ہر ایک ۲۰۰ گرام۔ کشتہ قلعی پارے شورے والا ۲۵ گرام۔ جوہر سم الفار ایک گرام۔ جوہر خصیہ (ہمدرد) ۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ سحق بلیغ کر کے کشتہ قلعی پارے شورے والا اور جوہر سم الفار ملا کر رکھیں۔ ۵ گرام صبح و شام ہمراہ دودھ وافر کھلائیں۔

فوائد: افزائش حیونات منویہ کے لیے بے نظیر چیز ہے۔ جریان احتلام کو ختم کرتی ہے۔ مغلظ دافع سرعت، مقوی بہترین، مردہ حیونات منویہ کی بھی اصلاح ہو کر زندہ ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ بارہا کی آزمودہ اور مصدقہ ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

ادرار حیض

ھوالشافی: ہیرا کسیس۔ ریوند عصارہ۔ زعفران خالص ہر ایک ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: نہایت عمدہ باریک کر کے حبوب نخودی بنا لیں۔

ترکیب استعمال: صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ عرق بادیان ۱۰۰ ملی لیٹر۔
فوائد: ادرار حیض کے لیے بہترین تمام نقائص رحم کے ختم کر کے قابل اولاد بناتی ہے۔

سریع الاثر حبوب

ھوالشافی: تریاک مقطر ۳ گرام۔ عاقر قرحا ۱۰ گرام۔ خولنجاں ۱۰ گرام۔ مغز تخم کونچ ۱۰ گرام۔ زعفران عمدہ ۳ گرام۔
ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے ۲۵۰ ایم جی کے کیپسولز بھر لیں۔
ترکیب استعمال: صبح و شام ایک ایک کیپسول ہمراہ دودھ پتی استعمال کروائیں۔
فوائد: ممسک و محرک، دافع درد، دافع سستی، نقاہت کمزوری کو فوری اثر کرتا ہے۔

مفرح دلکشا

ھوالشافی: کشتہ نقرہ۔ کشتہ عقیق۔ کشتہ صدف مروارید۔ کشتہ یشب۔ کشتہ شاخ مرجان۔ کشتہ بیخ مرجان ہر ایک ۵۰ گرام۔ دانہ الائچی خورد ۳۰۰ گرام۔
ترکیب تیاری: دانہ الائچی خورد عمدہ باریک کر کے تمام کشتہ جات ایک ایک شامل کر کے کھرل کرتے جائیں۔ اور باہم مخلوط کر کے محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال: آدھ گرام تک ہمراہ مکھن یا بالائی میں رکھ کے کھلائیں بعدہ دودھ ایک گلاس پلائیں۔
فوائد: تقویت اعضائے رئیسہ و شریفہ کے لیے نہایت موزوں ہے۔ مقوی قلب سریع الاثر ہے۔

اکسیر بواسیر

سید عابد حسین شاہ صاحب صاحبزادہ سید گل حسین شاہ صاحب مرحوم چھوکر کلاں نے یہ نسخہ تصدیق فرمایا۔ مطب میں بنایا نہایت کارگر ثابت ہوا۔
ھوالشافی: گندھک آملہ سار ۱۵ گرام۔ شورہ قلمی ۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری: مٹی کے برتن میں شورہ قلمی ڈال کر آگ پہ رکھیں۔ پگھلنے پہ آنچ ہلکی کر دیں اور گندھک آملہ سار باریک شدہ شامل کر دیں۔ گندھک پگھلنے پر آگ بند کر دیں اور ٹھنڈا ہونے پہ باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک گرام صبح نہار ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔ صرف ایک خوراک روزانہ۔

فوائد: بواسیر کے مسے چند خوراکوں میں ختم ہونا شروع ہو جائیں گے۔ ۲ ہفتے مسلسل استعمال کریں۔ کافی ہے۔ ان شاء اللہ۔

❀ اکسیر قلاع

ھوالشافی: طوطیا سبز بریاں ۲ گرام۔ شورہ قلمی ۱۰ گرام۔ دانہ الائچی خورد ۱۰ گرام۔ کتھہ سفید ۱۰ گرام۔ گل سرخ مصفی ۱۰ گرام۔ کافور ۵ گرام۔

ترکیب تیاری: سب کو ملا کر خوب باریک سفوف بنا کر کپڑ چھان کر کے رکھیں۔

ترکیب استعمال: منہ میں چھڑک کر رال ٹپکائیں۔ فوری آرام ہوگا۔

فوائد: فوری اثر رکھنے والی بہترین دوا منہ کیسا ہی پکا ہو آبلے ہی آبلے ہوں۔ اس نامراد مرض کا فوری ازالہ کر دینے والی اکسیر دوا ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

❀ ثلاثی

ھوالشافی: جدوار خطائی۔ عنبر اشہب۔ زعفران خالص ہموزن باریک کر کے عرق گلاب سے کھرل کر کے حبوب مرچ سیاہ کے برابر بنا لیں۔ ۲ گولی صبح، شام ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد: دل، جگر، دماغ اور اعصاب کو عمدہ تقویت دیتی ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

حب شاہانہ

ھوالشافی: شنگرف مدبر ۵ گرام۔ تریاک مقطر ۱۰ گرام۔ سم الفار ۱۰ گرام۔ عاقرقرحا ۳۰ گرام۔ کچلہ مدبر ۲۰ گرام۔ جائفل مقشر ۱۵ گرام۔ جاوتری ۱۵ گرام۔ بیر بہوٹی ۱۵ گرام۔ خراطین مصفی ۴۰ گرام۔ زردی بیضہ مرغ ۱۰ اعدد۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ نہایت عمدہ باریک کر کے زردی بیضہ مرغ ملاتے جائیں اور کھرل کرتے جائیں تمام زردی بیضہ مرغ کھرل ہو جائیں اور تیل نکل آئے تو مرچ سیاہ سے قدرے بڑی گولیاں بنالیں اور اوپر ورق نقرہ چڑھالیں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ متواتر بیس روز تک کھلائیں فوری اثر کے لیے وقت سے پہلے ۲ گولی کھلائیں ہمراہ دودھ ۲ گھنٹے پیشتر۔

فوائد: انشاء اللہ کبھی جنسی کمزوری محسوس نہیں ہوگی۔ کمزور ناتواں بوڑھوں کے لیے ضعف باہ کا مکمل علاج ہیں۔ مباشرت کے بعد کمزوری تھکان نہیں ہوتی۔ مجلوق از کار رفتہ کے لیے آب حیات ہے۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

مرواریدی

ھوالشافی: کشتہ صدف مرواریدی ۲۰ گرام۔ رب خصیہ (جوہر خصیہ ہمدرد) ۵۰ گرام۔ کشتہ مرجان ۱۰ گرام۔ ثعلب مصری ۴۰ گرام۔

ترکیب تیاری: ثعلب مصری عمدہ باریک کرلیں اور باقی ادویہ شامل کر کے تھوڑی دیر کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۳ گرام ہمراہ دودھ ۲ ماہ مسلسل کھلائیں۔

فوائد: قوتِ مردمی کی محافظ، اعضائے رئیسہ کے لیے مفید، مادہ منویہ کی افزائش اور تقویت کے لیے مغلظ، بہترین حیونات منویہ کی بڑھوتری کے لیے کمال ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

طلسم

ھوالشافی: ثعلب مصری ۱۰ گرام۔ شقاقل مصری ۱۰ گرام۔ جاوتری ۱۰ گرام۔ موصلی سفید ۱۰ گرام۔ موصلی سیاہ ۱۰ گرام۔ کہربا شمعی ۱۰ گرام۔ گل گاؤزبان ۱۰ گرام۔ ریگ ماہی ۱۰ گرام۔ چرونجی ۱۰ گرام۔ مغز سنگھاڑا ۱۰ گرام۔ زنجبیل ۱۰ گرام۔ بہمن سرخ ۱۰ گرام۔ بہمن سفید ۱۰ گرام۔ طباشیر ۱۰ گرام۔ پنیر شتر مایہ اعرابی ۱۰ گرام۔ تیزپات ۲۰ گرام۔ کمرکس ۲۰ گرام۔ خولنجاں ۲۰ گرام۔ موچرس ۲۰ گرام۔ تخم کونچ ۲۰ گرام۔ کشتہ قلعی (برگ بھنگ والا) ۵ گرام۔ کشتہ مرجان ۵ گرام۔ کشتہ فولاد ۵ گرام۔ کشتہ سنگ یشب ۵ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ عمدہ باریک کرلیں اور کشتہ جات شامل کر کے اچھی طرح مخلوط کرلیں۔ تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۵ گرام روزانہ صبح ناشتہ سے پہلے ہمراہ دودھ ایک گلاس کھلائیں۔

فوائد: جریان، احتلام، سرعت انزال کی حکمی دوا ہے۔ تقویت اعضائے رئیسہ، مادہ منویہ کی خرابیوں کو زائل کر کے چست وتوانا بنانا اس کا ادنیٰ کام ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

دوشیزہ

ھوالشافی: مازو ۱۰ گرام۔ مائیں خورد ۵ گرام۔ گل انار ۵ گرام۔ جفت بلوط ۵ گرام۔ خستہ جامن ۵ گرام۔ اقاقیا خانہ ساز ۵ گرام۔ موچرس ۵ گرام۔ گوند ڈھاک ۵ گرام۔ پھٹکوی ۵ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو سحق بلیغ کر کے کپڑ چھان کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: چٹکی بھر جماع سے قبل اندام نہانی میں لگائیں۔

فوائد: تنگی اندام کے لیے اس سے عمدہ نسخہ ممکن نہیں، کبھی تو مرد جماع پر بھی قادر نہیں ہو

پاتا۔ اس طرح بکارت پیدا کرتی ہے۔ سیلان الرحم کے لیے بھی اعلیٰ دوا ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

انفلوئنزا

ھوالشافی: فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔ سونٹھ۔ دارچینی۔ زیرہ سیاہ ہر ایک ۱۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کوٹ چھان کر رکھیں تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۳ گرام۔ گرم پانی میں حل کر کے پلائیں۔ کاکڑا سنگھی ۲ رتی فی خوراک اضافہ کرلیں تو بہت موثر ہے۔

فوائد: بخار کم کرتی ہے۔ بلغم خارج کرنے میں مد ہے۔ نزلہ، زکام، کھانسی، خرابی معدہ کے لیے عمدہ ہے۔

تریاق بخار

ھوالشافی: مغز کرنجوہ۔ افسنتین۔ سوڈا سیلی سلاس۔ ہموزن باریک کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک سے چار رتی صبح، دوپہر، شام بخار ہر قسم کے لیے مفید ہے۔

دیگر تریاق بخار

ھوالشافی: ابرک سیاہ ۱۰ گرام۔ ابرک سفید ۱۰ گرام۔ زرنیخ ۱۰ گرام۔ حلزون ۱۰ گرام۔ توتیا ۲ گرام۔ چونہ صدف ۵۰ گرام۔ آب گھیکوار حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ آب گھیکوار میں کھرل کر کے قرص بنا کر کپڑ وٹی کر کے پانچ کلو اوپلہ کی آگ دیں۔ عمدہ کشتہ برآمد ہوگا۔

ترکیب استعمال: ایک رتی، چائے کے ساتھ دیں چند منٹ میں پسینہ آ کر بخار اتر جائے گا۔

درد ہر قسم

ھوالشافی: پھٹکڑی بریاں، لوبان کوڑیہ، ہموزن باریک کر کے ایک گرام کی مقدار

چائے قہوہ یا گرم دودھ کے ہمراہ کھلائیں۔

فوائد: جسم درد، تھکان، کسلمندی، درماندگی دور ہو کر فوراً بدن چست ہو گا۔ ان شاء اللہ۔

تبخیر کے لیے

ھوالشافی: مصطگی رومی ۱۰ گرام۔ الائچی خورد ۱۰ گرام۔ بادیان ۱۰ گرام۔ سوڈا بائیکارب ۳۰ گرام۔ ہینگ ۵ گرام۔ برادہ صندل سفید اصلی ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باہم ملا کر باریک کر کے چھان کے رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک گرام صبح وشام یا صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: تبخیر معدہ، مراق، مالیخولیا، وحشت، بدہضمی، گھبراہٹ، بے چینی کے لیے موثر ہے۔

چورن کھانسی و بدہضمی کے لیے

ھوالشافی: آرد ملٹھی ۱۰ گرام۔ دارچینی ۱۰ گرام۔ دانہ الائچی کلاں ۱۰ گرام۔ نوشادر ۳ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ الگ الگ باریک کر کے باہم ملا کر رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۴ رتی سے ایک گرام تک صبح وشام ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

رموز الاطبا صفحہ ۵۳۵ حب کرامات یہ نسخہ کھانسی اور بدہضمی کے لیے بہت عمدہ اور موثر ہے

❀ شبابی

ھوالشافی: عاقر قرحا ۵۰ گرام۔ سم الفار ۲ گرام۔ یوہمبین کلورائیڈ ۳ گرام۔ کچلہ مدبر ۲۰ گرام۔ کشتہ فولاد ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ عمدہ باریک کر کے شہد کی مدد سے حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی، قبل از مباشرت ۲ گھنٹے پیشتر ہمراہ دودھ آدھ لیٹر شہد ملا کر یا روزانہ ایک گولی ہمراہ دودھ۔ غذا خوب مرغن دیں۔ بہترین شباب آور ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

ممسک و مقوی

ھوالشافی : کشتہ سنکھیا ایک رتی۔ افیون ۳ گرام۔ شیر برگد ۱۰ گرام۔ چھوہارہ ایک عدد تمام کو کوٹ کر دانہ موٹھ کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی روزانہ ہمراہ دودھ زبردست مقوی باہ ہیں۔

ایٹمی نسخہ

ھوالشافی : کچلہ مدبر ۲۵۰ گرام۔ کشتہ فولاد عمدہ ۲۵۰ گرام۔ بہی دانہ ۳۰ گرام۔ افیون ۱۰ گرام۔ سم الفار سفید ۳ گرام۔ دارچینی ۶۰ گرام۔ شوگر آف ملک ۲۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری : تمام ادویہ عمدہ باریک کر کے پانی کی مدد سے حبوب بمقدار ڈیڑھ رتی کے بنالیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی روزانہ ہمراہ دودھ۔

فوائد : کمزوری اعصاب، درد کمر، سرعت اور قوت باہ کے لیے فوری موثر نسخہ ہے۔

طلا برق رو

ھوالشافی : لہسن چھلا ہوا ۹ گرام۔ فرفیون ۹ گرام۔ عاقرقرحا ۹ گرام۔ سداب ۹ گرام۔ روغن زیتون ۹۰ ملی لیٹر۔

ترکیب تیاری : تمام ادویہ ملا کر نرم آنچ پر جلالیں اور پن چھان کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : چند قطرے حشفہ اور سیون چھوڑ کر طلا کریں۔ عضو میں حیرت انگیز برقی رو پیدا کرے گا۔

ثمر حیات

ھوالشافی: حلتیت بریاں ایک گرام۔ سہاگہ ایک گرام۔ ہیرا کسیس ایک گرام۔ بیخ حنظل ایک گرام۔ نمک سیاہ ایک گرام۔ شنگرف ایک گرام۔ گودہ گھیکوار میں کھرل کر کے حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: صبح و شام ایک ایک گولی، حیض آنے سے ایک ہفتہ پیشتر پنبہ دانہ کے جوشاندہ سے استعمال کروائیں۔ فراغت حیض کے بعد قربت کرنے سے عورت بار آور ہوگی۔ انشاء اللہ۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

ہاضم کمال

ھوالشافی: رائی ۵۰ گرام۔ سہاگہ ۲۵ گرام۔ نوشادر ۲۵ گرام۔ سونٹھ ۲۵ گرام۔ باہم ملا کر سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: ۲۔۲ گرام سفوف بعد از طعام ہمراہ آب تازہ، صبح دوپہر، شام کھلائیں۔

فوائد: ہاضم، کاسر ریاح، زود اثر مرکب ہے۔ رموز الاطبا صفحہ نمبر ۱۶۸۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

لیکوریا کے لیے

ھوالشافی: تخم املی کلاں۔ گٹھلی آم۔ اقاقیا ہم وزن سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گرام ہمراہ دودھ صبح و شام۔

فوائد: سیلان الرحم، کمر درد، کمزوری رحم، استحاضہ کے لیے بھی مفید ہے۔

شری بلغمی

ھوالشافی: نوشادر۔ گندھک آملہ سار۔ ہیرا کسیس ہموزن باریک سفوف بنالیں۔

خوراک: ایک رتی ہمراہ آب تازہ۔ چھپاکی، دھپڑ نکلنا، پتی اچھلنا کے لیے مفید ہے۔

مالیخولیا مراقی

ھوالشافی: مشک کافور ۵۰ گرام۔ تیزاب گندھک ۱۲۵ ملی لیٹر (دونوں اجزاء ملا کر)

ترکیب تیاری: ہلکی آنچ پر خشک کر لیں۔

ترکیب استعمال: ایک رتی ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: وحشت، جنون، ہذیان گوئی، ڈر، وہم، مراق، مالیخولیا، کے لیے مفید و کار آمد نسخہ ہے۔

مصفی اعلیٰ

ھوالشافی: رسکپور ایک گرام۔ ہڑتال ورقی ۱۰ گرام۔ دونوں کو کھرل کریں کہ چمک باقی نہ رہے۔ پھر سوڈا بائیکارب ۱۰۰ گرام۔ دار چکنا ایک گرام۔ تھوڑا تھوڑا ڈال کر خوب کھرل کریں۔

ترکیب استعمال: ایک رتی مکھن یا بالائی میں رکھ کے کھلائیں یا ایک رتی کیپسول میں دیں۔ بعدہ دودھ پلا دیں۔

فوائد: آتشک، ناسور، پھوڑا، پھنسی، خون کی سمیت، جلد چاہے کیسی بھی گلی ہوئی ہو تمام خرابیاں دور کر کے جلد کو شفاف بناتی ہے۔ آزمودہ مجربہ ہے۔

کمزوری باہ

ھوالشافی: جوہر سم الفار ایک گرام۔ لونگ کلاہ دار ۳۰۰ گرام۔ باہم ملا کر مبالغہ سے سحق بلیغ کریں۔

ترکیب استعمال: ایک گرام تک ہمراہ دودھ وافر پلائیں۔

فوائد: کمزوری باہ کے لیے از حد مفید و موثر ہے۔

اوجاعی خاص

ھوالشافی: چھلکا جڑ آک ۴۰ گرام۔ شورہ قلمی ۴۰ گرام۔ کشتہ بارہ سنگھا ۴۰ گرام۔ سوڈا سلی سلاس ۴۰ گرام۔ کچلہ مدبر ۱۰ اگرام۔ سورنجاں شیریں ۱۰ اگرام۔ افیون ۱۰ اگرام۔ میٹھا تیلیہ سفید ۵ گرام۔ چینی ۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ الگ الگ باریک سفوف بنا کر باہم خوب مخلوط کر کے رکھیں۔ تیار ہے۔

ترکیب استعمال: آدھ گرام سے ایک گرام تک ہمراہ دودھ پتی۔

فوائد: جوڑوں کے ورم، درد اور سختی کو دنوں میں کم کرتا ہے، وجع المفاصل کی بیشتر ادویہ سے اعلیٰ ہے۔

مدر حیض عجیب

ھوالشافی: لیموں کا پیلا چھلکا ۵ گرام۔ مرچ سفید ۵ گرام۔ باہم ملا کر باریک کر کے کھلائیں۔ ایک دن میں حیض جاری ہو جائے گا۔ خزائن الادویہ کا یہ نسخہ مجربہ ہے۔

خنازیر کے لیے

ھوالشافی: سم الفار ایک گرام۔ تخم سرس ۶۰۰ گرام۔ نہایت عمدہ سحق بلیغ کریں۔

مقدار خوراک: ۲ سے ۳ گرام تک دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد: خنازیر کے لیے قابل بھروسا مجرب نسخہ ہے۔

ممسک خاص

ھوالشافی: کجلی پارہ وگندھک ۵۰ گرام۔ برگ بھنگ ۲۵ گرام۔ ڈوڈی حنا ۲۵ گرام۔ افیون ۲۵ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ عمدہ کھرل کر کے شہد کی مدد سے گولیاں نخودی بنالیں۔ ایک

گولی بعد از طعام رات کو کھلائیں ہمراہ دودھ۔

فوائد: ممسک بدرجہ اتم ہے۔

تبخیری

ھوالشافی: زرواند مدحرج ۱۰ گرام۔ درونج عقربی ۱۰ گرام۔ کچور ۲۰ گرام۔ عمدہ باریک کر کے ایک گرام تک کھلائیں۔

فوائد: تبخیر، کمزوری معدہ، خفقان کے لیے بہت اعلیٰ دوا ہے۔

ریح الامعاء

ھوالشافی: سنگدانہ مرغ ۱۰ گرام۔ زنجبیل ۴۰ گرام۔ الائچی سفید ۵ گرام۔ سوڈا بائیکارب ۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو بالکل باریک کر کے محفوظ رکھیں تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۴ رتی (آدھ گرام) صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: نفخ الامعاء، گیس، اپھارہ، بدہضمی کے لیے مفید و موثر ہے۔

حب مقوی اعصاب

ھوالشافی: شنگرف (مدبر بہ اجوائن خراسانی اور حرمل) ۱۰۰ گرام۔ جائفل۔ جلوتری۔ لونگ۔ دارچینی۔ عاقرقرحا ہر ایک ۱۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو خوب باریک کر لیں علیحدہ علیحدہ سب سے پہلے شنگرف خوب کھرل کر لیں حتیٰ کہ اس کی چمک باقی نہ رہے۔ پھر باقی ادویہ بالترتیب ایک ایک شامل کر لیں اور کھرل کرتے رہیں۔ تمام یک جان ہو جائیں تو شہد شامل کر کے خوب کوٹ کر حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ گرم۔

فوائد: زبردست مقوی اعصاب ہیں۔ علاوہ ازیں محرک و ممسک بے عدیل ہیں۔

ممسک وملذذ

ھوالشافی : شنگرف مدبر مذکورہ بالا ۱۰۰ گرام۔ مرچ سفید۔ جاوتری۔ جائفل۔ لونگ۔ اجوائن خراسانی ہر ایک ۲۵۔ ۲۵ گرام۔ خوب کوٹ کر شہد شامل کر کے حبوب نخودی بنا لیں۔

مقدار خوراک: صبح وشام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ۔

فوائد: مقوی، ممسک، محرک، بہترین سرعت انزال کے لیے بہت مفید ملذذ ہیں۔

❀ پین گو

ھوالشافی : ریوند عصارہ ۱۰ گرام۔ تخم جوز ماثل ۵ گرام۔ پوٹاشیم آئیوڈائیڈ ۱۰ گرام۔ فنستین ۱۲۰ گرام۔ کو خوب باریک کر کے اچھی طرح مخلوط کر کے کیپسولز ۲۵۰ ایم جی بھر لیں۔

فوائد: درد ہر قسم، درد گردہ، درد سر، نزلہ، بخار، درد حیض، ٹانگوں، کمر کندھوں کے درد میں نہایت عمدہ مفید ہے۔ بوقت ضرورت ایک کیپسول صبح وشام یا صبح، دوپہر، شام ہمراہ چائے۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

برائے استحاضہ

ھوالشافی : اجوائن خراسانی ۱۰۰ گرام۔ کافور دیسی ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: اجوائن خراسانی کو بہت خوب باریک کر لیں اور کافور دیسی شامل کر کے کھرل کر لیں۔

ترکیب استعمال: ۱/۴ گرام سے آدھ گرام تک صبح وشام ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد: کثرت طمث، استحاضہ، سیلان الرحم، جریان، احتلام سرعت انزال میں بھی مفید ہے۔

مقوی ممسک

ھوالشافی : شنگرف مدبر ۱۰ گرام۔ میٹھا تیلیہ ۵ گرام۔ دارفلفل ۲۰ گرام۔ کشتہ زمرد ۱۰ گرام۔ اذاراقی مدبر ۱۰ گرام۔ خوب کھرل کر کے شہد کی مدد سے حبوب نخودی بنا لیں۔ اگر ممسک بنانا ہو تو افیون ۳ گرام خالص کا اضافہ کر لیں۔ صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ وافر۔

فوائد: بہترین مقوی، محرک اعصاب اور ممسک بے عدیل ہیں۔

عرق کالا پانی

ھوالشافی : سلفیورک ایسڈ ۱۵ ایم ایل۔ گڑ ۲۵ گرام۔ ست اجوائن ۵ گرام۔ آب مقطر یا عرق سونف ایک بوتل۔ تمام ادویہ عرق سونف ایک بوتل میں ڈال کر اچھی طرح حل کر کے رکھیں تیار ہے۔

مقدار خوراک : ۲ چمچ صبح و شام پلائیں۔

فوائد: عظم الطحال، عظم الجگر، خرابی جگر، نفخ، باؤ گولہ، بدہضمی، درد معدہ، اپھارہ کے لیے مفید ہے۔

ریح البواسیر

ھوالشافی : سم الفار ایک گرام۔ ست پودینہ ۳ گرام۔ پوست سنگ دانہ مرغ ۲۰ گرام۔ فلفل سیاہ ۲۰ گرام۔ نمک سیاہ ۳۰ گرام۔ نوشادر ۲۰ گرام۔ پوست بیخ مدار تازہ ۸۰ گرام۔ آب پودینہ سبز بقدر ضرورت۔

ترکیب تیاری : تمام ادویہ میں سب سے پہلے سم الفار نہایت عمدہ کھرل کر لیں۔ پھر باقی ادویہ شامل کر کے خوب کوٹ چھان کر باریک کر لیں اور پھر پودینہ تازہ کا پانی شامل کر کے گھوٹ کر خشک کر لیں کہ گولی باندھنے کے قابل ہو جائے۔ حبوب نخودی بنا لیں۔

ترکیب استعمال : صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ عرق بادیان کھلائیں۔

فوائد: ریح البواسیر کا مکمل قلع قمع کر دینے والی اکسیر ہے۔ جس میں بندہ وہمی جنونی خوف زدہ ہو کر اعتماد کھو بیٹھتا ہے۔ تمام حالتوں میں بھرپور فائدہ دینے والی مجرب و آزمودہ دوا ہے۔

مصفی خون خاص

ھوالشافی: آب شاہترہ سبز مروق ایک لیٹر۔ پوست ہلیلہ زرد ۱۰۰ گرام۔ گندھک آملہ سار ۵۰ گرام۔ مصبر زرد ۵۰ گرام۔ مرچ سیاہ ۲۵ گرام۔

ترکیب تیاری: باقی تمام ادویہ کو باریک کر کے کھرل میں ڈالیں اور آب شاہترہ تھوڑا تھوڑا ڈال کر خوب گھوٹ کر گولی باندھنے کے قابل ہو جائے تو حبوب نخودی بنالیں۔ صبح وشام ایک ایک گولی ہمراہ آب تازہ یا عرق منڈی۔

فوائد: زبردست مصفی خون ہے۔

تبخیر اور بلڈ پریشر کے لیے

ھوالشافی: آملہ مقشر ۸۰ گرام۔ کشنیز خشک ۸۰ گرام۔ برگ گاؤزبان ۸۰ گرام۔ صندل سفید اصلی ۴۰ گرام۔ گل سرخ مصفی ۴۰ گرام۔ بہمن سفید ۴۰ گرام۔ دانہ الائچی خورد ۲۰ گرام۔ طباشیر کبود ۲۰ گرام۔ زہر مہرہ خطائی ۲۰ گرام۔ پوست نارنج ۴۰ گرام۔ چینی تمام ادویہ کے ہموزن۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ خوب سحق بلیغ کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک سے تین گرام تک روزانہ صبح نہار ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۰۰ ملی لٹر۔ یہ نسخہ جوہر حکمت صفحہ ۸۹ جلد اول سے ہے۔ بارہا بنایا آزمایا انتہائی مفید و موثر پایا۔

عرق برگد

ھوالشافی: برگد کی تازہ کونپلیں ایک کلو۔ برگ پان ۲۵۰ گرام۔ مویز منقی ۵۰ گرام۔ خرما خشک ۲۵۰ گرام۔ آب سیب آدھ لیٹر۔ لوہ چون ۱۲۵ گرام۔ چھلکا سنگترہ آدھ کلو۔ گل

سرخ آدھ کلو۔ گل گاؤزبان ۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ صاف ستھری چھان پھٹک کر ۲۰ گنا پانی میں بھگو دیں چوبیس گھنٹہ بعد عرق کشید کریں جتنا پانی شامل کیا گیا تھا اس سے نصف عرق کشید کریں۔

ترکیب استعمال: ۴۰ ملی لیٹر روزانہ تنہا یا کسی مفرح شربت میں ملا کر۔

فوائد: بے حد مقوی باہ، مولد خون، مفرح، مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔

عرق شفا

ھوالشافی: نانخواہ۔ کاسنی۔ چرائتہ۔ بادیان۔ گلو۔ عناب۔ افسنتین۔ منڈی۔ برنجاسف ہر ایک ۲۵۰ گرام۔ دس لیٹر پانی شامل کر کے دس بوتل عرق کشید کریں۔ ۵۰ ملی لیٹر صبح و شام پلائیں۔

فوائد: یہ عرق کثیر الفوائد معدہ جگر انتڑیوں کے امراض، مصفی خون عظم الطحال میں بہت عمدہ ہے۔ بخاروں میں بھی اعلیٰ ہے۔

عرق النساء

ھوالشافی: حرمل۔ گوگل ہموزن سفوف بنا لیں۔ اور تین گرام کی مقدار میں صبح و شام کھلائیں۔

بعدہ

ھوالشافی: ریوند عصارہ۔ مصبر۔ صمغ عربی۔ ہموزن باریک کر کے ۱۲۵ ملی گرام کیپسول بھر لیں۔ رات سوتے وقت ہمراہ دودھ ایک کیپسول کھلائیں۔ ہفتہ عشرہ میں مکمل شفا ہو گی۔ بفضلہ تعالیٰ۔

وجع المفاصل

ھوالشافی: میٹھا تیلیہ ۱۰ گرام۔ فلفل سیاہ ۲۰ گرام۔ خوب باریک کر لیں اور کافی عرصہ تک کھرل کریں۔ بعدہ گوند کتیرا الگ کھرل شدہ ۲۰ گرام۔ اور زنجبیل عمدہ باریک شدہ

۴۰ گرام۔ شامل کر کے حبوب دانہ موٹھ کے برابر بنالیں۔ ایک گولی رات کھانے کے بعد دودھ گھی کے ہمراہ کھلائیں۔

بعدہ

ھوالشافی: سقمونیا ۵ گرام۔ پوست ہرڑ زرد ۱۰ گرام۔ سورنجاں شیریں ۱۰ گرام۔ پانی کی مدد سے یا گودہ گھیکوار کی مدد سے گولیاں نصف رتی کی بنالیں اور رات سوتے وقت ہمراہ دودھ صرف ایک گولی کھلائیں۔

فوائد: گنٹھیا، جوڑوں کے در، جوڑوں کی سختی اور ورم کو تحلیل کر کے شفایابی ہوگی۔ ان شاءاللہ۔

معجون اذاراقی

ھوالشافی: کچلہ مدبر۔ مرچ سیاہ، مرچ سفید، دارچینی، جائفل مقشر۔ جاوتری۔ عود ہندی۔ زنجبیل۔ قرنفل۔ آملہ مقشر۔ بالچھڑ۔ الائچی کلاں۔ نان خواہ۔ رازیانہ۔ شونیز۔ زعفران۔ صندل سفید۔ دار فلفل ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ شہد خالص تمام ادویہ سے تین گنا۔ بطریق معروف معجون بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک سے دو گرام تک ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد: فالج، لقوہ، استرخا، مقوی اعصاب، مقوی معدہ و جگر، مقوی اعضائے رئیسہ امراض بلغمیہ، ممسک، محرک، مولد خون، مقوی بدن، اعصاب عضلات کی اینٹھن میں زبردست ہے۔

دمہ ہر قسم

ھوالشافی: سم الفار سفید۔ قلمی شورہ۔ نوشادر۔ پھٹکڑی سفید۔ سہاگہ۔ سیپ (صدف) نمک سیاہ ہر ایک ۱۰ گرام۔ شیر مدار ۲۵۰ ملی لیٹر میں بھگو دیں۔ اور تین دن بعد کھرل کر کے ٹکیہ بنائیں۔ ہاتھ سے دبا کر سخت کر لیں اور سایہ میں خشک کر لیں بعدہ چار کلو چونہ

آب نار سیدہ کے درمیان رکھ کر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ٹکیہ نکال کر پیس کر محفوظ رکھیں

ترکیب استعمال : ایک رتی کی خوراک مکھن یا بالائی میں صرف ایک دفعہ روزانہ دیں۔ایک ہفتہ تک اور ایک ہفتہ مکمل بند کر دیں۔پھر ایک ہفتہ اسی طرح استعمال کروا کر ایک ہفتہ چھوڑ دیں۔کل تین ہفتہ بہت کافی ہے۔بفضلہٖ تعالیٰ ہر قسم کا دمہ ختم ہو کر کلی شفا ہو گی انشاءاللہ۔

نوٹ: کھانے میں صرف بیسن کی روٹی دیں۔

❀ شبابی کلاسک

ھوالشافی : آرسینک ٹرائی اوکسائیڈ ۱۰ گرام۔لیموں کا رس ایک لیٹر میں کھرل کرتے رہیں کہ خشک ہو جائے اس میں دانہ الائچی خورد ۵ گرام۔لونگ ۵ گرام۔طباشیر کبود ۵ گرام کھرل کریں۔اور اس تمام مرکب کے چار حصے کر لیں۔تین حصے محفوظ کر لیں۔ایک حصہ میں زعفران عمدہ خالص ۱۰ گرام۔جند بیدستر اصلی ۱۰ گرام۔مغز جائفل مقشر بے دود ۱۰ گرام۔جاوتری ۱۰ گرام۔باریک کر کے شامل کر لیں اور عرق گلاب میں کھرل کر کے حبوب دانہ موٹھ کے برابر بنا لیں۔اسی طرح آئندہ بضرورت دوسرے تین حصوں کو کام میں لائیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی روزانہ ہمراہ دودھ وافر پلائیں۔

فوائد: امساک کی اعلیٰ ترین ادویہ میں ہے۔مقوی اعضائے رئیسہ اس سے بہتر محال ہے۔مقوی اعصاب بہترین ہے۔مولد خون، جسم میں چستی اور نوجوانی کی لہر دوڑا دے گی۔ان شاء اللہ۔[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

حبوب سنیاسی

ھوالشافی : سم الفار زرد ایک گرام۔قند سیاہ ۱۰ گرام۔باہم ملا کر خوب کھرل کر کے

حبوب بقدر مرچ سیاہ کے بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح، ایک گولی شام ہمراہ دودھ گھی وافر پلائیں۔

فوائد: ان شاء اللہ ایک ہفتے کے استعمال سے برسوں کی درد ہر قسم نیست و نابود ہو جائے گی۔ یہ نسخہ لقمانی گائیڈ سے حاصل کیا بنایا آزمایا بہت بہت مفید پایا۔

عظم الطحال کے لیے

ھوالشافی: رائی ۴۰ گرام۔ سہاگہ بریاں ۲۰ گرام۔ سونٹھ ۲۰ گرام۔ نوشادر ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: باہم ملا کر باریک کر کے رکھیں تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۲ گرام صبح وشام باسی پانی سے کھلائیں۔

فوائد: صلابت طحال، نفخ طحال دنوں میں ٹھیک ہو گی۔ تبخیر، بدہضمی اور ریح البواسیر میں بھی زود اثر فوائد کی حامل دوا ہے۔ القرابادین سے یہ نسخہ انتہائی مفید و مجرب ہے۔

طلاء خاص الخاص

ھوالشافی: جائفل مقشر ۱۰ گرام۔ لونگ ۵ گرام۔ عاقر قرحا ۵ گرام۔ تھوہر کے دودھ میں حل کر کے خشک کریں اور ویزلین میں ملا کر طلا کریں۔

فوائد: عضو تناسل کی سستی، کجی ختم ہو کر تندی و تناؤ میں بے پناہ اضافہ ہو گا۔

جریان کی خاص دوا

ھوالشافی: پوست بندق۔ برگ بھنگ خشک۔ ہموزن باریک کر کے پانی کی مدد سے گولیاں نخودی بنالیں۔ تین ہفتہ کا استعمال جریان کا قلع قمع ہو جائے گا۔ صبح و شام ہمراہ دودھ ایک گرام۔ گاہے اس میں پوٹاشیم برومائیڈ اور کشتہ قلعی ہموزن اضافہ کر لیں تو نتائج بہت عمدہ ہوں گے۔

یرقان کے لیے خصوصی نسخہ

ھوالشافی: راکھ برگ جھاؤ ۴۰ گرام۔ جوکھار اصلی خانہ ساز ۲۰ گرام۔ شورہ قلمی عمدہ

ولایتی ۲۰ گرام۔نمک خربوزہ ۲۰ گرام۔نمک ترب ۲۰ گرام۔نوشادر ۲۰ گرام۔

ترکیب تیاری: چاریوم باہم ملا کر پانی میں بھگو دیں۔ اور دوبارہ مقطر کر کے نمک بنائیں۔اکسیراعظم تیار ہے۔ یہ نمک ۱۰ گرام۔ایک بوتل عرق کاسنی (جو کہ ایک کلو کاسنی سے چار بوتل) نکالا گیا ہو۔ میں حل کر کے رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک اونس صبح ایک اونس شام پلائیں بفضلہٖ تعالیٰ یرقان سے جلد نجات ہو کر شفایابی ہوگی بفضلہٖ تعالیٰ۔

حب ممسک

ھوالشافی: ست لوبان ۵ گرام۔سلاجیت ۵ گرام۔تخم بھنگ ۵ گرام۔شنگرف ۵ گرام۔ کافور ۵ گرام۔تخم دھتورہ ۵ گرام۔ افیون ۵ گرام۔ جاوتری ۵ گرام۔ جائفل ۵ گرام۔ موصلی سیاہ ۵ گرام۔ دارچینی ۵ گرام۔ الائچی خورد ۵ گرام۔ زعفران خالص ۵ گرام۔ اجوائن خراسانی ۵ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کوٹ چھان کر شہد شامل کر کے حبوب بقدر دانہ نخود بنالیں۔

فوائد: غضب کی ممسک اور مقوی گولیاں ہیں۔زیادہ تعریف خلاف تہذیب ہے۔

برائے استسقاءِ لحمی

ھوالشافی: ہلدی گنڈھی ۵۰ گرام۔ برگ ڈھوک تازہ اکتالیس عدد ہر دو کو کھرل کر کے حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں۔اور ایک ایک گولی ہمراہ عرق مکو عرق کاسنی، عرق بادیان ہر ایک ۳۰۔۳۰ ملی لیٹر باہم ملا کر صبح وشام کھلائیں۔

فوائد: استسقائے لحمی کے لیے بہت مفید ثابت ہوئی ہے۔

برائے قوت باہ

ھوالشافی: کچلہ مدبر ۵۰ گرام۔کشتہ فولاد عمدہ ۵۰ گرام۔ ست سلاجیت۔سہاگہ سیاہ۔ ہر دو ۵۰۔۵۰ گرام۔ ہر چہار ہموزن ادویہ کو کھرل کریں۔اور ہمراہ آب گولیاں نخودی یا

کنار دشتی بنالیں۔

ترکیب استعمال: صبح وشام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ کھلائیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ کلی صحت ہوگی۔

❀برائے سرعت انزال

ھوالشافی: پھلی ببول۔ موچرس۔ چینا گوند ہر ایک ۵۰ گرام۔ پانی میں بھگو کر مل چھان کر آگ پر رب بنالیں۔ گاڑھا ہونے پر آرد بنولہ ۴۰ گرام۔ تخم جوز ماثل ۲۰ گرام۔ فلفل سیاہ ۵ گرام۔ شنگرف ۵ گرام۔ ملا کر حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: صبح وشام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ۔

فوائد: تصور سے بھی زیادہ امساک بڑھائیں گی اور سرعت انزال کا مکمل خاتمہ ہوگا۔ ان شاء اللہ۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

❀لذیذ میٹھا چورن

ھوالشافی: زنجبیل ۲۵ گرام۔ مرچ سیاہ ۱۵۰ گرام۔ پودینہ خشک ۱۵۰ گرام۔ اناردانہ خشک ۱۵۰ گرام۔ زیرہ سیاہ ۵۰ گرام۔ زیرہ سفید ۵۰ گرام۔ مگھاں ۵۰ گرام۔ چترک ۵۰ گرام۔ سماق دانہ ۱۰۰ گرام۔ مغز کنول گٹہ ۱۰۰ گرام۔ ست لیموں ۵۰ گرام۔ نمک سیاہ ۷۵ گرام۔ ست پودینہ ۲۰ گرام۔ چینی آدھا کلو۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے سفوف بنالیں۔ ست لیموں، ست پودینہ اور چینی الگ سے باریک کر کے باہم ملالیں۔ تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۲ سے ۳ گرام بعد از طعام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: نہایت زبردست ہاضم طعام، خوش ذائقہ سفوف ہے۔ ارمغان جواہرات کا یہ نسخہ معمول مطب بارہا کا آزمودہ مجربہ ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

خصوصی نسخہ برائے کمر درد کہنہ

ھوالشافی: کمرکس۔ موچرس۔ ثعلب مصری۔ گوند کتیرا۔ پوست ہلیلہ زرد ہر ایک ۲۵ گرام۔ روغن بادام ۴۰ گرام۔ شہد خالص حسب ضرورت۔ ست گلو ۵ گرام۔ زعفران عمدہ ۲ گرام۔ کچلہ مدبر (در آب ادرک) ۵ گرام۔ کشتہ فولاد ۲ گرام۔ کشتہ طلا ایک گرام ورق طلاء ۶ عدد۔ ورق نقرہ ایک دفتری بڑی۔

ترکیب تیاری: پہلی پانچ ادویہ کو نہایت عمدہ باریک کر کے روغن زرد میں چرب کر لیں پھر باقی ادویہ شامل کر کے کھرل کرنا شروع کریں اور ورق طلا ایک ایک شامل کر لیں۔ جب خوب کھرل ہو جائے تو ورق نقرہ شامل کریں اور خوب کوٹ کر شہد شامل کر کے حبوب نخودی بنالیں۔ ایک گولی صبح، شام ہمراہ دودھ۔

فوائد: درد کمر کہنہ، چک، اعصاب اور عضلات کے درد میں مجرب ترین دوا ہے۔

شنگرف سفید مقوی باہ کثیر الفوائد

ھوالشافی: آک کا دودھ ۵۰ ملی لیٹر۔ شنگرف ڈلی ۵۰ گرام۔ دھاگہ سوتر ۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری: آک کے دودھ میں سوتر کا دھاگہ تر و خشک کر لیں۔ اور شنگرف کے اوپر احتیاط سے لپیٹ دیں۔ پھر سوتی کپڑے کی تین انگل چوڑی ٹاکی لپیٹ کر گولا سا بنا لیں اور محفوظ الھوا رکھ کے اوپر ایک جلتا ہوا انگارہ رکھ دیں۔ تمام راکھ بن کر ٹھنڈا ہونے پر شنگرف سفید برآمد ہوگا۔ پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۲ چاول کی مقدار میں مکھن یا بالائی میں رکھ کے بعد از طعام دیں۔

فوائد: نمونیا، پسلی چلنا، دمہ، پھیپھڑوں کے امراض، بلغمی کھانسی، محرک زبردست، مقوی باہ عمدہ ترین ہے۔

شوگر کے لیے خصوصی نسخہ

ھوالشافی: برگ نیم تازہ ۱۲۵۰ گرام۔ حنظل تازہ ۲۵۰ گرام۔ دال چنا ۵۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: ایک برتن میں ڈال کر سات لیٹر پانی ملائیں اور چولہے پہ چڑھا دیں۔ آگ مدھم رکھیں۔ جب تمام پانی جل جائے تو کسی کپڑے پر بچھا کر دال چنا تمام تر چن لیں اور خشک کر کے باریک کر لیں۔

مقدار خوراک: چنے کی دال کے دانے برابر روزانہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

فوائد: بفضلہٖ تعالیٰ شوگر کا مرض کنٹرول رہے گا۔

شوگر کے لیے نسخہ دیگر

ھوالشافی: چاکسو ۵ دانے۔ مغز تخم نیم ۲ دانے۔

ترکیب استعمال: روزانہ صبح نہار چبا کے نگل لیں۔

فوائد: بفضلہٖ تعالیٰ تین دن میں شوگر کنٹرول ہو جائے گی۔ لیکن اسے مسلسل استعمال نہ کریں۔ چیک کروائیں یا جب محسوس کریں شوگر زیادہ ہے چند دن استعمال کر لیں۔

❀ عجائبات بواسیر

ھوالشافی: اپنے ہی پیشاب سے استنجا کریں چند دن میں مسے بواسیر کے ختم ہو جائیں گے۔

نوٹ: عمل کراہت والا ہے۔ مگر مصدقہ ہے۔ استنجا کے بعد تازہ پانی سے اچھی طرح صفائی کر لیں۔ بہتر ہے۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

دیگر

پرانے دور میں گراموفون کا ریکارڈ ہوا کرتا تھا اگر میسر ہو تو توڑ کر باریک کر کے اوپلوں کی آگ پہ چھڑک کر اس کا دھواں مقعد تک پہنچائیں تصدیق کرنے والے نے بتایا کہ اسی وقت لٹکتے ہوئے مسے جھڑ کر ختم ہو جائیں گے۔

یہ دونوں نسخے ایک بزرگ نے بتائے اور مختلف تصدیقات بھی دیں۔ ان کے

اصرار پر یہ نسخہ جات شامل کر دیے ہیں۔ واللہ اعلم بالصواب۔

دمہ کے لیے خصوصی نسخہ جات

ھوالشافی: آک کا دودھ ۱۰۰ ملی لیٹر۔ پھٹکوی سفید ۱۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: ایک کوزہ گلی لے کر پھٹکوی باریک کر کے ڈال دیں اور اوپر دودھ آک کا ڈال کر منہ بند کر کے ۴ کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ برآمد ہوگا۔ باریک کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۲ چاول مکھن میں رکھ کے صبح ناشتہ کے دوران کھلائیں۔

فوائد: دمہ، بلغمی کھانسی، نزلہ مزمن تمام کے لیے اکسیر صفت ہے۔

دیگر

ھوالشافی: بھینس کا دودھ ۲ لیٹر تازہ۔ تمباکو دیسی (خوب کڑوا) ۳۷۵ گرام۔ پانی تازہ آدھا لیٹر۔

ترکیب تیاری: کسی برتن میں دودھ ڈالیں اور آدھا لیٹر پانی ملا دیں۔ اور تمباکو خوب باریک کر کے شامل کر دیں۔ آٹھ پہر پڑا رہنے کے بعد اچھی طرح مل چھان کے پن لیں۔ کسی موٹے گاڑھے کپڑے سے پن لینے کے بعد نتھار کے دودھ کو ہلکی آنچ پر پکا لیں اور مکمل خشک ہونے پہ باریک کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک رتی روزانہ صبح صرف سات دن دیں۔ اگلے ہفتے اگر ضرورت ہو تو صبح و شام عنداللہ۔ ۳ ہفتے کا استعمال کافی و شافی ہے

فوائد: دمہ بلغمی کے لیے غایت درجہ مفید ہے۔

سیلان الرحم کے لیے

ھوالشافی: کوڑی زرد بقدر ضرورت لے کر ان پر افیون کا لیپ کر دیں اور ایک کوزہ گلی میں رکھ کر سمپٹ کریں۔ سمپٹ سوکھنے پہ پانچ کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر

پیس کے رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک رتی ہمراہ مسکہ یا خمیرہ گاؤزبان یا بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

فوائد: سیلان الرحم کی از حد مفید دوا ہے۔

اسقاط حمل

ھوالشافی: اصل السوس۔گل نیلوفر۔لودھ پٹھانی۔صندل سفید ہموزن۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے چھان کر محفوظ رکھیں۔تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۱۰ گرام روزانہ ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

فوائد: جن عورتوں میں اکثر اسقاط کا اندیشہ ہو کے لیے نہایت بھروسے کی دوا ہے۔

حب اٹھرا

ھوالشافی: چاکسو ۱۰۰ گرام۔عرق گلاب عمدہ ایک بوتل۔

ترکیب تیاری: چاکسو عرق گلاب میں بھگو کر رکھیں صبح بلو کر چھلکا نکل جائے گا۔مغز سایہ میں خشک کر لیں اور کونڈی ڈنڈے میں رگڑ لیں اور شہد کی مدد سے حبوب نخودی بنا لیں۔

ترکیب استعمال: صبح نہار اور شام غذا سے پہلے ہمراہ دودھ کھلائیں ایک ایک گولی۔

نوٹ: اگر مریضہ موٹی ہو تو پانی سے دیں اور اگر مریضہ پتلی ہو تو دودھ سے دیں۔

فوائد: سیلان، اٹھرا، اولاد نہ ہونے والے مریضوں کے لیے تیر بہدف آزمودہ نسخہ ہے۔

مدر حیض

ھوالشافی: تربد سفید کا چھلکا باریک کر کے رکھ لیں۔

ترکیب استعمال: ایک گرام سفوف روزانہ کھلائیں صرف تین دن۔

فوائد: حیض جاری ہو جائے گا۔

❀حیواناتِ منویہ میں پیپ کا آنا

ھوالشافی: آک کے لونگ۔ ہلدی گنڈی ہموزن۔

ترکیب تیاری: دونوں اجزا باریک کر کے حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: بھیڑ کے دودھ کے ساتھ ایک گولی صبح ایک گولی شام کھلائیں۔

فوائد: بفضلہٖ تعالیٰ ۲۱ دن میں رزلٹ آ جائے گا اور مادہ منویہ میں پیپ مکمل ختم ہو کر شفایابی ہوگی۔ انشاءاللہ۔ یہ عمل بارہا کا آزمودہ ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

❀ہاضم طعام

ھوالشافی: سنڈھ۔ زیرہ سفید۔ جائفل ہموزن باریک کر کے رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک سے ڈیڑھ گرام تک ہمراہ آب تازہ بعداز غذا کھلائیں۔

فوائد: گیس، اپھارہ، بدہضمی اور پیشاب (تقطیر البول) کو بھی ٹھیک کرتا ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

بول بستری

ھوالشافی: مسور بریاں ۲۵۰ گرام۔ تل سفید مقشر ۲۵۰ گرام۔ گل قند ۵۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: مسور بریاں باریک کر کے تل سفید اور گل قند شامل کر کے خوب گھوٹ کر رکھیں۔

مقدار خوراک: ۳ سے ۵ گرام روزانہ رات کو کھلائیں بچوں کے بستر پر پیشاب کرنے کے لیے فوری اثر عمدہ نسخہ ہے۔

❀طلاطم

ھوالشافی: رتی سرخ ۲۰ گرام۔ میٹھا تیلیہ ۵۰ گرام۔ کچلہ سائیدہ ۲۰ گرام۔ جونک ۲۰

گرام۔خراطین ۲۰ گرام۔ بیر بہوٹی ۲۰ گرام۔ مالکنگنی ۲۰ گرام۔مغز جمالگوٹہ ۵۰ گرام۔ شنگرف ۵ گرام۔ ہڑتال ورقیہ ۵ گرام۔سم الفار سفید ۵ گرام۔روغن کنجد ایک لیٹر۔

ترکیب تیاری : تمام ادویہ باریک کر کے روغن کنجد شامل کر لیں اور ہلکی آنچ پر پکائیں۔ جب تمام ادویہ جل کر سیاہ ہو جائیں تو تیل نتھار کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : ۲۔۳ قطرے حشفہ اور سیون چھوڑ کر طلا کریں اور برگ پان باندھیں۔

فوائد: عضو تناسل کے تمام نقائص کو دور کر کے تندی خیزش اور زبردست تناؤ پیدا کرنے میں غایت درجہ موثر و مجرب ہے۔[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

عرق مقطر کثیر الفوائد

ھوالشافی : پھلی کیکر تازہ ۴ کلو۔ برادہ فولاد ایک کلو۔ پانی ۲۰ لیٹر۔

ترکیب تیاری: کسی بڑے مٹکے میں بھگو دیں۔اور ہر روز ہلا دیا کریں کسی لکڑی سے ۲۱ روز کے بعد نتھار کے پانی الگ کر لیں اور سنبھال رکھیں۔

ترکیب استعمال: روزانہ ۱۵۰ ملی لیٹر پانی پی لیا کریں۔

فوائد: جریان احتلام،ضعف جگر کے لیے موثر ہے۔مولد خون بھی ہے۔

نوٹ : اسی نسخہ میں ہلیلہ زرد ۲ کلو، جنگلی بیری کی جڑ ۱۲۵ گرام اضافہ کر لیں تو فوائد دو چند ہو جائیں گے۔

شفائے کمر

ھوالشافی : کلونجی۔اجوائن دیسی۔ پوست بیخ مدار۔ ہموزن باریک کر کے کیپسولز ۵۰۰ ایم جی بھر لیں۔روزانہ ایک کیپسول کھلائیں۔کمر درد کے لیے صدفی صد مجرب ہے۔

نسخہ دیگر کمر درد کے لیے

ھوالشافی : سنبل کی چھال ۵۰۰ گرام۔ کچلہ مدبر سائیدہ ۲۵۰ گرام۔ باریک کر کے

کیپسول بھرلیں۔۵۰۰ ایم جی۔ روزانہ ایک کیپسول ہمراہ دودھ۔

نوٹ : درج بالا کیپسول ایک روزانہ اگر صبح کھلائیں تو یہ کیپسول روزانہ رات کو کھلائیں درد کمر ہر قسم بفضلہٖ تعالیٰ ٹھیک ہو گی۔

امراض رحم کے لیے شہانی جی کا نسخہ

ھوالشافی : چکنی سیپاری۔ کاٹھی سیپاری۔ تیلنی سیپاری۔ بنارسی سپاری ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ چہار گوندیں ۲۵۰ گرام۔ کمرکس ۲۵۰ گرام۔ بکھڑا ۵۰۰ گرام۔ کاپھل ۱۰۰ گرام۔ مازو ۵۰ گرام۔ مغز بادام ۲ کلو۔ پستہ ۲۵۰ گرام۔ ناریل ۲۵۰ گرام۔ کشمش دیسی ۲۵۰ گرام۔ سوجی ایک کلو۔ شہد اصلی ایک لیٹر۔ چہار مغز ہر ایک ۲۵۰ گرام۔ پھول مکھانہ ۵۰۰ گرام۔ گھی دیسی خالص ۲ کلو چینی ۴ کلو۔

ترکیب تیاری : سیپاری تمام بالکل باریک کرلیں اور تھوڑے سے دودھ میں ابال کر خشک کرلیں۔ اور تھوڑے سے گھی میں چاروں گوندیں بریاں کرلیں۔ باقی ادویہ باریک کر کے رکھیں اور تمام مغزیات کو الگ الگ باریک کر رکھیں۔ سوجی کو گھی میں بھون لیں جب قدرے سرخ ہو جائے تو سیپاری ڈال کر تھوڑا بھون کر آگ سے اتارلیں۔ چہار گوند اور دیگر ادویہ باریک شدہ شامل کر کے مغزیات شامل کر دیں اور کشمش صاف ستھرا کر کے ملالیں۔ ایک کلو شہد شامل کر کے خوب حل کر کے رکھیں تیار ہے۔ نہایت لذیذ کرکرا سفوف تیار ہو گا۔ عورتوں کے امراض رحم، سیلان، استحاضہ، حمل کے دوران اور وضع حمل کے بعد کے عوارض میں بہت مفید۔ مردوں میں بھی جریان، سرعت اور تغلیظ منی میں مفید ہے۔

حبوب عشرت

ھوالشافی : شنگرف۔ زعفران۔ دارچینی۔ جائفل۔ افیون۔ مصطگی۔ عاقرقرحا۔ مازو۔ بزرالبنج۔ نخود بریاں مقشر۔ ہر ایک ۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے شہد کی مدد سے گولیاں نخودی بنالیں۔
ترکیب استعمال: ایک گولی روزانہ رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ استعمال کریں۔
فوائد: اعلیٰ درجہ کی مقوی باہ ممسک اور نشاط آور دوا ہے۔

خارش کے لیے اکسیر

ھوالشافی: شنگرف رومی ۲۰ گرام۔ مسکہ گاؤ ۴۰ گرام۔
ترکیب تیاری: شنگرف نہایت عمدہ باریک کر کے مسکہ گاؤ (جو کہ کم از کم بیس مرتبہ پانی میں دھلا ہو) میں ملا کر مرہم بنائیں۔
ترکیب استعمال: مرہم خارش کی جگہ پہ لگائیں۔
فوائد: خارش خواہ کسی سبب سے ہو اور کتنی پرانی ہو اس کے دفعیہ کے لیے یہ نسخہ مجرب ثابت ہوا ہے۔

مقوی خاص

ھوالشافی: شنگرف۔ ہڑتال ورقیہ۔ سم الفار سفید۔ ہر ایک ۱۰ گرام۔
ترکیب تیاری: تینوں کو انڈے کی اکیس زردیوں میں کسی کڑاہی آہنی میں درجہ بدرجہ پکائیں۔ آگ دو لکڑی کی ہونی چاہیے۔ دو عدد زردیوں میں رکھ کر پھر بار بار ایک زردی لپیٹ کر ڈالیں ان کو پیس کر محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال: ایک چاول کی مقدار ہمراہ گھی کے گھونٹ سے دیں۔ خوراک مرغن رکھیں۔
فوائد: مقوی باہ، مقوی اعصاب ہے۔

طوطیا اکسیر صفت

ھوالشافی: ایک پاؤ ریٹھے باریک پیس کران کی گریاں بھی ہمراہ رگڑ کر کوزہ گلی خورد میں تہہ بہ تہہ ڈال کر طوطیا سبز کی چند ڈلیاں بوزن ۳ گرام رکھ کر گل حکمت کر کے پانچ اوپلے

دُبتی کی آگ دیں۔ یہ کشتہ طوطیا اکسیر صفت برآمد ہوگا۔ مہوسی حضرات اس کو ڈھونڈتے ہیں۔

ترکیب استعمال: ایک چاول ہمراہ مکھن، غذا مرغن رکھیں۔

فوائد: بے پناہ قوتِ اعصاب پیدا کرتا ہے۔

رعشہ کے لیے

ھوالشافی: پھٹکنڈا کے نمک کے دابو میں سم الفار رکھ کے نیچے چھ گھنٹہ آگ جلائیں۔ چرخ کھا کر بیٹھ جائے گا۔

مقدار خوراک: ۲ چاول ہمراہ مسکہ و دودھ گاؤ۔ غذا مرغن دیں۔

فوائد: قوت باہ کے لیے تیر بہدف ہے۔ رعشہ کے لیے اکسیر ہے۔ ہر جگہ استعمال کریں۔

حب شیر برگد

ھوالشافی: موصلی سفید ۱۰۰ اگرام۔ گٹھلی چھوہارہ ۱۰۰ اگرام۔ شیر برگد ۲۰۰ ملی لیٹر۔

ترکیب تیاری: دونوں اجزا کو عمدہ باریک کر کے شیر برگد شامل کریں اور خوب کوٹ کر حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی ہمراہ شیر بز روزانہ کھلائیں۔

فوائد: سرعت انزال کا مکمل خاتمہ کرنے والی اکسیر ہے۔ جریان، احتلام کے لیے درجہ کمال کی چیز ہے۔

برائے استحاضہ

ھوالشافی: سنگ جراح ۲۵۰ گرام۔ کو ایک لیٹر بکری کے دودھ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی خورد میں رکھ کے گل حکمت کر کے ۵ کلو اپلوں کی آگ دیں۔ نکال کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۳ گرام ہمراہ مکھن کھلائیں۔ صبح وشام کھلائیں۔
فوائد: سیلان الرحم کو مکمل فائدہ دیتا ہے۔ اور حیض کے خون کو چند خوراکوں میں بند کرتا ہے۔

وجع الفواد

ھوالشافی: ریوند چینی۔ سوڈا بائیکارب۔ زنجبیل ہموزن۔ باریک پیس کر رکھیں۔
ترکیب استعمال: ۲ سے ۳ گرام تک ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔ صبح وشام۔
فوائد: درد پیٹ ہر قسم خاص طور پر تبخیر معدہ اور فم معدہ کے درد جگر کے درد میں بے حد مفید ہے۔ تجربہ شدہ ہے۔

امساکی

ھوالشافی: دارچینی۔ شنگرف۔ زعفران۔ جائفل مقشر۔ لونگ ہموزن اور ان تمام ادویہ کے وزن سے تیسرا حصہ تریاک مقطر شامل کر کے مویز منقی کی مدد سے گولیاں نخودی بنا لیں۔
ترکیب استعمال: ایک گولی قبل از مباشرت ۲ گھنٹے پیشتر ہمراہ دودھ نیم گرم۔
فوائد: امساک بے پناہ پیدا کرتی ہے۔ سرعت انزال کو نافع ہے۔

ترکیب خاص

ھوالشافی: معجون فلاسفہ ۲۰۰ گرام۔ معجون اسپند سوختنی ۱۰۰ گرام۔ باہم ملا کر ایک چمچ صبح وشام کھلائیں۔
فوائد: زبردست ملذذ، ممسک، محرک ہے۔

سفوف ہاضم

ھوالشافی: پوست ہرڑ۔ پوست بہیڑہ۔ آملہ مقشر۔ سونف۔ اجوائن دیسی۔ سوئے۔

پودینہ۔ اناردانہ۔ الائچی کلاں۔ الائچی خورد ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ لونگ۔ مگھاں۔ نوشادر۔ آک کے بھیر۔ ست گلو۔ دھنیا خشک۔ مرچ سیاہ۔ دارچینی۔ کلونجی ہر ایک ۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام اجزا باہم ملا کر خوب باریک کر کے رکھیں تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۲ سے ۳ گرام۔ صبح و شام بعد از طعام ہمراہ عرق سونف یا تازہ پانی۔

فوائد: معدہ کی تمام بیماریوں میں اکسیر صفت ہے۔ ہاضم طعام، تبخیر، بدہضمی کے لیے مفید ہے۔

خصوصی نسخہ برائے تقویت باہ

ھوالشافی: جواہر مہرہ ایک گرام۔ کشتہ طلاء ایک گرام۔ جوہر کچلہ ایک گرام۔ یوہمبین ایک گرام۔ لیسے تھین ۴ گرام۔ کشتہ مروارید ۴ گرام۔ مشک خالص ۴ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باہم ملا کر کھرل کر کے محفوظ رکھیں اور اس میں سے ایک گرام لے کر اس کی سو گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی روزانہ ہمراہ دودھ استعمال کروائیں۔

فوائد: مقوی اعصاب، سریع الاثر، ممسک، محرک عمدہ ترین دوا ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

اکسیر درد

ھوالشافی: نمک سونچل۔ فلفل سیاہ۔ زیرہ سفید۔ حلتیت۔ دار فلفل۔ کوڑ ہموزن۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باہم ملا کر باریک کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: درد ہر قسم کے لیے مفید ہے۔ دردِ امعاء، درد معدہ، درد عضلات، درد اعصاب،

غرض درد جسم تمام تر میں مفید ہے۔

معجون مومیائی

ھوالشافی: تخم پیاز۔ دارچینی۔ خراطین مصفی ہر ایک ۴۰ گرام۔ جو ہر خصیہ ۲۰ گرام۔ کشتہ مردارید ڈھائی گرام۔ سونٹھ۔ خولنجاں ہر ایک ۱۰ گرام۔ تین گنا شہد۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ باریک کر کے شہد شامل کر کے معجون بنالیں۔

ترکیب استعمال: ۵ سے ۷ گرام تک ہمراہ دودھ روزانہ کھلائیں۔

فوائد: مغلظ، ممسک، محرک، مقوی، افزائش حیونات منویہ میں مفید ہے۔

عظم الطحال کہنہ

ھوالشافی: عرق گلاب عمدہ ایک بوتل۔ مگنیشیا سالٹ ۱۰۰ گرام۔ تیزاب گندھک ۱۰ ایم ایل۔ فیری ایٹ کونین سائٹراس ۳ گرام۔ کاہی سبز ۳ گرام۔ ست پودینہ ۶ گرام۔ نوشادر ٹھیکری ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو پیس کر عرق میں ملادیں اوراوپر تیزاب گندھک ڈال کر خوب اچھی طرح ہلادیں۔ بس دوا تیار ہے۔

ترکیب استعمال: صبح وشام ۲۰ ملی لیٹر کھانا کھانے کے بعد پلا دیا کریں اور بعد میں ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ پینے کی ہدایت کریں۔

فوائد: تلی کے امراض کا مصدقہ مجربہ نسخہ ہے۔ شرطیہ فائدہ کرتا ہے۔ ان شاء اللہ۔

❀ جوارش نارنج

ھوالشافی: ابریشم خام مقرض۔ کہربا شمعی۔ جدوار خطائی۔ عود صلیب۔ فرنجمشک۔ دانہ الائچی خورد۔ دارچینی۔ صندل سفید۔ عود غرقی۔ ناگ کیسر۔ فلفل سیاہ۔ زرنباد۔ درونج عقربی۔ تیزپات۔ بالچھڑ ہر ایک ۱۰ گرام۔ پوست نارنج ۱۰۰ گرام۔ چینی ایک کلو۔ بطریق معروف جوارش بنالیں۔ تقویت عامہ، معدہ کی تمام امراض میں نہایت خوش

ذائقہ مفرح جوارش ہے۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

❀ حب جدوار بہ نسخہ خاص

ھوالشافی: جدوار۔ عود صلیب۔ جائفل مقشر۔ ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ زعفران ۲۵ گرام۔ سلاجیت اعلیٰ ۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری: سب کو کوٹ چھان کر حبوب نخودی شہد کی مدد سے بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد: اعصابی تقویت کے لیے لاجواب ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

❀ حب سرعت

ھوالشافی: مغز تخم تمر ہندی ۵۰۰ گرام۔ آرد پوست ریٹھہ ۵۰۰ گرام۔ گھونگچی سفید مقشر ۱۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء نہایت باریک کر کے شہد کی مدد سے حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد: سرعت انزال، جریان، احتلام، لیکوریا کے لیے بہت ہی خاص نسخہ ہے۔

[یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

اکسیر الاطفال

ھوالشافی: کشتہ بارہ سنگھا۔ کشتہ سنکھ۔ کشتہ سنگ یشب۔ کشتہ سرطان۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ ابرک سیاہ۔ ہموزن ملا کر رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک چاول کی مقدار میں شہد میں ملا کر دیں۔

فوائد: سردی، نمونیا، بخار، کھانسی کے لیے مفید ہے۔

اکسیر نزلہ زکام دائمی

ھوالشافی: کتیرا۔ تربد۔ رب السوس۔ چینی ہر ایک ۱۰۰ گرام۔
ترکیب تیاری: تمام اجزا الگ الگ باریک کر کے باہم ملا کر رکھیں تیار ہے۔
ترکیب استعمال: آدھ گرام۔ صبح وشام ہمراہ آب تازہ۔
فوائد: دائمی نزلہ زکام کی تیر بہدف دوا ہے۔ فوری فائدہ ہوگا۔ انشاء اللہ۔

خمیرہ گاؤزبان (خاص)

ھوالشافی: گاؤزبان ۶۰ گرام۔ گل گاؤزبان ۲۰ گرام۔ بہمن سفید ۲۰ گرام۔ برادہ صندل سفید ۲۰ گرام۔ تخم فرنجمشک ۲۰ گرام (درصرہ بستہ) تخم بالنگو ۲۰ گرام۔ (درصرہ بستہ) تمام دواؤں کو ۲ لیٹر پانی میں بھگو دیں۔ پھر جوش دے کر ایک تہائی پانی رہ جانے پر مل چھان کر ایک کلو چینی ملا کر قوام کریں۔ نیچے اتار کر زہر مہرہ۔ کہربا شمعی ہر ایک ۱۰ گرام۔ نہایت عمدہ باریک کر کے شامل کریں اور ورق نقرہ کلاں ۵۰ عدد ملا لیں۔
ترکیب استعمال: خوراک حسب مزاج ۳ سے ۶ گرام تک۔
فوائد: دماغ کو تقویت دیتا ہے۔ پراگندہ خیالات کو رفع کرتا ہے۔ گرم مزاج والوں کے لیے بہت مفید ہے۔

دمہ کے لیے خصوصی نسخہ

ھوالشافی: رہو مچھلی بوزن ۲ کلو۔ پیٹ چاک کر کے آلائش دور کر کے تمباکو خوردنی جو کہ آک کے دودھ میں بھگو کر خشک کیا گیا ہو میں بھر دیں۔ سوتی کپڑے میں لپیٹ کے چکنی مٹی لگا کر ۱۰ کلو اوپلوں کی آگ میں رکھ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پہ تمباکو نکال کر ایک رتی کی مقدار میں مکھن میں رکھ کے دیں۔ بفضلہ تعالیٰ ۳ ہفتے کا استعمال کافی ہے۔

اکسیر ناسور

ھوالشافی: تخم ستیاناسی ایک گرام دن میں ایک دفعہ پانی سے پھنکوا دیں۔ ناشتہ سے

ایک گھنٹہ پہلے پھنکوا دیں۔ تو بہتر ہے۔ گرم اور سوداویت پیدا کرنے والی اشیاء سے پرہیز کرائیں لازم ہے۔

ہڑتال طبقی ایک گرام۔ سوڈا بائیکارب ۲۵ گرام۔ متواتر ایک ہفتہ کھرل کر کے اس کے بعد کیپسول میں بند کر کے ۲ گرین کی مقدار میں کھلائیں اوپر سے تھوڑا مکھن کھلائیں۔

فوائد: ہر قسم کے ناسور کا شرطیہ علاج ہے۔

معجون سورنجاں

ھوالشافی: بنفشہ ۱۰ گرام۔ گل سرخ ۱۰ گرام۔ سنا مکی ۱۰ گرام۔ سقمونیا سات گرام۔ غاریقون ۷ گرام۔ مصبر ۵ گرام۔ شحم حنظل ۷ گرام۔ مغز بادام ۲۰ عدد۔ سورنجاں شیریں ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام اجزا عمدہ باریک کر کے شہد تین گنا شامل کر کے معجون بنا لیں۔

مقدار خوراک: ۱۵ گرام ہمراہ شیر گاؤ دیں۔ روزانہ رات کو۔

فوائد: دماغ اور اعصاب کے امراض میں مفید ترین ہے۔

نوٹ: روغن خشخاش کی مالش کروائیں۔

کشتہ سم الفار

ھوالشافی: پھٹکڑی خام ۱۲۵ گرام۔ مکو سبز ۱۲۵ گرام دونوں کو کوٹ کر باہم نغدہ بنائیں۔ ایک کوزہ گلی خورد میں رکھ کے درمیان میں سم الفار سفید ۱۰ گرام رکھ کے گل حکمت کریں اور خشک ہونے پر نصف کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ سم الفار کشتہ ہوگا۔

ترکیب استعمال: ایک چاول کی مقدار میں مکھن میں رکھ کے کھلائیں۔

فوائد: سوزاک۔ آتشک۔ وجع المفاصل کے لیے مفید ہے۔

کھانسی پرانی

ھوالشافی: پھٹکڑی کو کھرل کر کے آدھ گرام کی مقدار میں جوشاندہ فلفل دراز سے صبح و شام ایک ایک خوراک کھلائیں۔

فوائد: دمہ، کھانسی خواہ کتنے پرانے ہوں درست کرے۔

مثانہ کی گرمی کے لیے

ھوالشافی: حجر الیہود۔ طباشیر۔ الائچی خورد۔ قشر بیضہ مرغ ہموزن لے کر سفوف بنا لیں۔

ترکیب استعمال: صبح حب جوز مائل کھلائیں اور شام کو یہ سفوف ۲ گرام کھلائیں۔

فوائد: مثانہ کی گرمی ختم ہوکر کلی شفا ہوگی۔ ان شاء اللہ۔

مرہم ناصور

ھوالشافی: پیاز ۱۰۰ گرام۔ گھی دیسی ۵۰ گرام۔ مرچ سیاہ ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: سب کو گھی میں جلا کر راکھ ہونے پر معہ گھی گھوٹ کر مرہم بنالیں۔

ترکیب استعمال: پرانے زخموں، پر لگانے کے لیے عمدہ مرہم ہے۔

❀ مرہم سفید

ھوالشافی: روغن گل حسب ضرورت۔ کشتہ جست ۲۵ گرام۔ کافور ۵ گرام۔ ویزلین سادہ ۵۰ گرام۔ باہم ملا کر مرہم بنائیں۔

ترکیب استعمال: مقام خارش پر لگانے کے لیے شرمگاہ کی خارش میں بہت مفید و موثر ہے۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہروقت تیار ملتا ہے۔]

❀ طلا عجیب

ھوالشافی: حلتیت ۳۰ گرام۔ پارہ ۲۰ گرام۔ شہد ۱۸۰ گرام۔ تینوں کو کھرل میں ڈال کر

خوب رگڑائی کریں کہ پارہ ناپید ہو جائے۔ تیار ہے۔

ترکیب استعمال: عضو تناسل پر لگائیں اور برگ پان یا برگ ارنڈ باندھیں۔ مقصود و مطلوب حاصل ہو گا۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

نزلہ زکام کھانسی کے لیے

ھوالشافی: شنگرف۔ فلفل سیاہ۔ چینی خوردنی ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ فلفل دراز ۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری: سرمہ کی طرح (مثل غبار) باریک کر کے رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک تا ۲ رتی ہمراہ خمیرہ گاؤزبان دیں۔

فوائد: نزلہ زکام کھانسی کو فوری آرام دے گا۔ ان شاء اللہ۔

❀ حب مقوی خاص

ھوالشافی: نک چھکنی۔ بہوپھلی۔ ریگ ماہی۔ خراطین مصفی۔ ہموزن

ترکیب تیاری: تمام اجزا باریک کر کے شہد کی مدد سے حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد: مقوی باہ، مقوی اعضائے رئیسہ بہت مفید و موثر ہیں۔

❀ بی سلم (عرق)

آج کل اکثر دواخانے طرح طرح کے مرکبات موٹاپے کے لیے مارکیٹ میں فروخت کر رہے ہیں۔ الحمدللہ یہ عرق بے شمار دواؤں سے زیادہ مفید ثابت ہوا ہے۔ تیار کریں اور دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔

ھوالشافی: سونف ۱۰۰ گرام۔ گلاب ۱۰۰ گرام۔ پودینہ ۱۰۰ گرام۔ باؤبڑنگ ۵۰ گرام۔ مویز منقی ۱۰۰ گرام۔ انجیر ۲۰ عدد۔ نرادھار (افتیمون) بیری والا۔ ۲۰۰ گرام۔ مکو ۲۰۰ گرام۔ برگ سنا ۵۰ گرام۔ پانچ لیٹر پانی ملا کر دن رات بھگو کے رکھیں اور اس سے ۳ بوتل عرق کشید کریں۔

مقدار خوراک: ۵۰ ایم ایل دن میں ۳ مرتبہ پلائیں۔ موٹاپے کے علاوہ امراض معدہ وامعاء کے لیے بھی مفید و موثر ہے۔ [یہ نسخہ مطب حکیم محمد عبدالرحیم جمیل میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔]

تمت بالخیر

❀❀❀

طب یونانی کا مایہ ناز منتخب فارماکوپیا

تحفہ نایاب (کامل)

طبی دنیا میں انقلاب برپا کرنے والا گنجینہ نایاب

سرتاپا امراض کے خاندانی اسراری نسخہ جات کی دستاویز

- ☆ یہی وہ بے مثل نادر و نایاب کتاب ہے جس نے طبی دنیا میں دھوم مچادی
- ☆ مجربات کی بہترین اور انتہائی کتاب جس کے تمام نسخہ جات کی تصادیق ادارہ کو موصول ہوگئیں
- ☆ فارغ التحصیل اطباء کے لیے بہترین راہنما ہر مطب اور ہر گھر میں رہنے کے لائق کتاب ہے
- ☆ ہندوپاک کے مشہور طبی خاندانوں کے خاص صندوقچوں کے نسخے اور مشہور دواخانوں کا لاجواب صدری ذخیرہ مجربات جو گنج مخفی کے نام سے موسوم ہے ہر نسخہ بیش قیمت
- ☆ اسرار مخفی پاک و ہند اور مشرق کے مستند نسخہ جات کا گنجینہ نایاب
- ☆ کیمیاگر کشتہ جات مجرب آزمودہ اور آسان ترین تراکیب

آفسٹ مجلہ ایڈیشن قیمت/600 روپے

ادارہ طبیب حاذق شاہدولہ روڈ گجرات

MONTHLY TABIB-E- HAZIQ GUJRAT

Regd. No.. SR - 18



تعارف

حکیم محمد منیر اختر

(گولڈ میڈلسٹ)

حکیم محمد منیر اختر گولڈ میڈلسٹ زبدۃ الحکماء حکیم محمد ضیاء الرحمنؒ گولڈ میڈلسٹ کے بیٹے اور افتخار الاطباء حکیم محمد عبدالرحیم جمیلؒ کے پوتے ہیں۔ نیشنل کونسل فار طب کا امتحان نمایاں نمبروں سے پاس کیا طبیہ کالج لاہور سے اول پوزیشن حاصل کی اور گولڈ میڈل سے نوازا گیا۔ میگزین طبیہ کالج لاہور کے چیف ایڈیٹر رہے۔ فضل طبیہ کالج میں بطور پروفیسر تعینات رہے۔ سٹیٹ لائف انشونس کارپوریشن گجرات زون کے مستند طبیب اور نیشنل کونسل فار طب کے اعزازی رجسٹرار [illegible] ۳۰ سال سے دواخانہ حکیم [illegible] کے مالک اور نگران طبیب ہیں۔ پانچ ہز[illegible] نایاب طبی کتب پر مشتمل لائبریری کے منتظم ہیں۔ متعدد شہرہ آفاق کتب کے مترجم [illegible] ہیں جن میں نمایاں زمرد اخضر، تجربات اکبری، ادویہ قلبیہ، طبی ڈائریکٹری (شائع شدہ) غنی منی، رباعیاتِ طب یوسفی، قدرتی ادویہ کی تاریخ، حیات و تحقیقات بوعلی سینا، ایک ہزار پاکستانی جڑی بوٹیاں زیر طبع ہیں۔ آپ چیف ایڈیٹر طبیب حاذق اپنے فرائض منصبی ادا کر رہے ہیں۔

ادارہ طبیب حاذق

شاہدولہ روڈ گجرات